بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# فہرست مضامین بیع حقوق کی شرعی حیثیت، مرابحہ، اسلامی بینکنگ

فہرست مضامین ........................................ ٣
تاثرات
مفکر اسلام حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی رحمۃ اللہ علیہ ......... ٦
مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی مدظلہ العالی ...... ٦
شیخ الاسلام حضرت مولانا جسٹس مفتی محمد تقی عثمانی مدظلہ العالی ........ ٧
(١) افتتاحیہ — مَولانا مَجاهدُ الاِسْلام قَاسِمِیُ ......................... ٨
(٢) خطبۂ استقبالیہ — مفتی اشرف علی (کنویز مجلس استقبالیہ) ................ ١٢
(٣) عرض داعی — مولانا مجاہد الاسلام قاسمی سکریڑی جنرل اسلامک فقہ اکیڈمی (انڈیا) ... ١٣
(٤) خطبہ افتتاحیہ — مفتی ابوالسعود (امیر شریعت کرناٹک) ...................... ١٧
(٥) خطاب — شیخ محمد محروس المدرس (بغداد، عراق) ........................ ٢٢
(٦) خطبہ صدارت — مولانا سید ابوالحسن علی ندوی دامت برکاتہم (ندوۃ العلماء لکھنؤ) ... ٢٦

## مسائل

### (١) پہلا مسئلہ۔ بیع حقوق (حقوق کی خرید وفروخت)

(١)۔ بیع حقوق مسئلہ کا تعارف ..... مولانا مجاہد الاسلام قاسمی ........................ ٣٧
(٢)۔ بیع حقوق ................. اسرار عالم، ریڈینس، دہلی ........................ ٤٦
(٣)۔ بیع کی تعریف ............... مفتی نظام الدین صاحب دارالعلوم دیوبند ......... ٦٨
(٤)۔ مال کی حقیقت اور حقوق کی خرید وفروخت...... مولانا خالد سیف اللہ رحمانی ......... ٦٩
(٥)۔ حقوق ومنافع کی خرید وفروخت حنفی نقطۂ نظر سے، دکتور محمد محروس المدرس، بغداد...... ٩٢
(٦)۔ حقوق کی بیع، ایک علمی جائزہ، مولانا محمد صدر الحسن ندوی، جامعہ اسلامیہ کاشف العلوم اورنگ آباد . ١٣٣
(٧)۔ بیع حقوق، مولانا محمد جنید عالم ندوی قاسمی، امارت شرعیہ پھلواری شریف پٹنہ ......... ١٥٥
(٨)۔ خلاصہ جوابات مسئلہ بابت بیع حقوق، مولانا محمد عبید اللہ اسعدی، جامعہ عربیہ ہتورا، باندہ ١٨٣

(۹)۔حقوق اوران کی ملک کومنتقل کرنیکا معاملہ......جامعہ عربیہ ہتورا، باندہ............... ۱۹۵
(۱۰)۔بیع حقوق ............... مولانا محمد نظام الدین رضوی، اعظم گڑھ ........... ۲۲۲
(۱۱)۔مال کی حقیقت اور منافع کی مالیت کا مختصر جائزہ، مولانا عتیق احمد قاسمی، دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ ۲۳۶

## دوسرا مسئلہ: بینک انٹرسٹ وسودی لین دین

(۱)۔مرابحہ ..................... مولانا مجاہدالاسلام قاسمی ..................... ۴۰۸
(۲)۔عقد مرابحہ...... مولانا محمد برہان الدین سنبھلی قاسمی...... دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ .......... ۴۱۱
(۳)۔مرابحہ۔سوالات کے جوابات ..... جناب شمس پیرزادہ، بمبئی .................. ۴۱۷
(۴)۔جوابات بابت مسئلہ متعلقہ بہ مرابحہ مولانا محمد عبیداللہ اسعدی.................. ۴۲۲
(۵)۔مرابحہ.................... مولانا محمد نظام الدین رضوی......مبارکپور .... ۴۲۹
(۶)۔بیع مرابحہ اوراسلامی بینک کاری .... مولانا محمد شہاب الدین ندوی......بنگلور...... ۴۳۶
(۷)۔مرابحہ سے متعلق مسائل .......... مولانا محمد صدرالحسن ندوی......اورنگ آباد .... ۴۵۰
(۸)۔مرابحہ......مولانا عبدالجلیل قاسمی .. مغربی چمپارن۔بہار.................. ۴۵۹
(۹)۔مرابحہ ..................... مولانا محفوظ الرحمٰن، مئوناتھ بھنجن ........... ۴۶۲
(۱۰)۔مرابحہ سے متعلق استفسارات پر اظہار رائے، عبدالعظیم اصلاحی، علی گڑھ ............ ۴۶۳
(۱۱)۔مرابحاتی کاروبار................. مفتی عزیزالرحمٰن مدنی، دارالافتاء بجنور یوپی ..... ۴۶۶
(۱۲)۔مرابحہ سے متعلق سوالات کے جوابات......مولانا جمیل احمد نذیری۔مبارکپور ...... ۴۷۱
(۱۳)۔مرابحہ ..................... مفتی محمد زید، باندہ ......................... ۴۷۴
(۱۴)۔مرابحہ..................... مولانا سراج احمد ملی، دارالافتاء، مالیگاؤں (مہاراشٹر) .. ۴۸۹
(۱۵)۔مرابحہ......اسلامی تجارت کا ایک اہم جزء، مفتی نسیم احمد قاسمی، پھلواری شریف پٹنہ .... ۴۹۲

## تیسرا مسئلہ......اسلامی بینکنگ

(۱)۔ہندوستان کے سیاق وسباق میں اسلامی بینکنگ کے عملی پہلو۔ڈاکٹر کے جی، منشی، احمد آباد .. ۴۹۹
(۲)۔غیر سودی سوسائٹیز کا طریقہ کار، مولانا سعود عالم قاسمی۔ناظم دینیات مسلم یونیورسٹی علی گڑھ .... ۵۴۷
(۳)۔قرض دینے والے مالیاتی ادارے.. غور وفکر کے چند پہلو......قاضی مجاہدالاسلام قاسمی .... ۵۵۰

(۴)۔اسلامی بینکنگ کی تشکیل کے سلسلے میں چند مفروضات۔اسرار عالم، ریڈنس دھلی .... ۵۵۸
(۵)۔غیر سودی اسلامی بینکنگ بنانے کیلئے قانونی گنجائش اور دشواریاں۔عبدالوہاب محمد دلوی، بمبئی .... ۵۶۴
(۶)۔بلاسودی بینک کے قیام کی طرف ایک تعارف.....محمد منظور عالم، دربھنگہ بہار........ ۵۷۳
(۷)۔اسلامی بینک، چند قابل غور پہلو، مولانا جمیل احمد نذیری، ناظم اعلیٰ جامعہ عربیہ احیاء العلوم مبارکپور.... ۵۸۴
(۸)۔غیر سودی بینکاری، مسائل اور ان کا حل، مولانا انیس الرحمٰن قاسمی (معاون قاضی امارت شرعیہ پھلواری شریف پٹنہ).... ۵۸۸
(۹)۔غیر سودی بینکاری.............. مولانا شفیق احمد مظاہری .................. ۶۰۲
(۱۰)۔غیر سودی بینکاری.............. مفتی محمد ظفیر الدین مفتاحی دیوبند .......... ۶۱۰
(۱۱)۔غیر سودی بینک.............. ایک عملی خاکہ، ترجمہ، سعید شگری، دلی........ ۶۱۱
(۱۲)۔مال کی حقیقت اور بیع حقوق کا مسئلہ مفتی نسیم احمد قاسمی۔پھلواری شریف پٹنہ.......... ۲۴۳
(۱۳)۔مسئلہ بیع حقوق ومنافع .............. مولانا محمد ظفیر الدین۔دار العلوم دیوبند...... ۲۷۸
(۱۴)۔حقوق کی بیع.............. مولانا معاذ الاسلام سنبھلی۔مرادآباد .......... ۲۸۳
(۱۵)۔مسئلہ بیع وحقوق.............. مولانا محمد طیب الرحمٰن، امیر شریعت آسام .... ۳۰۲
(۱۶)۔مسئلہ بیع الحقوق.............. مولانا زبیر احمد قاسمی، دار العلوم سبیل السلام حیدرآباد... ۳۰۸
(۱۷)۔بیع حقوق کا مسئلہ .............. مولانا رفیق المنان قاسمی، جامعہ احیاء العلوم (مبارکپور) ... ۳۱۲
(۱۸)۔بیع.............. مولانا ابوفرحان حنفی .................... ۳۲۳
(۱۹)۔بیع حقوق.............. جناب شمس پیرزادہ۔بمبئی.............. ۳۴۸
(۲۰)۔بیع کی تعریف.............. مفتی محمد زید، باندہ.................. ۳۵۱
(۲۱)۔بیع حقوق.............. مولانا محمد عبداللہ طارق، دھلی.............. ۳۷۱
(۲۲)۔بیع کی حقیقت اور حقوق کی بیع ..... مولانا محمد طاہر مدنی، جامعۃ الفلاح.......... ۳۷۷
(۲۳)۔بیع حقوق.............. مفتی محمد افضل حسین، بستی .................. ۳۸۶
(۲۴)۔بیع حقوق کا مسئلہ .............. مولانا اختر امام عادل .................. ۳۹۰
(۲۵)۔بیع حقوق.............. مفتی عبدالوہاب، رویلور.................. ۴۰۲
(۲۶)۔حقوق کی خرید وفروخت.............. مولانا انور علی اعظمی، دار العلوم مئو .......... ۴۰۴

(۲) زندگی کے مختلف شعبوں سے متعلق معلومات، علوم اوران میں مستعمل الفاظ واصطلاحات ہی وہی معنویت اور اس کے تلازمات رائج ہیں جو نظام عصر کی روح کے مطابق ہے۔ یہاں تک کہ جب ہم زندگی کے کسی مسئلہ پر شرعی نقطۂ نظر سے بھی غور کرتے ہیں تو کسی نہ کسی درجے میں Confusion, کے شکار ہو جاتے ہیں اور الفاظ واصطلاحات کی اس معنویت اور اس کے متعلقات سے براہ راست یا بالواسطہ استفادہ کرتے ہوئے پائے جاتے ہیں جو نظام عصر میں رائج ہیں اور احکامات اسلامی کا انطباق اسی معنوی فضا میں رہتے ہوئے کرنے لگتے ہیں۔ ہمارے لئے غور وفکر اور کسی نتیجے تک پہنچنے میں یہ نکتہ ہمہ گیر طور پر ہمیں متاثر کرتا ہے۔ چنانچہ ہم آئندہ اس کا تفصیلی جائزہ لیں گے۔

(۳) ہم معاشرے میں رائج اور شائع معلومات کے جس ذخیرے پر انحصار و اعتماد کرتے ہیں اور عصر حاضر کے تمام امور کو ان کی حقیقت معلوم کرنے، ان کا حکم لگانے اور ان سے استفادہ کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ کرنے کے لئے جن معلومات ( Information, ) کا سہارا لیتے ہیں وہ ہماری ضرورتوں کے لئے ناکافی، غیر ثقہ اور بسا اوقات گمراہ کن ہیں اور اس میں معلومات کے ساتھ ساتھ مندرجہ ذیل عناصر پائے جاتے ہیں۔

(۱) Disinformation,

(۲) Misinformation

(۳) Uninformation

(۴) Arbitrary angle of information

(۵) Arbitrary stress of information

وغیرہ ہم۔

علوم اور معلومات کے میدان میں یہ فساد اس قدر ہمہ گیر ہے کہ کسی شے سے متعلق پھیلی اور پائی جانے والی معلومات کے بارے میں یہ کہنا مشکل ہے کہ وہ سچ اور مبنی بر حقیقت ہے۔ تاریخ انسانی میں یہ غالبًا پہلا نظام ہے جس کی بنیاد جھوٹ اور فریب پر ہے۔ اس ذیل میں صرف چند مثالوں پر اکتفا کرتا ہوں جن کا تعلق طب، معاشرت اور معاشیات سے ہے۔

**طب:-**

بظاہر نسل انسانی کی مادی، جسمانی اور نسلی ترقی کے لئے شرح موت کو کم کرنے اور دوسرے امور کے لئے کئی تجاویز پیش کئے جاتے ہیں جن سے طب کی کتابیں انیسویں اور بیسویں صدی میں

بکھری ہوئی ہیں۔ یہ ایک تحریک ہے جسے اب مغربی علم کے مراکز سے نکل کر ایوانِ حکومت میں جگہ مل گئی ہے اور کم وبیش ہر حکومت شد و مد سے ان معلومات کو عام کرتی اور پھیلاتی ہے جس سے اس کی اہمیت کا احساس ہو۔ انھیں مان لینا علم اور ترقی یافتہ ہونے کی علامت سمجھی جاتی ہے اور نہ ماننا جہل و دقیانوسیت اور بے جا مذہبی بددماغی تصور کیا جاتا ہے۔ ان کے مطابق نسل کی بہتری کے لئے کم شرح پیدائش ، Caesarian operation, بڑی عمر میں شادی، ایک بچہ کے بعد دوسرے بچہ تک خاصا وقفہ وغیرہ ہیں۔ ان کے پیچھے کئی باتیں کہی جاتی ہیں۔ (۱) زچہ کی صحت کی بہتری کے لئے (۲) زچگی کی موت سے بچانے کے لئے (۳) نسلی طور پر بہتر اولاد کے لئے (۴) بچہ کی صحت کے لئے (۵) بچہ کی پیدائش کے وقت موت سے بچانے کے لئے، وغیرہم۔ جب کہ حقیقت اس کے برخلاف ہے۔ اور مغرب کو اس کا علم ہے۔ لیکن جیسا کہ میں نے عرض کیا حقیقت کی اس معلومات کے ساتھ مذکورہ Disinformation, Misinformation, Uninformation. وغیرہم کا معاملہ کیا گیا۔ تحقیقات سے جو حقیقت مغرب کو معلوم ہے اسے ملاحظہ فرمائیں۔

"Of some importance is the question of early pregnancy .......... Picard (1903 Paris)..... He found that, although the pelvis is cartainly not yet fully developed in very young girls, the joints and bones are much more yielding than in the adult, so that parturition, far from being more difficult, is usually rapid and easy. The process of labour itself is essentially normal in these cases, and even when abnormalities occur (low insertion of the place is a common anomaly) it is remarkable that the patients do not suffer from them in the way of common among olden women. The average weight of the child was three Kg. or about 6 lb. 9 oz———

The recovery of mother was, in every case, absolutely normal the fact that these young mothers become pregnant again more readily then primparea of a more mature age furthe contributes to show what child which below, the age of sixteen is in no way inj[illegible] the mothers"- In London, Hubert Robert Speaking of the wide experience of [illegible] charlotte's Hospital, points our that, "as far as labour is couccrued, in very young subjects they do very well indeed ——— and they often bear children of fair size without instrumantal aid.

It i[illegible] clear that young mothers do remarkably will, while there is no doubt that they often bear unusually fine infants. It is not only physically that the children of young mothers are superior. Marro has found that the children of mothers under twenty one are superior to those of old mothrs both in conduct and intelligance provided the fathers are not too eld or too young".

"(See in Relation to Society"
Havelock Ellis, studies in The Phychology of Ser Vol-VI, 294-95
London 1946 w.m. Heineman
Medical Books limited.)

یہاں ایک مخصوص بات کی طرف بھی توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ ہر نظام عام طور پر دو سطحوں سے عبارت ہے اول Macro Level اور دوم Micro Level, اور ان کی بھی اصولیات مع فروعات ہیں (اگرچہ یہ دونوں الفاظ اس معنویت کو پوری طرح واضح نہیں کر رہے ہیں جو میں کہنا چاہتا ہوں)

Micro Level, انفرادی سطح ہے فرد یا ادارہ کے اعتبار سے اور Macro Level, اجتماعی سطح ہے افراد یا ادارہ جات کے اعتبار سے۔

یہاں ان میں سے ہر ایک کی روح، معنویت، ترجیحات اور مخصوص رویّہ ہیں وہیں ان میں باہم توافق اور تطابق اور توازن بھی پایا جاتا ہے اور تنہا کوئی ایک جائزہ صحیح نتیجہ تک نہیں پہنچا سکتا۔ میں محسوس کرتا ہوں کہ ہم Macro, سطح کو سر دست یکسر نظر انداز کرتے ہوئے صرف Micro, سطح پر اسلام کے احکامات سے متعلق غور و فکر کرنے کی طرف کوشاں ہیں اور ان میں سے بھی ان امور کو زیر بحث لاتے ہیں جو اگرچہ آج ہمہ گیر طور پر رائج اور موثر ہیں۔ مثلاً بینک، بینکاری، سود، اعضاء کی پیوندکاری، Trade Marks, Currency Notes, Copy Rights, etc. وغیرہم۔ جو خود نظام عصر کی اپنی مخصوص پیداوار ہیں اور جن کی حیات و علیت اس کی مخصوص ترجیحات کے اندر ہی ممکن ہے۔ در آں حالیکہ نظام عصر کے اصولیات کے تغیر و تبدل کے ساتھ ان کی ہیئت، طریق کار اور Scope, میں خود ہمہ وقت تبدیلی ہوتی رہتی ہے۔ اور اسلام کے دائرے میں خود اس کی علیت کے سمجھنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ اور دوسری طرف نظام عصر کی ان مذکورہ امورات کے Macro Level کو یکسر نظر انداز کر کے جس سے ان امورات سے متعلق اسلام کے Macro Level پر ان کی حیثیت نوعی اور علیت کا احصار نہیں ہو پاتا ہے۔ ایسی صورت حال کے ساتھ میری رائے میں ہماری کوششوں کا مرکز بدل جاتا ہے اور توسیع سے ہٹ کر تطبیق کی طرف بات کے چلے جانے کا خطرہ محسوس ہوتا ہے۔ جبکہ ان امورات میں سے کسی کو بھی یعنی مثلاً Bank, Banking, Trade Mark, Copy Right وغیرہم کو Micro, یا Macro, کسی ایک سطح پر دوسری سطح سے یکسر آزاد ہو کر یا صرف نظر کر کے دیکھا ہی نہیں جا سکتا۔ الّا یہ کہ ایک کو Understood. اور تسلیم شدہ نہ مان لیا جائے۔

مسئلہ زیر بحث کے مطابق۔

"ضرورت اس بات کی ہے کہ موجودہ دور میں مختلف قسم کے حقوق کی بیع کا جو رواج اور تعامل ہے اور جنھیں موجودہ عہد کے سماجی، تمدنی، اور معاشی حالات نے پیدا کیا ہے، انھیں پیش نظر رکھتے

# بیع حقوق

از ـــــــــــــــ مولانا محمد جنید عالم ندوی قاسمی، خادم الافتاء امارت شرعیہ بہار و اڑیسہ

الحمدُ للہ رب العلمین والصلوٰۃ والسلام علی سید المرسلین وعلیٰ الہ وصحبہ ومن تبعھم باحسان الی یوم الدین ــــــــــــــــ امابعد

اسلام کی یہ خصوصیت ہے کہ وہ اپنی ابتداء سے لے کر ہر دور میں زمانے کے تقاضے کو پورا کرتا رہا ہے اور قیامت تک پورا کرتا رہے گا۔ اسلامی نقطۂ نگاہ سے انسانی ضرورتوں کا ایک اہم باب فقہ اسلامی ہے جو ہر دور اور زمانے میں اسلام کے ماننے والوں اور اس کے احکام پر چلنے والوں کی زندگی کے تمام گوشوں میں رہنمائی اور رہبری کرتا ہے۔ ابتداء آفرینش سے لے کر قبر کی منزل تک کے تمام گوشوں میں کوئی گوشہ ایسا نہیں ہے جو تشنہ ہو اور فقہ اسلامی کی روشنی موجود نہ ہو۔

تاریخ شاہد ہے کہ دور رسالت سے لے کر آج تک جتنے بھی حالات آئے اور زمانہ نے جس طرف کروٹ لی، اور نت نئے مسائل ابھر کر سامنے آئے تو وقت کے فقہاء اسلام، علماء ربانیین اور مفتیان عظام نے سر جوڑ کر کتاب وسنت کی روشنی میں غور و فکر کرکے ان مسائل کا حل نکالا اور لوگوں کی پریشانیوں اور الجھنوں کو دور کیا اور یہ ثابت کرکے بتلایا کہ فقہ اسلامی میں زمانے کے ساتھ ساتھ چلنے اور نئے مسائل حل کرنے کی پوری صلاحیت موجود ہے، فقہ اسلامی کا اصول ہمہ گیر اور ہمہ جہت ہے اور انشاء اللہ قیامت تک یہ سلسلہ جاری رہے گا۔

آج بڑی تیزی کے ساتھ حالات بدل رہے ہیں اور وقت کروٹیں لے رہا ہے۔ زمانہ کی یہ تیز رفتاری لوگوں کی تجدد پسندی اور مادی ترقیات سے نئے نئے مسائل کھڑے ہو رہے ہیں۔ خصوصاً معاملات میں، بیع وشراء، آپسی لین دین اور خرید فروخت ایک ایسا اہم اور وسیع ترین باب ہے۔

۳ــــ مال کی تعریف کے سلسلہ میں کتب فقہ حنفی کی عبارتیں مختلف ہیں ــــ شامی، الرائق اور دیگر کتب فقہ حنفی میں مال کی تعریف ان الفاظ میں نقل کی گئی ہے۔ ــــ

مال ہر وہ شئی ہے جس کی طرف نفس کا میلان ہو اور اس کی ذخیرہ اندوزی ممکن ہو تاکہ بوقت ضرورت کام آسکے ــــ اس تعریف کے مطابق مال کا قابل ذخیرہ ہونا ضروری ہے۔ لیکن یہ صحیح نہیں۔

۴ــــ فقہاء احناف میں صاحب بدائع نے مال کی تعریف ان الفاظ میں کی ہے:۔ ــــ

ہر وہ شئی جس سے حقیقۃً انتفاع کیا جاتا ہو اور شرعاً انتفاع جائز ہو وہ مال ہے ــــ

یہ تعریف میرے نزدیک زیادہ بہتر اور حالات کے اعتبار سے بہت مناسب ہے ــــ احناف کے علاوہ دیگر جمہور فقہاء نے جو مال کی تعریف کی ہے اس سے بھی اس تعریف کی تائید ہوتی ہے۔

۵ــــ میرے نزدیک مال کی تعریف میں ادخار کی قید ضروری نہیں ہے ــــ حقوق و منافع پر بھی مال کی تعریف صادق آسکتی ہے۔

۶ــــ کسی چیز کے مال ہونے میں عرف اور تعامل ناس کا بھی دخل ہے۔ ــــ

۷ــــ ان تمام حقوق و منافع کی بیع جائز و درست ہے جن سے حقیقۃً انتفاع کیا جاتا ہے اور شرعاً انتفاع جائز ہے۔ نیز ان کو عرف میں مال سمجھا جاتا ہے مثلاً حق تصنیف و تالیف، حق ایجاد تجارتی ناموں اور ٹریڈ مارکوں کا حق، تجارتی لائسنس کا حق، حق تعلی، حق مرور، حق شرب اور حق تسییل ــــ کہ ان سب کی بیع جائز ہے ــــ

۸ــــ بعض وہ حقوق ہیں جن پر فی الحال ملکیت ثابت نہیں ہوتی بلکہ صرف حق کا استحقاق ہوتا ہے، صاحب حق کو ان پر مالکانہ تصرف کا اختیار نہیں ہوتا ــــ اس قسم کے حقوق کی بیع جائز نہیں ہے البتہ اگر صاحب حق متعین رقم لے کر اپنے حق سے دست بردار ہو جائے تو ایسا شرعاً صحیح ہوگا بشرطیکہ وہ حقوق اصالۃً محض نیکی اور صلہ رحمی کی بنیاد پر ثابت ہوں جیسے حق قصاص اور حق نکاح وغیرہ ــــ حق وظائف سے نزول اور دست برداری بھی اصالۃً ثابت ہونے کی وجہ سے درست ہے اور اگر حقوق اس قسم کے ہیں جو محض رفع ضرر کی بنیاد پر ثابت ہیں تو نہ ان کی بیع جائز ہے اور نہ ہی کوئی رقم لے کر مصالحت اور حق سے دست برداری درست ہے جیسے شفیع کے لیے حق شفعہ، زوجہ کے لیے حق قسم اور مخیرہ کا حق خیار وغیرہ ــــ فقط ــــ واللہ تعالیٰ اعلم ــــ

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# خلاصہ جوابات اسئلہ بابت بیع حقوق

از ——— مولانا محمد عبید اللہ الاسعدی، الجامعۃ العربیہ، ہتھورا باندہ

س ۱:۔ بیع کی حقیقت کیا ہے؟

ج:۔ مبادلۃ المال بالمال

س ۲:۔ مال کی حقیقت کیا ہے؟

المال ھو کل عین ذات قیمۃ مادیۃ بین الناس

س ۳:۔ قابل ادخار ہونے کا کیا مفہوم ہے؟

قابل ادخار و احراز ہونے کا مفہوم یہ ہے کہ کوئی انسان جب مال کی مطلوب نوع و قسم کو حاصل کرنے کی مناسب تدبیر اختیار کرلے تو وہ اس طرح اس کے زیر دست و زیر تسلط ہو جائے کہ وہ جب چاہے اس کو اس کی شان و حال کے مطابق استعمال کر سکے۔

س ۴:۔ کیا حقوق کی بیع جائز ہے؟

ج:۔ فی الجملہ جائز ہے

س ۵:۔ کس قسم کے حقوق کی بیع کا جواز ہے؟

ج:۔ 'حقوق ارتفاق' کی بیع بالاتفاق جائز ہے۔ ائمہ ثلاثہ کے یہاں تبعاً بھی اور استقلالاً بھی، اور احناف کے یہاں اصل مذہب میں تبعاً جواز ہے۔ اور تعین و عدم ضرر کا و غرر کی قید کے ساتھ بعض میں استقلالاً جواز کو بھی اختیار کیا گیا ہے، حق مرور کے حق میں ظاہر روایت یہی ہے اور حق شرب و حق مسیل کی بابت بھی بہت سے حضرات کا رجحان ہے۔

حقوق ارتفاق، کے علاوہ کسی دوسرے حق کی بیع کم از کم حنفیہ کے نزدیک درست نہیں ہے۔

س۶: مذکورہ حقوق کی بیع کے جواز کی بنار کیا ہے اور ضابطہ کیا ہے؟

ج: وہ حق جس کا تعلق کسی عین سے با ایں معنی ہو کہ عین اس کا محل وظرف ہو، اسکے حصول کے لیے اس عین کو استعمال کرنا پڑے اور خود اس عین کو بیچا جا سکتا ہو۔ تو ایسے حق کا بیچنا بشرط تعیین وعدم جہالت اور بشرط عدم غرر وضرر۔ جائز ہے۔ اسی بنیاد پر مذکورہ حقوق کی بیع کو جائز قرار دیا گیا ہے۔

س۷: کیا حق سے دست برداری کا عوض لینا جائز ہے؟

ج: حق پر عوض لینا بطور دست برداری، بالاتفاق اور بیع کی نسبت سے توسع کے ساتھ جائز ہے۔

س۸: کس قسم کے حقوق پر دست برداری کا عوض لیا جا سکتا ہے؟

ج: یہ بات اتفاقی ہے کہ ہر قسم کے حق پر بطور دستبرداری بھی عوض نہیں لیا جا سکتا۔ دستبرداری میں توسع کے باوجود ____ حقوق پر معاوضہ کیلئے معروف اصل تو یہ ہے کہ جو حق کسی کے لیے اصالۃً ثابت ہو اس پر معاوضہ کا معاملہ درست ہے۔ مگر ہر حق میں اس کی تنقیح وتنقید آسان نہیں۔ پھر یہ اصل اتفاقی بھی نہیں ہے۔ اس لئے احقر کے نزدیک یہ تنقیح ذیل جواز ہوگا۔

(۱) ایسے حقوق جو کہ فی الجملہ حصول عین ومال کا ذریعہ ہوتے ہیں (۲) یا یہ کہ کوئی عین ان کا محل وظرف ہوتا ہے (۳) یا یہ کہ کسی عین سے غیر مادی صورت میں اس کا حصول ہوتا ہے۔

(توضیح کے لیے ملاحظہ ہو صفحہ ۲۵ کا نوٹ فقرہ (ب) اور آئندہ آنے والی تفصیلات)

اور خلاصہ یہ کہ انھیں حقوق پر معاوضہ درست ہے جن کا اعیان سے کسی نہ کسی صورت و درجہ میں، گہرا ربط وتعلق ہے۔ " ان یکون حقاً ثابتاً فی المحل "

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

# مال کی حقیقت اور بیع حقوق کا مسئلہ

از ــــــــــــــــ مولانا مفتی نسیم احمد قاسمی مظفرپوری رفیق مجمع الفقہ الاسلامی الہند

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سید نا ومولا نا محمد وعلی آلہ واصحابہ اجمعین ، اما بعد :

فقہ اسلامی اپنے وسیع تر مفہوم کے لحاظ سے تمام شعبہائے حیات کو شامل اور حاوی ہے ، حیات انسانی کا کوئی ایسا گوشہ نہیں ہے جس میں انسانیت کی رہنمائی کیلئے اسلام کی ہدایات موجود نہ ہوں ، عبادات ہوں یا معاملات ، اخلاقیات ہوں یا سماجیات ، اقتصادیات ہوں یا معاشیات ، ہر میدان ہر شعبہ میں فقہ اسلامی انسانوں کی قیادت وسیادت کے فرائض انجام دیتے ہوئے نظر آتی ہے۔

فقہ اسلامی کا کمال یہ بھی ہے کہ وہ ہر زمانہ ، ہر وقت اور ہر مکان اور حالات میں یکساں طور پر انسانیت کی رہنمائی کرتی ہے۔ زمانہ کی برق رفتاری اور بدلتے ہوئے حالات میں بھی اس کی قیادت برقرار رہتی ہے۔

زمانۂ نبوت ورسالت میں جیسے جیسے حالات وواقعات پیش آتے ، اسی کے مطابق خداوند کی طرف سے احکام نازل کردیے جاتے ، اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان احکام کی تعبیر وتشریح بیان فرمادیتے۔ فقہ اسلامی کو سب سے پہلی سرپرستی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حاصل رہی اور آپ بذات خود اس کے بال وپر سنوارنے میں مشغول رہے ، آپ کے وصال کے بعد فقہائے صحابہ فقہ اسلامی کے سرپرست قرار پائے۔ صحابہ کے حالات کی ورق گردانی سے واضح ہوتا ہے کہ جب ان کے سامنے کوئی نیا واقعہ رونما ہوتا جس کا صراحۃً تذکرہ قرآن وحدیث میں نہ ہوتا تو فقہائے صحابہ قرآن وحدیث کے اصول وضوابط کی روشنی میں اس خاص واقعہ اور جزئیہ کی تطبیق کرتے ، صحابہ کے بعد فقہائے تابعین حوادث الفتاوی ، نئی نئی جزئیات کی تطبیق اصولِ اسلام کی روشنی میں کرتے رہے ، فقہ اسلامی کے گیسوئے دراز کے سنوارنے اور جدید مسائل کے حل کے لیے امام الائمہ امام اعظم ابوحنیفہ نعمان بن ثابت علیہ الرحمہ

مالکیہ کے نزدیک منافع بھی مال ہیں۔ اس لیے کہ ان حضرات کے نزدیک مال ہونے کے لیے اس شئ کا ممکن الاحراز ہونا ضروری نہیں ہے بلکہ اس کے اصل کے احراز کے ساتھ اس کا ممکن الاحراز ہونا کافی ہے۔ یوسف القرضاوی لکھتے ہیں :۔

"وذهب الشافعية والمالكية والحنابلة الى ان المنافع اموال اذليس من الواجب فى المال عند هم امكان احرازه بنفسه' بل يكفى ان تمكن حيازته بحيازة اصله ومصدره ولاشك ان المنافع تحاز بحيازة محالها ومصادرها فان من يحوزسيارة يمنع غيره ان ينتفع بها الاباذنه "(۱)

شافعیہ' مالکیہ اور حنابلہ کا مذہب یہ ہے کہ منافع اموال ہیں اس لیے کہ ان حضرات کے نزدیک کسی شئ کے مال ہونے کے لیے بذات خود اس شئ کا ممکن الاحراز ہونا ضروری نہیں ہے بلکہ اصل شئ کے احراز کے ساتھ اس کا ممکن الاحراز ہونا کافی ہے۔ اور بلاشبہ منافع اپنے محل اور اصل کے احراز کے ساتھ محفوظ کئے جاتے ہیں۔ اس لیے کہ جو شخص کوئی گاڑی خریدتا ہے تو اپنی اجازت کے بغیر غیر کو اس سے نفع حاصل کرنے سے روک دیتا ہے۔

وھبۃ الزحیلی نے بیع منافع کا تذکرہ کرتے ہوتے بڑی وقیع بات تحریر فرمائی ہے۔ لکھتے ہیں :۔

وقال جمهور الفقهاء غير الحنفية انها تعتبر مالا لامكان حيازتها بحيازة اصلها ومصدرها' ولانها هى المقصود من الاعيان' ولولاها ما طلبت ولارغب الناس بها "(۲)

حنفیہ کے علاوہ جمہور فقہاء منافع اعیان کو مال قرار دیتے ہیں کیونکہ اعیان کے احراز کے ساتھ منافع کا احراز بھی ممکن ہے اور اعیان سے منافع ہی مقصود ہوتے ہیں۔ اگر منافع مقصود نہ ہوتے تو کوئی شخص نہ کسی شئ کو طلب کرتا اور نہ اس کی رغبت کرتا۔

یہ حقیقت ہے کہ اعیان بذات خود مقصود نہیں ہوتی بلکہ اعیان سے منافع مقصود ہوتے ہیں مثلاً ایک شخص گائے یا بھینس خریدتا ہے تو گائے یا بھینس کی ذات مقصود نہیں ہوتی بلکہ اس کے منافع یعنی اس سے دودھ حاصل کرنا مقصود ہوتا ہے۔ اسی طرح کوئی گاڑی خریدتا ہے تو گاڑی کی ذات مقصود نہیں ہوتی بلکہ اس سے نفع حاصل کرنا مقصود ہوتا ہے۔ اور بلاشبہ یہ حقیقت سے روگردانی ہوگی کہ جو مقصود و مطلوب ہو اسے تو مال سے خارج کر دیا جائے' اور جو بذات خود مقصود نہ ہو اسے ہی مال متصور کیا جائے۔ اس

---

۱۔ فقہ الزکاۃ ۱/ ۱۲۵

۲۔ الفقہ الاسلامی وادلتہ ۴/ ۴۲۔ ۴۳

نہ ان کی حاجت وضرورت لوگوں کو پیش آتی تھی، اور نہ ان کی کوئی اہمیت تھی۔ لیکن بعد کے زمانہ میں وہ اشیاء ضروری ہو گئی ہیں اور لوگوں کے درمیان ذریعہ تمول بھی ہیں۔ تواب وہ چیزیں مال متصور ہوں گی اگرچہ انھیں دور سابق میں مال تصور نہ کیا جاتا ہو۔ مثلاً مٹی اور ریت کو گزشتہ ادوار میں "مال" تصور نہیں کیا جاتا تھا اور نہ ان ادوار میں انسانوں کو مٹی اور ریت کی حاجت وضرورت پیش آتی تھی۔ اور نہ اس کی خرید و فروخت رواج پذیر تھی۔ ایک حقیر اور غیر قابل انتفاع چیز تھی۔ مگراب حالات اور انقلاب زمانہ نے مٹی اور ریت کو ایک قیمتی اور قابل انتفاع شئ بنا دیا ہے۔ کچھ دنوں پہلے تک تو کم سے کم دیہاتوں میں بلاقیمت مٹی اور ریت دستیاب ہو جایا کرتی تھی مگراب دیہاتوں میں بھی اس کی خرید و فروخت عام ہے۔ ریت سمینٹ میں ملاکر فروخت ہوتی ہے جو مکانات کی تعمیر میں کام آتی ہے۔ مٹی اور ریت لوگوں کے مابین ذریعہ تمول وثروت ہے، اس کی خرید و فروخت عام ہے اور اب اس وقت اگر اسے مال کی تعریف سے خارج کرکے اس کی خرید و فروخت پر شرعی طور پر پابندی عائد کر دی جائے تو امت مسلمہ حرج وتنگی اور بے شمار مصائب کے بھنور میں پھنس کر رہ جائے گی۔

اسی طرح حق تصنیف وتالیف، حق ایجاد کو ماضی میں "مال" نہیں سمجھا جاتا تھا اور نہ وہ لوگوں کے درمیان ذریعہ تمول تھا۔ مگراب حال یہ ہے کہ عرف وعادت میں اسے "مال" تصور کیا جاتا ہے۔ اوراس کے ساتھ لوگ "مال" جیسا برتاؤ کرتے ہیں۔ اسی طرح حق علو کی خرید و فروخت کو فقہا نے ممنوع قرار دیا تھا کیونکہ اس دور میں اسے "مال" تصور نہیں کیا جاتا تھا۔ مگراب اس وقت حق علو کی خرید و فروخت عام ہے اوراس کی خرید و فروخت ایک ناگزیر ضرورت بن کر رہ گئی ہے۔ اس دور میں اس کی خرید و فروخت پر پابندی عائد کرنے کا مطلب امت کو حرج اور مشقت میں ڈالنا ہوگا اب ہم اس جگہ مٹی اور ریت کی خرید و فروخت کے جواز پر روشنی ڈالتے ہیں۔ اور حقوق کی بحث کے ذیل میں حق تصنیف، حق ایجاد وحق علو کی بحث پر روشنی ڈالیں گے۔

## مٹی اور ریت کی خرید و فروخت

مٹی کی خرید و فروخت کے سلسلہ میں علمائے احناف کے دو متضاد اقوال ملتے ہیں۔ ایک قول تو یہ ہے کہ مٹی کی خرید و فروخت درست نہیں ہے۔ کیونکہ مٹی مال نہیں ہے اور محل خرید و فروخت وہی شئ بنتی ہے جو مال ہو۔ اور دوسرا قول یہ ہے کہ ایک مٹھی مٹی سے چونکہ عادۃً انتفاع نہیں کیا جاتا ہے۔ اس لیے ایک مٹھی مٹی کی خرید و فروخت تو درست نہیں ہے۔ اس سے زائد کی درست

# حقوق کا مسئلہ

حق کی حقیقت کیا ہے۔ اس کی اقسام کیا ہیں۔ کن حقوق کی خرید و فروخت درست ہے اور کن حقوق سے معاوضہ لے کر تنازل درست ہے۔ حقوق مجردہ کی حقیقت کیا ہے۔ اس کی خرید و فروخت جائز ہے یہ اور اس طرح کے ان گنت مسائل ہیں جو آج ہماری بحث کے محتاج ہیں۔ پوری امت کی نگاہیں فقہاء اور مفتیان کرام کی طرف اٹھ رہی ہیں کہ ان مسائل میں اصول شرع کی روشنی میں اس دور کے علماء ہماری کیا رہنمائی کرتے ہیں۔ ہم سب سے پہلے باعتبار لغت و شرع "حق" کی حقیقت واضح کرتے ہیں پھر دوسرے مسائل کو اپنا موضوع سخن بنائیں گے۔

## حق کی لغوی تحقیق

حق عربی زبان کا لفظ ہے جو مختلف معنوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ حق ثبوت اور وجود کے معنی میں آتا ہے۔ قرآن کریم میں "حق" کا استعمال اس معنی میں سورۂ یٰسین میں ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

لقد حق القول علی اکثرھم فھم لا یومنون۔ یعنی ان کفار میں سے اکثر پر قول باری تعالیٰ ثابت اور واجب ہوچکا ہے اس لیے اب وہ ایمان قبول نہیں کریں گے۔ اور دوسری جگہ فرمایا گیا لیحق الحق ویبطل الباطل تاکہ وہ حق کا اثبات کرے اور باطل کا ابطال اسی طرح فرمایا گیا جاء الحق وزھق الباطل اس آیت میں بھی حق سے مراد امر موجود اور ثابت ہے۔ اسی طرح ارشاد فرمایا گیا وللمطلقات متاع بالمعروف حقا علی المتقین یعنی مطلقہ عورتوں کے لیے متاع بالمعروف ہے جو متقین پر واجب ہے۔ حق کا استعمال متعین حصہ پر

صاحب درمختار نے "اشباہ" کے حوالہ سے لکھا ہے۔

وفی الاشباہ لا یجوز الاعتیاض عن الحقوق المجردۃ کحق الشفعۃ۔ اور علامہ شامی نے بدائع کے حوالہ سے لکھا ہے۔

قال فی البدائع الحقوق المجردۃ لا تحتمل التملیک ولا یجوز الصلح عنہا۔ (۱)

اور ڈاکٹر وھبۃ الزحیلی نے حقوق مجردہ (حقوق ضروریہ) کے بارے میں حنفیہ کی ترجمانی کرتے ہوئے لکھا ہے۔

اما حق المجردۃ. فلا یجوز الاعتیاض عنہ کحق الولایۃ علی النفس والمال وحق الشفعۃ (۲)

اور مولانا محمد تقی عثمانی نے حقوق ضروریہ کے بارے میں اپنا فیصلہ اس طرح بیان کیا ہے

وحکم ھذا النوع من الحقوق انہ لا یجوز الاعتیاض عنہا، لا عن طریق البیع ولا عن طریق الصلح والتنازل بمال (۳) اس نوع کے حقوق کا حکم یہ ہے کہ اس کا عوض لینا جائز نہیں ہے نہ بطریق بیع اور نہ صلح وتنازل کے طور پر۔" حنفیہ کی یہی رائے ہے مگر حنفیہ کے علاوہ دیگر فقہاء حقوق مجردہ کے عوض لینے کو بھی جائز قرار دیتے ہیں۔ ویجوز عند غیر الحنفیۃ اخذ العوض عنہ (۴)

## حقوق اصلیہ

حقوق شرعیہ کی دوسری قسم حقوق اصلیہ ہے جس کی تعبیر فقہاء حقوق غیر مجردہ سے کرتے ہیں یہ حقوق اصالۃً ثابت ہوتے ہیں۔ دفع ضرر کے لیے ان کی مشروعیت نہیں ہوتی ہے جیسے حق قصاص، حق میراث، نکاح کو باقی رکھتے ہوئے بیوی سے متمتع ہونے کا حق۔

**حکم:** حقوق اصلیہ یا حقوق غیر مجردہ کا حکم یہ ہے کہ فروختگی کے ذریعہ ان کا عوض لینا جائز نہیں ہے۔ یعنی اس کی گنجائش نہیں ہے کہ خریدار کی طرف وہ حق منتقل ہوا اور بائع

---

۱۔ ردالمحتار۔ ابن عابدین الشامی ۵۱۸/۴ ط: دارالفکر (۲) الفقہ الاسلامی وادلتہ ۲۱/۴

۳۔ بیع حقوق المجردہ۔ مولانا محمد تقی عثمانی ص۳۴ (۴) الفقہ الاسلامی وادلتہ ۲۱/۴

کو جو استحقاق تھا وہی خریدار کو حاصل ہو جائے۔ لہذا ولی مقتول اپنا حق قصاص فروخت نہیں کرسکتا۔ البتہ صلح اور دست برداری کے ذریعہ حقوق اصلیہ کا عوض لینا جائز ہے۔ یعنی ولی مقتول کو شرعاً اس کا حق ہے کہ عوض لیکر اپنے حق قصاص سے دست بردار ہو جائے چنانچہ ڈاکٹر وھبۃ الزحیلی نے حقوق غیر مجردہ پر محققانہ بحث کرتے ہوئے لکھا ہے۔

"الحق غير المجردة تجوز المعاوضة عنه بالمال كحق القصاص وحق الزوجة يجوز لكل من ولى المقتول والزوج اخذ العوض المالى فى مقابل التنازل عن حقه بالصلح" (۱)

حق غیر مجرد کا عوض مالی جائز ہے۔ جیسے حق قصاص اور حق زوجہ ولی مقتول اور زوج کے لیے صلح کرکے اپنے حق سے دست برداری کا عوض مالی لینا جائز ہے۔

اور شامی نے لکھا ہے۔

"اما حق الموصى له بالخدمة، فليس كذالك بل ثبت له على وجه البر والصلة فيكون ثابتاله اصالة فيصح الصلح عنه اذا نزل عنه لغيره ومثله ما مر عن الاشباه من حق القصاص والنكاح والرق حيث صح الاعتياض منه لانه ثابت لصاحبه اصالة لا على وجه دفع الضرر عن صاحبه" (۲)

اور مولانا محمد تقی عثمانی نے اپنے عربی مقالہ میں تحریر کیا ہے۔

"وحكم هذا النوع من الحقوق انه لايجوز الاعتياض عنها بطريق البيع"

اور کچھ سطروں کے بعد لکھتے ہیں۔

"ولكن هذه الحقوق يجوز الاعتياض عنها بطريق الصلح والتنازل بمال" (۳)

## حقوق عرفیہ

حقوق کی دوسری قسم حقوق عرفیہ ہے۔ حقوق عرفیہ سے مراد وہ حقوق ہیں جن کی مشروعیت عرف و عادت کی بنیاد پر ہوتی ہے۔ اور یہ حقوق اس اعتبار سے مشروع ہیں کہ اسلامی شریعت نے عرف و عادت اور تعامل ناس کی بنا پر انھیں تسلیم کیا ہے۔ لیکن ان حقوق

---

۱۔ الفقہ الاسلامی وادلتہ ۲۱/۴ (۲) شامی ۵۲۱/۴ (۳) بیع حقوق المجردہ ۵۵

# حقوق کی بیع

از ———— مولانا معاذ الاسلام سنبھلی ، مدرسہ امدادیہ مراد آباد

حقوق کی بیع کے بارے میں آپ کا سوالنامہ اور مولانا مفتی محمد تقی عثمانی مدظلہ العالی کا تفصیلی مقالہ پڑھا۔ مولانا محمد تقی عثمانی صاحب نے نہایت بسط کے ساتھ ائمہ اربعہ کے مذاہب اور جزئیات کو ضبط فرمادیا ہے اور مسئلہ کے ہر پہلو کا احصار فرمایا ہے۔ اسی طرح آپ کے سوالنامے میں بھی موضوع سے متعلق کافی مواد جمع کردیا گیا ہے۔ اس لیے ائمہ اربعہ کے مذاہب وجزئیات کے ذکر کی حاجت نہیں ہے۔ البتہ مشائخ وائمہ احناف کی آراء اور ارشادات میں غور وفکر کے بعد جو رائے سامنے آئی ہے اس کو تحریر کیا جاتا ہے۔

---

تمدن اور انسانی زندگی کے لیے باہم معاملات کرنا اور مختلف عقود کے ذریعہ ایک کا دوسرے سے تعاون حاصل کرنا اور اپنی اپنی حاجتوں اور ضرورتوں کو پورا کرنا ہمیشہ سے انسانی زندگی کا لازمی حصہ رہا ہے ان معاملات اور عقود میں بیع واجارہ دو اہم عقد ہیں جو ہمیشہ سے لوگوں میں معمول بہ اور جاری وساری ہیں۔ لوگ ان کی حقیقت سے خوب واقف ہیں۔ یہ ایسے عقود نہیں ہیں کہ شریعت محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام نے لوگوں کو ان سے واقف کرایا ہو۔ شریعت محمدیہ نے صرف اس طرف متوجہ کیا کہ ان عقود کا معاملہ کرنے میں کن کن امور کا لحاظ ہونا چاہیے تاکہ کسی طرح بھی یہ عقود فساد ونزاع اور مکر وخداع کا سبب نہ بنیں۔ اسی لیے شریعت نے ان کے تفصیلی احکام بیان کرکے واضح کیا کہ کون سے عقود درست اور صحیح ہیں اور کون سے فاسد اور غیر صحیح ہیں۔

لیکن فقہاء کرام کے لیے ضروری ہوا کہ ان کے احکام ذکر کرتے وقت ان کی تعریف کرکے ان کے معانی بھی متعین کریں۔ لیکن جتنی تعریفیں کی گئی ہیں ہر ایک پر کچھ نہ کچھ اعتراض وارد ہوتا ہے اور کوئی تعریف ایسی معلوم نہیں ہوتی جو جامع مانع ہو۔

ابن عابدین فرماتے ہیں :

اعلم ان المسائل الفقهية اما ان تكون ثابتة بصريح النص وهي الفصل الاول واما ان تكون ثابتة بضرب اجتهاد ورای وكثير منها مايبنيه المجتهد على ماكان فى عرف زمانه بحيث لوكان فى زمان العرف الحادث لقال بخلاف ما قاله اولا ولهذا قالوا فى شروط الاجتهاد انه لابد فيه من معرفة عادات الناس فكثير من الاحكام تختلف باختلاف الزمان لتغير عرف اهله او لحدوث ضرورة اوفساد اهل زمانه بحيث لوبقى الحكم على ماكان عليه اولا للزم منه المشقة و الضرر بالناس ومخالفة قواعد الشرعية المبنية على التخفيف والتيسير ودفع الضرر والفساد لبقاء العالم على اتم نظام واحسن نظام ولهذا ترى مشائخ المذهب خالفوا مانص عليه المجتهد فى مواضع كثيرة بناها على ماكان فى زمنه لعلمهم بانه لوكان فى زمنهم لقال بما قالوا به اخذا من قواعد مذهبه. ( نشر العرف ) .

جان تو کہ مسائل فقہیہ یا تو صریح نص سے ثابت ہوں گے اور یہ فصل اول ہے یا اجتہاد اور رائے سے اور ان میں بہت سے ایسے ہیں جن کو مجتہد اپنے زمانے کے عرف پر مبنی کرتا ہے اس طرح کہ اگر وہ عرف حادث کے زمانے میں ہوتا تو جو اس نے کہا ہے اس کے خلاف کہتا اسی لیے انھوں نے اجتہاد کی شرطوں میں کہا ہے کہ اس میں عادات ناس کا پہچاننا ضروری ہے پس بہت سے احکام اختلاف زمان کی وجہ سے عرف کے متغیر ہونے سے مختلف ہو جاتے ہیں یا اہل زمانہ کے فساد اور ضرورت کی وجہ سے اس طریقہ پر کہ اگر حکم پہلی حالت پر باقی رہے تو اس سے مشقت اور لوگوں کو ضرر لازم آئے گا اور وہ شریعت کے ان قواعد کے خلاف ہوگا جو تخفیف اور تیسیر پر مبنی ہیں اور عالم کے بہترین نظام پر بقاء کے لیے دفع ضرر و فساد پر مبنی ہیں اسی لیے تو دیکھے گا کہ مواضع کثیرہ میں مشائخ نے مجتہد کی اس رائے کی مخالفت کی ہے جس کی بنیاد ان کے زمانہ کا عرف تھا اس لیے کہ وہ جانتے ہیں کہ اگر مجتہد ان کے زمانے میں ہوتا تو وہ بھی وہی کہتا جو ان کی رائے ہے یہ بات ان کے مذہب کے قواعد کی بنیاد پر ہے ۔

# مسئلہ بیع و حقوق

از ـــــــــــــــ مولانا محمد طیب الرحمٰن امیر شریعت۔ آسام

نحمدہ ونصلّی علی رسولہ الکریم۔ امابعد!

فقد قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم "من یرد اللّٰہ بہ خیراً یفقہہ فی الدین اوکما قال علیہ الصلوٰۃ والسلام۔

حضرت صدر محترم اور معزز حاضرین کرام۔ میں تہِ دل سے اس بات کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ مجھے اس مہتم بالشان مجلس میں ملک کے منتخب علمائے کرام اور مفکرین عظام کے سامنے دورِ حاضر کے چند مہتم بالشان مسائل شرعیہ کے بارے میں اپنے خیالات کو ظاہر کرنے کے لیے موقع دیا گیا۔ دورِ حاضر میں جدید پیدا ہونے والے مسائل شرعیہ کے فیصلہ کے لیے مجمع الفقہ الاسلامی کا قیام زمانہ کے سب سے ضروری اقدام ہے قابل مبارکباد ہیں حضرت محترم مولانا مجاہد الاسلام صاحب قاسمی۔ جن کی کوشش سے یہ نظام وجود میں آیا۔ حاضرین منتخب مفکرین کے سامنے احقر اپنے آپ کو اپنے خیالات ظاہر کرنے کے لائق نہیں سمجھتا۔ پھر بھی یہ سمجھتا ہوں کہ تنہا کسی مسائل کے بارے میں رائے زنی کرنے کے لیے جس شدت احتیاط اور اپنی تحقیق پر یقین کامل کی ضرورت ہوتی ہے۔ مسائل شرعیہ کی تحقیق کی مجلس میں حاضرین علمائے کرام کے سامنے ایسی احتیاط کی ضرورت نہیں ہے بلکہ اپنی تحقیق پر یقین کامل نہ ہونے کے باوجود بھی اپنے خیالات کو ظاہر کیا جا سکتا ہے چونکہ علمائے کرام غور و فکر کرتے ہوتے قول فیصل کو اختیار کریں گے۔

فقہائے احناف نے بیع کی تعریف میں عام طور پر "مبادلۃ المال بالمال" کے لفظ کو استعمال کیا البتہ "کتاب الفقہ علی المذاہب الاربعہ" جلد ۲ ص ۱۴۷ میں "ھومبادلۃ السلعۃ بالنقد" کے لفظ کو استعمال کیا۔ صاحب درالمختار نے "مبادلۃ شیئ مرغوب بمثلہ" کے لفظ کو استعمال کیا لیکن صاحب ردالمحتار نے "شیئ مرغوب فیہ" کی تشریح کرتے ہوتے فرمایا "ما من شانہ ان ترغب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# مسئلہ بیع الحقوق

مولانا زبیر احمد قاسمی دارالعلوم سبیل السلام حیدرآباد

میرا خیال یہ ہے کہ کم از کم گزشتہ سمینار منعقدہ دلی میں جو حضرات شریک ہوئے تھے، یا اس میں پڑھے گئے مقالات جن کی نظروں سے گزر چکے ہیں، ان کے لئے بیع الحقوق کا مسئلہ کوئی نیا مسئلہ نہیں رہا۔ اس کے جواز و عدم جواز کے متعلق مختلف رائیں اپنے اپنے استدلالات و استشہادات کے ساتھ مسئلہ "بدل الخلو" کے ضمن میں سامنے آچکے ہیں، اور کہا جاسکتا ہے کہ گو اس مسئلہ کے متعلق سمینار کا کوئی ضمنی فیصلہ اور قطعی تجویز سامنے نہیں آئی ہے، مگر تقریبًا یہ مسئلہ مفروغ عنہا بن چکا ہے۔

اب اس کی ضرورت نہیں رہی کہ پھر سے ان سارے دلائل و براہین کا اعادہ کیا جائے بلکہ کرنے کا اہم کام یہ ہے کہ ہر دو نظریوں کے دلائل کی قوت کا موازنہ کرتے ہوئے ترجیحی راہ اختیار کرکے ایک آخری تجویز سامنے لائی جائے۔

اس لئے میں اس مسئلہ کے متعلق خواہ مخواہ کی تفصیل میں جائے اور بار ہا مختلف مقالات میں مذکورہ دلائل کا استیعاب یا اعادہ کئے بغیر مختصراً کچھ نقاط کو سامنے لاتے ہوئے اپنی رائے ظاہر کردینا مناسب سمجھتا ہوں۔

(۱) فقہاء احناف عمومًا حقوق کو مال کے مقابلے میں ذکر کرتے ہیں اور اسی طرح کا استعمال ہم حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں بھی پاتے ہیں۔ چنانچہ حدیث میں فرمایا گیا۔ من ترك مالا اوحقا فلورثته۔ اس حدیث میں مال اور حق کا تقابل بتلا رہا ہے کہ حق مال سے الگ کوئی چیز ہے۔ لیکن مال ہو یا حق دونوں قابل انتقال ہیں۔ مورث کے متروکہ مال کی ملکیت جیسے وارثوں کی طرف منتقل ہوجاتی ہے ویسے مورث کا حق ثابت بھی اس کے وارثوں کا حق ثابت بن جاتا ہے۔

(۲) بیع کی تعریف کے سلسلے میں جو بھی تعبیریں فقہائے احناف کے یہاں ملتی ہیں ان میں لفظًا یا معنًا مال کی حیثیت ایک شرط ضروری اور جوہری کی معلوم ہوتی ہے جس کا حاصل یہی نکلتا ہے

# بیع

از ——— ابو فرحان حنیفی

محترمی! السلام علیکم ورحمۃ اللہ — آپ کا گرامی نامہ مشتمل بر سوالات عدیدہ مجھے ایسے وقت وصول ہوا جب کہ میں گوناگوں ذمہ داریوں کی الجھنوں میں بہت بری طرح پھنسا ہوا ہوں۔ تاہم انتہائی کوشش کے بعد فرصت کے ان میسر لمحات میں اپنے ان ناقص خیالات کو آپ کی خدمت میں پیش کرنے کی سعی کر رہا ہوں۔ اگر فقہ حنفی کی تعریفِ بیع میں کوئی ترمیم منظور نہ ہو تو پھر کیا یہ نہیں کہا جا سکتا کہ بیع اور معاوضہ میں عموم وخصوص مطلق کی نسبت ہے! اس طرح کہ ہر بیع تو معاوضہ ہے مگر ہر معاوضہ بیع نہیں ہے۔ پس اس لیے منافع کا مبادلہ معاوضہ کی قبیل سے ہے بیع کی قسم سے نہیں ہے۔

(۱)

## بیع کی تعریف میں مال کی شرط

بیع کی تعریف میں مال کی شرط ضروری ہے یا اس سے ہر وہ شے مراد ہے جس کا حاصل کرنا انسان کو مرغوب ہو، چاہے وہ چیزیں مادّی ہوں یا نہ ہوں، کیا وہ خرید و فروخت کا محل ہو سکتی ہیں؟

**جواب:** - بیع کی تعریف میں مال کی شرط ضروری نہیں ہے۔ اس لیے ہر وہ چیز جس کا حاصل کرنا انسان کو مرغوب ہو چاہے وہ چیز مادّی ہو یا نہ ہو خرید و فروخت کا محل ہو سکتی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ان اللہ اشتریٰ من المؤمنین انفسھم واموالھم بان لھم الجنۃ (توبہ: ۱۱۱) اس میں انفس غیر مادّی اور اموال مادّی چیزیں ہیں۔ اس آیت کے آخری حصہ میں فرمایا: فاستبشروا ببیعکم الذی بایعتم بہ ای اظھر السرور بھذا البیع فقد ربحتم فیہ ربحا لم یربحہ احد من الناس الا من فعل مثل فعلکم۔ اس آیت میں خرید و فروخت

# ہندوستان کے سیاق وسباق میں اسلامی بینکنگ کے عملی پہلو

ازنا ـــــــــــ ڈاکٹر کے. جی. منشی، (احمد آباد)

ہندوستان میں روایتی بینکنگ کی بنیاد سود پر مبنی ہے، بینکنگ کے موجودہ ڈھانچہ میں بینکنگ سیکٹر اور پورے مالی مارکٹ کی نگرانی کے لیے رزرو بینک آف انڈیا مرکزی نگراں کے طور پر ہے، جبکہ منی مارکٹ ان تمام اداروں کا ایک مرکب ہے جو مختصر میعادی رقوم فراہم کرتا ہے، بینکنگ ادارے اپنی تنظیموں کی اقسام کی بنیاد پر دو بڑے گروپوں میں تقسیم کئے جا سکتے ہیں۔
(الف) پہلا گروپ ہے کامرشیل یا تجارتی بینک جو مزید دو گروپوں قومی ملکیت کے بینکوں اور پرائیویٹ سیکٹر بینکوں میں منقسم ہیں۔ تومیائے ہوئے بینک حکومت ہند کے براہ راست تسلط اور نگرانی میں ہیں رزرو بینک آف انڈیا اسٹیٹ بینک آف انڈیا اور اس کی تمام ذیلی شاخیں اور بیس بڑے کمرشیل بینک اس گروپ سے تعلق رکھتے ہیں۔ اور یہی تمام بینک عموماً بینکنگ کاروبار کا نوے فی صد حصہ حاصل کر لیتے ہیں، پرائیویٹ سیکٹر بینک بھی دو اقسام کے ہیں شیڈ. یولڈ یا منصوبہ بند بینک اور (۲) غیر شیڈ یولڈ بینک، رزرو بینک آف انڈیا کے الحاقی لوازمات پورا کر کے شیڈ. یولڈ بینک منصوبہ بندی کی سند حاصل کر لیتے ہیں اور اس کی بنیاد پر کوئی مراعات حاصل کر لینے کے علاوہ ایسی کئی ذمہ داریاں بھی ادا کرتے ہیں جو غیر شیڈ. یولڈ بینکوں کے لیے ضروری نہیں ہیں یہ بینک جوائنٹ اسٹاک کمپنیوں کے طور پر رجسٹرڈ ہوتے ہیں۔

## (ب) کوآپریٹو یا امداد باہمی بینک:

ان کی تنظیم امداد باہمی کے اصولوں کے مطابق ہوتی ہے جس میں اس کے ممبروں کے مالی یا معاشی مفادات کو بہتر بنانے کے لیے امداد باہمی پر زور دیا جاتا ہے۔ یہ دو اقسام میں منقسم ہیں یعنی

شہری اور دیہی جس کا انحصار ان کے دائرہ کار پر ہے۔ شہری امداد باہمی بینکوں کے اعداد و شمار سے متعلق ضروری معلومات ان بینکوں سے تنخواہ پانے والوں یا امداد باہمی کے طور پر قرض دینے والی انجمنوں کے کارکنان کو فراہم کی جاتی ہیں۔ دیہی علاقہ کے لیے امداد باہمی بینکنگ کے مختصر اور طویل مدتی ڈھانچے ہیں۔ مختصر مدتی کے لیے سب سے اوپر اسٹیٹ کوآپریٹیو بینک ہے جس کے تحت ضلع کی سطح پر سینٹرل کوآپریٹیو بینک اور دیہی سطح پر ابتدائی امداد باہمی قرض دینے والی انجمنیں ہیں۔ طویل مدتی کے لیے سب سے اوپر ریاستی سطح پر اسٹیٹ لیول ترقیاتی بینک ہے اور ضلع کی سطح پر ڈسٹرکٹ لیول مارٹیج بینک اور دیہی سطح پر ابتدائی لیول مارٹیج اور امداد باہمی کی انجمنیں ہیں۔ یہ ایک وفاقی ڈھانچہ ہے جو تین درجات کا ہے۔ مختصر مدتی ڈھانچہ صرف ایک درجہ کا ہے۔ امداد باہمی بینکنگ کی ایک خصوصیت اس کا علاقائی عدم توازن اور درجاتی فرق ہے۔ بعض ریاستوں میں اس کا ڈھانچہ دو درجات کا ہے اور بعض میں تین درجات کا ہے۔

درمیانی مدت اور طویل مدتی سرمایہ کی فراہمی کی ضروریات پوری کرنے کے لیے کئی ادارے ہیں جو ترقیاتی بینک کہلاتے ہیں۔ جیسے انڈسٹریل ڈولپمنٹ بینک آف انڈیا، انڈسٹریل کریڈٹ اینڈ انوسٹمنٹ کوآپریٹیو بینک آف انڈیا اور یونٹ ٹرسٹ آف انڈیا، وغیرہ۔ یہ سرمایہ کا مارکٹ بناتے ہیں۔ مختصر درمیانی اور طویل مدتی سرمایہ لانے اور مالی ضروریات پوری کرنے کے درمیان بہت قریبی تعلق ہے۔ اس لیے رزرو بینک آف انڈیا کے ذریعہ ان دونوں کے درمیان ارتباط کے اقدامات ہیں۔

اس طرح طویل و عریض پھیلا ہوا یہ ڈھانچہ (۱) سرمایہ اور (۲) مختلف طبقہ کے افراد اور معاشیات کے حصوں کو ذیلی نوعیت کی خدمات فراہم کرتا ہے لیکن ان سب کی بنیاد سود پر ہے، بینکنگ کے نگراں قوانین بینکنگ، ریگولیشن ایکٹ، رزرو بینک آف انڈیا ایکٹ، نیگوشیبل انسٹرومنٹس ایکٹ اور کوآپریٹیو سوسائٹیز ایکٹ وغیرہ ہیں۔ یہ سب سود پر مبنی کاروبار کو فروغ دیتے ہیں۔ روپیہ کی فراہمی میں اپنے کردار کے باعث معاشی عدم استحکام کے لیے یہ مروجہ اصول ہی ذمہ دار ہیں۔ روپیہ کا استعمال غیر ایماندارانہ ہو جاتا ہے اور غیر معین شرح سود کے مسائل پیدا ہو جاتے ہیں دوسرے یہ کہ مختلف پارٹیوں، روپیہ جمع کرنے والوں اور قرض لینے والوں کے ساتھ غیر مساوی اور غیر منصفانہ سلوک بھی ہوتا ہے، خدمات کی بجاآوری کے لیے زبانی اجرت کے حصول میں بھی یکسانیت نہیں برتی جاتی ہے۔ مجموعی طور پر سرمایہ کے سلسلہ میں بد انتظامی

یا بدمعاملگی ہوتی ہے۔ قومیائے جانے کے بعد سے خدمت کی کوالٹی گر گئی ہے اور اہلیت میں بھی کمی واقع ہوتی جا رہی ہے۔ جس کا نتیجہ یہ ہے کہ منافع کا اوسط گرتا جا رہا ہے۔

بینکنگ کی ان تمام خرابیوں کا شافی اور فیصلہ کن جواب اسلامی بینکنگ ہی ہو سکتا ہے۔ اسلامی بینکنگ شریعت کے اصولوں اور احکامات قرآنی پر مبنی ہے یہ سود یعنی ربا پر پابندی عائد کرتا ہے اور تجارت کی ہمت افزائی کرتا ہے۔ اس کا مرکزی زور ان تمام پارٹیوں کے ساتھ منصفانہ سلوک پر ہے جو مالی کاروبار میں حصہ لیتی ہیں اور یہ ضروری بھی ہے، کیونکہ مالی روانی رک جانے سے نقصان ان کو پہونچتا ہے جو سرمایہ سے محروم ہیں۔

اسلامی اصولوں پر مالی لین دین کا کاروبار مختلف نوعیت کا ہے جس کی فہرست شریعت کے عالموں سے معذرت کے ساتھ برائے توجہ پیش ہے، (۱) مضاربہ (۲) مشارکہ (۳) مرابحہ مساقاۃ (۵) سلعہ (۶) بینکوں کی طرف سے براہ راست سرمایہ کاری اور تعاون (۷) قرض حسن۔

ہندوستان میں قابل ستائش پیمانہ پر غیر سودی مالی اداروں کے قیام کی کوششیں کی جارہی ہیں۔ اس قسم کے اداروں کا بطور بینک رجسٹریشن موجودہ ملکی قانونی بنیادوں پر ممکن نہیں ہے۔ ان کے اندراز رجسٹریشن سے ایک غیر بینکنگ سرمایہ کار کمپنی یا امداد باہمی قرض دینے والی انجمنوں کے زمرہ میں آتے ہیں۔ ان میں سے اول الذکر انڈین کمپنیز ایکٹ ۱۹۵۶ء کے قانونی دائرہ کار میں اور موخر الذکر کوآپریٹو سوسائٹیز ایکٹ ضوابط مرتبہ متعلقہ اسٹیٹ گورنمنٹ کے دائرہ کار میں آتے ہیں۔ اس جد و جہد کو شریعت کے اصولوں اور قرآن کریم کے احکامات کے مطابق کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لیے ان کی کارکردگی اور اس سے برآمد ہونے والے مسائل راہ نمائی کے حصول کے لیے آپ کے سامنے بمعہ متفرق متبادل تجاویز کئے جا رہے ہیں۔

## (۱) کوآپریٹو کریڈٹ سوسائٹی

**یعنی مالی معاونت دینے والی امداد باہمی کی انجمن**

یہ اپنے ارکان سے چندہ کے حصص کی فراہمی کرتی ہے اور ان میں کفایت شعاری در بچت کی عادت پیدا کرتی ہے۔ یہ غیر سودی امانتی رقوم قبول کرتی ہے یہ سرمایہ بنیادی طور پر ارکان کی مالی ضروریات پر مختصر مدتی مالی معاونت کے تحت صرف ہوتا ہے۔ بہت سی انجمنیں اپنے سرمایہ کے حصول کی بنیادوں کو وسیع تر کرنے کے لیے اس سے بھی اور آگے بڑھ گئی

ہیں۔ یعنی وہ داخلہ کی فیس، چندہ، تحفے اور فنڈ مہیا کرنے کے لیے اسی طرح کے دوسرے پروگراموں پر عمل کرتے ہیں تاکہ لوگ ان باتوں کی کشش کے باعث زیادہ سے زیادہ سرمایہ لگائیں۔ اسی اعتبار سے اس سے فائدہ حاصل کرنے والوں کا دائرہ بھی وسیع تر کیا گیا ہے۔

# (۲) کمپنی

انڈین کمپنیز ایکٹ کے تحت کمپنیوں کو رجسٹرڈ کیا جاتا ہے اور یہ ممبروں سے مالی حصص حاصل کرنے اور عوام کی امانتی رقوم جمع کرنے کے علاوہ مکانات کے لیے ڈپازٹ غیر سودی ڈپازٹ اور غیر ممالک میں رہنے والے ہندوستانیوں کے روپیہ کے ڈپازٹ بھی قبول کرتی ہے۔ ان کا کاروبار کافی وسیع اور مختلف النوع ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر پٹہ پر دینا (اجارہ) غیر سودی پیشگی رقوم دینا (قرض حسنہ) کسی منصوبہ کو منافع میں شرکت کی بنیاد پر مالی امداد دینا (مضاربہ) منافع میں شرکت کی بنیاد پر مشترکہ طور پر کاروبار کرنا (مشارکہ) مختلف تجارتی منصوبوں، جائداد کی خرید، مکانات کی تعمیر وغیرہ کے منصوبوں پر پیشگی رقم دینا، درآمد کے کام میں روپیہ لگانا۔ غیر ممالک میں ملازمت یا کاروبار کرنے والے ہندوستانیوں کے بھیجے ہوئے روپیہ کو ہندوستان میں کسی کاروبار میں لگانا۔ فیکٹریوں وغیرہ کی تعمیر یا انھیں چلانے کے لیے رقم مہیا کرنا۔ کمیشن پر بلوں کی رقم کی ادائیگی کرنا اور اس کے علاوہ مالی تجارتی خدمات انجام دینا جیسے تعلیم ٹیکنیکل، تربیت اور حصول ملازمت کی اطلاعات فراہم کرنا، مالی امور میں مشورہ دینا، صنعت وحرفت اور تجارت کے متعلق معلومات بہم پہونچانا، مالی اور صنعتی خدمات انجام دینا اور مسلمانوں کی معاشی بہبودی ترقی اور خوش حالی کے منصوبوں پر عمل کرنا حج وغیرہ کے لیے رقوم حاصل کرنا وغیرہ۔ اسلامی اصولوں کے مطابق ہندوستان میں کام کرنے والے مالی ادارے۔ (۱) بطور انجمن مطابق سوسائٹیز رجسٹریشن ایکٹ ۲۱ مجریہ ۱۸۶۰ء کے تحت (۲) یا متعلقہ ریاستی حکومتوں کے "اسٹیٹ گورنمنٹ کوآپریٹو سوسائٹیز ایکٹ" کے تحت (۳) یا انڈین کمپنیز ایکٹ مجریہ ۱۹۵۶ء (۱۹۵۶ء کا نمبر ۱) کے تحت رجسٹرڈ کیے جاتے ہیں اور ان کی ذمہ داریاں محدود ہوتی ہیں۔

ایک طرح سے یہ مالی ثالث کا انجام دیتے ہیں جو عوام سے مضاربہ کی بنیاد پر روپیہ فراہم کر کے اسی بنیاد پر کاروباری افراد کو پیشگی سرمایہ بہم پہونچاتے ہیں اسی طرح موجودہ سسٹم دو بنیادی مضاربہ نمونہ کا ہے۔ وہ اسی قسم کی بہت سی بینکنگ خدمات بھی انجام دیتے ہیں جس کے لیے

وہ فیس یا کمیشن وصول کرتے ہیں۔ خدمات کے اعتبار سے اسے (۱) بینکنگ سروسز اور (۲) عام افادیت کی سروسز میں بانٹا جا سکتا ہے۔ اسلامی بینک ان عام بینکنگ قواعد کو بھی جو اسلامی اصولوں کے خلاف نہیں ہوتے اختیار کر لیتے ہیں، لیکن جہاں یہ اسلامی اصولوں سے ٹکراتے ہیں وہاں اسلامی بینک اپنے خود قواعد وضوابط وضع کر لیتے ہیں۔ یہ مالی ادارے ہوتے ہیں، مگر ۱۹۴۹ء کے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ کے دائرہ کار میں نہیں آتے۔ ان کے قواعد وضوابط کی تشکیل مالی نقطۂ نگاہ سے ہوتی ہے یعنی وہ سرمایہ کس طرح فراہم کرتے ہیں اور کس طرح اسے استعمال میں لاتے ہیں۔

## روپیہ کی فراہمی

(۱) ذاتی سرمایہ:

ایک کمپنی یا انجمن بنانے کے لیے حصص کی رقوم ارکان سے جمع کی جاتی ہے۔ یہ سرمایہ ان کے مالی اور کاروباری امور میں استعمال ہوتا ہے۔

(۲) ڈپازٹس:

سرمایہ کا بڑا حصہ بینک میں روپیہ جمع کرانے والوں سے حاصل ہوتا ہے۔ عام بینکوں میں یہ روپیہ مختلف مدوں میں جمع کیا جاتا ہے۔ مثلاً (۱) بچت کھاتا (۲) چالو کھاتا (۳) ٹائم ڈپازٹ کھاتا وغیرہ۔ اسلامی بینکوں کے لیے بنیادی طور پر دو طرح کے کھاتے ہوتے ہیں (۱) وہ رقوم جو کاروبار میں استعمال نہیں کی جاتیں جو کرنٹ یا سیونگ بینک کھاتہ کے طرز کی ہوتی ہیں اور (۲) وہ رقوم جو لوگ کسی کاروبار میں استعمال کرنے کے لیے جمع کرتے ہیں یہ انویسٹمنٹ اکاؤنٹ کہی جاتی ہیں۔

## بچت یا سیونگ اکاؤنٹ

اس کھاتہ میں لوگ اپنی پس انداز کی ہوئی رقوم جمع کراتے ہیں۔ اور بینکوں کو اجازت دیتے ہیں کہ وہ یہ رقوم استعمال میں لائیں، بینک سے ان کو ان کی پوری رقم کے تحفظ کی گارنٹی ملتی ہے۔ بینک کے کام کاج کے اوقات کے درمیان وہ کبھی بھی اپنی رقم واپس نکلوا سکتے ہیں، اگرچہ بینک ان کو

رقم کے تحفظ کی گارنٹی دیتا ہے لیکن انہیں کوئی انعام وغیرہ دینے کا پابند نہیں ہوتا۔ البتہ بعض بینک اپنے مالی سال کے اختتام پر اپنے منافع میں سے انھیں نقد انعام یا کچھ امتیازی مراعات دیتے ہیں۔ جیسے کسی چھوٹے کاروباری منصوبہ میں مالی امداد دینا دیر پا اشیائے صرف اقساط پر دینا وغیرہ۔ یہ انعامات بینک کی مرضی پر موقوف ہوتے ہیں۔ اور صرف اس وقت دیئے جاتے ہیں جب بینک کو وافر منافع حاصل ہو لیکن یہ ایک بحث طلب مسئلہ ہے کہ جب ان کا سرمایہ کسی طرح کے نقصان خطرہ سے دوچار نہیں ہوتا تو بینک کے منافع میں انھیں شریک کرنا کس حد تک درست ہے۔

## انویسٹمنٹ اکاؤنٹ:

اس کھاتہ میں جمع کی جانے والی رقوم بینک کی طرف سے کاروبار میں لگائی جاسکتی ہیں ان کی درجہ بندی اس طرح کی جاسکتی ہے۔ (۱) خرچ کا اختیار دیئے جانے والے کھاتے (۲) بغیر اختیاری کھاتے اختیاری کھاتے میں صاحب کھاتہ بینک کو یہ اجازت دیتا ہے کہ بینک اسکی رقم کسی بھی منصوبہ میں لگا سکتا ہے۔ مقررہ وقت کے اختتام پر صاحب کھاتہ اپنا منافع حاصل کرلے گا۔ غیر اختیاری کھاتہ کے سلسلے میں صاحب کھاتہ اپنی جمع شدہ رقم صرف کرنے کے لیے خود کوئی منصوبہ منتخب کر لے گا، یہ بھی ضروری نہیں کہ وہ اپنے کھاتے کی معیاد مقرر کرے۔ بینک اس کو طے شدہ شرح کے حساب سے منافع میں سے اس کا حصہ دے دے گا۔

اگر کسی کھاتہ میں مقررہ معیاد کے لیے رقم جمع کرائی جائے تو اس مقررہ معیاد کے گذرنے سے قبل صاحب کھاتہ کو اپنی رقم واپس لینے کی اجازت نہیں ہوتی۔ اگر وہ قبل از وقت مقررہ اپنی رقم واپس نکلوانا چاہے گا تو وہ منافع میں بالکل حقدار نہیں ہوگا۔ البتہ بینک میں اس کی رقم جمع رہنے کی مدت کے مطابق وہ بٹے یا کمیشن کے طور پر منافع کا مستحق ہوگا۔ بیشتر کھاتہ دار اسی قسم کی اسکیموں کے کھاتوں میں اپنی رقم جمع کرانے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔

## رقوم کا استعمال

عام بینکوں کے عمل کے برعکس اسلامی بینک سود پر قرض نہیں دیتے اس لیے انہیں منافع کے حصول کے لیے جو نہ صرف بینکوں کے لیے ضروری ہے بلکہ کھاتہ داروں کے لیے بھی ضروری ہے اس

سرمایہ کو کاروباری مقاصد میں استعمال کرنا پڑتا ہے کاروبار میں روپیہ لگانے کے جو عام طریقے اسلامی بینکوں میں مروج ہیں وہ مندرجہ ذیل ہیں۔

## (ا) مشارکہ

اسکو اکویٹی پارٹیسپیشن کہتے ہیں، بینک اور ان کے کھاتے دار کسی بھی عارضی شرکت کے لیے رضامند ہوجاتے ہیں۔ یہ مشترکہ شرکت کے اصولوں کے مطابق ہوتی ہے۔ اس کے ذریعہ دونوں پارٹیاں اس کاروبار میں اس کے ذرائع، خام مال، اثاثہ تکنیکی اور انتظامی مہارت کے لیے مختلف سطح پر سرمایہ لگاتی ہیں۔ اور پیشگی طے شدہ تناسب سے منافع حاصل کرنے پر رضامند ہوجاتی ہیں۔ اسمیں کوئی مقررہ اصول نہیں ہوتے بلکہ منافع کی شرح انصاف اور مساوات کے اسلامی اصولوں کیمطابق ہر کاروبار میں اس کی نوعیت کے اعتبار سے مختلف طے کی جاتی ہے۔ کاروبار میں رقم لگانے کا تعین ہفتوں اور برسوں کے حساب سے ہوتا ہے۔ طویل مدتی اور وسط مدتی اُمور کے لیے ایسی شرکت پر معاہدہ کیا جاتا ہے جو اختتام مدت پر خود بخود ختم ہوجائے اس معاہدہ کے مطابق اس کے بعد پورے منصوبہ کا حق ملکیت پارٹی یا اس کے شرکار کو منتقل ہوجاتا ہے اور بینک منافع میں سے اپنا طے شدہ حصہ حاصل کرلیتا ہے کسی بھی تجارتی فرم یا فیکٹری یا بلڈنگ وغیرہ میں اس کے اختتام تک بینک اس منصوبہ میں شریک رہے یا اس میں عارضی طور پر اس وعدہ کے ساتھ شرکت کرے کہ وہ اپنے حصہ کی رقم اس پارٹی کے مالک یا شرکار کو اپنا حصہ کو فروخت کرکے واپس لے لیگا، یا مالک یا شرکار اس کی ادائیگی یک مشت کریں یا قسط وار کریں اس کا باہمی معاہدہ ان کے درمیان پیشگی ہوتا ہے۔ یہی طریقہ کار دوسرے کاروباری امور میں بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔ مثال کے طور پر

(الف) لیٹر آف کریڈٹ یا ہنڈی: رقم کی ادائیگی کا یہ طریقہ بین الاقوامی تجارت میں استعمال ہوتا ہے، درآمد کنندہ فرد بینک میں برآمد کنندہ کے نام سے ایک کھاتہ کھول لیتا ہے اور برآمد کنندہ کے مقام پر واقع متعلقہ بینک کو ہدایت کر دیتا ہے کہ برآمد مال کی پوری انجام دہی پر وہ اسے اس کی قیمت کی پوری ادائیگی کردے۔ درآمد کنندہ بسا اوقات اس مال کی پوری قیمت کی ادائیگی سے قاصر رہتا ہے اس لئے وہ اپنے بینک سے قرض کی سہولت کی درخواست کرتا ہے۔ برآمد کنندہ کے مال کی قیمت کے تحفظ کے لیے یہ لیٹر مصدقہ اور ناقابل تنسیخ ہونا ضروری ہے اگر مال کی ڈلیوری

کے وقت درآمدکنندہ پوری رقم کی ادائے گی نہیں کرپاتا ہے تو بینک اس تاخیر یا التوا پر اس سے کوئی سود اس رقم کا نہیں لیتا جو بینک نے اپنے پاس سے لگائی ہے اس کے بدلے میں بینک درآمد کنندہ کے منافع میں ایسے تناسب کا حصہ دار بن جاتا ہے جس کا تعین پیشگی کرلیا جاتا ہے لیکن اگر درآمدکنندہ پوری رقم بینک کو اداکردے تو اس شکل میں اسلامی بینک اس سے کوئی مطالبہ نہیں کرتے۔

## (ب) جائداد کی خرید یا منجمد اثاثہ

مضاربہ کی بنیاد پر بینک جائداد کی خریداری پر قرض دے سکتا ہے۔ اس جائداد سے حاصل ہونے والی سالانہ آمدنی یا اس کے کرایہ کا تعین بینک کرتا ہے اور اپنی لگائی ہوئی رقم کے تناسب سے پیشگی طے شدہ شرائط کے مطابق جائداد کے کرایہ یا سالانہ آمدنی میں اپنا تناسب حصہ حاصل کرلیتا ہے جیسے جیسے مقروض رقم کی اقساط اداکرتا جاتا ہے۔ اسی تناسب سے بینک کی شرح آمدنی میں بھی کمی ہوتی چلی جاتی ہے۔

(ج) مضاربہ یا قراض (ایجنسیاں) اس قسم کی سرمایہ کاری میں بینک تمام مالی ضروریات کی کفالت کرتا ہے اور موکل اپنی محنت یا انتظامی اہلیت فراہم کرتا ہے۔ منافع حاصل ہونے پر بینک اور موکل دونوں طے شدہ تناسب سے یہ منافع آپس میں تقسیم کرلیتے ہیں۔ مضاربہ اور مشارکہ دونوں میں بینک اور موکل منافع کی رقم کی تقسیم نوعیت کے اعتبار سے کرلیتے ہیں، مضاربہ میں پارٹنر یا شریک کاراپنی کوشش اور محنت لگاتا ہے اس کے علاوہ وہ اور کوئی رقم نہیں لگاتا، اگر عام تجارتی حالات میں بھی کاروبار میں نقصان ہوتا ہے تو بینک اس نقصان کو برداشت کرتا ہے۔ چونکہ وہ منافع میں بھی شریک ہوتا ہے اس لیے نقصان میں شریک ہونا منصفانہ بات ہے۔ اگر موکل کاروبار کی طرف سے بے پرواہ اور غافل ہو یا دانستہ ایسا کچھ کررہا ہو جس سے کاروبار کو نقصان پہونچ رہا ہو تو اس صورت میں نقصان کا وہ خود ذمہ دار قرار دیا جائے گا لیکن یہ طے کرنے میں دشواریاں پیش آتی ہیں کہ نقصان کی وجہ موکل کی واقعی غیر ذمہ داری اور لاپرواہی ہے۔ بسا اوقات بینک موکل سے ضمانت طلب کرلیتا ہے موکل پر نقصان کی ذمہ داری کا تعین اسلامی فقہ اور اصولوں کے مطابق ہونا ضروری ہے۔

ج مرابحہ : اس کے مطابق موکل بینک سے درخواست کرتا ہے کہ بعض اشیائے تجارت بینک اس کو خرید کر دے۔ اس سامان کی وصولی کے بعد وہ بینک کو طے شدہ شرح سے منافع کا حصہ ادا کر دیتا ہے۔ ربا یا سود کے امکانات کو دور کرنے کے لیے بینک یہ شرط رکھتا ہے کہ اگر بینک اسکا مطلوبہ سامان خرید لے تب بھی موکل اس سامان کو بینک سے لینے کا قانونی طور پر پابند نہیں ہے۔ بلکہ ایسا کرنا اس کی مرضی پر موقوف ہے چنانچہ اس کے پیش نظر بینک کو اپنی رقم کی طرف سے اس وقت تک خطرہ لاحق رہتا ہے جب تک موکل یہ سامان بینک سے خرید لینے کے اپنے وعدہ کو پورا نہیں کرتا۔ اس امکانی خطرہ کے پیش نظر منافع میں بینک کی شرکت جائز ہو جاتی ہے۔ موکل پر سامان کی خرید اور قیمت کی ادائیگی کی پابندی کے اصول مروج ہیں۔ ایسا عام طور پر ہوتا ہے خصوصاً جب کسی چیز کی تیاری کے لیے خام مال کی صورت میں مختصر مدت کے لیے بینک اس میں سرمایہ لگائے۔

(د) بیع سلم :- اس میں یہ ہوتا ہے کہ بینک ادھار کی ادائے گی کے وعدہ پر کوئی مال خرید لیتا ہے لیکن اس کی قیمت کی ادائے گی بینک کو فوراً ہی کرنی پڑتی ہے یا بالالفاظ دیگر خریدار کو اس کی قیمت فوراً نقد ادا کرنی پڑتی ہے جو اس کی طرف سے بینک کر دیتا ہے اس قسم کی بکری میں بینک اشیائے خرید کی قیمت پیشگی طے کر کے ادا کر دیتا ہے لیکن ان اشیاء کو خرید کر ایک خاص مدت کیلئے ان کی حوالگی خریدار کو کرنی ملتوی کر دیتا ہے یا تاخیر سے وہ مال حوالے کرتا ہے اس قسم کی بکری میں کچھ شرائط پہلے ہی طے کر لیے جاتے ہیں مثلاً وہ مال کہاں سپرد کیا جائے گا۔ اس کے اخراجات کیا ہوں گے۔ اور مال کی مقدار کیا ہوگی۔

مادی سرمایہ ٹھیکہ یا کرایہ پر دینا : اس کیس میں بینک مادی سرمایہ مثلاً آلات اور سازوسامان وغیرہ خرید لیتا ہے اور کرایہ پر اسے موکل کے حوالے کر دیتا ہے۔ جیسے جیسے اس سامان کی قیمت کی اقساط بینک کو ادا کر دیتا ہے۔ اسی تناسب سے سامان کے کرایہ کی رقم میں بھی تخفیف ہوتی جاتی ہے۔ یہاں تک کہ جب پوری قیمت ادا ہو جاتی ہے تو قرض کے ساتھ کرایہ بھی ختم ہو جاتا ہے۔ ایسی سرمایہ کاری ہر طرح کے کاروبار کے لیے خصوصیت سے وضع کی گئی ہے۔ لیکن عملی طور پر زمین جائداد کی خریداری اور تجارتی سیکٹر جس میں کرایہ پر رہائشی عمارات بھی شامل ہیں۔ انہیں پر زیادہ تر اس کا اطلاق ہوتا ہے۔

(ط) یہ بینک لمبی مدت اور درمیانی مدت کے منصوبوں اور خریداریوں کے لیے بھی سرمایہ فراہم کرتے ہیں لیکن عملی طور پر سرمایہ کاری کم مدتی معاملات پر ہی ہوتی ہے۔ ایسا مقامی مارکیٹ کے رخ کے باعث ہوتا ہے۔ اس لیے بینکوں کے لیے یہ ایک بہت محتاط معاملہ ہوتا ہے۔ تکنیکی اعتبار سے یہ فرض کیا جاتا ہے کہ یہ بینک طویل مدتی منصوبوں پر بھی سرمایہ لگاتے ہیں۔ اس سلسلے میں راہبرانہ ہدایات کی ضرورت نہ صرف معاشی اور مالی امور میں ضروری ہے بلکہ اسلامی اصولوں کے مطابق اس سلسلے میں یہ تمام معاہدات بہت صاف اور واضح طور پر کیے جانے ضروری ہیں۔ اسلامی بینکوں میں مضاربہ بہت مقبول عام ہے۔

(ف) بونڈ اور سیکورٹیز کے ذریعہ روپیہ کی فراہمی:۔

المقرضہ بونڈ: اگر کسی بڑے منصوبہ کے لیے بہت بڑی رقم کے سرمایہ کی ضرورت ہو تو اس ضرورت کو پورا کرنے کے لیے بونڈ یا تمسکات عام طور پر رائج ہیں۔ ان تمسکات کی رو سے منصوبہ کے منافع میں حصص قائم ہو جاتے ہیں مضاربہ اور مشارکہ کے اصولوں کے مطابق ان تمسکات کی قیمت میں بتدریج کمی واقع ہو جاتی ہے۔ آمدنی کے تمسکات بھی اسی قسم کے ہیں لیکن عام تمسکات سے وہ اس لیے مختلف ہوتے ہیں کہ ان کے ذریعہ سرمایہ لگانے والے کو مقررہ رقم کی ادائیگی کی گارنٹی نہیں ہوتی، تمسک بردار اس منصوبہ سے جس کی اس تمسک کے ذریعہ سرمایہ کاری کی گئی ہے حاصل شدہ منافع کا ایک مخصوص فی صد حصہ ہی حاصل کرے گا۔ یہ تمسک شرکت کی بنیاد پر معاہدہ کی صورت میں ہوتے ہیں۔ ایک یا ایک سے زیادہ شرکار جو سرمایہ لگاتے ہیں اور دوسرا جو اپنی محنت اور مہارت لگاتا ہے شرکت کا معاہدہ کرتے ہیں اور ایک حلال تجارت میں متفقہ شرح کے مطابق منافع کو باہم تقسیم کر لیتے ہیں۔

# اسلامی سیکورٹیز (کفالت نامے)

المضاربہ سرٹیفکٹ: اپنی نوعیت اور آغاز کے اعتبار سے یہ ایسے ہی ہیں جیسے اسلامی تمسکات، لیکن اسلامی کفالت نامے کسی خاص منصوبہ کے لیے جاری نہیں کیے جاتے۔ اس کے بجائے مضاربہ کمپنی قائم کی جاتی ہے جو ایک کاروباری کمپنی ہوتی ہے۔ یہ جو سرٹیفکٹ جاری کرتی ہے وہ ایک طرح سے وصول شدہ رقم کی رسید ہوتی ہے۔ اور کمپنی یہ گارنٹی کرتی ہے کہ مقررہ تاریخ

کے اختتام پر سرٹیفکٹ کی رقم کے اعتبار سے اس کے حصہ کی رقم کی ادائے گی کر دی جائے گی۔ نقصان کی شکل میں سرٹیفکٹ کو بھی نقصان اٹھانا پڑتا ہے کمپنی اس جمع شدہ رقم کو داخلی تجارت یا بین الاقوامی منصوبوں پر اس شرط کے ساتھ لگاتی ہے کہ کسی بھی صورت میں شریعت کے اصولوں کی خلاف ورزی نہ ہو، بین الاقوامی تجربہ کار تاجروں اور شریعت کے ماہرین کی نگرانی میں اسلامی انویسٹ مینٹ کمپنیوں نے مختلف اقسام کے یہ سرٹیفکٹ تیار کئے ہیں۔

(۱) قرضوں کے سرٹیفکٹ (قرضے)

ان سرٹیفکٹوں کے ذریعہ مضاربہ کمپنی اسلامی قرضے حاصل کرتی ہے جو ایک خاص میعاد کے ہوتے ہیں لیکن جن پر نفع یا نقصان میں شرکت کا تذکرہ نہیں ہوتا، یہ سرٹیفکٹ ایسے افراد کے لیے ہوتے ہیں جو اپنے سرمایہ پر کوئی خطرہ مول لینا نہیں چاہتے لیکن قوم کے مفاد کے لیے اپنے روپیہ کے استعمال کی اجازت دیتے ہیں تاکہ اسلامی بینکوں کو غیر سودی فروغ ہو اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اللہ کے احکامات پھیلا کر انھیں روحانی سکون حاصل ہو۔ ان سرٹیفکٹوں کی رقم کی واپسی کو فوقیت دی جاتی ہے اور اس کی گارنٹی بھی ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ سرمایہ کار کو یہ اختیار بھی ہوتا ہے کہ وہ اپنا سرمایہ اپنی خواہش کے مطابق کسی خاص کام میں لگائے اور اس پر کوئی خطرہ مول نہ لے

(۲) فیض رسانی کے قرضے :۔

یہ قرضے بینک کی طرف سے یا تو عوام کو فائدہ پہونچانے کی غرض سے دیئے جاتے ہیں یا خیرات کے طور پر دیئے جاتے ہیں۔ ان قرضوں کی واپسی نہیں ہوتی۔ البتہ قرض فراہمی کی قیمت نکالنے کے لیے سروس چارج لیا جاتا ہے لیکن اسلامی ممالک کے علاوہ (اور وہ بھی چند ہی ممالک میں) اور کسی بھی ملک میں اس قرض پر سروس چارج نہیں لیا جاتا۔ تمام کمرشیل بینک (اگر ان کے یہاں یہ قرض دینے کی مد ہوتی ہے) یہ قرض بغیر کسی چارج سود سے متفرق ہوتا ہے کیونکہ یہ سود کی طرح قرض کی رقم کا فی صد حصہ نہیں ہوتا بلکہ ایک مقررہ رقم ہوتی ہے جو قرض کی اصل قیمت پر حساب لگا کر یک مشت کاٹی جاتی ہے۔ ایسے قرضے مقبول نہیں۔ کمرشیل بینک اس قسم کے ذاتی غیر منافع بخش قرضے اپنی بنیادیں پوری طرح استوار کرنے کے بعد اور قرض کی رقم کے مساوی اپنے کھاتہ میں رقم کی موجودگی کے بعد ہی دیتے ہیں۔ اس قسم کے قرضوں کے لیے مندرجہ ذیل اصول پر راہنمائی مقرر

کئے گئے ہیں۔
(۱) قرض لینے کی ضرورت کا مقصد کیا ہے؟ (۲) موکل کے ساتھ بینک کا تعلق کیسا ہے؟ مثلاً ایک نئے موکل کو ایر کنڈیشن خریدنے کے لیے قرض درکار ہے جب کہ ایک پُرانے موکل کو اپنے لڑکے کی تعلیم کے لیے روپیہ درکار ہے تو ترجیح پُرانے موکل کو دی جائے گی۔

## کم مدّتی میعادی قرضے

بینکوں کے پاس مختصر میعاد کے لیے قرض بغیر کسی سود یا چارج کے دینے کی مد ہوتی ہے لیکن اس میں محدود عملی پابندیاں ہیں جن کے باعث یہ زیادہ مقبول نہیں ہیں اور کم ہی دیئے جاتے ہیں۔ اس قسم کے قرضے دینے کے لیے جو اصُول وضوابط وضع کئے گئے ہیں ان کے مطابق یہ جانچ کی جاتی ہے کہ (۱) فرم کو قرض کی ضرورت کسی خاص مقصد کے لیے ہے۔ (۲) فرم کی سماجی اہمیت کیا ہے؟ (۳) قرض کے تحفظ کے لیے کس قسم کی ضمانت دی جا رہی ہے (۴) آیا مجوزہ موکل نے اسی فرم کے لیے اس سے پہلے کوئی میعادی قرض لیا ہے یا نہیں (۵) اس بینک میں اس فرم کے کرنٹ اکاونٹ کا سالانہ ماہانہ یا ہفتہ وار گوشوارہ کیا ہے۔ اوورڈرائنگ یا بینک میں اصلی حساب سے زیادہ رقم نکالنے کی ہمت افزائی نہیں کی جاتی لیکن بصورت ضرورت اس زائد رقم کی واپسی کے لیے ایک تاریخ مقرر کر دی جاتی ہے۔ ان عارضی نقصانات کا کوئی منافع یا سروس چارج نہیں لیا جاتا بلکہ یہ قرض حسنہ تصور کیا جاتا ہے۔
(۶) بل آف ایکس چینج: روزمرہ کے بڑے بڑے پیمانہ کی تجارت میں خریدار مال کی قیمت فوری ادا نہیں کرتا، مطلوبہ رقم کی ادائے گی کے لیے کچھ وقت دیا جاتا ہے۔ مال کی وصولی کے وقت وہ فروخت کے کاغذات یعنی بل وغیرہ پر اپنے تصدیقی دستخط کر کے فروخت کنندہ کو واپس کر دیتا ہے جو اس بات کی علامت ہے کہ مال اسکو وصول ہو گیا ہے اور اس کی قیمت وہ بعد میں ادا کر دے گا۔ اس کاغذ کو بل آف ایکس چینج کہا جاتا ہے یہ اندرونی تجارت کا بھی ہوتا اور غیر ملکی تجارت کا بھی، یہ بل اب مضاربہ اصُولوں پر بھی ہوتے ہیں۔ بل کی ادائے گی کے لیے بینک اس شرط پر رقم مہیا کرتا ہے کہ ان اشیا رتجارت کی فروخت سے حاصل شدہ منافع کا ایک حصہ خریدار یعنی بینک کو ادا کیا جائے کیونکہ بینک ہی فروخت کنندہ کے مال کی نقد قیمت ادا کر کے

اس کا حساب صاف کرتا ہے۔ دونوں صورتوں میں کوئی تحریری دستاویز نہیں ہوتی۔

## انشورنس اور انڈر رائٹنگ

کچھ بینک ضمنی بزنس کے طور پر بیمہ کا کاروبار بھی کرتے ہیں یہ امداد باہمی بیمہ ہوتا ہے اس کا اصول یہ ہے کہ جو بھی نقصان ہوتا ہے اسے طرفین باہمی طور پر برداشت کرتے ہیں، بیمہ کی قسط کو کسی کاروبار میں لگانے سے جو منافع ہوتا ہے اس میں طرفین شریک ہوتے ہیں۔ بیمہ پالیسی کی مدت اور رقم پوری ہونے کے بعد موکل کو اس کی جمع شدہ کل رقم معہ منافع ادا کر دی جاتی ہے اسی ضابطہ کے تحت زندگی کی بیمہ پالیسی پر بھی عمل ہوتا ہے" پالیسی کی رقم پوری ہونے سے پہلے ہی اگر پالیسی ہولڈر مر جائے تو بیمہ کی رقم معہ منافع کے جو اس کی اس وقت تک جمع شدہ رقم سے حاصل ہو وارثین کو ادا کر دی جاتی ہے، ایسی تمام پالیسیوں کی بقایا رقم دوسرے تمام ممبران کے چندہ سے پوری کر کے ادا کی جاتی ہے ایسا اس لیے کیا جاتا ہے کہ ممبران اول تو اپنی سماجی ذمہ داریوں کا احساس کریں دوسرے یہ کہ اگر ایسا ہی واقعہ ان کے ساتھ بھی پیش آجائے تو یہی طریقہ اور سلوک ان کے سلسلہ میں بھی کیا جائے۔

## لیزنگ یا پٹہ پر دینا

یہ طویل مدتی سرمایہ کاری کی نئی قسم ہے جو تمام ممالک میں بہت مقبول ہو رہی ہے یہ دو طرح کی ہوتی ہے۔ (۱) مالی لیز یا پوری قیمت کی ادائے گی کا پٹہ اور (۲) آپریٹنگ لیز یا زیر عمل ہے، مالی لیز دینے والے اور پٹہ دار کے درمیان کسی ایسے مال کے لیے جو کسی صنعت کار نے منتخب کر کے خریدی جائے طے ہوتی ہے۔ پٹہ پر دینے والا چیز کی ملکیت کے حقوق اپنے ساتھ میں رکھتا ہے۔ اور پٹہ دار اس چیز کا قبضہ اور استعمال کا حق اپنے پاس رکھتا ہے۔ اس کے لیے ایک طے شدہ مدت تک ایک طے شدہ رقم قسط وار ادا کرتا رہتا ہے۔ اگرچہ پٹہ دہندہ قانونی طور پر اس چیز کا مالک ہوتا ہے لیکن پٹہ دار کو یہ حق دیا جاتا ہے کہ وہ پٹہ کی مدت کے دوران اسے اپنے استعمال میں لائے۔ لیز کرنے والی کمپنی اپنی لگائی ہوئی رقم پر منافع کے لیے مقررہ معیاد کے دوران اس کا جو کرایہ طے کرتی ہے وہ منافع کی رو سے مناسب اور درست ہوتا ہے۔ اقساط کی ادائے گی کی جو مدت مقرر

کی جاتی ہے وہ یہ بات مدنظر رکھ کر کی جاتی ہے کہ اس چیز کی افادیت امکانی طور پر اس میعاد کے ختم ہونے تک قائم رہے جبکہ اس چیز کا بیمہ اور اس کو ٹھیک حالت میں رکھنے کے اخراجات اور مرمت وغیرہ کا ذمہ پٹہ دار کا ہوتا ہے۔ پہلے پٹہ کی میعاد ختم ہونے کے بعد پٹہ دہندہ کو دوبارہ پٹہ کرنے کا بھی اختیار ہوتا ہے۔ لیکن اس صورت میں اس کے کرایہ میں تخفیف ہو جاتی ہے۔ ایسے پٹہ کی مدت عموماً پانچ تا پندرہ سال ہوتی ہے۔ اور اس چیز کی افادیت قائم رہنے کی متوقع مدت پر منحصر ہوتی ہے۔

آپریٹینگ لیز بالکل ایسی ہی ہوتی ہے جیسے کم مدتی ہائر پرچیز (کرایہ پر سامان لینا) کا معاہدہ اس کو بینکنگ اصطلاح میں "نان فل پے آوٹ لیز" بھی کہتے ہیں کیونکہ اس کا جو کرایہ مقرر ہوتا ہے۔ وہ اتنا کافی نہیں ہوتا کہ پٹہ دہندہ کو اپنی اصل لاگت وصول ہو جائے اس لیے بقایا قیمت یا تو اس مال کو فروخت کر کے حاصل کی جاتی ہے یا پھر اسے دوبارہ کسی دوسرے استعمال کنندہ کو کرایہ پر دے دیا جاتا ہے۔ اس طرح کا پٹہ عموماً ایسی اشیاء کے لیے مختص ہے جیسے کمپیوٹر، موٹر کار، فوٹو کاپی کی مشین یا ایسی ہی اور دوسری اشیاء۔

پاکستانی بینک پٹہ پر دینے والی اپنی ذیلی شاخوں کے ذریعہ وسط مدتی یا طویل مدتی سرمایہ کاری ان فرموں کے ساتھ انجام دیتے ہیں جن سے ان کے پٹہ کے معاہدات طے ہوتے ہیں۔ یہ طریقہ کم اندیشے کا ہے اور اس کے ذریعہ فرم کے حسابات کی پڑتال کئے بغیر ہی اپنے منافع کی مناسب رقم حاصل ہوتی رہتی ہے۔ لیکن موجودہ مروجہ دستور کے برخلاف اس مال کی انشورنس کی ادائے گی پٹہ دہندہ کو ہی کرنی پڑتی ہے تاکہ اس طریقہ کار کو شریعت کے اصولوں کے مطابق بنایا جاسکے۔

ادھار لینے والے کی ضروریات کے مطابق اسلامی بینک مندرجہ ذیل دو میں سے کسی ایک طریقہ سے پیشگی رقم کی ادائے گی کرتے ہیں۔ (۱) لیز ہولڈر پرچیز (۲) ایکویٹی ہائر پرچیز۔ لیز ہولڈر پرچیز میں قرض دینے والا اسلامی بینک سے کسی تجارتی یا قیمتی چیز کو جس کی قیمت وقت کے ساتھ بتدریج کم ہوتی جاتی ہے خریدنے کے لیے قرض حاصل کرتا ہے جیسے کار، ٹرک اور دیگر سامان وغیرہ خریدا ہوا یہ سامان اسلامی بینک کی ملکیت ہوتا ہے اور پٹہ دار کے قبضہ میں رہتا ہے جس کے ساتھ بینک اس چیز کا ماہانہ کرایہ یا پٹہ کی رقم طے کرتا ہے۔ کرایہ کی شرح مارکٹ کی حالیہ شرح کے مطابق ہوتی

ہے اور ہر مہینہ بینک کو ادا کی جاتی ہے، کرایہ یا پٹہ کی رقم کے ذریعہ اس چیز کی پوری رقم بینک کو وصول ہو جانے کے بعد پٹہ دار وہ چیز بینک سے تخفیف شدہ قیمت پر خرید لیتا ہے۔ اور یہی بینک کا اس پر منافع تصور ہوتا ہے۔ اس کے بعد اس چیز کا مالک، پٹہ دار بن جاتا ہے۔

لیز ہولڈر پرچیز کی افادیت اور چیز کے تحفظ کے پیش نظر پٹہ دار کو دو ضامن یا کوئی چیز، املاک وغیرہ پیش کرنی ہوتی ہے۔ پٹہ کی مدت کے دوران اگر اس چیز کو کوئی نقصان پہونچتا ہے تو پٹہ دار اسے پورا کرتا ہے اور اگر وہ ایسا نہیں کرتا تو اسلامی بینک ضامنوں سے وصول کر کے نقصان پورا کرتا ہے۔

**مثال:** الف نے بیس ہزار روپئے کی کار خریدنے کے لیے اسلامی بینک سے روپیہ لیا۔ اسلامی بینک اس کار کا مالک اور الف اس کا پٹہ دار ہوگا بازار کے بھاؤ کے مطابق اسلامی بینک اس کا ماہوار کرایہ یا زر پٹہ ۵۵۵.۵۰ روپیہ مقرر کرتا ہے جو ۳۶ ماہ تک پٹہ دار بینک کو ادا کرتا رہے گا۔ اس رقم کے وصول ہو جانے کے بعد کار کی قیمت ۳۶ ماہ میں کم ہو کر ۶ ہزار روپیہ رہ جاتی ہے اس لیے اب پٹہ دار کو اختیار ہوگا کہ وہ ۶ ہزار روپیہ بینک کو ادا کر کے کار کا مالک بن جائے۔ یہی چھ ہزار روپیہ بینک کا اس کار میں سرمایہ کاری کا منافع ہوگا۔

ایکویٹی ہائر پرچیز کے تحت بینک کوئی جائداد خریدنے کے لیے جس کا نرخ یا قیمت بازار میں مختلف ہے سرمایہ فراہم کرتا ہے جیسے زمین مکان دوکان پلاٹ فیکٹری یا اشیائے ضرورت وغیرہ اس طریقہ کے تحت روپیہ لینے والے کو وہی تمام سہولیات دی جائیں گی جن کا اوپر لیز ہولڈر پرچیز کے ضمن میں ذکر کیا گیا ہے لیکن چونکہ ان اشیا کی قیمت میں تخفیف کا کوئی امکان نہیں ہوتا۔ اس لیے پٹہ دار اس کا قبضہ رکھنے کے ساتھ ساتھ اپنی مرضی کے مطابق جب چاہے اور جتنی چاہے رقم بینک کو ادا کرتا رہے گا، اس سلسلہ میں نہ کوئی کرایہ مقرر ہوگا نہ میعاد مقرر ہوگی۔ کرایہ دار اور بینک کے درمیان مساوی حصص ہوں گے جب پوری قیمت کی آخری قسط ادا ہو جائے گی تو اس جائداد کی موجودہ بازاری قیمت طے کی جائے گی یا اسے بازاری قیمت کے مطابق فروخت کر دیا جائے گا۔ جو بھی قیمت وصول ہوگی وہ بینک یا پٹہ دار کے درمیان نصف نصف یعنی پچاس فی صدی کے تناسب سے تقسیم ہو جائے گی اور یہی بینک کا منافع ہوگا۔

**مثال:** مسٹر الف کو زمین خرید کر اس پر مکان بنانے کے لیے دو لاکھ روپیہ کی ضرورت ہے۔

ان کے پاس صرف پچاس ہزار روپیہ ہیں، دو لاکھ روپیہ وہ اسلامی بینک سے قرض لیتے ہیں۔ اس طرح زمین کی قیمت اور مکان کی لاگت ڈھائی لاکھ روپیہ کی ہوئی۔ علاقہ کے اعتبار سے رقبہ کا کرایہ ہے ۲۰۸۹ روپیہ۔

قیمت خرید یعنی ڈھائی لاکھ روپیہ کو دس ہزار سے تقسیم کرنے پر اکائی کی قیمت آجائے گی۔ یعنی =/۲۵ روپیہ کرایہ۔ =/۲۰۸۹ کو دس ہزار سے تقسیم کرنے پر قیمت اکائی یعنی ۲۰۸۹ روپیہ جائداد اسلامی بینک اور مسٹر الف کی مشترکہ ہوگی کیونکہ دونوں نے اس پر روپیہ لگایا ہے۔

سال کے اختتام پر واجب رقوم کی فیس ادا کرنے کے بعد یہ پوزیشن ہوگی۔

معیاد اختتام ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جنوری ۱۹۸۷ء

خریدشدہ جائداد کی موجودہ قیمت ـــــــــــ ۔۔۔۔۔۔۔

وقت خرید کی قیمت ـــــــــــ

اصل منافع ـــــــــــ

منافع کی اکائی ـــــــــــ تقسیم کیا گیا ۔۔۔۔۔۔۔۔ سے ـــــ

کل کرایہ جواب تک وصول کیا گیا ـــــــــــ

کرایہ کی محنت اکائی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تقسیم کی گئی ۔۔۔۔۔۔۔۔ سے ـــــ

## اسلامی بینک کا حصّہ

جملہ اکائیاں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تقسیم کیا گیا ۔۔۔۔۔۔۔۔ سے ـــــ

اس لیے منافع ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

## مسٹر الف کا حصّہ

جملہ اکائیاں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تقسیم کیا گیا ۔۔۔۔۔۔ سے ـــــ

اس لیے منافع۔ ـــــ

اگر مسٹر الف وہ مکان بینک سے ایک سال کے اندر اندر خریدلیں تو انہیں مندرجہ قیمت ادا کرنی ہوگی۔

جائداد کی موجودہ بازاری قیمت ــــــــــ بصورت کرایہ بینک کو ادا کیا گیا۔
ــــــــــ منافع میں بینک کا حصّہ ــــــــــ جائداد کی کل قیمت
ــــــــــ ان کا لگایا ہوا سرمایہ ــــــــــ میزان ــــــــــ
دوسری طرف اسلامی بینک نے مسٹر الف کو جو سرمایہ مہیا کیا ہے اس پر منافع ہوگا۔
بذریعہ کرایہ آمدنی ــــــــــ منافع میں حصّہ ــــــــــ اصل بعد منہائی
مجمد سرمایہ میں بینک کا حصّہ۔ ــــــــــ میزان

اسی طرح کوئی بھی قرض لینے والا جو پٹہ دار یا کرایہ دار بن جاتا ہے وہ بالآخر اس جائداد کا مالک بن سکتا ہے اور اس سہولت کے استعمال سے اپنے مجمد سرمایہ میں اضافہ کر سکتا ہے۔

## سرمایہ کاری کے دو راستے

ا ـــ استعدادی سرمایہ کاری: اسلامی بینک چھوٹی رقوم قرض لینے والے کچھ ایسے افراد کو سرمایہ بہم پہونچا سکتا ہے جن کے اپنا کوئی ذاتی سرمایہ نہیں ہے لیکن ان میں ہمت اور ایمانداری اور اس مخصوص منصوبہ کو چلانے کی ٹیکنیکل جانکاری ہے۔ اگر اسلامی بینک کو یہ تسلی ہے کہ یہ لوگ روپیہ کا صحیح ڈھنگ سے ایماندارانہ اور کامیاب استعمال کریں گے تو ایسے جائز معاملات میں وہ مقروض سے کوئی ضمانت طلب کرنے پر اصرار نہیں کرتا۔ وہ ایک طے شدہ مدت کے لیے ان کا مالی شریک بن جائے گا۔ یہ شرکت سالوں کی بنیاد پر کم مدت کی بھی ہو سکتی ہے، بشرطیکہ اسلامی بینک کو مقروض اپنے پرزو جیکٹ کے اثاثہ اور املاک کی بازاری نرخ پر قیمت کے مطابق اسلامی بینک کو اس کے لگائے ہوئے سرمایہ کا کچھ حصّہ قسط وار ادا کرتا رہے۔ متوقع منافع مقروض اور اسلامی بینک کے درمیان خدشہ کی بنیاد پر کئے گئے معاہدہ کے مطابق تقسیم ہو جائے گا۔ اور نقصان کی صورت میں نقصان کی رقم بھی دونوں کے درمیان اسی حساب سے تقسیم کر دی جائے گی۔ سرمایہ کاری کی اس پالیسی کے تحت قرض لینے والے کو اس کی محنت اور وقت کے صرفہ کے مطابق ہفتہ وار یا ماہانہ گذارہ رقم بھی دی جائے گی۔ اس کی ذاتی مہارت یا اہلیت کے علاوہ اس کا اپنے کام میں زیادہ سے زیادہ وقت دینا نیز اس کی استعداد یہ ایسے غیر محسوس سرمایہ ہوں گے جن کی وجہ سے قرض لینے اور دینے والے کے درمیان سرمایہ کے خطرہ کا تناسب متعین ہوگا۔ اس قسم کی شرکت نصف نصف

یعنی ۵۰/۵۰ کے تناسب کی بنیاد پر گی.

اگر قرض لینے والا ان شرائط کے تحت قرض قبول کرتا ہے جو ۲ میں بتائی گئی ہیں تو مالی مدت کے اختتام پر اس کے حصہ کے منافع اور نقصان کی شرح کم کر دی جائے گی. یہ شرکت ۵۱/۴۹ کے تناسب کے مطابق ہوگی.

(۲) منجمد اثاثہ : (الف) پٹہ کی جائداد. اسلامی بینک ایسے تجارتی مرکز میں واقع ہونا چاہیئے جہاں ہر آدمی شہر کے مختلف گوشوں سے آسانی سے اس کے دفتر پہونچ سکے.

ب) فرنیچر اور سامان :. اسلامی بینک کو چاہیئے کہ اپنے گاہکوں کو جلد اور اچھی خدمات پیش کرنے کے لیے اچھا فرنیچر اور دیگر سامان خریدے.

(۳) کرایہ کی جائداد :. اسلامی بینکوں کی محفوظ سرمایہ کاری کا ایک اور راستہ جائداد کی ملکیت ہے جس میں آراستہ کمرے، فلیٹ اور مکانات اور دوکانیں وغیرہ کرایہ پر دیئے جاسکتے ہیں. اس ذریعہ سے اسلامی بینک اپنی آمدنی میں دوسری مدات سے زیادہ اضافہ کر سکتا ہے.

(۴) املاک :. منافع میں اضافہ کے لیے اسلامی بینک انتظامیہ کی مرضی سے اپنی خود کی بزنس قائم کرے جس کا کنٹرول پوری طرح اسلامی بینک کے ہاتھوں میں ہو.

| قسم اکاؤنٹ | متوقع منافع | کل رقم | اوسط آمدنی/خدشہ | اسلامی بینک کا حصہ | گاہکوں کا حصہ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| کرنٹ اکاؤنٹ | ........ | ...... | ............... | ........ | ..... |
| خطرہ مول لیا جانے والا سرمایہ | ........ | ..... | .......... | ....... | ..... |
| مشترکہ مالی طور پر لگایا ہوا سرمایہ | ........ | ..... | .......... | ....... | ..... |
| پیداواری سہولیات | ........ | ..... | .......... | ....... | ..... |
| سرمایہ کی قیمت | ........ | ..... | .......... | ....... | ..... |
| اضافہ | ........ | ..... | .......... | ....... | ..... |
| تخفیف | ........ | ..... | .......... | ....... | ..... |

اسلامی بینک کو مالی ذریعہ کا نقشہ

# اسلامی بینک کی آمدنی اور خرچ کا میزانیہ

| صارفین کے حصص | اسلامی بینک کی مالی پوزیشن — خرچ | آمدنی |
| --- | --- | --- |
| سرمایہ ---------- | دفتری اخراجات ------- | مجموعی منافع |
| مجموعی منافع ---------- | مینیجر ---------- | ------ |
| تخفیف ---------- | نائب مینیجر ---------- | ------ |
| فیس جو اسلامی بینک کو ادا کی گئی --- | خزانچی / کلرک ---------- | ------ |
| زر اصل ---------- | کلرک / ٹائپسٹ ---------- | ------ |
| اصل منافع ---------- | کرایہ بلڈنگ ---------- | ------ |
| اوسط شرح فیصد ---------- | اسٹیشنری ---------- | ------ |
| | متفرق ---------- | ------ |
| | ذیلی میزان ---------- | ------ |
| | نئے منافع جات ---------- | ------ |

# منافع بخشی کے تعین کا طریقہ

تمام سرمایہ کاروں اسلامی بینک کے شرکائے حصص، انفرادی طور پر سرمایہ لگانے والوں وغیرہ کے سرمایہ سے منافع بخشی کے تعین کے لیے مندرجہ ذیل طریقہ اختیار کیا جائے گا فرض کیجئے کہ اسلامی بینک کو مختلف صارفین کی طرف سے مختلف تاریخوں کی مدت کے لیے ایک خاص مدتی سرمایہ میں ایک کروڑ روپیہ حاصل ہوتا ہے۔ پورا سرمایہ پہلے تو اکائیوں میں تبدیل کیا جانے لگا تاکہ ہر اکائی کی قیمت کا اندازہ کیا جا سکے۔

یعنی سرمایہ کو ج یونٹوں میں تبدیل کرنا = اکائی کی قیمت اس لیے ایک کروڑ روپیہ اگر دس لاکھ سے تقسیم کیا جائے تو جواب آئے گا دس جو اکائی کی قیمت ہوگی۔

جب اکائی کی قیمت دس ہے تو مذکورہ بالا سرمایہ کی کل اکائیاں دس لاکھ ہونگی۔ان اکائیوں کے ذریعہ کل سرمایہ مزید منافع کے لیے لگایا جائے گا، اسلامی بینک کے عملی نتائج پر انحصار کرتے ہوئے یہ اکائیاں قیمت میں بڑھ بھی سکتی ہیں اور گھٹ بھی سکتی ہیں ۔

اگر مذکورہ بالا سرمایہ پر ایک ماہ میں ۱۲ فی صد منافع ہوا تو اصل سرمایہ اور منافع کو جمع کر کے اس کو موجودہ اکائیاں یعنی دس لاکھ سے تقسیم کرنے پر جواب آئے گا، ۱۰،۱۰ جو مہینہ کے اختتام پر ہر اکائی کی قیمت ہوگی۔

اگر مسٹر ج نے پچاس ہزار روپیہ کا سرمایہ اسلامی بینک کے ساتھ ۱۵ فیصدی کے خطرہ سے لگایا ہے تو ان کی کل اکائیوں کی تعداد پانچ ہزار ہوگی۔ان کی ایک مہینہ کی آمدنی کا تخمینہ مندرجہ ذیل طریقہ سے لگایا جا سکے گا۔

مسٹر ج کی کل اکائیاں -------------

قیمت فی اکائی ------------------

میزان (یعنی زر اصل اور منافع) --------------------

زر اصل ------------------

کل منافع --------------------

پندرہ فی صد خطرہ کے ساتھ اسلامی بینک کا اس منافع میں حصہ ---------

مسٹر ج کا اصل منافع -------------------

اگر قیمت کا اندازہ کرنے کے بعد کچھ رقم نکالی گئی ہے تو لگائی جانے والی رقم کے نئے سرے اکائیاں بنا کر ان کی موجودہ قیمت جانچی جائے گی۔

مثال کے طور پر : کل رقم کے منافع جات ------------

چار لاکھ اکائیوں کے واپس لیے جانے کے بعد جن کی قیمت فی اکائی ۱۰،۱۰ ہے۔

باقی ---------------- قیمت --------------

اب باقی بچی ہوئی ساڑھے لاکھ ساٹھ ہزار کی رقم ۶۰۰،۶ فی اکائی قیمت کے حساب سے لگے گی۔ اور اس کا جو بھی نتیجہ حاصل ہوگا اس کے مطابق فی اکائی قیمت جانچی جائے گی یعنی یا تو یہ قیمت منافع کی صورت میں ۶۰۰،۶ سے بڑھے گی یا نقصان کی صورت میں کم ہوگی۔

اس طرح روپیہ لگانے کا سلسلہ چلتا رہتا ہے خواہ اس میں سے رقم لگائی جائے یا اسلامی بنک کی اس رقم میں اور اضافہ وقتاً فوقتاً ہو نفع نقصان سے قطع نظر یہ سلسلہ چلتا رہتا ہے۔

# ناقابل واپسی قرضے

دورِ حاضر میں روزمرہ کی زندگی کی ضروریات پیچیدہ سے پیچیدہ تر ہوتی جا رہی ہیں۔ انسان کو اپنی آمدنی میں خرچ پورے کرنا مشکل ہو رہا ہے۔ اس لیے لوگوں کی جائز ضروریات کے لیے ناقابل واپسی قرضوں کی ضرورت شک و شبہ سے بالاتر ہے یہ قرضے براہ راست پیداواری نہیں ہوتے بلکہ غیر متعلق طور پر قوم کے مفاد کے لیے پیداواری ہوتے ہیں۔ اس لیے براہ راست شرکت کی بنیاد پر یہ قرضے دینا اسلامی بینک کے لیے ممکن نہیں۔ تجویز کیا گیا ہے کہ چونکہ امداد باہمی کی انجمنیں بھی ایسے قرضے دیتی ہیں اس لئے اسلامی بینک بھی قرض لینے والوں کے جمع شدہ سرمایہ یا ان کے منجمد سرمایہ یا اثاثہ کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ قرضے دیا کریں اور جس طرح حکومت یتیم خانوں خیراتی اور مفاد عامہ کے اداروں کے اخراجات ادا کرتی ہے۔ اسی طرح ان بینکوں کے عملہ کے اخراجات برداشت کیا کرے۔ ان اخراجات کو پورا کرنے کے لیے حکومت جمع شدہ رقوم اور تجارتی گوشواروں پر ٹیکس عائد کرتی ہے۔ مفت سروس کی وجہ سے صنعت و حرفت اور تجارت کو ترقی ہوتی ہے اور ان کے لیے یہ ٹیکس برداشت کرنا مشکل نہیں ہے۔ اس کے نتیجہ کے طور پر معاشی ذرائع پوری طرح استعمال میں آئیں گے اور بیروزگاری ختم ہوگی لیکن اس قسم کے کام کے لیے حکومت کو آمادہ کرنے میں طویل مدت درکار ہوگی۔ اور ہندوستان جیسے ملک میں دورِ حاضر میں اس کا ہونا مشکل ہے۔ اس مقصد کے لیے اسلام میں قرض حسنہ جو غیر منافع بخش قرض ہوتا ہے ایک عملی متبادل ہے متقروض کو اپنا پورا قرضہ اپنے مرنے سے پہلے ادا کر دینا ہوتا ہے ورنہ گنہگار سمجھا جاتا ہے بعض حالات میں قرض کے بوجھ کے اندر مرنے والوں کو گناہ سے محفوظ رکھنے کے لیے اس قرض کی واپسی ضروری نہیں ہے۔

غیر سودی کاروبار کرنے والے بینک اس قسم کے قرضے ضرورت مند گاہکوں کو دینے میں محض ایک علامتی کردار ادا کر سکتے ہیں دراصل یہ ایک مجموعی سماجی تحفظ کے پروگرام کے تحت ہونا چاہئے۔ بینکوں کو غیر منافع بخش قرض اپنے گاہکوں کو بہت مختصر مدت کیلئے بطور اوورڈرافٹ

دینا مناسب ہوگا، یہ تجویز کہ بینک زکاۃ حاصل کرکے اسے امداد یا غیر منافع بخش قرضوں کے طور پر تقسیم کر دیں مناسب نہیں ہے۔

پائیدار یا دیر تک رہنے والی اشیا ضرورت کی خریداری کی سہولت میں غیر سودی بینک نمایاں کردار ادا کر سکتے ہیں۔ خریداران کی قیمت آسان قسطوں میں ادا کر سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں دو طریق کار ہیں۔

۱۔ سپلائی کرنے والے کی امداد: تجارتی بینک مال سپلائی کرنے والے کی مالی امداد کرکے اس کے منافع میں شریک ہو۔

۲۔ خریدار کی امداد: بینک خریدار کو مالی امداد دے۔ اس سے بھی بینک کو فائدہ حاصل ہوگا۔ فرض کیجئے کہ ایک خریدار مسٹر الف بینک سے درخواست کرتا ہے کہ وہ ایک چیز خریدنے میں مالی امداد دے۔ جس کی قیمت وہ تاخیر سے ادا کرے گا۔ بینک اس کو سپلائر سے خرید کر اپنی قیمت خرید پر دو یا تین فی صد شرح کے منافع سے مسٹر الف کو فروخت کر دیتا ہے۔ سپلائر کو اس کے مال کی پوری قیمت وصول ہو جاتی ہے اور خریدار بینک کو قسط وار قیمت کی ادائے گی میں اس کا ممنون ہو جاتا ہے۔ بینکوں کو اپنے حسابات سیال رکھنے پڑتے ہیں تاکہ کرنٹ اکاؤنٹ ہولڈر اگر اپنا روپیہ واپس نکلوانا چاہیں تو بینک ان کو ادائے گی کرے اس لیے اس قسم کے قرضے دینے میں وہ مجبوری محسوس کرتے ہیں۔

## تجارتی قرضے

تجارتی طبقہ کو مختصر مدتی قرضوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ عموماً یہ قرضے منافع میں شرکت کی بنیاد پر دیئے جاتے ہیں۔ چند ہفتوں یا اس سے کم مدت کے لیے اچانک ضرورت کے تجارتی قرضوں کو "شارٹ نوٹس لونز" کہا جاتا ہے اور ان میں بینک کی شرکت ممکن نہیں ہوتی۔ تجارت میں تاجروں کے لیے غیر سودی قرضے ناگزیر بن گئے ہیں تجویز یہ ہے کہ بینک اپنے کرنٹ اکاؤنٹ میں جمع شدہ حسابات کی کل رقم میں سے ایک حصہ غیر منافع بخش قرضوں کے لیے مختص کر دیں، یہ قرضے محدود طور پر دیئے جائیں گے۔ اہم مسئلہ یہ ہے کہ مطالبہ اور اس کی تکمیل کے درمیان توازن کیسے قائم رکھا جائے۔ ان قرضوں کا بیشتر مطالبہ خود مالی

سیکٹر کی طرف سے ہوتا ہے جب مالی سیکٹر سود کی تنسیخ سے سکڑتا ہے تو بھی طور پر اس کا گھٹنا بھی قطعی ممکن ہے، پیداواری سیکٹر میں طویل میعادی سرمایہ کاری کے کل مطالبہ کا انحصار جملہ تجارتی قرضوں کے حجم پر ہوتا ہے جس میں ایک تجارتی فرم دوسری فرم کو قرض کی سہولیات دیتی ہے، ہفتوں یا مہینوں کے لیے قرض کی سہولت کا اندازہ عظیم تر سطح پر اور مطالبہ کے ہم مقدار ہونے پر جانچا جاسکتا ہے اور جو اس قسم کے اداروں کی انجمن سازی کے ذریعہ ہوسکتا ہے اس کا طریقہ کار یہ ہوگا کہ اثاثہ کو دوبارہ کار آمد بنانے کی شرح کے مطابق خوش اسلوبی سے اسے مالی مقاصد کے لیے استعمال کیا جائے، انفرادی بینک اپنے قابل قرض اثاثہ کو اپنی سطح پر ذیل کے اصولوں کے مطابق مختص کر سکتے ہیں۔

۱۔۔۔ قرض کے لیے فرم کے مطالبات زر کی مقدار۔

۲۔۔۔ ان کاموں کے ساتھ سماجی اولیت کی اہمیت۔

۳۔۔۔ قرض کے تحفظ کے لیے پیش کردہ ضمانت کی نوعیت۔

۴۔۔۔ کیا درخواست دہندہ نے اس کام کے لیے اس سے پہلے بھی بینک سے کوئی مدتی قرض لیا تھا یا نہیں؟

۵۔۔۔ اسی بینک میں درخواست دہندہ کے کرنٹ اکاؤنٹ میں سالانہ، ماہانہ یا ہفتہ وار اثاثہ کا گوشوارہ۔

## اسلامی بینکنگ کے تحت تعلقات کے محرکات

غیر سودی بینکنگ میں بینکر اور ڈپازیٹر نیز بینکر اور صنعت کار کے درمیان تعلقات قابل توجہ ہیں۔

۱۔۔۔ روپیہ جمع کرانے والوں کے ساتھ تعلق: روپیہ جمع کرانے والے مجموعی طور پر (انفرادی طور پر نہیں) سرمایہ کار کا درجہ رکھتے ہیں اور بینک ان کے اثاثہ کے استعمال کا مختارِ کل ہے، کیونکہ اس سرمایہ کو کاروبار میں لگانے کے لیے بینک اپنے کارندے مقرر کرنے کا حقدار ہوتا ہے۔ بعض معاملات میں بینکوں کو نمایاں کامیابی حاصل ہوتی ہے بعض میں اوسط اور کچھ میں نقصان بھی ہوسکتا ہے۔ روپیہ لگاتے وقت بینک کو یہ جانچنا پڑتا ہے۔

کہ جس مخصوص تجارت میں وہ روپیہ لگا رہا ہے وہ اس قابل ہے بھی یا نہیں وہ امیدوار کو بھی پرکھتا ہے اور اس کے کام کی وسعت کی پڑتال بھی کرسکتا ہے، لیکن یہ سب جانچ لینا کہ طویل مدت کے بعد یہ کام مالی طور پر مفید نہ ہو یا سماجی نقطۂ نظر سے نامناسب ہوگا یا اس میں مالی خطرہ زیادہ مول لینا پڑے گا قبل از وقت مشکل ہوتا ہے۔

## صنعت کاروں سے تعلقات

بینک تمام منافع اور نقصانات کا گوشوارہ مالی سال کے اختتام پر تیار کرتا ہے اس میں بینک کے عام اخراجات مع ملازمین کی تنخواہوں، اجرتوں، محفوظ سرمایہ وغیرہ کی تفصیل شامل ہوتی ہے۔ اس گوشورہ کے مطابق جو بچت ہوتی ہے وہ بینک اور اسکے ڈیپازیٹروں کے درمیان پیشگی معاہدات کے مطابق تقسیم ہوجاتی ہے۔ اس کے بعد بینک کا جو حصّہ ہوگا وہ بینک اور اس کے حصّہ برداروں کے درمیان ان کے حصص کے تناسب سے بانٹ دیا جائے گا، مصر کے ماہر معاشیات ڈاکٹر ایم۔ اے العربی نے اپنے ایک حالیہ مضمون میں اس پر بڑی خوبی سے روشنی ڈالی ہے، وہ لکھتے ہیں:

> ڈیپازیٹروں کے تعلق میں بینک ان کے روپیہ کا استعمال کنندہ یا انکی تجارت کا منتظم ہوتا ہے اور ڈیپازیٹر سرمایہ دار کا درجہ رکھتے ہیں، البتہ صنعت کاروں کے سلسلے میں بینک سرمایہ دار اور صنعت کار اس کے روپیہ کے استعمال کرنے والے بن جاتے ہیں۔ ایسی صورت میں سرمایہ داروں اور آپریٹروں کے حقوق اور ذمہ داریوں کی شرائط کا ان پر اطلاق ہوگا۔ کوئی بھی منافع جو آپریٹر حاصل کریں گے وہ ان کے اور بینک کے درمیان بحیثیت سرمایہ دار پیشگی طے شدہ شرائط پر تقسیم ہوگا۔

لیکن اس تجارت میں اگر نفع یا نقصان نہیں ہوگا تو سرمایہ بینک کو جوں کا توں واپس کردیا جائے گا۔ نقصان کی صورت میں اسے صرف بینک ہی برداشت کریگا۔ اور اگر کوئی صنعت کار دانستہ ایسا کام کرتا پایا گیا ہے جس سے سرمایہ کے ایک حصّہ کا نقصان ہوا ہو تو وہ حترج کا ذمہ دار ہوگا۔

روپیہ لگانے کی ہدایات کی بنیادی ضرورت کے علاوہ بینکوں کو اس حقیقت سے باخبر رہنا چاہیئے کہ جمع شدہ رقوم کی اصل ضمانت پیشگی رقم کی خوبی اور تمسکات یا حصّوں کے آسانی سے نقدی میں تبدیل ہو جانے کی خصوصیت ہے۔ اگر زر پیشگی کی کوالٹی اچھی ہے اور اس کی نقدی میں تبدیلی مناسب ہے تو سرمایہ کے ڈھانچہ میں اضافہ کی چنداں اہمیت نہیں۔ بجز ایڈوانسوں کی شرائط کے جو کہ میرے خیال میں ابھی سرمایہ کاری، کام کے تجربہ اور مالی مہارت کے درمیان بینکوں کی خصوصیت نہیں ہے، سب سے بڑا فائدہ جو ہم صحیح معنوں میں صارفین کے تجربہ اور بینک کی مالی مہارت کی ہم آہنگی سے توقع کر سکتے ہیں وہ ان محدود ذرائع کا استعمال ہے جو مسلم ممالک کو حاصل ہیں۔

## مختلف صارفین کے منافع کی تقسیم کے طریقہ کار کی مثال

انفرادی یا اجتماعی طور پر صارفین کے تناسب کے تعین کے لیے یہ ضروری ہے کہ ان تمام عناصر کو جو سرمایہ کے ضمن میں بتائے جا چکے ہیں، زیر غور لایا جائے، ان کے حصّہ کا تعین کی بھی پیداوار یا سرمایہ لگانے کی ان کی اہلیت کے مطابق کیا جا سکتا ہے۔

مثال کے طور پر مسٹر الف تین ماہ کے لیے اسلامی بینک سے ایک لاکھ روپیہ لیکر اپنی تجارت میں لگانا چاہتے ہیں ان کے اور اسلامی بینک کے درمیان منافع کی شرح فیصد کا تعین ۷۵٪ یا ۲۵٪ کا کیا گیا ہے۔ ایک لاکھ روپیہ پر اسلامی بینک کا منافع تین ماہ میں ۳۶۲۵ (یعنی ۱۴.۵٪) ہوگا۔ ان کا سرمایہ کا حصّہ — ۲۷۱۸-۷۵

| | |
|---|---|
| ان کا کل سرمایہ جو لگا | ۱۰۰۰۰۰-- |
| میزان | ۱۰۲۷۱۸-۷۵ |
| اسلامی بینک نے ان کے کام میں سرمایہ لگایا ہے | ۱۰۰۰۰۰ |
| اوسط | ۹۰۶-۲۵ |

اگر تین ماہ میں ایک لاکھ روپیہ پر گھاٹا ہوا ۱۲۵۰۰ (یعنی ۵ فی صدی کے حساب سے)

| | |
|---|---|
| مسٹر الف کا نقصان | ۱۲۵۰-- |
| ان کا کل سرمایہ | ۱۰۰۰۰۰-- |

ان کے سرمایہ کی قیمت رہ گئی ــــــــــ ۰۰ ـ ۰ ۵ ۷ ۸ ۹

مضربہ کاونٹ کے تحت کی خاص موقع پر شرکا منافع حاصل کرتے ہیں تو اس کی تقسیم کام کی شروعات سے پہلے طے شدہ معاہدہ کے تحت ہوتی ہے۔ شرکت میں مالی نقصان کی صورت میں جو اس مدت کے دوران ہوگا سرمایہ کار اس نقصان کو برداشت کرے گا، اور جو کارندہ شریک ہوگا وہ اس سے مبرا رہے گا۔ شریعت کے ماہرین نقصانات نے ثابت کیا ہے کہ سرمایہ کار اور کارکن شریک کے درمیان اس طرح سے حقوق اور ذمہ داریوں کی مساوات قائم ہوتی ہے جس کی تفصیل ذیل میں درج ہے۔

اگر کسی تجارت میں نقصان ہوتا ہے تو یہ نقصان سرمایہ کار کے اثاثہ کا ہوتا ہے جب کہ اس کے کارکن شریک نے اس کام میں جو کچھ محنت اور وقت صرف کیا ہے وہ ضائع ہوتا ہے اور اس کو اپنی محنت کا کوئی صلہ نہیں ملتا سرمایہ کاری کے اس حساب کے مذاکرات میں اس اسکیم کے تحت اسلامی بینک اپنے آپ کو بطور کارکن شریک پیش کرتا ہے اور اس لیے نقصان بینک کو برداشت کرنا پڑتا ہے نقصان کی صورت میں سرمایہ کار کو یہ حق پہونچتا ہے کہ وہ اس کی وجوہات کی جانچ کرے اپنے آپکو مطمئن کرنے کے لیے وہ یا تو اسلامی قانونی کمیٹی کا سہارا لیتا ہے یا پھر منفح یا آڈٹ کا جو آزادانہ طور پر جانچ پڑتال کر کے یہ فیصلہ لیتی ہے کہ یہ نقصان بینک کی طرف سے صحیح اقدامات نہ کرنے کے باعث ہوا ہے یا سرمایہ کاری کے طریقہ کار میں کسی غفلت کی وجہ سے ہوا ہے۔ اگر آڈٹ یا قانونی کمیٹی اس نتیجہ پر پہونچتی ہے کہ اس نقصان کا بینک ذمہ دار ہے تو روپیہ استعمال کرنے والا اس سے بری الذمہ ہو جائے گا اور اسے برداشت کرنے کا پورا بوجھ بینک پر ہی پڑے گا۔

ــــــــــ ( نــوٹ ) ــــــــــ

اسلامی بینک کی طرف سے سرمایہ کاری کے عمل کا چارٹ آئندہ صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں۔

# مختلف قسم کے کھاتوں کی قسم اور ان میں استعمال کئے جانے والے کاغذات کی مختصر تفصیل

| ۱ کھاتہ کا نام | کھاتہ کی قسم | کاغذات جو اس میں درکار ہوں گے۔ |
|---|---|---|
| (الف) گاہکوں کا قرض کا حساب | (۱) ذاتی | (۱) کھاتہ چلانے کا معاہدہ (۲) نمونہ کے دستخطوں کا کارڈ |
| | (۲) محدود ذمہ داری کی کمپنی | (۱) کھاتہ چلانے کا معاہدہ<br>(۲) محدود ذمہ داری والی کمپنی کی طرف سے بینک اکاؤنٹ کھولنے کی قرار داد<br>(۳) نمونہ کے دستخطوں کا کارڈ |
| | (۳) شرکت کا فارم | (۱) اکاؤنٹ آپریٹ کرنے کا معاہدہ (۲) پارٹنرشپ کا معاہدہ<br>(۳) نمونہ کے دستخطوں کا کارڈ |
| | (۴) واحد ملکیت | (۱) اکاؤنٹ کھولنے کا معاہدہ<br>(۲) فرم کے نام سے کاروبار کرنے کا اس فرد واحد کا بیان<br>(۳) نمونہ کے دستخطوں کا کارڈ |
| | (۵) انجمن/کلب اور اوقاف وغیرہ کا اکاونٹ | (۱) اکاونٹ کھولنے کا معاہدہ<br>(۲) انجمن کلب یا وقف کی طرف سے بینک اکاونٹ چلانے کی قرارداد<br>(۳) نمونہ کے دستخطوں کا کارڈ |
| ب) ٹائم کریڈٹ اکاؤنٹ | | (۱) اکاونٹ کھولنے کا معاہدہ (۲) معیادی قرض کے مطالبہ کا فارم |

**قسم بزنس**

| تاریخ | تفصیل | ڈیبٹ | کریڈٹ | سرمایہ کی آمد اسلامی بینک | | منافع | آمد سرمایہ افراد | | منافع | مضاربہ کے منافع |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | رقم | یونٹ | | رقم | یونٹ | | |
| | | | | | | | | | | |

# اسلامی بینک کی کارکردگی کی جانکاری کا پروفارما

## نمونہ کی ایک شیٹ

| | | |
|---|---|---|
| موجودہ شرح | | اوسط |
| سرمایہ کی قیمت کی مناسبت سے قرض دینے کی شرح | | 〃 |
| اصل منافع کی شرح | | 〃 |
| حسابات کی رقوم کی واپسی کی ٹرن اوور انوینٹری ٹرن اوور | | 〃 |
| ادا کئے جانے والے کھاتوں کی ٹرن | | 〃 |

### بار بار ادائیگی یا جمع کئے جانے کے اعادہ کا ریکارڈ

| چیک نمبر | تاریخ | تفصیل | چیک | | ڈیپازٹ | | بقایا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | ا |

## ۱۔ مختلف کھاتہ برداروں کی ضرورت کے کاغذات

| | |
|---|---|
| ۱۔۔۔ ذاتی اکاؤنٹ | بینک کے قوانین کے مُطابق پاسپورٹ سائز کی فوٹو کاپی |
| ۲۔۔۔ محدود ذمہ داریوں کی کمپنی | (۱) تجارتی لائسنس (۲) کامرشیل رجسٹریشن (۳) کمپنی کے ضوابط و آئین (۴) ملکی قوانین کیمطابق دیگر کاغذات |
| ۳۔۔۔ شرکت کا فارم | (۱) ٹریڈ لائسنس (۲) کامرشیل رجسٹریشن (۳) عدالت سے مصدقہ شرکت نامہ (۴) ملکی قوانین کیمطابق دیگر کاغذات |
| ۴۔۔۔ تنہا پارٹنرشپ کا فارم | (۱) ٹریڈ لائسنس (۲) کمرشیل رجسٹریشن (۳) ملکی قوانین کے تحت کوئی اور ضروری کاغذ |

### أسلامی بینک میں بچت یا توفیر کے فارم کا نمونہ

| ۱۔ پتہ اسلامی بینک | شاخ | تاریخ |
|---|---|---|
| بچت کا گوشوارہ | تاریخ اختتام | قیمت کے گھٹنے کی شرح |

### بزنس کی قِسم

| تاریخ | تفصیل | ڈیبٹ | کریڈٹ | اسلامی بینک میں سرمایہ کی آمد کی رفتار | | قیمت کم ہونے کی شرح |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | رقم | اکائیاں | |
| | | | | | | |

### اسلامی بینک میں نفع اور نقصان ظاہر کرنے کے نمونہ کا فارم

| دی اسلامی بینک : | شاخ ۔۔۔۔۔۔ تاریخ ۔۔۔۔۔۔۔۔ حوالہ ۔۔۔۔۔۔۔۔ | |
|---|---|---|
| پتہ : | فیلٹی ٹائپ | سرمایہ کی یونٹ کے حساب سے قیمت |
| نفع اور نقصان کا گوشوارہ : | | کھاتوں کی تعداد |

## چیک بُک حاصل کرنے کی درخواست کا فارم

دی اسلامک بینک
پوسٹ بکس

مورخہ ــــــــــــــ

جناب عالی!

مجھے / ہم کو براہ مہربانی آپ کے بینک میں مندرجہ ذیل اکاؤنٹ آپریٹ کرنے کیلئے ایک چیک بُک عِنایت کی جائے، میں / ہم اس چیک بُک کی حفاظت کی پوری طرح ذمہ دار ہوں گے۔ اس صورت میں بھی اگر یہ کھو جائے اور کوئی جرائم پیشہ فرد اس کا غلط استعمال کرے۔

نام ــــــــــ اکاؤنٹ نمبر ــــــــــ دستخط ــــــــــ

## آپریٹنگ اکاؤنٹ کے نمونے کے کاغذات

دی اسلامی بینک ــــــــــ اے ، بی ، سی کمپنی

پوسٹ بکس ــــــــــ

| اکاؤنٹ نمبر ــــــــــ |
|---|

مورخہ ــــــــــ کریڈٹ ــــــــــ

| | |
|---|---|
| | |
| | |
| الفاظ میں ــــــــــ | |

جمع ہوا بذریعہ [ ] پڑتال کی گئی [ ] میزان [ ]

## نمونۂ چیک

دی اسلامی بینک ــــــــــ تاریخ ــــــــــ

پوسٹ بکس ــــــــــ اکاؤنٹ نمبر ــــــــــ

براہ مہربانی ادا کریئے مسٹر ــــــــــ کو مُبلغ ــــــــــ روپیہ

اکاونٹ نمبر ــــــــــ دستخط کھاتہ بردار ــــــــــ

## اسلامی بینک میں کھاتہ کھولنے کے فارم کا نمونہ

| | |
|---|---|
| نام ---------------------------- | اکاؤنٹ نمبر ---------------- |
| مشترکہ کھاتہ کی صورت کوئی ایک یا سب شرکاء کے دستخط ---------------------- | |
| پڑتال کی گئی ---------------------- | |

اس کارڈ پر دستخط کر کے میں / ہم آپ کے بینک میں کھاتہ کھولنے پر اپنی رضامندی ظاہر کرتا ہوں / کرتے ہیں، اور نیز جو شرائط کھاتہ کھولنے کے سلسلے میں ہیں، ان کا پابند ہوتا ہوں / ہوتے ہیں۔ دستخط ----------

----------------------

## آپریٹنگ ایگریمنٹ (فارم ——) آف اسلامی بینک

| شاخ | کھاتہ کھولنے کی تاریخ | ترمیم شدہ تاریخ |
|---|---|---|
| | | |

## مالی اشتراک کا قاعدہ

روایتی بینکنگ میں قرض لینے والا کسی بھی بینک سے قرض حاصل کر سکتا ہے، اور قرض کی گارنٹی کے لیے کوئی چیز یا جائداد رہن رکھ سکتا ہے یا کوئی ضمانت دہندہ پیش کر سکتا ہے یا بینک کے انتظامیہ کو محض اس بات سے مطمئن کر سکتا ہے کہ وہ اپنے مقصد میں دیانت دار ہے قرض واپس کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے اور جو کام وہ اس روپیہ سے کرنے جا رہا ہے وہ ایک مضبوط اور عمدہ منافع بخش کام ہے۔

عموماً بینک ایسی ضمانتیں قبول کر لیتے ہیں جو بازار میں بہ آسانی فروخت کی جا سکیں اور قرض خواہ کو قرض دے دیتے ہیں، لیکن محض ضمانت پر بھروسہ کر لینا درست نہیں کیونکہ ایسی مثالیں بھی ہیں کہ ضمانت کے طور پر بینک کو حصص کے جعلی سرٹیفکٹ پیش کر دیئے گئے اور کافی دنوں بعد بینک کو پتہ چلا کہ اس کا سرمایہ قطعی خطرہ میں ہے۔

علاوہ ازیں موجودہ بینک بعض افراد کو ان کی پیش کردہ ضمانت کی قیمت سے بھی زیادہ رقم کا قرض دے دیتے ہیں کیونکہ اوّل تو مارکیٹ میں ان کی ساکھ اچھی ہوتی ہے دوسرے یہ کہ وہ اپنی تجارت کو بہت کامیابی اور عمدگی سے چلاتے ہیں، بینک سے ایک مرتبہ جب قرض رقم ایڈوانس دیدی جاتی ہے تو پھر یہ مقروض کی مرضی پر منحصر ہوتا ہے کہ وہ یہ رقم اپنی مرضی کے مطابق استعمال کرے خواہ وہ اسے جائز طور پر اپنے کاروبار میں لگائیں یا کسی اور غیر قانونی کام میں خرچ کریں، کچھ افراد ایسے بھی ہوتے ہیں جو بینک سے رقم ادھار لے کر اپنی مرضی سے اپنے کاروبار میں صرف کرتے ہیں، لیکن بدقسمتی سے ذاتی مہارت کی کمی، انتظامیہ کنٹرول کی خرابی یا خراب انتظامیہ کی وجہ سے یا مقابلہ کے کسی دوسرے مخالف صنعت کار کی وجہ سے اپنے کاروبار میں کامیاب نہیں ہو پاتے، بینک ان کی بزنس میں شاذ و نادر ہی مداخلت کرتا ہے یا ان کی راہنمائی کرتا ہے مقروض یہ رقم کھو بیٹھتا ہے تو اس کے لیے زر اصل کا واپس کرنا تو دور کی بات ہے سود کی ادائیگی بھی مشکل ہو جاتی ہے۔

قرض لینے والوں کے اثاثہ پر عملی نگرانی نہ رکھنے کے باعث بینک خراب نقصانات سے دوچار ہوتے ہیں، تجربہ سے معلوم ہوا ہے کہ قرض لینے والوں کے حالات کے بغور مطالعہ کے باوجود دنیا کے بہت سے ممالک کے بینکوں میں قرضوں کے ذریعہ نقصان اٹھانا پڑا ہے۔

لیکن چونکہ اسلامی بینک مالی شریک ہونے کے باعث مقروض کو دیئے گئے اثاثہ کے نگراں اور اس کی جدوجہد سے واقفیت بھی رکھتا ہے اس لیے اس کی رقوم کے غلط استعمال کا امکان کم ہوتا ہے بلکہ بعض حالات میں تو اسلامی بینک کسی قسم کی ضمانت بھی طلب نہیں کرتے۔

جبکہ روپیہ قرض لینے کا اصل مقصد ایک لڑکھڑاتے ہوئے کاروبار کی مدد کرنا ہے تو سوال یہ ہے کہ بینک یہ قرض لوگوں کو ان کی حسب مرضی استعمال کے لیے کیوں دے؟ کاروبار کرنے والے کو اس کام کا عملی تجربہ ہوتا ہے اور اسلامی بینک کے پاس مالی مہارت ہوتی ہے۔ ان دونوں کے اشتراک سے بہت عمدہ نتائج برآمد ہو سکتے ہیں اور

مارکٹ میں ایسا مال آسکتا ہے جس کی فروخت ان کے لیے کافی منافع بخش ہونے کے ساتھ ساتھ سماج کا معیارِ زندگی بھی بلند کر سکتی ہے۔

مالیات کے کنٹرول کے ساتھ اسلامی بینک کے لیے یہ لازم ہوگا کہ وہ قرض لینے والے فرد کی تجارتی سرگرمیوں کی جانچ روزانہ یا وقتاً فوقتاً حسابات کے آڈٹ کی صورت میں کرے، اور اپنی رپورٹ بینک کے انتظامیہ کو پیش کرے۔

## متوقع شریک کی مالی پوزیشن کا تعین

اس کے لیے یہ باتیں ضروری ہیں (۱) فرم کا نام (۲) مالک کا نام (۳) پتہ (۴) کام کی نوعیت (۵) بینکروں کا نام۔

**واضح مالیت:** (۱) موجودہ سرمایہ (۲) موجودہ دین داری (۳) لگے ہوئے سرمایہ کی قیمت (۴) فہرست سامان (۵) فروخت کی پوزیشن۔ (۶) فروخت سے وصول شدہ آمدنی (۷) قابل وصول بل (۸) قابل ادائے گی بل۔

ناقابل محسوس قیمت کا تخمینہ:

(۱) فرم کے مالک کی قابلیت (۲) اس کی اہلیت (۳) صلاحیت (۴) تجربہ۔ (۵) وقت جو وہ صرف کرتا ہے (۶) آمدنی اور خرچ

(۱) فرم کا کل منافع (۲) حصص (۳) انکم ٹیکس (۴) اصل منافع (۵) خطرہ کی شرح۔

اسلامی بینک کے پاس قرض پر سرمایہ مہیا کرنے کی مندرجہ ذیل سہولیات ہوتی ہیں۔

(۱) کم مدتی قرض ایک تا تین سال (۲) وسط مدتی قرض ۴ تا ۶ سال (۳) طویل مدتی قرض برائے سات تا نو سال۔ مقررہ معیاد کے لیے اسلامی بینک کے پاس جو رقوم جمع ہوتی ہے ان کو وہ اپنے مالی شریک کی قابلیت اور اہلیت جانچنے کے بعد مدت کی مناسبت سے کام میں صرف کر سکتا ہے اور شرکت کا معاہدہ کرتے وقت شرکت کی شرائط طے کر کے تحریر میں لا سکتا ہے۔ بینک کے لگائے ہوئے سرمایہ کے تعین کا فیصلہ

اس فرم کی جائداد و املاک کی مارکٹ ویلیو جانچنے کے بعد ہی کیا جاسکتا ہے۔
نئے کام کے آغاز کے لیے بھی اسلامی بینک کے پاس سہولیات موجود ہیں۔ان میں وہ شرکت کے اصول پر شامل ہوسکتا ہے۔ مذکورہ بالا طریق کار کے مطابق اس کی سرمایہ کاری کی مدت میں بھی کمی کی جاسکتی ہے۔

## اسلامک بینک کی مجوزہ آمدنی اور خرچ کا گوشوارہ (نمونہ)

| ذمہ داریاں | اثاثہ |
|---|---|
| ۱۔ عارضی کھاتے<br>کسٹم کریڈٹ اکاونٹ، انفرادی اکاؤنٹ دیگر کھاتے۔<br>۲۔ طویل مدتی کھاتے۔<br>ٹائم کریڈٹ اکاونٹ، انفرادی کھاتے دیگر کھاتے۔<br>۳۔ ٹرم انوسٹ منٹ:<br>الف۔ ب۔ ج۔ وغیرہ<br>۴۔ منجمد کھاتے۔<br>کم مدتی، وسط مدتی، طویل مدتی۔<br>۵۔ غیر ملکی زرمبادلہ<br>قابل ادائے گی بل۔<br>۶۔ حصص کا سرمایہ:<br>-/۱۰ کی قیمت کے ایک لاکھ حصص<br>(مثلاً) | ۱۔ نقد سرمایہ<br>۲۔ دوسرے بینکوں پر واجب رقوم<br>۳۔ گاہکوں پر واجب رقوم<br>۴۔ غیر سودی زر پیشگی، ضروریات کیلئے / آسائشی چیزوں کے لیے۔<br>۵۔ سرمایہ جس پر خطرہ مول لیا جاسکتا ہے<br>۶۔ سرمایہ جو کاروبار میں لگا ہوا ہے،<br>۷۔ مالی شرکت، کم مدتی، وسط مدتی طویل مدتی۔<br>۸۔ املاک<br>۹۔ پیداواری سہولیات، لیز ہولڈ خریداریاں ایکویٹی ہائر پرچیز۔<br>۱۰۔ متوقع سرمایہ کاری میں لگایا جانے والا سرمایہ۔<br>۱۱۔ کرایہ کی جائداد۔<br>۱۲۔ منجمد سرمایہ۔ لیز ہولڈ جائداد۔ فرنیچر اور دیگر سامان۔ |

# پانچ فیصد کے ٹوٹل ڈپازٹوں پر خصوصیت

۱ ڈیمانڈ اور ٹائم ڈپازٹس کھاتوں کے محفوظ فنڈ ........................

۲ کیپٹل اکاؤنٹ ..................................................

| |
|---|
| جملہ رزرو ...................................... |

(۱) کیپٹل اکاؤنٹ سے ..................................
(۲) نقد محفوظ سرمایہ ..................................
(۳) منجمد اثاثہ کے استعمال کے لیے ..................................
(۴) گاہکوں کے ذمہ بقایاجات ..................................
(۵) غیر منافع بخش پیشگی رقوم یا قرضے ..................................

نوٹ: متبادل فارم ذیل میں ملاحظہ فرمائیں۔

متبادل فارم

ممبر بینکس:

| اثاثہ | ذمہ داریاں |
|---|---|
| ۱۔ نقد رقم | ۱۔ ڈیمانڈ ڈپازٹس |
| ۲۔ کاروباری امور میں ایکویٹی | ۲۔ مخصوص سرمایہ کاری ڈپازٹس |
| ۳۔ منافع میں شرکت کے حسابات | ۳۔ " " سرٹیفکٹ |
| ۴۔ پٹہ داری کے حسابات | ۴۔ منافع میں شرکت کے ڈپازٹس |
| | ۵۔ " " " " سرٹیفکٹ |
| | ۶۔ پٹہ داری کے ڈپازٹس |
| | ۷۔ " " سرٹیفکٹ |
| | ۸۔ عام سرمایہ کاری کے سرٹیفکٹ |

منافع میں شرکت کے کھاتوں اور پٹہ داری کے کھاتوں میں میمبر بینک اپنا سرمایہ ایکویٹی یعنی برابری کی سرمایہ کاری کے تحت لگا سکتے ہیں یہ ان کے اثاثہ کا ایک حصہ ہوتے ھیں، ذمہ داریوں کے ضمن میں میمبر بینک کسی مخصوص یا عام سرمایہ کاری کے لیے، منافعوں میں شرکت کے لیے اور پٹہ داری کے لیے ڈپازٹس کھول سکتے ہیں یہ ڈپازٹس یا کھاتے ان مقاصد کیلئے جن کے نام پر انھیں جمع کیا گیا ہو، زیر استعمال لائے جا سکتے ہیں، اس کے علاوہ چیکنگ اکاونٹ میں دلچسپی رکھنے والوں کے استعمال میں بھی یہ ڈیمانڈ ڈپازٹس آسکتے ھیں، ڈپازیٹر اپنا سرمایہ ایک مقصد کے ڈپازٹ سے دوسری نوعیت کے ڈپازٹ میں اسی وقتی محدودیت کے تحت جمع کرا سکتے ہیں جن کے تحت وہ پہلے جمع ہوا تھا. سرمایہ واپس لینے کے لیے پیشگی اطلاعی نوٹس کی ضرورت ہوتی ہے جس میں رقم واپس نکالنے کے وقت کا تعین کیا جانا لازمی ہوتا ہے. میمبر بینک مخصوص اور عام بچت کے سرٹیفکٹ منافع میں شرکت کے سرٹیفکٹ اور پٹہ داری کے سرٹیفکٹ بھی جاری کرتے ہیں، ہر قسم کا سرٹیفکٹ ایک علیحدہ اور مخصوص مدت کے لیے جس میں بچت کرنے والوں کو دلچسپی ہو، جاری کیا جاتا ہے، اور ھر سرٹیفکٹ منافع بخش ہوتا ہے اگرچہ اس کے منافع کی پیشگی قیمت کا تعین نہیں کیا جاتا۔

(۱)ــ مختلف قابل توجہ مسائل میں سب سے اول قرض حسنہ جو سروس چارج کے نام سے بھی موسوم ہے، اس کے لیے معقول تعداد میں رقم جمع کی جاتی ہے۔ اس کی ضروریات آسانی سے پوری کی جا سکتی ہیں. اگر اسلامی بینک ادارہ اپنی منافع بخش سرگرمیاں تجارتی یا سرمایہ کاری کے سلسلے میں وسیع تر کرلے۔

(۲) ـــــ اصل قیمت کی اجرت کی بنیاد پر خدمات پیش کرنے کے موجودہ طریقے مختلف اور نامکمل ہیں، اگر اصل عملی نرخ کے تخمینہ کا کوئی جامع اور یکساں سسٹم تیار کیا جا سکتا ہے تو وہ مساویانہ یا "اکوئی ٹیبل چارج" ہوگا، اس کام کے لیے بینکنگ اور مالیات کے ماہرین اور شریعت کے اسکالروں کی ایک کمیٹی بنا کر رائے لی جا سکتی ہے، بدلتے ہوئے حالات کے پیش نظر اخراجات کو حقیقت پسندانہ بنانے کے لیے وہ بہت کچھ کر سکتے ہیں۔

(۳) ـــــ بلوں کے کمیشن اور عوامل کے لیے معاہدہ کی شرائط واضح ہونی چاہئیں۔ اور شریعت کے ماہرین کی پیشگی منظوری حاصل کر کے ان کا اعلان کیا جانا چاہیے۔

(۴) ـــــ فاضل سرمایہ بینکوں یا اسی قسم کے دوسرے عام اداروں میں رکھا جاتا ہے۔ جسکی وجہ سے سود کی رقم میں اضافہ ہوتا جاتا ہے۔ دوسری طرف عام اقسام کے مختلف ذرائع سے قرض لینے کے باعث سود کی ادائے گی کی ذمہ داری بھی عائد ہوتی ہے۔ اس منفرد اور مخصوص صورتحال پر قابو پانے کے لیے اس قسم کے اداروں کی ایک مرکزی وحدت قائم کی جائے جو وفاقی بنیادوں پر ہو، جہاں تمام فاضل سرمایہ منتقل کیا جائے اور اسے یہ اختیار دیا جائے کہ بوقت ضرورت غیر سودی بنیاد پر وہ اسے اپنے رکن اداروں کو دے سکے۔ ایسا کرنے کا طریقہ کار اور اصول ماہرین شریعت اور مالیات کے ماہرین کے مشترکہ مشورہ سے متعین کیا جا سکتا ہے۔

(۵) ـــــ آسانی سے نقدی میں تبدیل ہو جانے والے سرمایہ (LIQUIDITY) کے سلسلے میں عام بینکوں کے کرنٹ اکاؤنٹ یا نقدی دستی کی شکل میں کافی بڑی رقم رہتی ہے سودی کاروبار کرنے والے بینکوں کا کاروبار اول تو اس سے بہت بڑھ جاتا ہے جس سے انھیں آگے سودی کاروبار میں لگانے کا اختیار مل جاتا ہے۔ دوسرے معاملہ میں سرمایہ خواہ مخواہ رک جاتا ہے اور استعمال میں آئے بغیر پڑا رہتا ہے۔ یہ کہا جاتا ہے کہ چیک کی آسانی کیلئے کرنٹ اکاؤنٹ کھولے جاتے ہیں لیکن ایسے کھاتوں میں جو رقوم جمع ہوتی ہیں وہ جائز تناسب سے بھی کہیں زیادہ ہوتا ہے۔ اس کے برعکس اگر ایسے اداروں کا سنڈیکیٹ یا کاروباری وحدت قائم کر دی جائے تو ان محدود ھنڈیوں کے ذرائع سے جو صرف ان اداروں کے درمیان ہی ہوتے ہیں روپیہ کا ایک جگہ سے دوسری جگہ بہ آسانی تبادلہ ہو سکتا ہے۔ سنڈیکیٹ ان ہنڈیوں کی ادائے گی کا بھی بندوبست کر سکتا ہے۔ سنڈیکیٹ کے کاموں کی نگرانی کے لیے ایک سہ طرفی کمیٹی قائم کی جائے۔ جس میں روپیہ جمع کرنے والوں منتظموں، اور قرض لینے والوں کے مفادات کی نمائندگی ہو اور جس کی راہنمائی علماء شریعت اور ماہرین مالیات کریں۔

(۶) ـــــ پٹہ پر دی جانے کی کارروائیوں کے سلسلے میں روپیہ لگانے والے کی شرائط اور ضروریات کے مدنظر سامان کا بیمہ ہونا چاہیئے۔ شریعت کے نقطہ نظر سے اس عمل پر خصوصی غور کیا جانا چاہیئے۔ کچھ کا کہنا ہے کہ اس سے پٹہ دار کا یہ حق ختم ہو جاتا ہے کہ وہ اس سامان کو خرید سکے۔ اس کا عاقلانہ حل کیا ہے۔ حق خریداری کے قطعی خاتمہ کے بجائے پٹہ دار کو یہ مال خرید لینے کی ترجیح حاصل ہونی چاہیئے۔

(۷)—— مضاربہ میں سرمایہ کار روزمرہ کے انتظام میں مداخلت نہیں کرتا لیکن معاہدہ کے آغاز یا اختتام کے وقت سرمایہ کاری کی نوعیت حجم اور اختیارات کے بارے میں کچھ شرائط رکھی جاسکتی ہیں، دوسرے یہ کہ راز داری کے نقطۂ نظر سے جو مضرت رساں نہیں ہے، سرمایہ کار کو یہ اختیار ہونا چاہیئے کہ وہ حسابات کی تنقیح کرے اور کاروبار سے متعلق اہم فیصلوں کی معلومات حاصل کرے۔

(۸)—— مضاربہ کی صورت میں نقصان ہونے پر یہ کہا گیا ہے کہ سرمایہ کار نقصان میں شریک ہونے سے انکار کرسکتا ہے۔ اس بنیاد پر کہ اس کے سرمایہ کو دوسرے کاموں میں استعمال کیا گیا اور صنعت کار کی طرف سے بدانتظامی اور لاپرواہی ہوئی، لیکن اسے اسلامی بنانے کے لیے اقدامات کے کئی راستے کھلے ہوئے ہیں۔

(الف) آخری فیصلہ علاقہ کے قاضی صاحب کے سپرد کیا جائے۔

(ب) دوسرے علاقوں میں ماہرین شریعت اور صنعت وحرفت کے منتظم ماہرین صنعت کاروں اور روپیہ لگانے والے یعنی سرمایہ کاروں کے نمائندوں پر مشتمل کمیٹی یہ کام سرانجام دے سکتی ہے۔

(ج) شرکت نامہ کی تحریر کے وقت یہ ادارہ اندرونی تنقیح کی مدبھی شامل کرے، یہ آڈٹ وہ اپنے منظور افراد آڈیٹروں کے ذریعہ کراسکتا ہے۔

(۹)—— بینک اور صنعت کار کے درمیان منافع کی تقسیم کے سلسلے میں مندرجہ ذیل صورتحال واضح طور پہ آنی چاہئیں۔

(الف) کیا اس تجارت کا کل سرمایہ بینک سے قرض لے کر لگایا گیا ہے۔

(ب) کیا اس تجارت میں بینک کے سرمایہ کے علاوہ اس نے اپنا ذاتی سرمایہ بھی لگایا ہے۔

(ج) بینک کے سرمایہ کے علاوہ بھی کیا اس نے کسی اور ذریعہ سے قرض پر سرمایہ لیکر اس میں لگایا ہے۔

(د) بینک کے علاوہ کیا کسی اور شریک یا پارٹنر کا سرمایہ بھی نفع نقصان میں شرکت کی بنیاد میں لگا ہوا ہے۔

(ہ) صنعت کار کے سرمایہ کے علاوہ کیا اس کام میں کسی ایسے صنعت کا پیسہ بھی لگا ہوا ہے

جو اس نے بینک سے قرض حاصل کیا ہے۔
(ف) سرمایہ ذاتی ہے، کسی پارٹنر یا شریک کا ہے، یا مضاربہ کی بنیاد پر ہے۔
(۱۰) ــــــ غیر سودی اداروں کو مقبول بنانے کے لیے کچھ علاقوں میں روپیہ کا ایک جگہ سے دوسری جگہ تبادلہ کرنے کی سہولت، عارضی سیف ڈیپازٹ جو آجکل روزمرہ یا ایک روزہ ڈیپازٹ کہلاتا ہے کی سہولت کے لیے بینکنگ سروس کا آغاز کیا جائے، اس کے ساتھ ساتھ اصل "کاسٹ چارجز" پر "چارج سروس" کی آسانیاں بھی وسیع تر کی جائیں۔
(۱۱) ــــــ غیر سودی اداروں کو حرف آخر نہ سمجھا جائے۔ اس میں شک نہیں کہ یہ ادارے معاشیات اور تجارت کو ربا کی مضرت سے پاک رکھتے ہیں، لیکن اس کا اصل مقصد خصوصیت سے امت اور عام طور پر بنی نوع انسان کی بہبود ہے، ان اداروں کو مطالبہ کی بنیاد کے بجائے بھلائی کی بنیاد پر ہونا چاہیئے اور یہی جذبہ انہیں اپنے اندر پیدا کرنا چاہیئے، کاروباری اور تجارتی کامیابیوں کے امکانی اندازے مختلف طریقوں اور پروگراموں سے لگائے جا سکتے ہیں، اور ان سے لوگوں کو یہ احساس دلایا جا سکتا ہے کہ انہیں اسلامی سرمایہ کاری سے چلایا جا سکتا ہے یہ ایک ایسی اہم بات ہے جس پر غیر سودی کاروباری اداروں کو خصوصیت سے توجہ دینی چاہیئے۔
۱۲ ــــــ قرض دینے والی امداد باہمی کی انجمنوں کے سلسلے میں کثیر المقاصد یا خدمتی امداد باہمی انجمنیں بنائی جائیں، اس سے اس قسم کی تجارتی جدوجہد ہو سکتی ہے، جو آمدنی بخش ہو سکتی ہے۔ سرمایہ کے اس حلال استعمال سے جو آمدنی ہو اسے انجمن قرض حسنہ کے اخراجات برداشت کرنے میں استعمال کر سکتی ہے۔ اس قسم کی انجمنوں کے انتظام میں روپیہ داخل کرنے والوں کو شرکت کی ہمت افزائی کی جائے۔ اسلامی اصولوں کے مطابق ان کا حصہ محفوظ رہنا چاہیئے۔
۱۳ ــــــ حصص کی قیمت کا تناسب مساویانہ اور حقیقت پسندانہ طریقہ سے اسلامی شریعت کے اصولوں پر کیا جائے۔ تاکہ اوپری اخراجات جیسے خط و کتابت اور آمد و رفت وغیرہ کے نام پر روپیہ کا غلط استعمال یا خرد برد نہ ہو۔
۱۴ ــــــ محاسبی یا اکاؤنٹنگ سسٹم کو غیر سودی امور کے تحت تبدیل کیا جائے۔ موازنہ کے لیے اس میں یکسانیت ہونی چاہیئے، اثاثہ، واجبات، آمد اور خرچ کے عنوانات کو

تبدیل کیا جائے تاکہ قرض حسنہ کے اخراجات واجبات کے خانہ میں لکھے جا سکیں۔ کسی بھی حالت میں کام سے متعلق واجبات کو آمدنی یا منافع کا ذریعہ نہ بنایا جائے، اگر انجمن یا کمپنی قرض لینے والوں سے کاروباری واجبات وصول کرتی ہو تو یہ اس کے لیے آمدنی کا حلال ذریعہ نہیں ہوگا۔ (اگر وہ اسے منافع کا ذریعہ تصور کرتی ہے) کیوں کہ انجمن یا کمپنی "شخص اعتباری" کا درجہ رکھتی ہے یہ دلیل کہ آمدنی روپیہ جمع کرنے والوں یا قرض لینے والوں سے جو انفرادی اشخاص ہوتے ہیں، حاصل نہیں ہوتی اس مد کو آمدنی کا ذریعہ اور حلال سمجھنے میں معاون ثابت نہیں ہوتی۔ اس کو صدقہ تصور کرنا بھی غلط ہے، کیونکہ کمپنی قرض لینے والوں کی ملکیت پر قابض ہو رہی ہے۔ اور اس طرح ان کے پاس جو کچھ بھی ہے اسے بھی لے رہی ہے۔ اس طرح حاصل کی ہوئی چیز صدقہ کے بطور استعمال نہیں ہو سکتی۔

(۱۵) کچھ انجمنیں اپنے پاس زائد مالی اثاثہ دکھا کر یہ رقم عام سودی بینکوں میں منجمد کھاتے میں جمع کر دیتی ہیں، جہاں ان پر سود جمع ہوتا رہتا ہے۔ اگر ان کو اس دوران اس سرمایہ کی ضرورت پڑتی ہے تو وہ سود پر اس بینک سے قرض لیتے ہیں اگر ان کے پاس زائد فنڈ ہیں تو انھیں قرض کی ضرورت کیوں لاحق ہوتی ہے۔ یہ دلیل کہ وہ سود ادا کرنے کے لیے سود لیتے ہیں۔ اس نظریے سے جائز نہیں ہے کہ منجمد کھاتے روپیہ کے لین دین کے لیے ہوتے ہیں تاکہ ڈپازیٹروں کے روپیہ واپس نکلوانے کی درخواستیں وقت پر پوری ہو جائیں۔ اس مسئلہ پر قابو پانے کا راستہ ہے۔ پہلا یہ کہ ڈپازٹس منافع میں شرکت کی بنیاد پر قبول کئے جائیں، روپیہ واپس نکلوانے والوں کے مطالبات بینک کے جملہ کھاتوں کی رقوم کا محض ایک معمولی حصہ ہوتے ہیں جن کی ادائیگی بینک کی دستی نقد رقم سے ہو سکتی ہے اور اگر یہ بھی ناکافی ثابت ہو تو کسی دوسرے غیر سودی ادارے سے ادھار کے طور پر یا نئے کھاتوں کی رقم سے پوری کی جا سکتی ہے۔

## حساب کتاب کے مسائل

مضاربہ ڈپازٹس مختلف رقوم اور مختلف مدتوں کے ہوتے ہیں۔ اس لیے منافع میں حصہ کی شرح کے فیصلہ میں مسائل پیدا ہوتے ہیں۔ کچھ بینک شرکت منافع کی شرح کے مقررہ مدتی ڈھانچہ پر عمل کرتے ہیں، یہ کسی حد تک ٹھیک ہے۔ کیونکہ روپیہ کے لیے وقت کی

ترجیح کے بجائے یہ سرمایہ کاری کی اصل پیداوارانہ نوعیت پر مبنی ہوتی ہے، منافع میں شرکت کے سلسلے میں بینکنگ کی پوری جدوجہد جس میں مضاربہ کھاتے اور حصص کا اثاثہ لگا ہوتا ہے بینکروں اور ڈیپازیٹروں کے درمیان منافع میں حصہ داری کی بنیاد تصور کی جا سکتی ہے۔

## اطلاقی مسائل

اکثر تجارتی فرمیں جو بینک سے قرض لیتی ہیں اپنے صحیح کاروباری نتائج ایمانداری سے نہیں بتاتے، یا تو وہ حساب کتاب ٹھیک طرح سے نہیں رکھتے یا مختلف مقاصد کے لیے اکاؤنٹ کے مختلف رجسٹر رکھتے ہیں، گھٹتے ہوئے منافعوں اور بڑھتے ہوئے نقصانوں یا فرضی نقصانات دکھانے کی بہت سی بدعنوانیاں ہوتی ہیں۔ مثال کے طور پر آغازی انوینٹری میں قیمت بڑھا کر بتانا اور بند ہونے والی انوینٹری میں قیمت میں تخفیف دکھانا، منافع کم کرنے یا اسے بالکل ہی ختم کر دینے کے لیے املاک کی قیمت بہت زیادہ بتانا تاکہ قیمت بتدریج کم ہو جائے۔ ڈائرکٹروں کے معاوضات بہت زیادہ بڑھا کر دینا اور یہ ڈائرکٹر اکثر معاملات میں صنعت کار ہی کے رشتہ دار ہوتے ہیں، ان بدعنوانیوں کو آڈیٹر روک نہیں سکتے، کیونکہ وہ اخراجات کی قانونی حیثیت کو دیکھتے ہیں۔ ان کی صداقت یا موزونیت کو نہیں، اس قسم کے موجودہ رویہ کا تعلق ٹیکس وصول کرنے والے بدعنوان کارکنوں سے ہے لیکن اسلامی بینکنگ کے نفع اور نقصان میں شرکت کے سسٹم کے تحت براہ راست منافع کی وجہ سے یہ مجبور ہو جاتے ہیں۔

## سروس چارج کا مسئلہ

دی جانے والی رقوم پر اسلامی بینک چارج عائد کیا کرتے ہیں۔ لیکن اس میں بہت سی عملی مشکلات ہیں۔ پہلا مسئلہ تو شریعت کے قواعد کی رو سے سروس چارج کو درست اور جائز قرار دینا ہے، یہ دیکھا گیا ہے کہ اگر ڈیپازیٹرس رئیس لوگ ہیں اور قرض لینے والے اوسط ذرائع کے ہیں تو سروس چارج عائد کرنے سے آمدنی اور دولت کی غیر مساویانہ تقسیم ہوتی ہے۔
سروس چارج کا مطلب ہے بہت کم قیمت پر سرمایہ بہم پہونچانا، اس لئے ہندوستان جیسے ملک میں جہاں سرمایہ کا فقدان ہے سرمایہ کم پیداواری امور میں منتشر ہو جائے گا۔ اور معاشی خوشحالی

کی رفتار کو سست کرے گا، بینکوں کی دلچسپی کم ہو جائے گی، کیونکہ سروس چارج کے اس سسٹم سے ان کو بہت معمولی آمدنی ہوگی، اپنے سرمایہ پر منافع کی کمی کے مدنظر روپیہ جمع کرنے والوں کی بھی ہمت شکنی ہوگی۔ اس لیے اس سسٹم کے ان عملی خدشات کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ تجویز کیا جاتا ہے کہ اگر ممکن ہو تو بینک اپنے انتظامی اخراجات اپنے منافع میں سے برداشت کریں۔ کیونکہ بینکوں کے لیے یہ ممکن ہے اور اس کی ان کو اجازت بھی ہے کہ وہ اپنا اثاثہ احتیاط اور دانشمندی سے کاروبار میں لگا کر اپنے منافع میں اضافہ کریں۔

## ڈپازٹوں کے وصول کا مسئلہ

روپیہ کے حصول کے لیے اسلامی بینکوں کا کاروباری مقابلہ سودی بینکوں اور اسٹاک ایکچینجوں سے ہوتا ہے۔ اسلامی بینک صرف بچت کھاتہ اور سرمایہ کار کھاتوں کے ذریعہ ہی ڈپیازٹ حاصل کر پاتے ہیں، بچت کھاتوں میں دلچسپی صرف ان کو ہوتی ہے جن کے پاس یا تو فالتو روپیہ ہوتا ہے یا جو کاروبار میں خطرہ مول لینا نہیں چاہتے یا جن کو منافع کی کوئی خواہش نہیں ہوتی۔ سرمایہ کار کھاتوں میں صرف ان لوگوں کو دلچسپی ہوتی ہے جو اپنے سرمایہ پر خطرہ مول لینے اور منافع حاصل کرنے کی تمنا رکھتے ہیں، لیکن بچت کرنے والوں کی ایک تیسری قسم بھی ہوتی ہے، یہ لوگ اپنے سرمایہ پر خطرہ مول لیے بغیر منافع کمانا چاہتے ہیں۔ فی الحال یہ تیسری قسم کے لوگ اسلامی بینکوں کے پاس مہیا نہیں ہیں، اس لیے جملہ ڈپازٹوں میں سے اسلامی بینکوں کو صرف ایک جز ہی ملتا ہے۔ اس لیے کچھ ایسی غیر سودی اسکیمیں تیار کی جانی چاہئیں جن کے تحت بچت کھاتوں میں اضافہ ہو اور اپنے محدود کاموں کے ذریعہ اس کے خاطر خواہ نتائج بھی برآمد ہوں۔

## زائد انتظامی اخراجات کا مسئلہ

سرمایہ لگائے ہوئے منصوبوں کی اسلامی بینکوں کو نگرانی کرنی پڑتی ہے یا بعض حالات میں کاروباری امور نئے سرے سے منظم کرنے پڑتے ہیں، جن سے انتظامی اخراجات میں اضافہ ہو جاتا ہے، اکاؤنٹنگ کی بدعنوانیوں کی نگرانی کے لیے بینک کی انتہائی مخلصانہ کوششوں

کے باعث یہ اخراجات اور بھی بڑھ جاتے ہیں، اس لیے منصوبوں کے حساب و کتاب کی پڑتال اور مالی امور کی نگرانی کے لیے جن کی سرمایہ کاری بینک نے کی ہو۔ ایک جامع طریقہ اختیار کیا جانا چاہیئے۔

## سرمایہ کاری کے طریقوں کے مسائل

اسلامی بینک سرمایہ کاری کے لیے عموماً مختصر مدتی منصوبے یا تجارت کو ترجیح دیتے ہیں، روپیہ کے استعمال اور منافع کے حصول کی خاطر وہ ایسا کرنے پر مجبور ہیں، لیکن سماجی طور پر طویل مدتی منصوبوں کی ضرورت ہے۔ جو بسا اوقات کئی گنا زیادہ پیداواری نوعیت کے ہوتے ہیں۔ اسلامی بینک کو اپنی سماجی زمہ داریاں نبھانے کے لیے انتخاب کا ملا جلا انداز اختیار کرنا چاہیئے۔

## سرمایہ کے تحفظ کے مسائل

قرض دی گئی رقوم کے تحفظ کی ضمانت کے طور پر اسلامی بینک قیمتی اشیاء اپنے پاس رہن رکھنے پر زور دیتے ہیں، غریب عوام کے پاس ظاہر ہے کہ ایسی اشیاء نہیں ہوتیں اس لیے وہ بینک سے قرض رقوم حاصل نہیں کر پاتے۔ اس وجہ سے بینک عوام کے بجائے ایک مخصوص طبقہ کے سرپرست ثابت ہوتے ہیں ان کا طریقہ کار اس بنیاد پر مبنی ہونا چاہیئے کہ کونسا منصوبہ زیادہ کارآمد اور مفید ہے۔ اور قرض خواہ کا قابل التفات کارآمد ثابت ہونا حکمت عملی سے جانچا جا سکتا ہے۔

لیکن اس طریقہ کے غلط استعمال کا بھی اندیشہ ہے۔ ایک طرف اسلامی نظریہ اس پر گہری نظر رکھتا ہے۔ دوسری طرف داخلی محاسبہ یا آڈٹ کے طریقہ مشکوک باتوں کی نگرانی رکھتے ہیں۔ تیسرے یہ کہ آئندہ کے لیے بھی قرض کی سہولت حاصل کرنے کے لیے اسلامی بینک کی نظروں میں باوقعت بننے کی کوشش میں قرض خواہ اچھے نتائج دکھانے میں کوشاں رہتے ہیں۔

## نقصان کے مسائل

اگر کوئی صنعت کار نقصان اٹھاتا ہے تو مضاربہ ڈپازیٹرس کو بینک کے نقصان میں شریک ہونے کے لیے کہا جاتا ہے لیکن اس کا اثر دوسرے ڈپازیٹروں پر اچھا نہیں پڑتا، اس کا ایک متبادل یہ ہوسکتا ہے کہ ہر قسم کے نقصان کی تلافی ایک امداد باہمی انشورنس کی صورت میں کی جائے۔ دورِ حاضر کے ماحول میں اس تجویز کو مقبول بنانے کے لیے دو طریقے اختیار کیے جا سکتے ہیں۔ پہلا یہ کہ قرض لینے والوں کے اندر سماجی ذمہ داریوں کا احساس جگایا جائے تاکہ وہ اپنا کام بہت صدق دلی اور خلوص سے کریں، اور دوسرے یہ کہ دوسرے قرض خواہوں کو بھی ایسی اسکیم میں تعاون کے لیے آمادہ کیا جائے تاکہ انھیں احساس ہو کہ نقصان کی صورت میں وہ بھی ایسا ہی تعاون حاصل کرسکیں گے۔

## اشاریہ کا عمل

کاروبار میں افراطِ زر کی پریشانیوں کے مقابلہ کے لیے اشاریہ کی تجویز ہے۔ لیکن ہندوستان میں یہ عملی طور پر اپنے مختلف میعادی ڈھانچہ اور مختلف مقاصد کے لیے قیمتوں کے اشاریہ کے محدود ہونے کے باعث ممکن نہیں ہے۔

**مشتہری** اسلامی بینک کے طریقِ کار کی مناسب مشتہری ہونی چاہیئے تاکہ ہر طرح کے عوام اس سے روشناس ہوسکیں اور اسے اختیار کرنے کے لیے مثبت طور پر آمادہ ہوں، ایسی مشتہری کے لیے صحیح قسم کے ذرائع ابلاغ اور اخبارات کا انتخاب کیا جانا چاہیئے۔

## دیگر امور

نظریاتی اعتبار سے بھی مندرجہ ذیل سوالات شریعت کے ماہرین سے دریافت کیے جانے کی اشد ضرورت ہے۔

۱ـــ کیا خالص قرضوں پر سروس چارج لیا جاسکتا ہے؟ اگر جواب اثبات میں ہے تو اس کا تخمینہ کیسے لگایا جائے گا؟ اس چارج میں کن بالواسطہ یا بلاواسطہ مصارف کو شامل کیا جانا مناسب ہوگا؟ منافع کے امکانات کو شامل کئے بغیر مستقبل میں قیمتوں کے تعین کا اندازہ کیسے کیا جائے؟

یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس کا سامنا اسلامی تجارتی بینک اور اسلامی ترقیاتی بینک دونوں ہی کو خالص قرضوں کی ادائے گی کے وقت کرنا ہوتا ہے۔

۲ــــ تجارت میں منافع کی حد کس طرح مقرر کی جائے؟ یعنی اگر بینک کسی تجارتی۔ شے کی خریداری کے لیے رقم مہیا کرتا ہے تو وہ اس پر منافع وصول کرے یا نہیں؟ اگر جواب اثبات میں ہے تو منافع کی شرح کیا ہونی چاہئے۔ بہت سے معاملات میں اس قسم کی خریداریاں نقصان کے خطرہ سے خالی نہیں ہوتیں، اگر یہ سچ ہے تو بینک جو (MARK-UP) چارج کرتا ہے کیا اسے منافع کہا جائے گا یا ربا؟

۳ــــ مادی اثاثہ کے کرایہ کا تعین کیسے کیا جائے کہ اس میں سودی عنصر شامل نہ ہو سکے؟

۴ــــ اصولی طور پر ان تصورات میں کوئی عملی مسئلہ دکھائی نہیں دیتا لیکن جیسا کہ اس سے قبل ذکر کیا جا چکا ہے کہ جب کہ پورے نظام کی تبدیلی کا سوال سامنے ہو تو اس قسم کے مسائل کا پیشگی حل کیا جانا لازمی ہے۔

۵ــــ غیر سودی مالیات۔ اسلام کے فلسفہ پر مبنی ہے اسلام غریب ضرورت مند ساتھیوں کی امداد، مساوات، امن، بھائی چارہ، اور اس دنیا اور آخرت میں بہتری پر اصرار کرتا ہے، اسلامی مالیات کو ضرورت مند اور سماج کے کمزور طبقوں کی معاشی بہبود کے لیے استعمال کیا جانا چاہئے، وہ اسلامی معاشرہ اور طرز حیات سے واقف ہو کر اس کی طرف اور زیادہ مائل ہوں گے۔

اداراتی سطح پر "اسلامی مالیاتی عمل" کی کامیابی عوام کو اسے قبول کرنے پر آمادہ کریگی اور رائے عامہ کو پورا بینکنگ سسٹم غیر سودی بنیادوں پر ڈھالنے کے لیے ہموار کرے گی متعلقہ آئینی ضروریات بھی خود بخود سامنے آنے لگیں گی۔ اس کے لیے عملی مثال تصور سے زیادہ بہتر رہے گی۔ اس ادارے کو کامیابی سے ہم کنار کرنے کے لیے موجودہ اداروں کی سرگرمیوں کا تفصیلی مطالعہ ان سے نتائج اخذ کرنے اور موازناتی تجزیہ کرنے کے لیے بہت ضروری ہے۔

نوٹ

تفصیلی نقشہ (چارٹ) آئندہ صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں

## ابتدائی آمدنی

اسلامی بینکوں کی تحریک سے ——— بچت

(آمدنی ۔ خرچ)

بچت — استقرار بذریعہ زکاۃ

بینک اور تاجروں کے درمیان اشتراک — غیر سودی قرضوں کی بنیادیں

ذرائع کا پورا پورا استعمال ——— سماجی بے انصافی کا مداوا

صحت مندانہ سرمایہ کاری سے بے اطمینانی میں تخفیف
معاشیات کے افراط زر پر روپیہ کی بنیاد کنٹرول کے
باعث بدعنوانی کا کم امکان

## ابتدائی آمدنی

بچت جو سودی کاروبار کے تحت ہوگی ——— بچت

آمدنی ۔ خرچ

صرف تاجر اور صنعت کار ہی اس سے فائدہ حاصل کرسکتے ہیں۔

بچت کی رقم سود کمانے کے نظریے سے بغیر کسی جدوجہد یا نقصان کے خطرہ کے قرضوں میں دینا۔

سماجی ناانصافی

۱ ۔ بے روزگاری میں اضافہ
۲ ۔ ذرائع کا کم استعمال
۳ ۔ غیر صحت مندانہ سرمایہ کاری سے بے اطمینانی میں اضافہ
۴ ۔ معاشیات کے بے لگام پھیلاؤ اور منی بیس نہ ہونے کے باعث افراط زر کا اندیشہ
۵ ۔ اول الذکر دو باتوں کو ملانے سے ترقی پذیر ممالک میں اقتصادی جمود۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# غیر سودی سوسائٹیز کا طریقہ کار

از ـــــــــــ مولانا سعود عالم قاسمی
ناظم دینیات مسلم یونیورسٹی، علیگڑھ

ہندوستان میں غیر سودی تجارتی و غیر تجارتی بنکوں اور سوسائٹیز کی کارکردگی اور طریق کار سے واقفیت حاصل کرنے کے لیے بہت سے اداروں سے رابطہ قائم کیا گیا۔ کچھ اداروں نے اپنی کارکردگی اور طریق کار سے متعلق ضروری معلومات فراہم کیں، اور تعارفی فولڈرس اور منشور فراہم کئے ان کے نتیجہ میں حسب ذیل چیزیں ابھر کر سامنے آتی ہیں۔

ان تمام اداروں اور سوسائٹیز کو دو حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے، ایک تو وہ ادارے ہیں جو رقم جمع کرنے والوں کی رقم سے سرمایہ کاری کرتے ہیں اور کاروبار میں لگا کر منافع حاصل کرتے ہیں اور اس منفعت کا ایک حصہ رقم جمع کرنے والوں کو ملتا ہے۔ جن کی حیثیت سرمایہ کار یا حصہ دار کی ہوتی ہے، منافع کا تناسب گھٹتا بڑھتا رہتا ہے۔ ان میں حسب ذیل اداروں کا نام لیا جا سکتا ہے۔

(۱) الفلاح میچول بینیفٹس لمیٹیڈ لکھنؤ۔
(۲) عشرہ لیزنگ انوسٹمنٹ اینڈ فائنس کمپنی بنگلور کرناٹک
(۳) تجارت انوسٹمنٹ کمپنی۔ بنگلور۔ کرناٹک
(۴) اسلامی بیت المال کولار
(۵) اسلامک ویلفیر سوسائٹی سندھنور رائچور
(۶) معمار انوسٹمنٹ اینڈ بلڈنگ ڈولوپمنٹ کمپنی لمیٹیڈ۔ بنگلور
(۷) الامین۔ بنگلور
(۸) بلاسودی اسلامک جامعہ مارکیٹ مرچنٹ ویلفیر بنگلور۔

مذکورہ کمپنیوں یا سوسائٹیز کا طریقہ کار تقریباً یکساں ہے۔ البتہ تفصیلات میں فرق ہے۔ ان میں بعض ادارے تو وہ ہیں جو صرف تجارتی قرض، زیور، زمین کے کاغذات یا ضمانت پر دیتے ہیں، اور فارم فیس قرض پروسسنگ فیس اور سروس وغیرہ کے نام پر قرض دار سے پیشگی کوئی متعین رقم فی صد کے تناسب سے لیتے ہیں۔ مثلاً الفلاح میچول بینیفٹس لکھنؤ اور بلا سودی اسلامی جامعہ مارکیٹ بنگلور بعض، ادارے وہ ہیں جو تجارتی قرض نہ دے کر خود تجارت کرتے ہیں اور اس کا منافع سرمایہ کاروں اور رقم جمع کرنے والوں کو دیتے ہیں، مثلاً عشرہ لیزنگ انوسٹمنٹ، بعض ادارے گھریلو ضروریات کی چیزیں خرید کر قرض دیتے ہیں اور اس سے ۲۵ فی صد منافع لیتے ہیں، یہ منافع کھاتہ داروں اور سرمایہ کاروں میں تقسیم ہو جاتا ہے مثلاً تجارت انوسٹمنٹ وغیرہ بعض کمپنیاں مکانات تعمیر کر کے لوگوں کو دیتی ہیں اور سروس چارجز کرایہ کی شکل میں وصول کرتی ہیں، اس میں قرض پروسیسنگ شامل ہے۔ مثلاً معمار انوسٹمنٹ وغیرہ۔ یہ ادارے استعماری قرض دیتے ہیں تو صرف حصہ داروں کو اور اس میں شرکت و مضاربت مرابحہ کی کوئی شکل شامل ہوتی ہے۔ دوسری نوعیت کے ادارے وہ ہیں جو براہ راست تجارت نہیں کرتے ہیں اور نہ شرکت و مضاربت کی بنیاد پر تجارت کرتے ہیں ان اداروں میں مسلم فنڈ، اسلامی بیت المال، وانمباڑی۔ البیت النافع وانم باڑی طور بیت المال حیدرآباد، مسلم رفاہی سوسائٹی، لکھنؤ، قرض بچت فنڈ اسکیم لکھنؤ، ایم وم بلا سودی فنڈ اعظم گڑھ، یہ سب ادارے قرض دار سے کچھ متعین رقم وصول کرتے ہیں، ان میں بعض وہ ہیں جو مستقرض سے فارم داخلہ فیس اور معاہدہ نامہ کے نام پر فی صد کے حساب سے متعین رقم لیتے ہیں مثلاً مسلم رفاہی سوسائٹی لکھنؤ اور مسلم فنڈ دیوبند، مسلم فنڈ کی رقم بنک میں جمع ہوتی ہے۔ اور اس کے انٹرسٹ سے عمارت کی مرمت، ٹیلیفون کا بل، ہاؤس ٹیکس بجلی کا بل، وغیرہ ادا کیا جاتا ہے، بعض دوسرے ادارے فی صد کے حساب سے سروس چارجز نہیں لیتے، بلکہ ابتدا ہی میں فارم فیس پاس بک فیس وغیرہ کے نام پر کوئی متعین رقم وصول کرتے ہیں، خواہ قرض جتنے کا ہو مثلاً قرض بچت اسکیم لکھنؤ بعض ادارے وہ ہیں جو قرض خواہ اور کھاتہ دار دونوں سے عطیہ کے نام پر ایک متعین رقم لیتے ہیں اور قرض رقم جمع کرنے کے تناسب سے دیتے ہیں، مثلاً طور بیت المال وغیرہ۔ یہ عطیہ لازمی ہوتا ہے۔

ان دو قسموں یعنی تجارتی اور غیر تجارتی اداروں کے علاوہ بعض ادارے ایسے بھی ہیں، جن کا طریق کار ان دونوں سے مختلف ہے، یعنی یہ ادارے کھاتہ داروں کی رقم کے براہ راست یا بالواسطہ طور پر انوسٹ کرتے ہیں، اس کے منافع سے ادارہ کے اخراجات چلاتے ہیں، اور کھاتہ داروں کو کچھ نہیں دیتے، خواہ وہ ڈپازیٹرز ہوں یا فکسڈ ڈپازیٹرز، مثلاً اسلامی بیت المال کولار (مگر یہ ادارہ فارم فیس و سروس چارجز وغیرہ قرض خواہ سے وصول نہیں کرتا) اسلامی ویلفیر سوسائٹی سندھ نور یہ ادارہ سروس چارج کے نام پر دس روپیہ اور فارم فیس بھی وصول کرتا ہے، ملی امدادی سوسائٹی بہرائچ، یہ ادارہ ۲۷ فی ہزار سروس چارجز بھی وصول کرتا ہے۔

قرض دینے والے اداروں میں ایک مشکل یہ پیش آتی ہے کہ قرض دار وقت پر قرض واپس نہیں کرتے۔ اس لیے سوسائٹی (DEFAULT) کا شکار ہوتی ہے۔ بعض اداروں میں یہ دو چار فی صد ہے اور بعض میں ۲۰ فی صد اور بعض میں ۸۰ فی صد تک ہوتا ہے۔ دوسری پریشانی یہ پیش آتی ہے کہ غیر تجارتی ادارے اگر سروس چارجز نہ وصول کریں تو ادارہ چلانا مشکل ہو جائے اور اگر فی صد کے تناسب سے لیا جائے تو ربوا کا شبہ ہوتا ہے، پھر تو بیع قرض کی صورت میں جو رقم لی جاتی ہے وہ بھی اسی قبیل کی ہوتی ہے، تجارتی ادارے اس مشکل پر اس طرح قابو پا سکتے ہیں کہ وہ تجارت کے منافع میں اپنا حصہ نسبتاً زیادہ رکھیں اور اسی سے ادارہ کے اخراجات چلائیں مگر سوال دیانت وامانت اور اعتماد کا ہے۔

# قرض دینے والے مالیاتی ادارے

## غور و فکر کے چند پہلو

از ——— قاضی مجاہد الاسلام قاسمی امارت شرعیہ پٹنہ

جب ہم ہندوستان کے پس منظر میں غیر سودی بنک کاری کے موضوع پر گفتگو کرنا چاہتے ہیں تو اس گفتگو کو ہمیں دو علیحدہ علیحدہ موضوعات پر تقسیم کرنا پڑتا ہے، پہلا مسئلہ ان مالیاتی اداروں کا ہے جن کا مقصد غیر سودی بنیادوں پر ضرورت مندوں کو کل پیداواری یا غیر پیداواری ضرورتوں کی خاطر قرض فراہم کرنا ہے اور بس، یہ مالیاتی ادارے لوگوں کی امانتیں جمع کرتے ہیں اور حاجت مندوں کو ان جمع شدہ امانتوں کا ایک حصہ بہ طور قرض فراہم کرتے ہیں جن کی امانتیں جمع کی جاتی ہیں انہیں اپنی جمع کردہ امانتوں پر کوئی منافع نہیں ملتا اور جن کو قرض فراہم کیا جاتا ہے ان سے سود یا منافع کے نام پر کوئی زائد رقم نہیں لی جاتی، ملکی قانونی اصطلاح میں ان کی حیثیت .. (COOPERATIVE CREDIT SOCIETY) کی ہوتی ہے۔

دوسری صورت مکمل بینکنگ کی ہے، جس میں جدید بینکنگ کے اصولوں کے مطابق مالیاتی ادارے کو مختلف فرائض انجام دینے پڑتے ہیں۔

پہلی صورت میں سوسائٹیز کو اسلامی اصولوں پر چلانے کی راہ میں سب سے بڑی دشواری یہ پیدا ہوتی ہے کہ اس مالیاتی ادارے کو چلانے کے اخراجات کیسے پورے کئے جائیں؟ اس سلسلے میں جو مختلف سوسائٹیز میں طریقے رائج ہیں ان میں سے وہ طریقہ جو زیادہ تر اداروں نے اختیار کیا ہے وہ فارموں کی فروخت کا ہے یعنی قرض کی درخواست جن فارموں کی خانہ پری کرکے دی جاتی ہے ان کی قیمت وصول کی جاتی ہے اور یہ قیمت قرض کی مقدار کے اعتبار سے بڑھتی اور کم ہوتی ہے، حقیقت تو یہی ہے کہ ان فارموں کی خریداری قرض پانے کے لئے شرط کا درجہ رکھتی ہے اور فارموں کی فروختگی سے حاصل ہونے والی آمدنی قرض دینے والے ادارے کی ملک ہوتی ہے

در اس طرح اس شرط کا نفع قرض دینے والے ادارے کی طرف لوٹتا ہے پس یہ قرض دینے کے معاملے میں ایک ایسی شرط ہے جس میں نفع قرض دہندہ کی طرف لوٹتا ہے۔

اس موقع پر اس طرح کی توجیہ کہ یہ محض کاغذ کی بیع ہے جو اپنی سادہ صورت میں جائز ہے یا یہ کہ ہر دو فریق معاملہ حقیر اور بے قیمت سی شئی کو جتنی قیمت پر بھی خریدنے اور بیچنے پر راضی ہو جائیں اس میں کوئی شرعی قباحت نہیں ہے، اس طرح وہ کاغذ جس کی حقیقی مالیت ۲۰ - ۲۵ پیسے ہوگی ہر دو فریق کی باہمی رضامندی کی صورت میں ۲۰ - ۲۵ روپے میں فروخت کیا جا سکتا ہے، اسی طرح یہ کہا جانا کہ یہ سوسائٹی خود ان فارموں کو براہ راست فروخت نہ کرے کسی اور شخص کو اس کے لئے وکیل اور ایجنٹ مقرر کر دے یا یہ مشورہ دینا کہ علیحدہ علیحدہ کاؤنٹر بنا دیئے جائیں قرض دینے کا کاؤنٹر الگ اور فارم کی فروختگی کا کاؤنٹر الگ ہو یہ ساری صورتیں ایسے کمزور حیلے ہیں جن کے ذریعہ کسی حرام کو حلال نہیں کیا جا سکتا، حقیقت یہ ہے کہ یہ عقد مرکب ہے جن میں بہر حال قرض ایک ایسی شرط کے ساتھ مشروط ہے جس میں مالی نفع بالواسطہ یا براہ راست قرض دہندہ کو پہنچتا ہے اور ہر وہ قرض جو حصول نفع کا ذریعہ ہو حرام ہے۔ کاؤنٹر کی تبدیلی، قرض دینے والے ہاتھ اور فارم فروخت کرنے والے ہاتھ کا دو ہونا یا فارم کا دو مختلف رنگوں میں چھپوانا حکم شرعی پر کوئی اثر نہیں ڈالتا۔

بعض اداروں نے اپنے اخراجات کی کفالت کے لئے یہ طریقہ رکھا ہے کہ اصحاب خیر سے تبرعات وصول کرتے ہیں تاکہ ان تبرعات کے ذریعہ اس مالیاتی ادارے کو چلایا جا سکے اور اس طرح مسلمانوں کو سودی معاملات سے بچایا جا سکے، ظاہر ہے کہ یہ طریقہ بہت اچھا ہے اور اس سے ایک بڑے کار خیر میں تعاون دے کر اصحاب خیر عنداللہ مستحق اجر بھی ہوتے ہیں لیکن ظاہر ہے یہ صورت وہیں عمل میں آسکتی ہے جہاں مالیاتی ادارہ اپنے اخراجات کو اس حد تک محدود کر سکے جس حد تک اسے حاصل ہونے والے تبرعات اجازت دیتے ہوں، اس طرح مقامی اور محدود پیمانے پر محدود افراد کو قرض کی سہولت فراہم کی جا سکتی ہے لیکن وسیع پیمانے پر ایک مستقل نظام کی حیثیت سے اس صورت میں مالیاتی اداروں کو چلانا ممکن نہ ہوگا۔ یہ تبرعات مستقل اور قابل اعتماد ذریعہ آمدنی قرار نہیں دیئے جا سکتے ہیں اور نہ ان کی بنیاد پر وسیع اور ہمہ گیر نظام کھڑا کیا جا سکتا ہے۔

تیسری صورت یہ ہوتی ہے کہ وہ لوگ جو سوسائٹی کے ممبر ہوتے ہیں انہیں ہی قرض لینے کا

حق حاصل ہوتا ہے اور وہ سب مل کر ماہانہ یا سالانہ مقررہ ممبری فیس اس مالیاتی ادارے کو ادا کرتے ہیں اور اسی ممبری فیس کی آمدنی سے اس مالیاتی ادارے کے اخراجات پورے کئے جاتے ہیں، یہ صورت بظاہر اچھی معلوم ہوتی ہے، چند لوگوں نے مل کر ایک ایسے ادارے کی بنیاد ڈالی ہے جس کے ذریعہ وہ وقتاً فوقتاً اپنی ضروریات پوری کرتے ہیں لیکن اس صورت میں بھی اس وقت دشواری پیدا ہوتی ہے جب ممبری فیس کی گھٹتی بڑھتی مقدار کے ساتھ مقدار قرض گھٹتی اور بڑھتی ہے مثلاً جو بیس روپے سالانہ فیس ممبری ادا کرتا ہے وہ ۲۰۰ روپے تک قرض لے سکتا ہے۔ ۵۰ روپے سالانہ فیس ممبری ادا کرتا ہے وہ ۵۰۰ روپے تک قرض لے سکتا ہے تو یہ قرض کی مقدار کے تناسب سے ممبری فیس کا کم یا زیادہ ہونا اور ممبری فیس کی مقدار کا فراہم کئے جانے والے قرض کی مقدار کے ساتھ ہم رشتہ ہو جانا بظاہر ایسا محسوس ہوتا ہے کہ سودی منافع کے حصول کی یہ بھی ایک صورت ہے۔

بہرحال ان صورتوں کو ناجائز کہا جائے یا صورتیں بدل کر انہیں جائز قرار دیا جائے یہ سوال بہرحال قائم رہتا ہے کہ یہ مالیاتی ادارے جو ضرورت مندوں کے لئے مفید خدمات انجام دے رہے ہیں ان کے ضروری اخراجات کیسے پورے کئے جائیں۔؟

اس سے قطع نظر کہ ہندوستان میں موجود اس طرح کے مختلف مالیاتی اداروں کا طریق عمل کیا ہے ہمیں اصولی طور پر چند امور پر غور کرنا چاہئے مسلمانوں کی موجودہ معاشی حالت، ذرائع معاش کے حصول کے لئے سرمایہ فراہم کرنے کی ضرورت قوم کے افراد کو اپنے پیروں پر کھڑا کرنے کی کوشش، اور شدید حاجت کی صورت میں مہاجنی سود سے بچاتے ہوئے ضرورت مندوں کو قرض فراہم کرنے کی خاطر ایسے مالیاتی اداروں اور سوسائٹیز کا قیام مفید اور ضروری ہے یا نہیں ؟ ۔

چونکہ یہ سوسائٹیز جمع شدہ سرمائے کو تجارت میں نہیں لگاتیں اور ان کے پاس کوئی ذریعہ آمدنی بھی نہیں ہے اس لئے وہ ضروری اخراجات کیسے پورے کریں ۔ اخراجات دو قسم کے ہیں ۔ کچھ تو وہ اخراجات ہیں جو سوسائٹی کے لئے ایک اثاثہ پیدا کرتے ہیں، مثلاً مکانات فرنیچر ٹائپ رائٹر وغیرہ، یہ اخراجات وقتاً فوقتاً ہوتے ہیں اور ان کے نتیجے میں ایک اثاثہ بنتا ہے جو دیر تک قائم رہتا ہے دوسرے روزمرہ کے اخراجات ہیں جیسے عملہ کی تنخواہیں، اسٹیشنری وغیرہ ۔

واضح رہے کہ یہ سوسائٹیز کسی ضرورت مند کو اسی وقت قرض دے سکتی ہیں جب ان کے پاس

جمع سرمایہ موجود ہو اور بہت سے اس طرح کے مالی اداروں میں سرمایہ جمع کرنے پر اچھا خاصہ خرچ ہوتا ہے۔ تنخواہ یا کمیشن پر مستقل عملہ مامور ہے جو دن رات گھوم کر اصحاب ثروت ۔ سے سرمایہ حاصل کرتا ہے ایسے بعض ایسے مالیاتی اداروں کے ذمہ داروں نے بتایا کہ ان کے کل اخراجات کا اسی (۸۰) فی صد حصہ اصحاب ثروت سے سرمایہ کے حصول پر خرچ ہوتا ہے۔

غرض یہ کہ کسی بھی سوسائٹی کو چلانے کے لئے سرمایہ حاصل کرنے پر اخراجات ان کی وصولیابی اور واپسی کے اخراجات پر مامور عملہ کی تنخواہوں اور اسٹیشنری کا خرچ سوسائٹی کو چلانے کیلئے خریداری یا کرایہ پر مناسب مکان کے حصول اور دیگر مستقل کام آنے والے اثاثے کی خریداری یا کرایہ پر خرچ اور تیسرا خرچ قرض خواہوں کو دیئے گئے قرض اور ان کی واپسی کے اندراجات پر مامور عملہ کی تنخواہوں اور اسٹیشنری وغیرہ کے اخراجات ہیں۔

میں نے دیکھا کہ بعض اداروں میں اس طرح کی غیر سودی اسکیموں کی تبلیغ واشاعت وغیرہ پر کئے جانے والے اخراجات کو بھی اسی مد میں داخل کیا جاتا ہے اور ایسا بھی ہے کہ اخراجات میں وہ ضروری احتیاط نہیں برتی جاتی جو ایسے مواقع پر برتی جانی چاہیئے۔

پس یہ طے کرنا بھی ضروری ہے کہ کس قسم کے اخراجات کو ضرورت میں شمار کیا جائے۔ سب سے اہم اور بنیادی سوال یہ ہے کہ ایسے مالیاتی ادارے جو اس قسم کی خدمت انجام دے رہے ہیں اور ان کے ضروری اخراجات کی کفالت کے لئے کوئی ذریعہ آمدنی نہیں ہے تو کیا یہ اخراجات قرض خواہوں سے وصول کئے جا سکتے ہیں؟

واضح رہے کہ کسی بھی مالیاتی ادارے میں تین فریق شریک ہوتے ہیں (۱) وہ لوگ جن کا سرمایہ سوسائٹی میں جمع ہوتا ہے (۲) وہ لوگ جو اس سرمایہ سے بذریعۂ قرض استفادہ کرتے ہیں (۳) تیسرا فریق خود وہ سوسائٹی ہے جس کی ایک قانونی اور اعتباری شخصیت ہے، اب یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ یہ اخراجات کلی، جزئی طور پر تینوں فریقوں میں سے کسی سے لئے جانے چاہیئے، اصحاب سرمایہ جو کوئی منافع اپنی جمع شدہ دولت کا حاصل نہیں کرتے ہیں کیا ان اخراجات کے ذمہ دار ہیں؟ زیادہ سے زیادہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ سوسائٹیز کے ذریعہ ان کے سرمایہ کو تحفظ حاصل ہوتا ہے لیکن عملی بات قابل غور یہ ہے کہ کیا لوگ اس لئے اپنے روپیے سوسائٹی میں امانت جمع کرائیں گے تاکہ ہر سال چند فیصد ان کے جمع شدہ سرمایہ کا گھٹتا رہے، معاملہ میں دوسرا فریق خود سوسائٹی ہے جس کی حیثیت اعتباری شخصیت اور قانونی فرد کی ہے، جس کے کچھ فرائض بھی ہوتے

ہوتے ہیں اور جس پر کچھ ذمہ داریاں بھی عائد ہوتی ہیں اصلا یہی شخص اعتباری قرض دینے کا معاملہ کرتا ہے اگر اس پر خرچ کی ذمہ داری عائد کی جائے تو جائز بلکہ مناسب ہونا چاہیے لیکن دشواری یہ ہے کہ اس سوسائٹی کے پاس خود نہ کوئی ذریعہ آمدنی ہے اور نہ کوئی جمع شدہ سرمایہ جو اس کی ملک ہو ایسی صورت میں سب سے اچھا راستہ یہ ہے کہ سوسائٹی کے لئے کم از کم اتنی آمدنی کے ذرائع پیدا کئے جانے چاہئیں جو اس کے اخراجات کی کفالت کر سکیں، یعنی سوسائٹی میں جمع سرمایہ کا ایک حصہ براہ راست یا بالواسطہ قابل اعتماد پیداواری ذرائع میں لگایا جائے مثلاً اگر قانونا سوسائٹی خود کوئی کاروبار نہیں کر سکتی تو ایسے ضمنی ادارے (Subsidiary Institutions) قائم کئے جائیں جو تجارت یا صنعت کے ذریعہ آمدنی پیدا کر سکیں اور وہ آمدنی سوسائٹی کو لوٹے، میری معلومات کے مطابق بعض اداروں میں جہاں بڑا سرمایہ اکٹھا ہوا ہے کچھ خاص افراد کے نام یا کسی خاص انجمن کے نام قرض کی ایک بڑی رقم الاٹ کی گئی جس سے مکانات یا بازار تعمیر کئے گئے اور ان سے غیر معمولی یقینی آمدنی حاصل ہو رہی ہے، اگر اس طرح کے کام خود سوسائٹی کرے یا اپنے سب سیڈری (SUBSIDIARY) اداروں کے ذریعہ ایسے پیداواری منصوبوں میں سرمایہ لگا کر آمدنی حاصل کرے تو اس کی راہ سے بہت بڑی رکاوٹ دور ہو سکتی ہے اور کسی تاویل اور نامناسب حیلے سے بچ کر ہم اس مناسب اور مفید کام جاری رکھنے کے لائق ہو سکتے ہیں، اور میرا مقصد یہ ہے کہ پوری فکرمندی کے ساتھ اس کے لئے کوشش کی جانی چاہیے کہ سوسائٹی جائز وسائل سے خود اپنے لئے آمدنی حاصل کر لے، چاہے اس راہ میں کچھ مشکلات ہی کیوں نہ ہوں ان آ ان راستوں سے بچنے کی کوشش کی جائے جس میں ربوا یا شبہ ربوا میں پڑ جانے کا اندیشہ ہو۔

تیسرا اور آخری سوال جو اس سلسلہ میں بہت اہم ہے وہ یہ ہے کہ اگر کوئی ذریعہ آمدنی سوسائٹی کے پاس موجود نہیں ہے تو اس کے نظام کو قائم کرنے اور چلانے کے راستے میں جو اخراجات ہوتے ہیں وہ قرض خواہوں پر عائد کئے جا سکتے ہیں یا نہیں جو اصلا مستفید ین (BENEFICIARIES) کی حیثیت رکھتے ہیں، اس سلسلہ میں عام طور پر جو اصطلاح استعمال کی جا رہی ہے وہ سروس چارج (Service Charge) یعنی اجرۃ الخدمہ کی ہے، یہ اصطلاح راقم الحروف کے نزدیک قابل قبول نہیں، اس لئے کہ سوسائٹی کی خدمت قرض فراہم کرنا ہے اور اجرت اس کا معاوضہ ہے اور یہ کچھ بھی ہو سکتا ہے جو فریقین کے مابین طے ہو جائے اس طرح اجرۃ الخدمہ یعنی سروس چارج کی حیثیت سوسائٹی کے لئے ایک ذریعہ آمدنی ہو گی اور اس کا کوئی رشتہ واقعی

مقابلے میں وہ آمدنی زائد ہے تو ظاہر ہے کہ یہ زائد آمدنی نہ اصحاب سرمایہ کی ملک ہوگی اور نہ سوسائٹی کو اس پر تصرف کا اختیار ہوگا، راقم الحروف کے نزدیک اس زائد آمدنی کو ان قرض خواہوں کو واپس کیا جانا چاہیئے جنھوں نے خرچ کی مد میں یہ رقم دی تھی۔

البتہ یہ بات حضرات علماء و فقہاء کے غور کرنے کی ہے کہ یہ اخراجات قرض خواہوں کی تعداد پر تقسیم کئے جائیں گے جو فی الحال حسابی مدت پورا ہونے سے پہلے لامعلوم ہیں یا قرض کی مقدار پر تقسیم کئے جائیں گے مثلاً ایک سال میں دس لاکھ روپئے پانچ سو افراد کو قرض دیئے گئے اور کل تخمینی اخراجات ایک لاکھ روپیے ہیں تو اگر انھیں مقدار قرض پر تقسیم کیا جائے تو ہر قرض خواہ کو اپنے لئے ہوئے قرض کی مقدار کا دس فیصد بمد خرچ سوسائٹی کو ادا کرنا پڑے گا، اور فرض کیجئے کہ سال گذرنے پر کل ۹۰ ہزار روپیے ہوئے تو یہ قرض خواہ ایک فیصد واپس پانے کے حقدار ہوں گے اور اگر اس خرچ کو قرض خواہوں کی تعداد یعنی ۵۰۰ پر تقسیم کیا جائے تو فی کس دو (۲۰۰) سو روپیے ادا کرنے پڑیں گے چاہے اس نے ۵۰۰ قرض لئے ہوں یا ۵۰۰۰ قرض لئے ہوں، پہلی صورت میں ۵۰۰ والے کو ۵۰ روپیے اور ۵۰۰۰ قرض لینے والے کو (۵۰۰) روپئے خرچ کی مد میں ادا کرنے ہوں گے۔

اگرچہ پہلی صورت میں قرض کے تناسب کے ساتھ خرچ بظاہر ربوا کی سی صورت پیدا کرتا ہے لیکن اس میں "ذمہ داری بقدر استفادہ" اصولاً تقاضائے عدل کے مطابق معلوم ہوتی ہے اور دوسری صورت میں کم مقدار میں قرض لینے والوں پر زیادہ خرچ کا بوجھ پڑجاتا ہے اور زیادہ قرض لینے والوں کو کم خرچ ادا کرنا پڑتا ہے جو ظلم سے قریب محسوس ہوتا ہے۔

مدت قرض کی کمی اور زیادتی کا اس سلسلہ میں کیا اثر پڑے گا یہ بھی امر قابل غور ہے ایسی کوئی صورت اختیار کرنا جس سے یہ محسوس ہو کہ مدت کی تاخیر کی وجہ سے کچھ زائد رقم قرض خواہوں کو ادا کرنی پڑتی ہے، اس سے "ربوا النسیئۃ" کی طرف ذہن منتقل ہوتا ہے اور عموم ربوا کے زمانہ میں ممکن حد تک ایسی صورتوں سے بھی پرہیز کیا جانا چاہیئے جن سے ایسی تہمت پیدا ہوتی ہو جس کی نظیر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حرمت خمر کے ابتدائی زمانہ میں دبا، حنتم، اور ایسے ظروف کے استعمال سے منع کرنا ہے جو شراب کے لئے استعمال کئے جاتے تھے۔

راقم الحروف کے نزدیک ہر سوسائٹی کو ایک حسابی مدت متعین کرلینا چاہیئے اور اس حسابی مدت کو بھی معیاری مان کر اخراجات کی تشخیص اور بہ مقدار قرض قرض خواہوں پر اس کی تقسیم کی جانی چاہیئے کہ یہی طریقہ عدل سے زیادہ قریب ہے۔

# اسلامی بینکنگ کی تشکیل کے سلسلے میں چند معروضات

اسرار عالم، ریڈینس دہلی

ہندوستان اور ہندوستان سے باہر اسلامی بینکنگ کی تشکیل کی متعدد کوششیں ہو رہی ہیں یہ کوششیں چھوٹے پیمانے سے لیکر بڑے پیمانے تک مقامی سطح سے بین الملکی سطح تک ہر اعتبار سے ہو رہی ہیں۔ ان میں بعض کاوشیں یقیناً نہایت وقیع ہیں۔ تاہم مجموعی اعتبار سے ان کے سلسلے میں احساس پیدا ہوتا ہے وہ درج ذیل ہے:

۱ــــ مغربی نظام جو عصری نظام ہے کی بنیاد اسلام سے مختلف ہے۔ اس نظام نے اپنی مخصوص ضرورتوں اور ترجیحات کے لیے مختلف علوم و فنون وضع کئے اور انھیں ترقی دی۔ یہ علوم و فنون ان کی مخصوص ضرورتوں کی تکمیل کرتے ہیں اور انھیں فکری و عملی غذا اور قوت پہنچاتے ہیں انھیں علوم و فنون پر متعدد ادارے وجود میں آئے، جو انھیں امور کو زیادہ منظم اور عملی شکل میں انجام دیتے ہیں۔ انھیں میں موجودہ بنکاری بھی ہے۔ لہٰذا

(۱) خواہ مسلمانوں کے مفاد میں عصر حاضر کی بنکاری کی طرح مسلمانوں میں بنکاری کو رواج دیا جائے۔ ـــــــــ یا ـــــــــ (۲) عصری بنکاری کے متوازی اور اسی سطح اور معیار کی بنکاری اسلامی بنکاری کے نام سے وضع کی جائے۔ ہر دو صورتوں میں مغربی نظام کی مخصوص ضرورتوں کی تکمیل ہوگی اور وہی ترجیحات ہمارے معاشرے کی قدر بن جائیں گی جو مغرب کی ہے۔

۲ــــ اگر ان ترجیحات کو صدر یا قبلہ مان کر اسلامی بینکنگ کی اپنی تشکیل کی جائے جو حلال ہی کے دائرہ میں رہتی ہو تو اولاً اسکی عملیت و فعالیت موجودہ عصری نظام میں محدود اور مشکوک ہوگی۔

اور ثانیاً اسلام کے عصرِ حاضر کے غیر عادلانہ نظام کا ضمیمہ بن جانے کا خطرہ لاحق ہے۔ ھمارا موجودہ حالات میں غیر عادلانہ نظام کے بہت سارے منشط و مکرہ میں زندگی گزارنا مسلمانوں کی مجبوری ہے لیکن جب کوئی ادارہ یا کئی ادارے 'اسلامی' کے نام سے انھیں ترجیحات کی تکمیل کریں گے تو بُرائی کے زیادہ ہونے کا خطرہ ہے۔ اس لیے کہ ویسی صورت میں انھیں بظاہر اسلام سے سندِ جواز حاصل ہو جائے گا۔

۳۔۔۔ بجائے اس نہج کی کوششوں کے کہ مسلمان حلال وحرام کی تمیز کرتے ہوئے اس غیر عادلانہ نظام میں جہاں کے قوانین اور اقدار اسلام سے جُداگانہ ہی نہیں بالعکس ہیں، مسلمان عبادات کی طرح معاملات کیسے کریں اور ظاہر ہے اس میں ایسا ہو سکتا ہے کہ ایسی صورتحال میں بعض کام مسلمان اسلام کے مطابق کر پائیں گے اور بعض نہیں کر پائیں گے۔ لہٰذا جو کر پائیں انھیں کرنے کی سعی کی جائے۔ اور جو نہیں کر پائیں انھیں دیکھا جائے کہ کیسے ہم چھوڑ سکتے ہیں خواہ ہم کو کتنا ہی نقصان ہو اور کون سی چیز ہماری حیات کے لیے مجبوری اور ضرورت ہو گئی ہے۔ لہٰذا صرف اس حد تک اجازت یا متبادل طریقے دکھلائے جائیں۔۔۔۔۔ غرض ان سب کی بجائے کوشش کی نہج یہ ہے کہ مغرب اور اس کے نظام کے سارے آلہ جات مثلاً Banking Investment, Industrialisation, Welfar, وغیرہ وغیرہ کو مغرب پر قیاس کر کے اسے اسلام کے چوکھٹے میں فٹ کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

۴۔۔۔ یہاں میں پورے شرحِ صدر کے ساتھ یہ سوال کرنا چاہتا ہوں کہ ہماری ضرورت (Want + Demand) کیا ہے؟ اور اسے کون طے اور متعین کرے گا۔ اسلام یا عصری نظام یعنی ہمیں کیا کرنا چاہیے۔ اور کیا نہیں کرنا چاہیے۔ اسے طے اور متعین کرنا اسلام کا کام ہے اور میرے خیال میں یہ ذمہ داری ہم صرف اسلام ہی کو سونپ سکتے ہیں۔

جہاں تک عصری نظام کا تعلق ہے تو اس کے تحت ضرورت کیا ہے اور اسے کیا ہونا چاہئے یہ ایک سفسطہ یا طلسم ہے۔ جسے مغرب کو سمجھے بغیر محسوس کرنا مشکل ہے۔

مثلاً مغرب نے سیاسیات میں پچھلی صدی میں ثابت کیا کہ قومیت اور وطنیت ہماری حقیقت ہے۔ اور وہ ضروری ہے۔ بیسویں صدی کے پہلے، سالوں میں قومیت و طنیت کے بجائے بین الاقوامیت ہماری ضرورت قرار دی گئی۔ اب پھر قومیت ضرورت قرار دی جارہی ہے

تجارت کے میدان میں ابھی چند سالوں تک PROBATIONISM ہماری ناگزیر ضرورت قرار دی گئی۔ اب LAISSAZE FAIRE کو پھر ہماری ضرورت قرار دیا جا رہا ہے۔

تعمیرات کے میدان میں Heavy Industries اور High Dams انسانیت کی ناگزیر ضرورت قرار دیئے گئے۔ آج انسانیت کی بقا کے لیے انھیں مضر بتایا جا رہا ہے۔

غذا اور زراعت کے میدان میں Cross-Breeding High yielding crops Fertilizer کو ہماری ناگزیر ضرورت قرار دیا جا رہا تھا اور وہ ادارے جو انھیں بروئے کار لائیں، ناگزیر قرار دیئے جا رہے تھے۔ اب انھیں A-Biotic disorder کا سبب مانا جا رہا ہے اور اس سے جلد از جلد پیچھا چھڑانے کو انسانیت کی ضرورت قرار دیا جا رہا ہے۔

کل ترقی یافتہ ہونے کی ناگزیر ضرورت بتائی گئی اور غریب ملکوں سے کہا گیا کہ وہ لوگوں کو بھوکا رکھ کر مغرب سے ہتھیار خریدیں، اب کہا جا رہا ہے کہ ہتھیار خریدنا انسانیت کے خلاف ایک جرم ہے۔

میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا BANK اور .Banking اسلام کی ناگزیر ضرورت ہے اور اگر ہے تو اس کی کون سی دلیل ہے؟ اور یہ کہ اس کی کیا ضمانت ہے کہ کل BANK انسان کی ضرورت نہ رہ جائیں۔ اور جو حضرات واقف ہیں کہ ملکی بینک MNCs اور Corporations کے بعد عوام کی ضرورت نہیں بلکہ ان کی قید کی علامت ہو گئے ہیں۔

۵۔۔۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ معاشیات اور بالخصوص تجارت کے میدان میں گذشتہ صدیوں اور آج بہت بڑا فرق آگیا ہے۔ ممکن ہے یہ بات ان کے نزدیک صحیح ہو، لیکن جہاں تک میرا ناقص علم ہے نوعی اعتبار سے کوئی فرق واقع نہیں ہوا، اور جہاں تک نئے Tools کے استعمال ہونے کا سوال ہے وہ ہر زمانے میں ہوتا آیا ہے۔ ہاں ایک طرف دُنیا سمٹ گئی ہے۔ یا بالفاظ دیگر مخصوص مفادات کے تحت چند خاص میدانوں میں سمیٹ دی گئی ہے اور دوسری طرف ایسی حالت میں ایک غیر عادلانہ نظام کے جاری وساری ہونے سے جو پیچیدگیاں چند در چند ہو سکتی ہیں۔ وہ پیدا ہو گئی ہیں۔

۶۔۔۔ اسلامی بینکنگ کی تشکیل کی کوشش اس طرح ہو رہی ہے کہ ایک طرف مغرب کے بینکنگ کو سامنے رکھا جاتا ہے پھر قرآن و سنت اور کسی درجہ میں فقہاء اُمت کی آرا سے صرف اس حد تک استفادہ کیا جاتا ہے جس سے ان کے اجراء میں مدد مل سکے لیکن جو بات یکسر

مفقود نظر آتی ہے وہ یہ ہے کہ اُمّت میں قرون اولیٰ سے لیکر پچھلی صدیوں تک سارے معاملات اور کاروبار خواہ وہ ہزار روپئے کی تجارت ہو یا کروڑوں روپئے کی صنعت مقامی بیع وشرا ہو یا International Trade بہر حال اسلام کے مُطابق ہوا کرتے تھے. ان کی عملی شکل کیا تھی بحر اوقیانوس کے گلف اسٹریم سے لیکر انبائے آسٹریلیا کے پاس ایریان تک آخر کروڑں نہیں اربوں روپئے کی تجارت ہوتی تھی. آخر وہ کیسے انجام پاتی تھی. اور امت کا تعامل کیا تھا. آج بڑے تجارتی Houses کو دیکھ کر جن حضرات کو یہ خیال آتا ہے کہ بڑی تجارت تو بینکوں کے ذریعہ ہی ہوتے ہیں اور یہ کہ سلف میں اتنے بڑے کاروبار کی نظیر کہاں ملتی ہے حالانکہ ایسا نہیں. باخبر حضرات کو اس مقدمے کی یاد ہوگی جو بالکل آخری عہد سے تعلق رکھتی ہے جو فورٹ ولیم کالج میں اٹھارہویں صدی کے اوائل میں ایک حضرمی تاجر جو ہیروں اور موتیوں سے لدے جہاز کے تعلق سے تھا جسے لوٹ لیا گیا تھا. یا کاروباری Competition کا وہ معاہدہ جو مصنوعات کی تعین قیمت سے متعلق تھا. جو سبب بنا Pitts India ایکٹ اور دوسرے قوانین کا.

ہم اس سعی اور کوشش میں اُمّت کے تعامل کو یکسر نظر انداز کر رہے ہیں. بلکہ حقیقت یہ ہے کہ نہ ہمارے پاس اس کی کماحقہ معلومات ہے اور نہ ہم اس کی معلومات حاصل کرنے کی ضرورت ہی محسوس کرتے ہیں.

کیا یہ بہتر نہیں کہ ہم امّت کے اس تعامل کو سامنے لاکر جو خود اپنے اپنے وقت کے فقہاء کی آراء سے ہی مستنیر و مستفید ہوں گے. نئی عمارت بنانے کی بجائے دین کی ٹوٹی عمارت کی تعمیر و توسیع کا کام کریں اس سلسلے میں آئندہ انشاء اللہ تعالیٰ تفصیلات پیش کرنے کی کوشش کروں گا.

۷۔ بسا اوقات ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ہم لفظ ربا کا نہایت سہل پسندانہ استعمال اور تعبیر کرتے ہیں. میری ناقص رائے میں ربا معاملات و تجارت میں محض ایک عمل کا نام نہیں. بلکہ اس کا تعلق عقیدے، عبادات اور معاملات سب سے یکساں ہے اور یقیناً کہا جاسکتا ہے کہ ربا کا تعلق جتنا بیع وشراء اور مبادلہ سے ہے اتنا ہی تعلق اسلامی اقدار اور اخلاقیات سے ہے. غالباً

یہی وہ بات ہے جس کی طرف ابن ماجہ میں مروی ایک حدیث سے اشارہ کیا گیا ہے: الربا ثلاثۃ وسبعون ابوابا. ایسرھا مثل ان ینکح الرجل امہ وان اربوا عرض الرجل المسلم.
لہذا ربا کی چند ظاہری شکلوں سے چھٹکارا ہی ہمارا نصب العین ہونا چاہیئے یا اس غیر عادلانہ نظام کے تحت Vicious Circle of Riba کا خاتمہ کرنا یا اُمت کو اس سے نجات دلانا ہونا چاہیئے۔ اور اگر ایسا ہی ہے یا بعض حضرات یہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ اسی رخ پر کوشش ہے تو اس سلسلے میں یہ سوال پیدا ہوتا ہے:
(۱) محض چند جزوی چیزوں اور آلہ جات کی تشکیل کی عملیت کیا ہوگی؟ ہوگی بھی یا نہیں؟

۸۔۔۔ اسلامی معلومات، اسلامی اخلاق کے اجراء اور شاہ ولی اللہ صاحبؒ کے مطابق تیسری اور چوتھی قسم کے ارتفاقات کے اسلامی بنیادوں پر قائم کیئے بغیر ان آلہ جات کی تشکیل بظاہر Counter Production لگتی ہے۔ عمر چاپرا کا رجحان بھی ایسا ہی لگتا ہے۔

## کام

یہ سوال اپنی جگہ صحیح ہے کہ آخر بحیثیت اُمت مسلمہ ہمیں کیا کرنا چاہیئے۔ تو اس باب میں مندرجہ ذیل امور کی طرف ذہن جاتا ہے۔
(۱) اسلامی زندگی کی عمارت جس حد تک قائم ہے۔ اسے مستحکم کیا جائے اور جہاں جہاں غیر عادلانہ نظام کے آنے سے ٹوٹ گئی ہے یا ویران ہوگئی ہے اسے تعمیر کیا جائے، آباد کیا جائے اور اسی کی توسیع کی جائے۔ خواہ یہ سارے کام کتنی ہی آہستگی سے ہو۔
(۲) مغربی نظام کے متوازی نظام وضع کرنے سے پرہیز کیا جائے۔ اسکے متعدد اسباب ہیں:
۱۔۔۔ مغربی نظام کا وہ حصہ جو سرمایہ داری کہلاتا ہے۔ اس حصے کے مقابلے میں جسے Communism کہتے ہیں کم شکست و ریخت سے دو چار نہیں ہے۔ وہاں وہ عمل شروع ہو چکا ہے۔ جسے Consumerism اور Endism کے ناموں سے موسوم کیا جاتا ہے۔
۲۔۔۔ Corporations MNCs ساری دُنیا میں ایک نئی ملوکیت لانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ جو گذشتہ نظامہائے ملوکیت سے زیادہ گہرا جابرانہ ہوگا۔ لہذا کوئی بھی کوشش جو بنیادی طور پر اس نظام عصر کی زمین پر قائم ہو اور جس کا کام سہولت اور Expediancy پیدا کرنا ہو وہ بالآخر اسکے معاون ہی ہوتی ہے۔

# غیر سودی اسلامی بینک بنانے کے لئے قانونی گنجائشیں اور دشواریاں

از ـــــــ عبدالوہاب محمد دلوی سابق ڈپٹی چیف آفیسر ریزرو بینک آف انڈیا ممبئی

غیر سودی اسلامی بینک کی تشکیل پر بحث کرتے وقت ہمیں قانونی گنجائشوں اور دشواریوں یا پابندیوں کے علاوہ دو بنیادی نکتوں کو مدنظر رکھنا اور ان کے دو مختلف مواقف میں امتیاز کرنا اور سمجھنا بیحد ضروری ہے۔ وہ یہ ہیں۔

۱ـــ ایسا ملک اور حالات جہاں نہ صرف نظامِ حیات اسلامی قوانین اور ضوابط کے مُطابق چل رہا ہو اور جہاں زندگی کا ہر شعبہ شریعت اسلامیہ کا پابند ہو بلکہ ہر لحاظ سے پورا معاشرہ اسلامی ہو۔

۲ـــ ایسا ملک اور حالات جہاں نہ صرف نظامِ حیات بلکہ قوانین اور ضوابط غیر اسلامی ہوں اور سماج اسلامی اصولوں سے منحرف ہو اور پورا معاشرہ فاسد بلکہ جہاں پورے اسلامی طور طریقوں پر زندگی گذارنا دشوار نہ بھی مگر سہل بھی نہ ہو۔ جہاں ہر مقام پر سودی کاروبار کا قبضہ ہو اور سودی سرمایہ دارانہ نظام، معاشیات، افکار، اخلاق بلکہ ہر شعبۂ زندگی پر چھایا ہوا ہو۔

مندرجہ بالا دونوں حالات میں بنیادی فرق ہے۔ پہلی شکل میں معاشرہ پہلے سے اسلامی ہے اور اس کی اصلاح کا سوال پیدا نہیں ہوتا۔ پورے اسلامی سماج میں صرف غیر سوُدی بینک کے قوانین و ضوابط کا انطباق کرنا ہے۔ ایسے معاشرہ میں سود کی حرمت کا ـــــــ قانون زندگی کے دوسرے شعبوں سے ٹکراؤ پیدا نہیں کرتا کیونکہ یہاں زندگی کے ہر شعبہ کا مقصود ہی ہے جو سود کی تحریم کا ہے اور سب کی روح اسلامی ہی ہے۔ یہاں سُود کی حرمت کا قانون وہ سارے فائدے پہنچا سکتا ہے جن کے لیے یہ قانون وضع کیا گیا تھا۔ کیونکہ اس کے لیے حالات ہموار ہیں۔ اس سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ اسلامی قانون ایک ایسا مجموعہ جس کے تمام اجزاء آپس میں جڑے ہوئے ہیں اور ہر جزو دوسرے جزو کے لیے زمین ہموار کرتا ہے اور اس

سے مکمل فائدہ پہنچاتا ہے۔ اس کے خلاف جہاں دوسرے قسم کے حالات اور نظام حیات ہو وہاں سود کی حرمت کو کسی ایک بینک پر منطبق کرنا جبکہ دوسرے تمام مالیاتی ادارے اور بینک سود کی بنیاد پر قائم ہیں اور زندگی کے اور کسی شعبہ میں اسلامی احکام جاری نہیں ہیں دشواریاں پیدا کرتا ہے۔ ایسے حالات میں ظاہر ہے کہ قوانین کی تفریق ان جملہ نتائج کو فراہم نہیں کرسکتی جو اسلامی سماج میں حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ اور جن کے فوائد آسانی سے اسلامی احکام کے پورے سماج پر رائج شدہ حالات یا ماحول میں حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ ان باتوں کو یہاں بیان کرنے سے ہماری مراد یہ نہیں ہے کہ ہم سب غیر اسلامی احکام کے سبب سے اسلامی احکام سے معذور اور آزاد ہیں۔ ہم یہ بھی کہنا نہیں چاہتے کہ جب دُنیا سود کے سمندر میں ڈوب چکی ہے سود انسانی زندگی کا اوڑھنا بچھونا بن چکا ہے، سود کو اقتصادی ترقی کا اور تجارتی اور صنعتی کاروبار کا مداوا سمجھا جاتا ہے۔ بلا سود کے بینک کی بات کرنا بے سود ہے۔ بلکہ ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ عذر لنگ پیش کرکے حرمت سود کے احکام سے چھٹکارا حاصل کرنا مسلمانوں کا شیوہ نہیں ہے۔ ہم یہ کہنے کے عادی نہیں ہیں:

ابھی نہ چھیڑ محبّت کے گیت اے مطرب
ابھی حیات کا ماحول سازگار نہیں

یہ تو مایوسی کا پیغام ہے۔ مردِ مُسلم ایسے نعروں کو قبُول نہیں کرتا۔ بر خلاف اس کے وہ کہتا ہے:

جگا دے بزم کو مطرب سُنا کے نغمۂ دل
یہ کیا کہ زیست کا ماحول سازگار نہیں

اگر ہم کسی مقام پر یا ماحول میں معذور و مجبُور ہوں بھی تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ ہمیں سود کی حرمت کے احکام کی بقدر ہمت خود پیروی کی ضرورت نہیں ہے بہر حال ضرورت ہے اور بقدر امکان ان احکام کیلئے ماحول کو ہموار بنانے کی سعی کرنا چاہیئے۔ جہاں تک ہم جانتے ہیں شاید سارے اسلامی ممالک میں بھی اسلامی بینک کے لیے حالات سو فی صد سازگار نہیں ہیں۔ کجا ہمارا ملک، اسلامی ممالک میں بھی غیر اسلامی ملکوں کی کمپنیاں اور بینک کسی نہ کسی طریقے سے اپنے قدم جمائے ہوئے ہیں۔ اور اسلامی ماحول کو مکدّر کئے ہوئے ہیں۔

ہمارے ملک میں تو صُورتِ حال کچھ اور ہی ہے۔ یہاں نظام حیات کے مختلف شعبوں میں تضاد و تعارض ہے۔ ایسے حالات میں غیر سودی بینک کی تشکیل گو ناممکن نہیں مگر آسان

بھی نہیں ہے۔ سارے رائج احکام اور طریقے غیر اسلامی ہیں اور پورے سماج پر سودی نظام حکومت کر رہا ہے۔ ایسی جگہ اور ماحول میں ضروری ہے کہ غیر سودی اسلامی بینک کل وہی طریقہ کار اختیار کرے۔ جو اس ماحول اور زمین کے احکام سے تصادم پیدا نہ کرے۔ اور ساتھ ہی ساتھ ہم حکومت کے ان قوانین سے جو ہمارے بینک کی بہتری کے لیے ہوں، چھٹکارا پانے کی کوشش نہ کریں۔ مثلاً آڈٹ، انسپیکشن وغیرہ۔ علاوہ ازیں چونکہ اقتصادیات، معاشیات اور فکر و سیاست پر غیر اسلامی حالات اپنا قبضہ جمائے ہوئے ہیں اور ہم صورت حال میں تغیر لا نہیں سکتے۔ ہمیں چاہیئے کہ رائج الوقت احکامات اور طریقۂ بینک کاری کو مد نظر رکھتے ہوئے معقول شرعی صورت کی جستجو کریں اور جہاں تک ہو سکے موجودہ قوانین کی جو فاسد پابندیاں ہیں، ان سے مبرّا رہنے کی کوشش کریں۔ مختصر یہ کہ ہم غیر سودی اسلامی بینک کے لیے جدید بینک کاری کے شریعت سے غیر ممنوعہ اصولوں کو اپنے طریقۂ کار میں اس طرح اختیار کرنے کا اہتمام کریں کہ جس سے ہمارے بینک کی ترقی اور بینکوں کے برابر ہوتی رہے۔

اس بات کا خیال رکھنا ضروری ہے کہ غیر سودی اسلامی بینک کی تشکیل اُس کو صرف ایک تجارتی ادارہ نہ بنا دے جہاں کاروبار ہوتا رہے اور فائدہ ہوتا رہے بلکہ وہ بینک ایک ایسا انداز اختیار کرے کہ اس بینک کو حقیقی بینک کہا جائے۔ وہ لوگوں کی اقتصادی زندگی میں وہ تمام فرائض انجام دے جو دنیا کے دوسرے بینک انجام دے رہے ہیں۔ جہاں امانتیں DEPOSITS بلا روک ٹوک جمع کی جا سکیں اور چھوٹے بڑے کاروبار کے لیے قرض بھی مہیا کیے جا سکیں تجارتی اور صنعتی اداروں کی بینکنگ کے طریقوں پر امداد بھی کی جا سکے CHEQUE چیک کا سلسلہ بھی رہے اور ایسے حالات پیدا ہو جائیں کہ عوام اپنے کاروباری معاملات کا رشتہ قائم کرنے میں کسی قسم کی جھجک یا رکاوٹ محسوس نہ کریں۔ ساتھ ہی ساتھ یہ سب کچھ کرنے کے لیے ایسے طریقے وضع کیے جائیں کہ ہمارے بینک خود کفیل ہوں۔ ہو سکتا ہے کہ اس کے لیے ہمارے بینک کو اپنے کچھ معاملات میں امتیازی انداز اختیار کرنا پڑے اور عام بینکوں کے معاملات سے ہٹ کر وہ جہتیں تلاش کرنی پڑیں جہاں ایسا کاروبار چل سکے اور کامیابی بھی حاصل ہو۔ یہ راستہ عموماً اور قانوناً کی لحاظ سے دشوار ہے، مگر ناممکن نہیں ہے۔ مثلاً گاہکوں کو بلا سود قرضہ جات دینا مگر بینک کو خود بردار یا خود کفیل رہنے کے لیے قرضہ جات دینے

کے لیے ہونے والے اخراجات ان سے فائدہ کا لحاظ نہ رکھتے ہوئے بلا تامل لینا۔
اب ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ غیر سودی اسلامی بینکوں کی قانونی تشکیل کس قسم کی ہو. جہاں تک ہمارے ملک کا سوال ہے وہ یا تو کمرشیل بینک کی ہو سکتی ہے یا کوآپریٹو بینک کی۔ تیسری قسم ڈیولپمنٹ (یعنی صنعتی ترقی یا زراعتی ترقی کے) بینکوں کی ہے. مگر آج ہمارا مقصد ڈیولپمنٹ بنک قائم کرنا نہیں ہے جس کا تعلق صرف صنعتی یا زراعتی کاروبار سے ہو. ہمارے غیر سودی اسلامی بینک ہر خاص و عام کے لیے ہو. اس لیے اس کی قانونی تشکیل اس سے پہلے درج شدہ دو قسموں میں سے یعنی کمرشیل یا کوآپریٹو میں سے کسی ایک کی ہوگی. ان دونوں میں سے کوآپریٹو قسم کی تشکیل ہمارے لیے مناسب تر ہوگی کیونکہ اس میں کچھ صوبائی قانون کی گنجائش بھی ہیں اور اپنے بینکوں کے لیے کمرشیل بینکوں کے مقابلہ میں قانوناً کچھ سہولتیں بھی مہیا ہیں۔ کوآپریٹو بینک ہر صوبہ کے کوآپریٹو قانون کے مطابق رجسٹرڈ ہوتے ہیں اور کمرشیل بینک مرکزی حکومت کے کمپنیز ایکٹ کے ماتحت رجسٹرڈ ہوتے ہیں۔ اس سے پہلے کہ ہم ان دونوں قسموں میں سے کسی ایک بینک کی تشکیل کے بارے میں قانونی گنجائش اور پابندیوں کے بارے میں سوچیں ہم اس ملک میں بینک کی قانونی تعریف (یعنی DEFINITION کیا ہے؟ اسے سمجھنے کی کوشش کریں تاکہ واضح طور پر ہماری سمجھ میں آئے کہ کونسی کمپنیاں یا سوسائٹیاں یا تنظیمیں اس تعریف کی زد میں آتی ہیں اور کونسی نہیں۔

بینک کی تعریف B.R. ACT کے ذریعہ 5(b) اور ( 5(c) میں کی گئی ہے۔ دفعہ 5(b) میں بینکنگ کی تعریف حسب ذیل ہے۔

"Banking means accepting deposits of money from the public for the purpose of lending and investment, repayable on demand or otherwise and withdrawable by cheque, draft, order or otherwise."

بینکنگ کے معنی قرضہ جات دینے اور انویسٹمینٹ (منظور شدہ سیکورٹیز) میں لگانے کیلئے عوام سے پیسوں کی ایسی امانتیں حاصل کرنا جو ان کے مطالبہ پر یا متعین وقت کے بعد واپس لوٹائی جا سکیں اور پیسوں کی ایسی امانتیں چیک، ڈرافٹ اور وتھ ڈراول سلپ کے ذریعہ واپس لی جا سکیں۔

دفعہ 5(c) :90 اس طرح ہے۔

"Banking compny means any company or organisation which transacts the business of banking."

بیکنگ کمپنی وہ تنظیم ہے جو پیشِ مندرجہ قسم کی بیکنگ کا کاروبار کرتی ہے۔

یہاں ہمارے لیے ایک نکتہ قابل غور ہے۔ وہ یہ کہ بیکنگ کی تعریف (یعنی Definition) میں کہیں بھی سود کا ذکر نہیں ہے۔ بہ الفاظ دیگر یہ ضروری نہیں ہے۔ امانتیں سود پر ہی حاصل کیجائیں یا یہ کہ قرضجات پر سود کا لیا جانا ضروری ہے۔ گویا اس تعریف کے مُطابق غیر سودی بنک جس کی ہمیں ضرورت ہے۔ وجود میں لائے جا سکتے ہیں، یہاں بیکنگ کی تعریف Definition کے ایک اور عنصر کی جانب دھیان دینا ضروری ہے وہ یہ کہ بنک کہلانے کے لیے کسی بھی تنظیم کا امانتوں کا عوام سے قبول کرنا ضروری ہے۔ ایسی تنظیمیں جو صرف اپنے ممبران یا شیئر ہولڈرس سے ہی پیسوں کی امانتیں قبول کرتی ہوں وہ بنک نہیں کہلا سکتیں۔ بینک کہلانے کے لیے ایک اور شرط یہ بھی ہے کہ عوام سے لی ہوئی امانتوں کا روپیہ قرضہ جات دینے اور انویسٹمینٹ کے لیے ہی استعمال کیا جائے۔ قرضجات کسے دیئے جائیں اور انویسٹمینٹ کن چیزوں میں کیا جائے اس کا ذکر تعریف Definition میں نہیں ہے۔ البتہ اس ضمن میں یہ کہنا ضروری ہے کہ یہ انویسٹمینٹ کن چیزوں میں کرنا چاہیئے اس کا خلاصہ B.R. ACT اور R.B.I. ACT کے مختلف دفعات میں کیا گیا ہے۔ اس بارے میں آگے تفصیلات ذکر کی جائیں گی۔ بیکنگ کی تعریف Definition میں درج شدہ کاروبار کے علاوہ جو اور کاروبار بینکوں کے لیے جائز قرار دیئے گئے ہیں انکا ذکر بھی B.R. ACT کے دفعہ ۶ میں کیا گیا ہے۔ جیسا کہ Bills Discounting Bills Collection Divedend Collection سونے کی اور کمپنی کے شیرس، ڈبینچرس اور بانڈس کی ایک حد تک خرید و فروخت، پیسوں کی رقموں کا ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا M.T.O. سیف ڈپازٹ والٹ مہیا کرنا، گیارنٹی دینا وغیرہ۔

گو کہ کسی بھی بینک کی مالیات کی تشکیل سرمایہ Shares جس کی بنیاد پر بینک قائم ہوتی ہے لوگوں سے جمع شدہ امانتوں پر ہوتی ہے۔ چونکہ سرمایہ کی رقم بہت ہی قلیل ہوتی ہے۔ اس لیے عام طور پر بینکوں کا کاروبار یعنی دیئے جانے والے قرضجات امانتوں کے ذریعہ

آئی ہوئی چھوٹی بڑی رقموں پر ہی منحصر رہتا ہے۔ اس روشنی میں اگر دیکھا جائے تو یہ بات ظاہر ہو جاتی ہے کہ بنک کے امانت داروں اور قرض داروں کے دہرے تعلقات کا مطلب یہ ہے کہ بینک دونوں کے درمیان ایک واسطہ ہوتا ہے جس کا کام ایک کا مال لیکر دوسرے تک پہونچا دینا۔ ان امانتوں میں خود حکومت بھی قرض دار بن کر بینکوں سے اپنے سیکیوریز کے ذریعے قرضہ لیتی ہے۔

یہاں ایک بات کا ذکر ضروری ہے وہ یہ کہ پیسوں کی امانتیں بینکوں کے علاوہ اور کمپنیاں بھی لیتی ہیں مگر وہ ان امانتوں کے پیسے اپنے صنعتی، تجارتی وغیرہ کاروبار میں لگاتی ہیں صرف بینکوں کو ہی لی ہوئی امانتوں میں سے قرضہ جات دینے کی اجازت ہے۔ بلکہ یوں کہنا چاہیئے کہ بنک صرف قرضجات دینے اور انویسٹمینٹ کے لیے ہی امانتیں قبول کرسکتی ہیں۔ بینکوں اور کمپینیوں کی لی ہوئی امانتوں میں ایک بڑا فرق یہ بھی ہے کہ بینک متحرک اور ثاقب Demand and Time دونوں قسم کی امانتیں لے سکتی ہیں مگر کمپنیاں صرف ثاقب امانتیں لے سکتی ہیں جنہیں متعین وقت کے بعد واپس لوٹایا جاتا ہے مگر بینک متعین وقت کی لی ہوئی امانتیں بھی وقت سے پہلے واپس لوٹا سکتی ہیں۔

اب ہم بینکوں کے بارے میں موجودہ قوانین وضوابط کا جائزہ لیں گے۔ بینکوں کی تشکیل کے بارے میں قوانین کا ذکر اس سے پہلے آچکا ہے۔ بینکوں کے کاروبار کے بارے میں قوانین ( B.R. ACT. میں ہیں۔ اس کے علاوہ R.B.I. ACT. کے کچھ دفعات میں بھی ہے۔ R.B.I. ACT. کا دفعہ ۴۲ شیڈولڈ بینکوں کے لیے اہمیت کا ہے۔ اس میں کیش رزرو اور شیڈولنگ اور نان شیڈولنگ (Scheduling & non-scheduling) کے بارے میں خلاصہ ملتا ہے۔

بینک کی تشکیل میں قانون میں B.R. ACT کی دفعہ سات میں) یہ ضروری سمجھا گیا ہے کہ اس کے نام کے ساتھ کسی حصہ میں لفظ بینک، بیانکر، بینکنگ ہو۔ اس لحاظ سے جیسا کہ پہلے عرض کیا جا چکا ہے ظاہراً اور باطناً تشکیل شدہ تنظیم بینک ہونا چاہیئے B.R. ACT کے دفعہ ۸ اور ۹ میں بینکوں پر دو پابندیاں عائد کی گئی ہیں۔ ایک یہ کہ بینک کاری کے کاروبار کے ساتھ کوئی اور کاروبار یا تجارت کرنا منع ہے۔ مثال کے طور پر بینک خود تجارت

Trading. یا صنعتی کام Manufacturing activity کر نہیں سکتی، اسے اس قسم کے کسی بھی کام کرنے کی مطلق اجازت نہیں ہے۔ البتہ اگر کسی شخص کا صنعتی یا تجارتی کاروبار جس کی ضمانت یا سیکورٹی پر قرض دیا گیا تھا۔ قرض کی واپسی نہ ہونے کی صورت میں اگر بینک کو اس پر قبضہ کرنا پڑے۔ اور وہ اس کے تحویل میں آجائے تو ایسا تجارتی یا صنعتی کاروبار اسے فروخت کرکے اُس سے اپنے قرض کی وصولی تک بینک خود یا کسی اور کے ذریعے چلا سکتی ہے۔ مگر اس کے لیے بھی مدت متعین ہے۔ جب تک اس کا فروخت کرنا ضروری ہے۔ دوسری پابندی یہ لگائی گئی ہے کہ بینک عوام سے لی ہوئی امانتوں کی رقم غیر منقولہ جائیداد Real Estate میں سوائے اپنی ضرورت کے لگا نہیں سکتی۔ اس کی ضرورت سے مطلب بینک کے اپنے آفسوں یا اس کے ملازمین وغیرہ کے لیے غیر منقولہ Real Estate میں کچھ حد تک پیسہ لگایا جاسکتا ہے۔ مگر کرایہ پر دینے کے لیے ایسا انویسٹمینٹ نہیں کیا جاسکتا۔

اسی طرح کوئی بینک کمپنیوں کے شیرس میں رزرو بینک کے متعین کی ہوئی رقم سے زیادہ پیسہ لگا نہیں سکتی۔ اس کا ذکر B.R. ACT کے دفعہ ۱۹ میں ہے۔ ایسے شیرس اگر قرضجات کی سیکیورٹیز کے سبب اگر بینک کی تحویل میں آبھی جائیں اور اس سے بینک کی تحویل میں کل شیرس رزرو بینک سے متعین کی ہوئی رقم سے زیادہ ہو تو وہ شیرس جلد از جلد فروخت کرنا بینک کے لیے ضروری ہوتا ہے۔

ہماری غیر سودی اسلامی بینک کی تشکیل اگر کوآپریٹو قانون کے مطابق ہوتی ہے یا وہ اگر کمپنی Non-scheduled Bank بناکر نان شیڈولڈ بینک کے زمرہ میں آتی ہے تو اُسے B.R. ACT. کے دفعہ ۱۸ کے مطابق عوام سے وصول شدہ پیسوں کی امانت کے تین فی صد رقم اپنے پاس نقد یا رزرو بینک کی منظور شدہ بینک میں بطور کیش رزرو Cash reserve رکھنا پڑے گی۔ ہمارے لئے دقت صرف اس بات کی ہے کہ ہماری تین فی صد رقم قرضجات میں نہ دی جاسکے گی۔ غیر سودی بینک کے لیے اتنی بڑی رقم کا بلا کسی استعمال کے مقفل ہو کر رہنا کسی حد تک باعث ناتلافی ہے۔ اگر ہم کوشش کرکے حکومت اور رزرو بینک سے کسی حد تک اس سے مستثنیٰ ہوسکتے ہیں یا اس میں تخفیف کرکے لے سکتے ہیں تو ہمارے لیے بہتر ہوگا۔ اگر ہماری بینک کی تشکیل شیڈولڈ کمرشیل بینک کے طریقے سے ہوئی

تو یہی نقد رقم R.B.I. ACT. کے دفعہ ۴۲ کے مطابق پندرہ فی صد رہے گی۔

اس سے پیشتر جن پابندیوں کا ذکر کیا گیا ہے وہ ایسی ہیں جن کی تعمیل سے غیر سودی اسلامی بینک کے کاروبار یا کام کاج میں کسی قسم کی دشواری یا کراہت پیش آنے کے امکانات نہیں ہیں، مگر BR. ACT کے دفعہ ۲۴ میں بینکنگ کے بارے میں کچھ ایسی ضروریات کا ذکر ہے جن سے سود کی قباحت پیش آتی ہے۔ اس کا مختصر خلاصہ یہ ہے۔

B.R. ACT. کی دفعہ ۲۴ کے مطابق ہر بینک کو خواہ وہ کوآپریٹیو ہو یا کمرشیل بینک ہو عوام سے موصول شدہ پیسوں کی امانت کا ایک مخصوص فی صد حصہ نقد، سونے کی صورت میں یا پھر حکومت کی منظور شدہ سیکیورٹیز کی صورت میں ضروری ہے۔ فی الحال کوآپریٹیو اور نان شیڈولڈ ( Non-scheduled. ) کمرشیل بینک کے لیے یہ رقم امانتوں کی رقوم کے ۳۵ فی صد ہے اور شیڈولڈ کمرشیل بینک کے لیے ۳۹ فی صد ہے۔ اس سے پہلے درج شدہ کیاش رزرو ( Cash reserve, ) کی تین فی صد رقوم کے علاوہ اگر ہم یہ رقم نقد میں رکھتے ہیں یا رزرو بینک کے منظور شدہ کسی بینک کے اکاؤنٹ میں رکھتے ہیں تو کوآپریٹو بینک ہونے کی صورت میں بھی ہماری ۲۸ فی صد رقم بلا کسی استعمال یا تلافی کے غیر سودی بینک کے لیے ناقابل برداشت ہوگی۔ یہی رقم ہماری بینک شیڈولڈ کمرشیل بینک ہونے کی صورت میں ۳۴ فی صد ہو جاتی ہے۔ چونکہ ہم B.R. ACT کی دفعہ ۲۴ کے مطابق یہ رقم حکومت کی سیکیورٹیز میں جو سود سے ملوث ہیں نہیں رکھ سکتے۔ ہمیں حکومت سے درخواست کر کے اس دفعہ ۲۴ میں ترمیم کرا لینا ضروری ہے۔ اس ترمیم کی صورت یہ ہو کہ حکومت بجائے اپنی سیکیورٹیز کے جن پر سود ملتا ہے غیر سودی بینکوں کو گورنمنٹ کی کمپنیوں کے شیرس میں جن پر ڈیویڈنڈ ملتا ہے، انویسٹ کرنے کی اجازت دے یا پھر کوئی اور طریقے سے رکھنے کی جن پر سود کا حصہ نہ ہو رکھنے کی اجازت دے تو ہماری امانتوں کی ۲۵ فی صد رقم کے نقصان کی کسی حد تک تلافی ہوگی۔ بصورت دیگر حکومت ہمیں اس ۲۵ فی صد انویسٹمینٹ کی چکر سے بڑی حد تک مستثنیٰ کر دے اور ہم تھوڑی سی فی صد رقم سونے میں انویسٹ کریں۔ بہر حال غیر سودی بینک کے لیے B.R. ACT کے دفعہ ۲۴ سے، درج کئے ہوئے کسی نہ کسی طرح بچاؤ کی صورت اختیار کرنا ضروری ہے۔

اب یہ بات اور ہے کہ حکومت ہماری درخواست کو کس حد تک منظور کرے گی۔

اس سے پیشتر درج کی ہوئی پابندیوں کے علاوہ رزرو بینک ضرورتاً بینکوں کو دفعہ ۲۱ کے ماتحت ہدایات دیتے رہتی ہے۔ ان ہدایات میں سود کی شرح کے بارے میں بھی یعنی کم و بیش لینے اور دینے کے بارے میں بھی ہدایات ہوتی ہیں۔ چونکہ ہماری بینک غیر سودی ہوگی۔ ہم رزرو بینک سے سود کی ہدایات کے بارے میں مستثنیٰ ہونے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

ان سارے قوانین کے علاوہ غیر سودی بینک کو سودی بینک کی طرح رزرو بینک سے B.R. ACT کی دفعہ ۲۲ کے ماتحت بینکنگ کا کاروبار چلانے کے لیے لائسنس ہونا ضروری ہے رزرو بینک یہ لائسنس دفعہ ۲۲ میں درج شدہ چند شرائط کے پورے ہونے پر دیتی ہے جن میں دو اہم شرائط ہیں، پہلی شرط یہ کہ لائسنس کی درخواست کرنے والے بینک کی مالی حالت اس قابل ہو کہ وہ اپنے حال کے اور مستقبل میں لانے والے امانت داروں کی رقوم ان کے طلب کرنے پر واپس لوٹا سکے اور دوسری شرط یہ ہے کہ اس کا طریقہ کار اور مستقبل میں ہونے والے امانت داروں کے حقوق کے لیے کسی قسم سے نقصان دہ ثابت نہ ہو۔ علاوہ ازیں لائسنس کے لیے درخواست کنندہ بینک کوئی ایسی پالیسی اختیار نہ کرے جو حکومت یا رزرو بینک کی پالیسیوں کے خلاف ہو۔ ان شرائط کے بارے میں رزرو بینک اپنے افسران کے ذریعے درخواست کنندہ بینک کا انسپیکشن کر کے اپنی خاطر خواہ تسلی کرنے کے بعد ہی لائسنس دے دیتی ہے۔

اسی قسم کے چند شرائط دفعہ ۲۳ میں بینک کو نئی شاخ کھولنے کے لائسنس کیلئے پورے کرنے پڑتے ہیں مگر ان کا خلاصہ یہاں کرنا ضروری نہیں ہے۔

لائسنس کے بارے میں جو شرائط ہیں وہ واجبی ہیں اور اگر ہمیں غیر سودی بینک کو تقویت بخشنا ہے تو ان کا پورا کرنا ہمارے حق میں مفید ہے۔

امید ہے کہ ہم یہاں درج کئے ہوئے سارے قوانین اور ضوابط کو کم و بیش پورا کرنے میں کامیاب ہوجائیں گے۔

# بلاسودی بینک کے قیام کی طرف
# ایک تعارف

محمد منظور عالم
ہیڈ اف دی ڈیپارٹمنٹ اف کامرس

انسانی تہذیب وتمدن میں جیسے جیسے تبدیلیاں آئیں، ان کی ضروریات زندگی میں نمایاں اضافہ، سائنس اور ٹیکنیکی ایجادات، رسل ورسائل کی سہولت، ________ بینکنگ سسٹم، تجارت کا پھیلا ہوا دائرہ، صنعتی کمپٹیشن، تجارتی پالیسی، اور نت نئے ایجادات بھی اثر انداز ہوئیں، اسلامی برادری بھی ان اثرات سے مستثنیٰ نہیں رہ سکتی ہے، ان پر اثر پڑنا فطری ہے، اور اسلامی برادری کا معاشی ارتقار بہت حد تک موجودہ دور کے تقاضوں کو پورا نہ کرنے سے رک جاتا ہے، اسلامی برادری کی معاشی بدحالی کی راہ میں حائل دشواریوں کا سرسری جائزہ لیا جائے تو پتہ یہ چلتا ہے کہ بینکنگ نظام کو ان دشواریوں میں بڑی اہمیت حاصل ہے۔

بنکاری نظام بلاواسطہ اور بالواسطہ کسی قوم اور ملک کے اقتصادی شعبہ پر اثر انداز ہوتا ہے، اس بینکنگ سسٹم کا دائرہ صرف ملکی سطح پر ہی نہیں بلکہ غیر ملکی سطح پر بھی پھیلا ہوا ہے لہٰذا بینکنگ نظام کو نظر انداز کر کے اسلامی برادری کا کوئی مثبت معاشی پروگرام مرتب کرنا دشوار ہے۔

## اسلامی بینک کیوں؟ WHY ISLAMIC BANK?

چونکہ اسلام مکمل آئین حیات ہے اور انسانی زندگی کا ٹھوس دستور ہے، لہٰذا اسلام کے پیروکاروں کو اپنے معاشی نظام زندگی کو اسلامی آئین کے دائرہ میں ہی مرتب کرنا ہوگا،

مسلمانوں کا بینکنگ نظام بھی اسلامی اصُول کے تحت ضروری ہے۔ اسلامی اصول کے مُطابق بینکنگ نظام کو استوار کرنے کے بعد ہی مستحکم معاشی نظام کی تخلیق و تنفیذ ممکن ہے، جو کسی قوم و ملت کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔

## بلاسُودی بینکنگ نظام INTEREST FREE ISLAMIC BANK

مسلمانوں کا ایک طبقہ جو پراگندہ ذہن رکھتا ہے یہ کہتا ہے کہ بلاسودی بینکنگ نظام کی بنیاد پر ایک اچھا معاشی پروگرام مرتب کرنا دشوار ہے، یہ طبقہ غیر اسلامی اصُولوں پر مرتب بینکنگ نظام کا مؤید FOLLOWERS ہے، ان کے ذہن میں یہ بات گھر کر گئی ہے کہ مارشل، پیگو، رکارڈو، (Marshall, Pigo, Ricardo) جیسے لوگ ہی معاشی نظام کو مرتب کر سکتے ہیں،

بہر حال جب ہم اسلامی بینکنگ کی بات کرتے ہیں تو اس سے مراد شرعی احکام کی روشنی میں اقتصادی نظام کی ترویج ہوتی ہے، اور مستقبل کا بینکنگ نظام انہی شرعی اصولوں پر مرتب ہوگا جو نہ صرف اسلامی برادری کے لیے نافع ہے بلکہ پوری انسانی برادری کے لیے مشعلِ راہ ہے۔

## چند ممالک میں اسلامی بینک ISLAMIC BANK IN DIFFERENT CENTURIES

اسلامی بنک کی شکل و صورت اور اس کی حیثیت مختلف ممالک میں مختلف ہے، اسلامی بینکنگ کے ماڈل کی تیاری میں تو بہت سارے پہلوؤں کو مدنظر رکھنا ہوگا، اس سلسلہ میں چند نکات جو کسی بینکنگ کے قیام میں اہمیت رکھتے ہیں پیش خدمت ہیں۔

RESERVE SYSTEM (i)
STRATEGIC POLICY (ii)
RATE OF GROWTH (iii)
EXCHANGE RATE (iv)
TARRIF POLICY (v)
CONSUMPTION REQUIREMENT (vi)
FAVOURABLE OR UNFAVOURABLE (vii)
BALANCE PAYMENT

WAR PERIOD (viii)
INDUSTRIAL POLICY (ix)
LICENSING POLICY (x)

NATURAL RESOURCES (xi)

یہ بنیادی نکات ایک اچھا بینکنگ نظام ترتیب وتشکیل دینے میں معاون ثابت ہو سکتے ہیں، لہذا کسی ملک کا بینکنگ نظام کیا ہوگا یہ ساری باتیں مختلف ملک میں مختلف ہوسکتی ہیں. مثلاً پاکستان میں کل نفع سے ایک خاص حصہ نکال لیا جاتا ہے جو بینکنگ کے اخراجات کے لیے ہے، اس کے بعد سرمایہ کاری میں ترجیحی پہلوؤں کو شامل کرکے نفع کا بٹوارہ ہوتا ہے.

پاکستانی بینک کی خامیوں کو چند سطور میں بیان کرنا مشکل ہے اس پر مستقل گفتگو کی ضرورت ہے، مختصراً یہ کہ پاکستانی بنک قومی تحویل میں ہیں، سوڈان میں بھی کچھ یہی صورتحال ہے، کچھ بینک آمدنی کے ایک تناسب کو انتظامی اخراجات کے لیے لیتے ہیں. بعدہ منافع بٹوارہ بنک اور جمع کرنے والا DEPOSITORS کے درمیان ہوتا ہے.

ہندوستان میں کچھ مسلم سوسائٹیاں بلاسودی بنکنگ چلاتی ہیں، جو قرض لینے والوں سے آفس اخراجات، لاگتی اخراجات، اور کاغذات ہونے والے خرچ کے نام پر وصول کرتی ہیں، جسے درست اسلامی بینکنگ پالیسی نہیں کہا جاسکتا ہے.

## اشتراکی معاشی نظام میں اسلامی بینک

جہاں تک اشتراکی معیشت MIXED ECONOMY میں اسلامی بینک کا تعلق ہے تو یہ مسلم ممالک سے قطعی جدا ہے، اسلامی ممالک اپنے داخلی اور خارجی بینکنگ اصول کو اپنے اسلامی قوانین کے اندر مرتب کرتے ہیں، سرمایہ کاری میں بھی اس کے لیے راہیں ہموار ہیں، جیسے LIQUIDITY PREFERENCE (i)

ENTRANCE IN PRODUCTIVE ACTIVITY (ii)
ENTRANCE FROM MARKET (iii)
RATE OF DIVIDEND (iv)
GOVERNMENT INDUSTRIAL SUPPORT(v)
EXCHANGE POLICY (vi)

ان سارے اصولوں پر اسلامی بینکنگ مبنی ہے۔۔۔۔ اشتراکی ملوکیت Mixed Economy میں غیر اسلامی ممالک میں بلا سودی بینکنگ نظام کے لیے بہت ساری دشواریاں ہیں مثلاً ہندوستان میں اسلامی بینکنگ نظام میں چند دشواریاں حائل ہیں، مثلاً ہندوستانی مسلمانوں کا سرکاری بینکنگ پالیسی میں عدم شمولیت، بینکنگ کا دائرہ، انتظامی امور، نئے صنعتی میدان میں سرمایہ کاری بینکنگ کے محدود کام کا دائرہ صنعتی پالیسی، زرمبادلہ پر کنٹرول زرمبادلہ کا در، محدود مارکیٹ وغیرہ وغیرہ، سارے نکات ایک بلا سودی بنک کے قیام کی راہ میں دشواریاں پیدا کرتے ہیں، تاہم اس کی گنجائش باقی ہے کہ یہاں اسلامی بنک کا قیام ہو۔

المختصر چند سطروں میں مختلف ممالک کے اسلامی بنک کے مسائل کو بیان کرنا دشوار ہے۔ اس کیلئے بینک ریسرچ کی ضرورت ہے جس کے ذریعہ دشواریوں کو بہت حد تک دور کیا جاسکتا ہے۔

# اسلامی بینک اور غیر اسلامی بینک میں موازنہ:

اسلام سختی سے سود، لاگتی اخراجات، انتظامی اخراجات کو منع کرتا ہے، ساتھ ہی روپے اکٹھا کرنے کے دوسرے طریقے جیسے اسٹاک، شیئر Share Stock بانڈ Bond کی اجازت دیتا ہے تاہم ڈبینچر Debenture پری فیرنس شیئر Preference Share وغیرہ کو منع کرتا ہے۔

دوسری طرف اشتراکی نظام، اجارہ داری نظام اور سوشلسٹ ممالک کے بنک کا اصول اس کے برعکس ہے، ان ممالک کے بنک کے نظام میں سود کو روح کی حیثیت حاصل ہے بلکہ وہ اس نظام کی ریڑھ کی ہڈی ہے، تاہم دوسرے مختلف نظریہ رکھنے والے بلا سودی نظام، اسلامی بنک کے طریقہ کار کو صحت مند معاشرہ کی بنیاد مانتے ہیں ذیل میں ہم کینس KEYENS اور مارشل MARSHALL کے خیالات کو ظاہر کرتے ہیں۔

KEYNES AND MARSHALL THOUGHT ON INTEREST

کنس نے تھیوری آف CONSUMPTION اور ACCELERATION پیش کیا ہے۔ ان کا کہنا یہ ہے کہ سود نہ ہی اچھے معاشرے کے لیے مفید ثابت ہوتا ہے اور نہ ہی سرمایہ کاری کو فروغ دیتا ہے، نہ ہی معاشی استحکام لاتا ہے، ان کا کہنا ہے کہ سرمایہ کاری خرچ کرنے کے مواقع Prospensity to consume پر منحصر کرتا ہے۔ جس کا تعلق ذیل سے ہے۔


(I) روزگار کے مواقع Employment

(II) خوشحالی Prosparity

(III) معاشی ترقی Economic growth

(IV) سرمایہ کاری Investment, Saving

یہ ساری باتیں ایک اچھے معاشی استحکام کی راہ میں مفید ثابت ہوتی ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ معاشی خوشحالی، سرمایہ کاری کی وجہ سے ہے اور سرمایہ کاری کی بنیاد بچت ہے، بچت کا رشتہ روزگار کے مواقع کی فراہمی سے ہے اور روزگار کے مواقع کی فراہمی کا تعلق معاشی ترقی سے ہے۔




کنس، مارشل کے اس خیال سے بالکل اتفاق نہیں کرتے، کہ جیسے جیسے سود کی در میں اضافہ ہوگا، سرمایہ کاری میں بھی اضافہ ہوگا، مارشل کا کہنا ہے کہ سود کی در بڑھتی ہے اور اس سے معاشرے میں استحکام آتا ہے، لیکن جہاں تک معاشی استحکام، روزگار کے مواقع، صنعتی ترقی، عوام کی قوت، خرید میں اضافہ، متوازن قومی ترقی کا سوال ہے تو مارشل کا نظریہ سود کی در، اور سود پر قائم معاشی نظام عدم استحکام کو تقویت دیتا ہے، ساتھ ہی سرمایہ دارانہ نظام کو فروغ دیتا ہے۔

دوسری جانب کنس سے بڑی صاف گوئی سے یہ بات کہی ہے کہ جیسے جیسے لوگوں میں اشیاء کا استعمال بڑھے گا۔ پیداوار میں اضافہ ہوگا، پیداوار میں اضافہ کے لیے سرمایہ کی ضرورت ہوگی، اور سرمایہ کاری کے مواقع ملیں گے، سرمایہ کاری اور لوگوں کی بچت زیادہ ہوگی، آمدنی میں اضافہ ہوگا، روزگار کے مواقع فراہم ہوں گے، معاشرت میں خوشحالی آئے گی، کسی قوم اور ملک کی فلاح زندگی کے ہر شعبہ میں دکھائی دے گی ـــــ لہٰذا سود پر مبنی معاشرہ ناپائیدار ہے، جبکہ بلاسودی نظام مثبت اور جامع ہے، چند سطور میں اس نظریہ کو بیان کرنا مشکل ہے ـــــ لہٰذا عملی زندگی خواہ مسلم قوم کی ہو یا غیر مسلموں کی یہ بات واضح ہے کہ معاشی خوشحالی اور بہتری بلاسودی بینکنگ نظام کے ذریعہ ہی ممکن ہے، چودہ سال پہلے اسلام نے معاشرہ کو جو معاشی نظام دیا ہے آج بھی وہ عالمی معاشیات میں بہترین نمونہ ہے اور مستقبل میں بھی رہے گا۔

## ہندوستان میں اسلامی بینک کا خاکہ

جہاں تک ہندوستان میں بلاسودی بینکنگ نظام کا سوال ہے تو اسے چند سطور میں پیش نہیں کیا جاسکتا ہے تاہم کچھ پوائنٹ کو سامنے رکھ کر ہم اگر چاہیں تو بلاسودی اسلامی بینک قائم کر سکتے ہیں، بلاسودی بینکنگ نظام کا طریقہ کار مختلف ممالک میں مختلف ہو سکتا ہے جو وہاں کے رسم ورواج، حکومت کی پالیسی، سرمایہ کاری کے مواقع اور دوسرے حالات کے اعتبار سے جزوی طور پر مختلف ہو سکتی ہے، کسی ملک کا بینکنگ نظام کیا ہوگا۔ یہ وہاں کی اقتصادیات پر مبنی ہے، خلاصہ یہ ہے کہ ہندوستان میں بلاسودی بینکنگ نظام کیلئے مندرجہ ذیل باتوں کو دھیان میں رکھنا ہوگا۔

## سرمایہ اکٹھا کرنیکا اصول

ہندوستان میں سرمایہ اکٹھا کرنا اور سرمایہ کاری دوسرے ممالک سے مختلف ہے یہاں Depositor کو جمع کی گئی رقم پر سود دینا پڑتا ہے، جس کی لالچ میں وہ پیسہ جمع کرتے ہیں خاص طور سے غیر مسلم اس سے بہت زیادہ متاثر ہیں، لیکن ہمارے بلاسودی نظام میں صرف

Depositor, کو اس بات کی ضمانت دی جائے گی کہ وہ ضرورت پر روپے نکال سکیں
اسے ہم Transaction لین دین کی سہولت بھی دے سکتے ہیں، ان سہولیات کو دینے
کی صورت میں بینکنگ کچھ کمیشن لے گی نہ کہ سود دے گی، پھر اس کا لائحہ عمل علاقائی وصوبائی
سطح پر طے کرنا ہوگا، لیکن ہندوستان میں اس کی نوعیت دوسری ہوگی، کمرشیل Depositors
کو سود دیتی ہے، مسلم Depositor تو بلاسودی بینک نظام چاہتے ہیں، لیکن غیر مسلم روپے
جمع کرنے سے گریز کریں گے، تاہم مستقبل میں وہ ہمارے آگے جھکیں گے، انشاء اللہ اس پر
تفصیلی گفتگو ہوگی۔

بلاسودی نظام میں ہم اپنے یہاں Depositors کا ۵۰٪ ہارڈ کیش کی شکل میں ہمیشہ
رکھیں گے تو Money at call کی سہولت ہوگی، تاہم ملکی قوانین اور شرح کے تصادم
سے گریز ضروری ہے۔

BORROWING PRINCIPLE

قرض دینے کی صورت میں ہم Consumption اور Production
دونوں طرح کے قرض کل جمع کی گئی رقم کا ۲۰٪ حاجتمندوں کے درمیان تقسیم کریں گے۔
یہ قرض حاجتمندوں کے لیے متدق ہوگا، اور ان سے ایک پیسہ بھی زائد نہیں لیا جائیگا، تبھی
بلاسودی بینکنگ نظام ہوگا، ہاں یہ بات دھیان میں رکھنی ہوگی کہ قرض دیتے وقت زر
ضمانت کے طور پر توان کو دی گئی، رقم کے برابر، بختہ ضمانت لی جائے، جو روپیہ ادا نہ
کرنے کی صورت ضبط کرلی جائے، قرض ادا کرنے میں قسط وار قرضہ ادا کرنے کی سہولت
دی جائے، پھر حتمی فیصلہ بلاسودی بینک کے منتظمین کو کرنا ہوگا، کہ وہ کن حالات میں اور کیسے
وقت میں اس طرح کے مواقع فراہم کریں گے، یہ انتظامی امور بینکنگ کی معاشی حالت
ملکی حالات اور دوسرے حالات کو مدنظر رکھ کر اصول بنانا ہوگا۔

## سرمایہ کاری اصول

آفس کی لاگت ساتھ ہی دوسرے بینکنگ اخراجات سے منسلک مسائل درپیش ہیں
ظاہر ہے بلاسودی بینکنگ نظام میں آمدنی کی صورت کیا ہوگی تاکہ اخراجات کو پورا کیا

جاسکے، یہ اخراجات سرمایہ کاری Investment, سے پورے ہوں گے، ساتھ ہی Liquidity Preference theory کو دھیان میں رکھنا ہوگا، بینک کو چاہیے کہ بانڈ جاری کرے۔ اسٹاک ( STOCK, ) کو جاری کرے جو بلاکسی طے شدہ سود کی درکے ہوگا، ہاں نفع یا نقصان کی صورت میں اس کی ادائے گی اسی لحاظ سے ہوگی، اس رقم میں سے آفس کے اخراجات کو پورا کرنے کے بعد کی رقم کا بٹوارہ ہوگا، قلیل المدت سرمایہ کاری کو زیادہ فوقیت دی جائے۔ ساتھ ہی Liquidity کی اہمیت کو نظر انداز نہ کیا جائے، لوچدار Elastic. سرمایہ کاری سے گریز کریں، کہنے کا مقصد یہ ہے کہ ایسے ( Channels, ) میں سرمایہ کاری سے گریز کو جو بہت زیادہ نقصان دہ اور بہت زیادہ نفع دہ نہ ہو۔ ماہرین اقتصادیات اور کامرس کی شمولیت اس میں ضروری ہے، الغرض یہ کہ سرمایہ کاری ساجھے دار کی صورت میں ہو اس طرح بینکنگ اور De positor, کے مابین پاٹنرشپ کا رشتہ ہو، بینک کے اراکین، ملازمین ہوں، ساتھ ہی وہ سرمایہ کاری میں بھی حصہ لیں تبھی ٹھوس اور مثبت لائحہ عمل مرتب ہوگا، یہ پالیسی کچھ عجیب وغریب ہوگی، یعنی سپہ سالاری Strategical points, کو مدنظر رکھنا ہوگا۔

NON-BANKING SERVICES

## اسلامی بینک کیلئے آمدنی کی دوسری صورت

بلاسودی بینکنگ نظام کے لیے یہ ضروری ہے کہ دوسری طرح کی سہولت بھی اپنے گاہکوں کو فراہم کرے، یہ کسی بینک کی آمدنی کا اچھا خاصہ طریقہ ہے، موجودہ اسلامی بینک ان باتوں کو بالکل نظرانداز کئے ہوئے ہے، خواہ ہندوستان کا بنک ہو یا دوسرے ممالک کا، اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ Non-Banking سہولت دے، جو معاوضہ کی صورت میں کمیشن لے سکے۔

اس طرح کی سہولت میں زیورات، دستاویزات، دوسری اشیاء کا اپنے یہاں محفوظ رکھنا، تجارتی طبقے کو معلومات فراہم کرنا، شیر اور اسٹاک کو Under-Writing, کرنا وغیرہ وغیرہ۔

دوسرے ممالک میں بینک کا اس طرح کا کام بڑے وسیع پیمانہ پر ہے، لیکن مسلم ممالک کے بینک ان کاموں سے نابلد ہیں، جو بلاسودی بینکنگ نظام کے قیام میں رکاوٹ ہے۔ لہذا اسے دُور کرنا چاہیئے۔

ISLAMIC BANK:- A PARTNERSHIP FORM OF LABOUR & CAPITAL.

جہاں تک اسلامی بینک کے قیام اور دائرہ کار کا سوال ہے، یہ سرمایہ اور مزدور کے اشتراک پر قائم ہوگا، اسلامی بینک کے قیام کا مقصد مزدوروں سے تصادم کو ختم کرنا، اسٹرائک اور لاآوٹ کو دور کرنا، سرمایہ کے Collection کو روکنا اور اسلامی برابری Islami c-Socio-Economy کا نظام قائم کرنا ہے جو متوازن معاشی استحکام، سرمایہ اور مزدور کے درمیان باہمی تال میل سے ہی ممکن ہے، ساجھے داری کی تجارت اس سمت میں زیادہ نافع ہے۔ مزدور اور سرمایہ کے میل سے ایسا تجارتی فارمولا بنایا جائے جس سے کسی قوم یا ملک کی پیداواری صلاحیت بڑھے، اور معاشرے میں خوشحالی آئے۔

اس طرح بلاسودی اسلامی بینک شیر ہولڈر، Investor Depositor کا ایک ساجھی داری نظام ہے جو نہ صرف مادی ضرورت کو پورا کرتا ہے بلکہ روحانی اور اخلاقی کردار کی طرف لے جانے میں معاون ہے، اس طرح مزدورکش پالیسی کو دور کیا جاسکتا ہے اور اچھا معاشرہ وجود میں لایا جاسکتا ہے۔

## اسلامی بینک کا عالمی ڈیولپمنٹ بینک سے رشتہ:۔

اوپر کی باتوں پر غور کرنے سے سامنے یہ بات آتی ہے کہ دنیا کا کوئی بڑا بینکنگ ادارہ اسلامی اصول کو نظرانداز کر کے نہیں رہ سکتا، مزدوروں اور مالکوں کے درمیان ٹکراؤ، پیداواری راہ میں رکاوٹ، اخلاقی بدحالی دور، انسانیت کا اصول، معاشی خوشحالی کو بروئے کار لانے کے لیے بلاسودی اسلامی بینک کا قیام ضروری ہے، اس طرح اسلامی بینک کا خاص رشتہ International Development Bank. سے ہوتا ہے، کیونکہ I.D.B (انٹرنیشنل ڈیولپمنٹ بینک) بھی ایسے ممبرس ممالک کو معاشی استحکام کے لیے Zero سود

کی شرح پر رقم فراہم کرتا ہے، اس طرح یہ بات ثابت ہوجاتی ہے کہ بلاسودی نظام کی بالادستی ہر جگہ قائم ہے، لہٰذا اسلامی بینک کا رشتہ I.D.B. سے الگ نہیں ہونا چاہیئے بلکہ اس کے دائرہ کار کو اور وسیع بنانے کے لیے معاونت کرنی چاہیئے، لہٰذا اسلامی بینک ان ممالک میں جو غیر مسلم ہیں ان سے قطع تعلق رکھنے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ ان کو اپنے دائرہ کار کے اندر مقام دینا چاہیئے۔

## عرب ممالک کے اسلامی بینک کا طریقہ کار:

جہاں تک عرب ممالک کے بینک کا سوال ہے ان پر ایک تفصیلی گفتگو کی ضرورت ہے جو ابھی ممکن نہیں، تاہم ان ممالک کے بینکنگ کا دائرہ نہ صرف اپنے ملک تک محدود ہے بلکہ عالمی سطح تک پھیلا ہوا ہے، ان کے سامنے نہ صرف ملکی تقاضا ہے، بلکہ اسلامی برادری کا مضبوط رشتہ ہے وہ اسلامی بینکنگ نظام میں مثبت رول ادا کر سکتے ہیں۔ تاہم ان کے سامنے چند دشواریاں پیش ہیں، جن کو خوش اسلوبی سے حل کیا جا سکتا ہے، مندرجہ ذیل چند نکات قابل غور ہیں۔

- Strategical Activities (i)
- Favourable Balance of Payment (ii)
- Cut in Consumption Goods (iii)
- Avoidation from Non-Islamic Countries Product (iv)
- Search of Substitution (v)
- Promotion of Business with Muslim Countries (vi)
- Preference of Muslim Societies Product (vii)
- To Keep Pace with Dollar & Pond (viii)
- Elestic Tarrif Policy (ix)

سب سے پہلے تو ان کو چاہیئے کہ فائدہ مند بچت کے اصول کو اپنائیں، یعنی زر مبادلہ پر انکی گرفت مضبوط ہو، ایسا کرنے کے لئے ان کو ایسے ممالک کے Consumption Goods

پر روک لگانا پڑے گا، یہ ان کے لیے Stratety پیدا کرتا ہے، ساتھ ہی اسلامی برادری کے اشیاء کے مصارف کو فوقیت دینی ہوگی، یہاں پر پھر ہم ان کا دھیان پچھلی باتوں کی طرف مبذول کرنا چاہتے ہیں کہ کنس کی تھیوری یعنی Consumption میں اضافہ اور اس میں کمی سپہ سالارانہ انداز میں کرنا ہوگا، ان کو چاہیئے کہ مسلم برادری کی پیداواری صلاحیت خواہ چھوٹے پیمانہ پر ہو یا بڑے پیمانہ پر CONSUMPTION کے ذریعہ فروغ دیں۔ Tarrif Policy سختی اور نرمی کریں۔ آسان طور سے اسلامی برادری کے سرمایہ کا دخول اور اخراج کریں، ساتھ ہی اسلامی برادری میں سرمایہ کاری کی عادت بالواسطہ یا بلاواسطہ ڈالیں، اس کام کے لیے ان کو ایک ایسا ادارہ قائم کرنا ہوگا جو اسلامی برادری کے معاشیات کا مطالعہ کرنے کے بعد فوراً عملی اقدام اٹھائیں، انگلینڈ کا پاؤنڈ اور امریکی ڈالر DOLLAR ان کو اثر انداز نہیں کرسکے، جاپان کا لیرا LIRA بھی ان کے بینکنگ نظام میں دشواری حائل نہ کرسکے۔

## عالمی مسلم بینک کا قیام:

اخیر میں میں یہ کہوں گا کہ ایک عالمی مسلم بینک کا قیام عمل میں لایا جائے جو مسلم برادری کے لیے ایک چیلنج ہے، اس کا قیام جتنا جلد ممکن ہو سکے عمل میں لایا جائے، اور سارے مسلم ممالک اس کے ممبران ہوں، ماہرین کی ٹیم ہر ماہ رابطہ قائم کرے اور تجارتی و صنعتی شعبہ کے ماہرین کو اس میں شامل کر کے ایک ایسا عالمی بینکنگ نظام قائم کیا جائے جو حالات اور وقت کے تقاضوں کو پورا کر سکے، اس کے لیے ٹریڈ اور کامرس کے ماہرین کی خدمت ضروری ہے ماہرین کامرس مل کر ایک مضبوط بینکنگ قلعہ بنائیں، ساتھ ہی موجودہ قدرتی وسائل کا استعمال اس طرح کریں کہ اسلامی برادری کے CONSUMPTION کو فروغ ملے۔

واخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

# اسلامی بینک۔ چند قابلِ غور پہلو

(از: مولانا جمیل احمد نذیری      ناظم اعلیٰ جامعہ عربیہ احیاء العلوم مبارکپور، اعظم گڈھ

ہندوستان کے مختلف علاقوں کے مسلمانوں نے اسلامی اصولوں کو سامنے رکھ کر بینکنگ کا جو نظام قائم کیا ہے۔ ان میں عام طور پر قرض حاصل کرنے کے لیے فارم خریدنا ہوتا ہے۔ اس سلسلے میں درج ذیل شرائط ملحوظ رکھنا ضروری ہے۔

(الف) فارم کی قیمت کے کم و بیش ہونے کے ساتھ ساتھ فارم کا کاغذ میں عمدہ اور معمولی ہونے کے اعتبار سے مختلف ہونا چاہیئے۔

(ب) فارم کی فروخت اور قرض دینے کا کاؤنٹر الگ الگ ہو۔

(ج) قرض خواہ پہلے فارم خرید لے، اس کے بعد قرض کا معاہدہ لکھ کر قرض دیا جائے۔

(د) فارم کی قیمت سے مقصود منافع کمانا نہ ہو بلکہ ادارہ کی ضروریات کی کفالت بقدر الحاجۃ مقصود ہو۔

(ہ) جوں جوں ادارہ کی آمدنی بڑھتی رہے۔ فارم کی قیمت میں کمی کردی جائے۔ اور اگر کسی ایسی مستقل آمدنی کا بندوبست ہو جائے جس سے ادارہ کا خرچ بآسانی چل جائے تو قرض خواہ سے صرف وہی خرچ لینے پر اکتفا کیا جائے جو لاگت آئی ہو۔ قرض کی تجدید میں درج ذیل شرائط پر عمل کیا جائے۔

(الف) قرض کی مدت پوری ہوتے ہی پہلا معاہدہ بالکل ختم کر دیا جائے اور پھر سے نیا معاہدہ ہو اور اس کی صورت یہ ہو کہ مستقرض ہر مدتِ قرض کی ابتداء میں بذاتِ خود یا اپنے وکیل کے ذریعہ (کسی سے بھی وقتی ادھار لے کر) سابقہ قرض ادا کرے۔

تجدید کے لیے وقتی ادھار اسلامی بنک بھی دے سکتا ہے۔ پھر نئے فارم پر دوبارہ معاہدہ لکھا جائے۔ اسلامی بنک کے کسی کاؤنٹر سے وہی روپے اس کو دوبارہ دے دیئے جائیں اور دوسرے کاؤنٹر سے آج والا قرض وصول کر لیا جائے۔

اس صورت میں مستقرض کو مدت قرض ختم ہونے پر تجدید کے لیے خود آنا ضروری ہے۔ اور اگر تجدید کے لیے کسی کو اپنا وکیل بنا دے تو خود آنے کی ضرورت نہیں رہے گی۔ وکیل اسلامی بنک کے کسی کلرک وغیرہ کو بھی بنا سکتا ہے۔ قرض والے فارم پر ہی یہ عبارت درج کر دی جائے۔

تجدید قرض کے لیے میں نے ۔۔۔۔۔۔۔۔ صاحب کو اپنا وکیل مقرر کیا ہے۔ وہ مدتِ قرض ختم ہونے پر کسی طور پر بھی روپے کا انتظام کر کے تجدید کرالیں۔ میں اس رقم کا ذمہ دار رہوں گا۔

اس عبارت کے نیچے مستقرض کے دستخط و تاریخ ہو اور اس شخص کے بھی جس کو وکیل بنایا ہے۔

(ب) تجدید کے لیے نیا فارم ہونا ضروری ہے۔ اگر سابقہ فارم پر ہی مدت بڑھا دی گئی ہو اور فارم کی قیمت وصول کی گئی ہو تو سود ہو جائے گا۔

(ج) سابقہ معاہدہ بصورتِ مذکورہ ختم کیے بغیر محض توسیع مدتِ قرض کے لیے نئے فارم کی قیمت وصول کرنا سود ہے اور بلاشبہ اس پر کل قرض جر نفعاً فہو ربوا (شامی باب الربوا) صادق آئے گا۔

(د) ہر معاہدۂ قرض کے لیے، خواہ پہلے پہل کا معاملہ ہو یا تجدید کا، پہلے سے فارم خریدنا ضروری ہے یعنی فارم پہلے خرید لے، معاہدۂ قرض بعد میں لکھا جائے، اس کے بعد قرض دیا جائے۔

(ہ) یعنی اداروں میں مدتِ قرض تین ماہ ہے تین ماہ پورے ہو جانے پر تجدید کرانی ہوتی ہے، یا تو یہ مدت بڑھا دی جائے یا فارم کی قیمت بس واجبی سی انتظام ادارہ کی ضرورت کے حساب سے رکھی جائے، اور انتظام ادارہ کا جوں جوں بندوبست ہوتا جائے فارم کی قیمت کم کی جاتی رہے۔ جیسا کہ پہلے عرض کیا جا چکا ہے۔

ایسا نہ ہو کہ لوگ حساب لگانے لگیں کہ سودی بینکوں میں سود کا جو سالانہ فیصد پڑتا ہے۔ ــــــــــــ وہی یا اس کے قریب قریب یہاں بھی ہو گیا، فرق اتنا کہ اس رقم پر سود کا اطلاق نہیں ہو سکتا، اور بینک کو دی جانے والی رقم شرعاً سود ہوتی ہے۔ لیکن یہاں بھی بے چارے غریب مسلمان کا کوئی خاص فائدہ نہیں ہوا کیونکہ زیر باری تقریباً وہی رہی۔

اسلامی مالیاتی اداروں میں عام طور پر زیورات رہن رکھ کر قرض دیا جاتا ہے۔ یہ ادارے بغرضِ حفاظت ان زیورات کو کسی سرکاری بنک کے لاکر میں رکھتے ہیں اور لاکر کا کرایہ ادا کرتے ہیں، اس سلسلے میں یہ بات پیشِ نظر رہے کہ ہر حال میں یہ کرایہ اسلامی مالیاتی اداروں پر ہی

عائد ہوتا ہے۔ اگر کوئی ادارہ یہ خرچ مستقرضین سے حاصل کرنے لگے تو جائز نہ ہوگا۔

واعلم انه لایلزم شئی منه لواشترط علی الراهن فهستانی عن الذخیرة۔ درمختار۔ وفی الجوهرة لوشرط الراهن للمرتهن اجرة علی حفظ الرهن لایستحق شیأ لان الحفظ واجب علیه۔ (الردالمحتار علی الدرالمختار: ج ٥، ص ٣١٣.)

ایک مسئلہ یہ بھی سامنے آتا ہے کہ مالیاتی ادارے، جمع شدہ رقم کہاں رکھیں، انکی حفاظت کیسے کریں؟ ہوتا یہ ہے کہ وہ ایسے سرکاری بنکوں میں جمع کر دیتے ہیں اور اس پر بنکوں کے ضابطہ کے تحت سود ملتا ہے، سوال یہ ہے کہ اس سودی رقم کو کہاں خرچ کریں؟ اور خرچ کرنے کا ذمہ دار کون ہے؟ وہ لوگ جن کی جمع شدہ رقم پر سود ملا ہے؟ یا وہ ادارہ جس نے یہ رقم بنک میں جمع کی ہے؟

اس کا آسان حل یہ ہے کہ پاس بُک میں یہ عبارت چھپوالی جائے اور جمع کرنے والوں سے اس پر دستخط کرا لئے جائیں۔

"میں (کھاتہ دار) مُسلم بنک کو اجازت دیتا ہوں کہ اگر قانون یا حالات کی مجبوری کے پیش نظر میری رقم سرکاری بنک میں جمع کرنے کی ضرورت پڑجائے تو اس سے ملنے والا سود، اسلامی بنک، سُود کے شرعی مصارف میں خرچ کردے۔"

اس ضمن میں ایک سوال یہ ہے کہ جمع شدہ رقوم کی حیثیت امانت کی ہوتی ہے۔ پھر وہ دوسروں کو قرض کیسے دی جاسکتی ہے کیونکہ امانت میں اس قسم کا تصرف جائز نہیں۔

جواب یہ ہے کہ اسلامی بنکوں کا اہم مقصد یہی ہوتا ہے کہ مسلمانوں کو معاشی اعتبار سے مستحکم اور مضبوط کرنے کے لیے غیر سُودی قرض دیں، اور یہ بات عام طور پر ان کے اصُول وضوابط اور اغراض ومقاصد میں لکھی ہوتی ہے اور سبھی کھاتہ دار بالعموم اسے جانتے بھی ہیں، اور یہ بھی جانتے ہیں کہ ہماری ہی جمع شدہ رقمیں مستقرضین کو قرض دی جاتی ہیں، ان سب باتوں کو جاننے کے بعد کھاتہ کھولنا اور رقم جمع کرنا گویا دلالۃ اس بات کی اجازت دینا ہے کہ اسلامی بنک اپنے اغراض ومقاصد کے تحت اس رقم میں تصرف کرے۔ البتہ ہماری رقم ڈوبنی نہیں چاہیئے، ہم جب طلب کریں، مل جائے۔ عام طور پر اسلامی بنک عندالطلب رقم ادا بھی کر دیتے ہیں۔ بعض جگہوں پر بڑی رقموں کی واپسی کے لیے ایک دو دن کی مہلت بھی لی جاتی ہے اور یہ بات بنک کے ضوابط میں پہلے سے طے شدہ ہوتی ہے کہ اتنی رقم نکالنے کے لیے ایک دن پہلے درخواست دینا ضروری ہے، اور اتنی رقم

نکالنے کے لیے دو دن یا تین دن پہلے،

مزید احتیاط کے طور پر پاس بک میں ہی یہ عبارت چھپوالی جائے اور کھاتہ دار سے دستخط کرا لئے جائیں۔

"میں (کھاتہ دار) مسلم بنک کو اجازت دیتا ہوں کہ مسلم بنک میری رقم ضرورت مندوں کو قرض دے۔ لیکن میری ضرورت پر مجھے مل جائے۔

اس صورت میں دینے کی صراحتاً اجازت مل جائے گی۔

"بعض مالیاتی اداروں کے ضوابط میں یہ بات بھی نظر سے گزری کہ جو شخص ڈیلی رقم جمع کرنے والے فارم کو بھرے وہ اگر برابر ایک ہفتہ تک ڈیلی اماؤنٹ نہ جمع کرے تو کھاتہ بند کر دیا جائے گا اور آئندہ کھاتہ جاری کرانے کے لیے یا جمع شدہ رقم واپس لینے کے لیے پنالٹی دینی پڑے گی جسے مینجر یا آرگنائزنگ سکریٹری طے کرے گا۔"

اس پنالٹی کی بات غلط ہے، مالی جرمانہ جائز نہیں۔

والحاصل ان المذهب عدم التعزير باخذ المال ———— (ج ۳، ص ۱۷۹)

یہ بات اسلامی بنکوں کے مقاصد کے بھی خلاف ہے، ایک آدمی کس طرح روزانہ رقم جمع کرنے کا وعدہ کرے، پھر وہ پورا نہ کر سکے تو پنالٹی لگا دی جائے۔ یہ اس کے ساتھ تعاون نہیں ہوا۔ اگر کوئی شخص رقم جمع کرتے کرتے کسی وجہ سے یا یوں ہی جمع کرنے کا سلسلہ بند کرنا چاہتا ہے تو اسلامی بنکوں کی طرف سے جبر و اکراہ یا جرمانہ میرے خیال میں شرعی اصول سے میل نہیں کھاتا۔ ہاں! اس کا کھاتہ بند کر دیا جائے اور دوبارہ کھاتہ کھولنے کے لیے دوبارہ اسے پاس بک خریدنی پڑے اس کی گنجائش نظر آتی ہے۔

ماہانہ سیونگ اکاؤنٹ کے متعلق یہ اصول نظر سے گزرا کہ "اس قسم کا اکاؤنٹ کھولنے کے لیے کم از کم ۱۰/= ۱۵/= ۲۰/= ۳۰/= ۴۰/= ۵۰/= ۷۵/= یا ۱۰۰/= تک ہر ماہ جمع کرنا ہوگا۔ یہ اکاؤنٹ کم از کم چھ ماہ یا اس سے زائد کے لیے کھولا جا سکتا ہے۔ دو قسط جمع نہ کرنے کی صورت میں ۱/۔ روپئے وضع کر کے بقیہ رقم واپس کر دی جائے گی۔

یہاں بھی مالی جرمانہ والی بات پیدا ہو گئی اور جس قسم کے کمزور طبقہ کے لوگ بالعموم یہ قسطیں جمع کریں گے اگر وہ کسی وجہ سے دو قسطیں نہ جمع کر سکے تو ان پر جرمانہ لگا دیا جائے۔ یہ کسی طرح مناسب نہیں ہے۔

ختم شد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# غیر سودی بینک کاری مسائل اور ان کا حل

از: انیس الرحمٰن قاسمی
امارت شرعیہ بہار و اڑیسہ
پھلواری شریف پٹنہ

غیر سودی بینکاری عصرِ حاضر کی ایسی ملّی ضرورت ہے جس سے انکار نہیں کیا جاسکتا ہے اس پر غور کرنے سے پہلے ضروری ہے کہ سود کی اصل حیثیت پر بھی نگاہ ڈال لی جائے۔ یہ طے ہے کہ سود کی حرمت فروعی و استنباطی نہیں ہے بلکہ منصوص و قطعی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے واحل اللہ البیع وحرم الربٰوا۔ اور حرمت ربا کی آیت کے نزول کے بعد سود کا بقایا وصول کرنے کی بھی ممانعت کی گئی ہے اور اسے ایمان کے لیے بمنزلہ شرطِ قرار دیا گیا۔ یا ایہا الذین آمنوا اتقوا اللہ وذروا ما بقی من الربوا ان کنتم مومنین، اور جو لوگ سود لینے سے باز نہ آئیں ان کے لیے خدا کی طرف سے اعلان جنگ ہے۔ فان لم تفعلوا فأذنوا بحرب من اللہ و رسولہ وان تبتم فلکم رؤس اموالکم، لاتظلمون ولا تظلمون۔ (البقرہ ۲۷۹) تم تائب ہو جاؤ تو تمہارے لیے راس المال ہے۔ نہ تم ظلم کرو اور نہ تم پر ظلم کیا جائے) الذین یاکلون الربوا لایقومون الا کما یقوم الذی یتخبطہ الشیطان من المس (جو لوگ سود کھاتے ہیں وہ قیامت میں اس شخص کی طرح اٹھیں گے جسے شیطان نے خبطی بنا دیا ہو)

اس سے بھی شدید وعید اور سود خوار کے لیے نار جہنم کی تیاری اس طرح بیان کی گئی ہے۔

یا ایہا الذین آمنوا لاتاکلوا الربوا اضعافاً مضاعفۃ واتقوا اللہ لعلکم تفلحون، واتقوا النار التی اعدت للکافرین۔ ——— (سورۂ آل عمران ۱۳۰)

اے ایمان والوں سود بڑھا چڑھا کر مت کھاؤ اور اللہ سے ڈرتے رہا کرو تاکہ تم فلاح پاسکو اور ڈرو اس آگ سے جو کافروں کے لیے تیار کی گئی ہے)

اس آیت کے بارے میں امام ابو حنیفہؒ فرماتے ہیں کہ قرآن پاک میں یہ سب سے زیادہ

خوفناک آیت ہے۔

| | |
|---|---|
| کان ابوحنیفہ یقول: ھی اخوف آیۃ فی القرآن حیث اوعد المؤمنین بالنار المعدۃ للکافرین ان لم یتقوہ فی اجتناب محارمہ [1] | حضرت امام ابوحنیفہ فرمایا کرتے تھے کہ یہ آیت قرآن میں سب سے زیادہ خوف میں ڈالنے والی ہے۔ بایں طور کہ اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں کے لیے اس آگ کا وعدہ کیا ہے جو کافروں کے لیے تیار کی گئی ہے اگر وہ لوگ اللہ کے محارم سے نہ ڈریں) |

سود کی حرمت جس طرح قطعی ہے۔ اسی طرح مطلق بھی ہے اور موبد بھی۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے آیت حرمت ربا۔ احل اللہ البیع وحرم الربا کے بارے میں روایت ہے۔

| | |
|---|---|
| ان اخرما نزلت ایۃ الربا وان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم قبض ولم یفسرھا لنا، فدعوا الربوا والریبۃ [2] ———— (المراد آخر آیات الاحکام) | سب سے آخر میں آیت ربوا نازل ہوئی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس دنیا سے تشریف لے گئے مگر ربوا کی پوری وضاحت ہمارے لیے نہیں فرمائی۔ بس ربوا اور شبہہ ربوا کو چھوڑ دو۔ |

علامہ طیبی اس ذیل میں تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

| | |
|---|---|
| یعنی ان ھذہ آیۃ ثابتۃ غیر منسوخۃ بغیر مشتبھۃ فلذالک لم یفسرھا النبی صلی اللہ علیہ وسلم، فاجروھا علی ما ھی علیہ ولاتتربوا فیھا واترکوا الحیلۃ فی حل الربوا۔ [3] | (یعنی یہ آیت کریمہ ثابت ہے، نہ منسوخ ہے اور نہ مشتبہ ہے اسی وجہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی وضاحت نہیں کی۔ لہذا اسے اپنی حالت پر باقی رکھو اور اس میں شک نہ کرو۔ اور ربوا کو حلال قرار دینے والا حیلہ چھوڑ دو) |

یہ آیات اور اس ذیل کے آثار صراحتاً دلالت کر رہے ہیں کہ سود حرام ہے۔ اس لیے ہر حال میں اس سے بچنا لازم ہے۔ اور جہاں سود کے بارے میں اشتباہ پیدا ہوا سے بھی سود کے حکم میں داخل کرکے اس سے احتیاط ضروری ہے اور یہ کہ اس بارے میں حیلہ تلاش کرنا تقاضۂ ایمان کے منافی ہے۔

علامہ ابن رشد نے "ربا" کی دو قسم کی ہے: "ربا الدیون" اور "ربا البیوع" اور لکھا ہے کہ "ربا الدیون" "ربا الجاھلیۃ" ہے [4] اس وقت یہی "ربا" عام طور پر رائج تھا۔ امام ابوبکر جصاص

---

[1] تفسیر مدارک التنزیل ج ۱ ص ۱۴۱۔ [2] رواہ ابن ماجہ والدارمی، مشکوۃ المصابیح ص ۲۴۶۔
[3] حاشیہ مشکوۃ المصابیح نقلا عن اللمعات والمرقات۔ ص ۲۴۶۔ [4] بدایۃ المجتہد، ج ۲، ص ۱۲۸۔

نے احکام القرآن میں آیت ربا کے ذیل میں لکھا ہے۔

والربا الذی کانت العرب تعرفه وتفعله انما کان قرض الدراهم والدنانیر الی اجل بزیادة علی مقدار ما استقرض علی ما یتراضون به هذا کان المتعارف المشهور بینهم، ولذالک قال الله تعالیٰ، وما اٰتیتم من ربًا لیربوا فی اموال الناس فلا یربوا عند الله فاخبر ان تلک الزیادة انما کانت ربا فی المال العین لانه لاعوض لها من جهة القرض۔[1]

اور ربٰوا جو اہل عرب کے نزدیک معروف و مروج تھا اس کی صورت یہ تھی کہ دراہم و دنانیر ایک مدت کے لیے قرض پر لیے جاتے پھر اصل رقم کے ساتھ کچھ اضافہ کر دیا جاتا جس پر فریقین رضامند ہوتے یہی طریقہ ان کے نزدیک متعارف و مشہور تھا۔ اور اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا! اور جو تم سود دیتے ہو کہ اس کے ذریعہ لوگوں کے اموال میں زیادتی ہوگی لیکن اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس میں بڑھوتری نہیں ہوتی۔ اس آیت میں بتایا گیا کہ ربوا عین مال میں ہوتا تھا۔ اس لیے کہ قرض کی جہت سے اس کا عوض نہیں ہوتا۔

اس سے معلوم ہوا کہ ایام جاہلیت میں قرض بشرط الزیادہ رائج تھا اور یہی وہ ربا ہے جسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں ختم کرنے کا اعلان ان الفاظ میں کیا تھا الا ان ربا الجاهلیة موضوع واول ربًا اضعه ربا العباس بن عبد المطلب۔[2] اس لیے آثار میں قرض دینے والے کو کہا گیا ہے کہ وہ قرض لینے والے سے نہ تو ہدیہ لے۔ نہ اس کی سواری پر چڑھے۔ الا یہ کہ پہلے سے ہدیہ لینے دینے کی عادت ہو۔ (قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا اقرض احدکم قرضا فاهدی له، او حمله علی الدابة فلا یرکبها ولا یقبله الا ان یکون جری بینه وبینه قبل ذالک[3]

بلکہ جس جگہ سود کا شیوع عام ہو جیسے کہ اس زمانہ میں بالخصوص ہندوستان جہاں ہر چیز میں سود ہے۔ ایسی جگہ تو قرض دینے پر کسی قسم کا فائدہ ربا میں داخل ہوگا۔ امام بخاری نے ابو بردہ سے روایت کیا ہے۔

قال اتیت المدینة، فلقیت عبد الله بن سلام رضی الله عنه، فقال: الا تجئ فاطعمک سویقا وتمرا وتدخل فی بیت ثم قال: انک فی ارض (یقصد العراق) الربا بها فاش، اذا کان لک علی رجل حق فاهدی الیک حمل تبن او حمل شعیر او حمل قت فانه ربا۔[4]

انہوں نے کہا کہ میں مدینہ آیا تو عبد اللہ بن سلام سے میری ملاقات ہوئی۔ انہوں نے مجھے ستو اور کھجور پر اپنے گھر مدعو کیا۔ پھر فرمایا کہ آپ ایسے ملک میں (عراق) رہتے ہیں جہاں ربا عام ہے۔

---

[1] احکام القرآن۔ جصاص ج ۱ ص ۴۶۵ [2] بدایۃ المجتہد ج ۲، ص ۱۳۰۔ [3] رواہ ابن ماجہ فی السنن۔ [4] رواہ البخاری فی الجمع۔

اور مالکان سرمایہ کو حصہ رسدی تقسیم نہ کیا جائے، نہ از روئے قواعد ان کو طلب کرنے کا حق دیا جائے اور فاضل منافع کو کسی وقت بھی مالکان سرمایہ کا حق قرار نہ دیا جائے بلکہ کمیٹی کا کاروبار ختم کرنے کے بقیہ منافع کو غرباء پر تقسیم کرنے کا قاعدہ مقرر کر دیا جائے۔ اور کوئی صورت اس میں شخصی انتفاع بالقرض کی نہ ہو تو اس میں مضائقہ نہیں معلوم ہوتا۔ [1]

اس فتوی پر مختصر تائیدی کلمات کے ساتھ حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی، حضرت مولانا ثناء اللہ امرتسری، حضرت مولانا نثار احمد صاحب مفتی آگرہ، حضرت مولانا محمد عثمان غنی صاحب، ناظم امارت شرعیہ بہار و اڑیسہ کے تصدیقی دستخط بھی ہیں۔ لیکن اس پر غور کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ یہ فتوی استفتا کی تمام صورتوں پر حاوی نہیں ہے۔ البتہ مفتی محمد سہول عثمانی صاحب کے جواب کے مقابلہ میں مفتی کفایت اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا جواب زیادہ قیود و شرائط کیساتھ ہے اور محتاط طریقہ پر لکھا گیا ہے۔ لیکن یہاں بنیادی سوال یہ ہے کہ ایک کمیٹی جو غیر سودی قرضے دیتی ہے۔ وہ اس طرح ایک مستقل کاروبار کرتی ہے، اور پھر دین و قرض کے تناسب سے قرض خواہوں کے لیے فارم گراں قیمت میں خریدنا لازم قرار دیتی ہے۔ اور ایسا اس کے منشور میں شرط کے درج میں داخل ہے، پھر مدت قرض کے گزرنے پر اگر قرض لینے والے نے رقم واپس نہ کی تو اسکی طرف سے تاجیل کے بدلے نیا قرض قرار دے کر یا تو فارم خریدنے کے لیے کمیٹی کہے گی یا فارم فروخت کیے بغیر نئی رقم اس کے نام پر چڑھا دے گی۔ جواب میں اس شق کی وضاحت نہیں کی گئی ہے۔

اس طرح کے ایک سوال کا مفتی نظام الدین صاحب مدظلہ نے کچھ زیادہ قیود و شرائط کے ساتھ جواب دیا ہے وہ کہتے ہیں کہ اگر فارم ایک ہی نوعیت و کاغذ کا ہے تو پھر قرض کے تناسب سے اس کی رقم مقرر کرنا کل قرض جر نفعا فھو ربوا" میں داخل ہے۔ البتہ اگر جداگانہ نوعیت کا فارم ہو اور اسے قرض کے لیے فروخت کیا جائے تو یہ جائز ہوگا۔ [2] پھر اسی سوال کے دوسرے شق کے بارے میں مفتیان دارالعلوم دیوبند حضرت مفتی محمد ظفیر الدین مفتاحی و مفتی حبیب الرحمن خیرآبادی نے یہ کہا ہے کہ مدت گذرنے پر اگر مستقرض قرض ادا نہ

---

[1] کفایت المفتی، ج ۸، ص ۱۲۱ تا ۱۲۳۔ [2] ماہنامہ دارالعلوم مارچ ۱۹۹۰ء، ص ۱۷۔

کرے تو جدید قرضے کے لیے ضروری ہے کہ پہلے وہ قرض ادا کر کے پھر فارم خرید کر از سرِ نو معاملہ کرے تو جائز ہوگا ورنہ نہیں۔ لہ

## حیلہ قابل غور ہے

لیکن یہ تمام حیلے سترِ باب ربوا کے لیے ازدیاد کا موجب ہیں۔ سود کے دروازہ کا انسداد کرنے والے نہیں ہیں۔ اس لیے کہ بنیادی طور پر قرض پر ہر وہ زیادتی جو قولاً مشروط ہو یا عملاً متعارف ہو ناجائز ہے۔ حضرت مولانا محمد سہول صاحب عثمانی ؒ نے رد المحتار کا جو جزیہ پیش کیا ہے وہ اصلا امام بلخ شیخ محمد بن سلمہ کا عمل ہے۔ اس طرح حیلہ کے ذریعہ قرض دینے کو وہ جائز کہتے تھے جبکہ دیگر مشائخ بلخ ان کے اس عمل و قول کو صحیح خیال نہیں کرتے تھے۔ فتویٰ ہندیہ میں محیط کے حوالے سے منقول ہے۔

رجل طلب من رجل ان یعامله بمائة دینار فباع المطلوب منه المعاملة من الطالب ثوبا قیمته عشرون دینارا باربعین دینارا، ثم اقرض ستین دینارا حتی صار للمقرض علی المستقرض مائة دینار وحصل للمستقرض ثمانون دینارا فذکر الخصاف ان هذا جائز، وهذا مذهب محمد بن سلمة امام بلخ، فانه روی انه کان له سلع وکان اذا استقرض انسان منه شیئا کان یبیعه اولا سلعة بثمن غال ثم یقرضه بعض الدنانیر الی تمام حاجته، وکثیر من المشائخ کانوا یکرهون ذالک، وکانوا یقولون، هذا قرض جرّ نفعا، ومن المشائخ من قال: ان کانا فی مجلس واحد یکره وان کانا فی مجلسین مختلفین لاباس به، وکان

ایک شخص نے دوسرے سے مطالبہ کیا کہ وہ اس کے ساتھ سو دینار کا معاملہ کرے چنانچہ مطلوب نے طالب کے ساتھ ایک کپڑا فروخت کیا۔ چالیس دینار میں جس کی قیمت بیس دینار تھی۔ پھر اس نے ساٹھ دینار قرض لیا اس طرح مقرض کا مستقرض کے ذمہ سو دینار ہو گئے اور مستقرض کو سو میں سے صرف اسّی دینار حاصل ہوئے، خصاف نے ذکر کیا ہے کہ اس طرح کا معاملہ جائز ہے اور یہ بلخ کے امام محمد بن سلمہ کا مذہب ہے۔ چنانچہ ان سے مروی ہے کہ ان کے پاس ایک سامان تھا۔ جب ان سے کوئی قرض کا مطالبہ کرتا تو پہلے اس کے ہاتھ زیادہ قیمت کے ساتھ سامان فروخت کرتے پھر ضرورت کے مطابق اسے دنانیر دیتے اور اکثر مشائخ اس طرح کے عمل کو مکروہ سمجھتے تھے اور فرماتے تھے کہ یہ قرض نفع کا سبب بنا ہے۔ اور بعض مشائخ نے کہا ہے کہ ایک مجلس میں

---

لہ ماهنامه دارالعلوم، مارچ ۱۹۹۰ء ص ۱۹، ٭لہ الفتاوی الهندیه، طبع بیروت ج ۳، ص ۲۰۳

الشیخ شمس الائمۃ الحلوانی یفتی بقول الخصاف وبقول محمد بن سلمۃ، کذا فی المحیط ۔ ؎

مکروہ ہے اور دو مختلف مجلسوں میں کوئی حرج نہیں ہے شمس الائمہ حلوانی خصاف اور محمد بن سلمہ کے قول کیمطابق فتوی دیتے تھے.

شیخ محمد بن سلمہ کے قول کی دلیل یہ ہے کہ قرض دینے سے پہلے اس طرح خرید و فروخت پر مترتب ہونے والا قرض بیع جر نفعًا ہے۔ قرض "جر نفعًا" نہیں ہے۔ حضرت مولانا مفتی محمود حسن صاحب نے مسلم فنڈ کے بارے میں ایک سوال کے جواب میں یہی دلیل دی ہے۔ ؎ لیکن جن مشائخ نے اس حیلہ کو صحیح نہیں قرار دیا ہے۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ اگرچہ بیع قرض سے پہلے ہے مگر قرض کے لیے شرط ہے۔ اس لیے کل قرض جر نفعًا فہو ربوا میں داخل ہے۔

ہندوستان میں رائج اس طرح کی امداد باہمی کی سوسائٹیاں محدود پیمانے پر یہ کاروبار کرتی ہیں اور قرض خواہوں سے وہ مقدار قرض کے تناسب سے رقم لیتی ہیں مقروض افراد کی تعداد کے اعتبار سے نہیں۔ اور اس شکل میں شبہ ربا دوسری صورت کے مقابلہ میں زیادہ ہے اور بعینہ یہی صورت حال بڑے پیمانے پر "اسلامی ترقیاتی بینک جدہ" کو درپیش ہے جو غیر ممالک کو ۱۵ سے ۳۰ برس کی مدت کا بڑا قرضہ دیتا ہے اور اگرچہ اس رقم پر سود کے نام سے وہ کچھ نہیں لیتا ہے لیکن ادارتی خدمات کے عوض و خرچ کے طور پر ایک تقریبی رقم دو یا تین فیصد حالات و ظروف کے اعتبار سے لیتا ہے اور مدت کی کمی بیشی کی بنا پر فیصد رقم میں کمی بیشی بھی ہوتی رہتی ہے۔

اسلامی ترقیاتی بینک جدہ کے ایک سوال کے جواب میں مجمع الفقہ الاسلامی جدہ نے ۱۹۸۵ء میں یہ تحریر کیا تھا۔

وجوابا علی ذالک فان الایۃ القرآنیۃ الواردۃ فی سورۃ البقرۃ "وان تبتم فلکم رؤوس اموالکم لاتظلمون ولاتظلمون" صرحت بان کل زیادۃ طفیفۃ کانت اوکثیرۃ ھی ربا محرمۃ، کما ان تعالی

اس کا جواب یہ ہے کہ آیت کریمہ جو سورہ بقرہ میں وارد ہے "کہ اگر تم تائب ہو جاؤ تو تمہارے لیے اصل مال ہے نہ تم ظلم کرو اور نہ تم پر ظلم کیا جائے۔ اس آیت میں صراحت کر دی گئی کہ زیادتی چاہے کم ہو یا زیادہ حرام

---

؎ فتاوی محمودیہ، ج ۴، ص ۲۳۳

المدين على رب الدين لينقص من راس مال السلف هو حرام ايضًا، روى ابوداؤد عن سليمان بن عمرو عن ابيه قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول في حجة الوداع، الا ان كل ربا من ربا الجاهلية موضوع. لكم رؤوس اموالكم لا تظلمون ولا تظلمون يقول القرطبي: فردهم تعالى مع التوبة الى رؤوس اموالهم وقال لهم لا تظلمون ولا تظلمون،

ومعنى هذا ان كل زيادة هي محرمة وهي في تقدير الاسلام بمقابيسه الحق ظلم،

ومن قواعد الشريعة ان الشك في المماثلة هو كتحقق التفاضل وفي تقدير المخاطر كما اسلفنا بنسبة معينة كل سنة من راس المال زيادة محققة يتقاضاها البنك وان سماها اجراً وذالك،

۱ــــ ان ربطها بنسبة راس المال لا يبرر لان ما يتطلبه الدين من حيث الوثائق والقيام الاستخلاص ــــ وتقديم وصولاته لا تختلف بمستوى النسبة بين دين ودين فجعله واحداً امارة على ان العملية غير قائمة على العدل۔

۲ــــ ان جعل النسبة واحدة بين السنة الاولى وما لحقها من السنوات، هو امر اخر لا نرى له وجها، ان السنة الاولى كما جاء في نص السوال تشمل الدراسة او المراقبة

ہے جیسا کہ اگر قرض خواہ رب الدین کے ساتھ ٹال مٹول کا معاملہ کرے تاکہ اصل قرض میں سے کچھ کم کر دیا جائے تو یہ بھی حرام ہے۔ ابوداؤد نے سلیمان بن عمرو عن ابیہ کے واسطے سے نقل کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حجۃ الوداع میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ زمانۂ جاہلیت کے تمام سودی کاروبار منسوخ کر دیئے گئے۔ اب تمہارے لیے صرف راس المال ہے نہ تم ظلم کرو نہ تم پر ظلم کیا جائے۔ قرطبی کہتے ہیں کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے توبہ کی شرط کے ساتھ اصل اموال ان تک واپس کئے جانے کا حکم فرمایا۔ اور ان سے کہا گیا: کہ نہ تم ظلم کرو اور نہ تم پر ظلم کیا جائے اور اس کے معنی یہ ہے کہ ہر زیادتی حرام ہے۔

اور قواعد شرعیہ میں ہے کہ مماثلت میں شک بھی کمی زیادتی کے تحقق کے برابر ہے اور اخراجات کے تخمینہ کو سالانہ متعین مقدار کے ساتھ جوڑنا جیسا کہ ہم نے بیان کیا ایک ایسا اضافہ ہے جس کا بینک تقاضہ کرتا ہے اگرچہ اس کا نام اجرت ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ اس اضافہ کو قرضہ کی رقم کی مقدار کے ساتھ متعین کرنے کی کوئی وجہ جواز نہیں ہے اس لیے کہ بینک دستاویزات اور بینک کے اخراجات کے نام پر نیز رقم کی وصولی کے سلسلہ میں آنے والے اخراجات کا تخمینہ ایک قرض دوسرے قرض کے درمیان مختلف نہیں ہوتا ہے اس لیے اس بارے میں کوئی بھی تفریق غیر عادلانہ ہوگی۔

علاوہ ازیں پہلے اور دوسرے سال میں بعد کے

فاجراءها على قياس واحد هو امر غير مقبول ولذا فان على البنك ان يعمل على ضبط نسبة اكثر دقة وتعبيرا على تحديد النفقات موزعة انواع الخدمات التي يقوم بها۔ [1]

سالوں کے مقدار میں فرق کی بھی کوئی وجہ سمجھ میں نہیں آتی۔ اس لیے کہ پہلا سوال جیسا کہ سوال میں درج ہے دیکھ دیکھ پر مشتمل ہوتا ہے۔ اس لیے اسی ایک قیاس پر لانا بھی درست نہیں ہے۔ لہٰذا بینک کو چاہئے کہ وہ اخراجات کے بارے میں صحیح اور دقیق تر طریقہ اختیار کرے جو تمام نوع کے خدمات پر تقسیم ہو۔

بہرحال اس طرح کے امدادی اداروں کا ادارتی اخراجات کے نام پر فیصد تناسب کے اعتبار سے قرض خواہوں سے رقم لینا۔ چاہے وہ فارم فروختگی کے حیلہ سے ہو مکروہ تحریمی ہے۔ اور "کل قرض جرّ نفعًا فهو ربا" میں داخل ہے اس لیے کہ فارم کی خریداری حصول قرض کے لیے شرط کے درجہ میں ہے۔ نیز اس طرح کے کاروبار سے ربوا کا دروازہ بند ہونے کے بجائے کھلتا ہے۔ اور جہاں سود کا عموم ہو اور ایسے باضابطہ اخراجات کے نام پر فیصد تناسب سے رقم لیتے ہوں۔ اس جگہ اس بارے میں کسی طرح کی چھوٹ مفاسد کا دروازہ کھولنے کے مترادف ہوگی۔ قرض کے بارے میں یہ بات بھی قابل لحاظ ہے کہ ضرورت مندوں کو قرض دینا تبرع ہے اور کسی عمل تبرع کے لیے ربوا یا شبہ ربوا کے عمل کی اجازت نہیں دی جاسکتی ہے۔

رہ گیا یہ سوال کہ پھر ایسی غیر سودی امدادی سوسائٹیاں اپنے انتظامی اخراجات کس طرح پوری کریں؟ اس سلسلہ میں بنیادی بات یہ ہے کہ موجودہ معاشی نظام سود سے وابستہ ہے اور بینک جو اس نظام کی نمائندگی کرتا ہے۔ اس کا سارا کاروبار بھی سود ہی سے وابستہ ہے، وہ روپیہ سے روپیہ بڑھانے کے طریقہ پر قائم ہے۔ جبکہ دوسری طرف اس کے یہاں تجارت ممنوع ہے۔ اس کے بالمقابل اللہ تعالیٰ نے زر میں اضافہ کے لیے تجارت کو حلال قرار دیا ہے، اور سود کو حرام۔ اس لیے جب تک امدادی سوسائٹیاں رائج بینکنگ کے بنیادی نظام کو نہ چھوڑیں گی اور تجارت کے طریقہ کو نہ اختیار کریں گی ان کا نظام صحیح بنیادوں پر استوار نہیں ہوسکتا ہے۔ اور اگر وہ ایسا نہیں کرسکتی ہیں، یا وہ جہاں قائم ہیں وہاں مضاربت وشرکت کے طریقہ پر کاروبار کے مواقع نہیں ہیں تو پھر وہ حاجت مندوں کو جس طرح قرضے دیکر کار ثواب کرتی ہیں۔ اسی طرح اصحاب خیر سے عطیات وصول کرکے اپنے انتظامی اخراجات پوری کریں۔ اور ایسا کرنا مستبعد نہیں ہے۔

---

[1] مجلہ مجمع الفقہ الاسلامی۔ العدد الثانی۔ الجزء الثانی ۱۹۸۶ء؛ ص ۵۳۹ و ۵۴۰

## غیر سُودی بینک کا طریقۂ کار

رہ گیا یہ سوال کہ غیر سُودی بینک کاری کا طریقۂ کار کیا ہوگا؟ اور کس طرح کے کام غیر سُودی بینک انجام دے سکتے ہیں؟ اگر غور کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ غیر سُودی بینک بھی وہ تمام کاروبار بحسن خوبی انجام دے سکتے ہیں جو سودی بینک کرتے ہیں۔ بشرطیکہ یہ بینک ایسے ممالک میں قائم ہوں جہاں سود کو قانوناً ممنوع قرار دیا گیا ہو۔ اور ایسے ممالک جہاں سود کی نہ صرف اجازت ہو بلکہ پورا معاشی نظام سود ہی پر قائم ہو، وہاں دشواریوں کا آنا ناگزیر ہے۔ لیکن اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ سودی بینک کاری ناممکن ہے بلکہ یہ ممکن الوقوع ہے، سودی بینک مندرجہ ذیل کاروبار کرتے ہیں۔

۱۔ امانتی رقوم حاصل کرنا اور سود دینا۔

۲۔ حاجت مندوں کو مقررہ سود پر قرضہ دینا۔

۳۔ معاوضہ لے کر گاہکوں کے لیے مندرجہ ذیل خدمات انجام دینا۔

(ا) زیورات، قیمتی اشیاء و دستاویزات مقفل بکس میں بطور امانت رکھنا اور انکی حفاظت کے صلہ میں اجرت لینا۔ (ب) درآمدی اموال کی قیمت دیگر تاجروں کے نمائندوں کی حیثیت سے حاصل کرنا اور اس پر اجرت وصول کرنا۔ (ج) تاجروں وصنعت کاروں کو صنعتی مشورے دینا اور ان پر اُجرت وصُول کرنا، اور ان جیسے دیگر امور۔

یہ تمام امور غیر سُودی بینک بھی انجام دے سکتے ہیں۔ اسی طرح سودی بینک میں جس طرح کھاتہ جاریہ (کرنٹ اکاونٹ) اور بچت کھاتہ (سیونگ ڈیپوزٹ) کھولے جاتے ہیں غیر سودی بینک میں بھی کھولے جائیں گے۔

## امانتی رقم کا حکم

غیر سودی بینک کا مقصد جدید سودی نظام سے نجات دلانا ہے، اس لیے ضروری ہے کہ غیر سودی بینک زیادہ سے زیادہ امانتی رقوم جمع کر کے ایسے منافع بخش کاروبار میں اسے لگائے جس سے نہ صرف غیر سودی بینک کاری کو فروغ حاصل ہو بلکہ رب المال (سرمایہ دار) کو منافع کا

اتنا حصہ بھی ملے جو موجودہ شرح سُود کے مقابلہ میں زیادہ ہو تاکہ اس طرح اس طریقۂ کار کو بیش از بیش استحکام ملے۔

بینک میں کھاتہ داروں کی طرف سے جو امانتی رقوم جمع ہوتی ہیں وہ حکماً قرض ہوتی ہیں۔ اگر ایسا نہ ہو تو پھر ان رقوم میں کسی طرح کا تصرف بینک کی طرف سے جائز نہ ہوگا۔ اس لیے کہ امانت کا حکم یہ ہے کہ اسے بعینہٖ باقی رکھا جائے اور اس کی حفاظت کی جائے۔ اور جب امانت رکھنے والا مطالبہ کرے تو اسے واپس کیا جائے۔ [۱]

اور اگر امانت کو بعینہٖ باقی نہ رکھا جائے، خرچ کر دیا جائے یا دیگر رقوم کے ساتھ ملا دیا جائے تو پھر وہ قرض کے حکم میں ہوگا۔ [۲]

امانت اور قرض کے حکم میں فرق یہ ہوتا ہے کہ امانت کی اگر موتمن (امانت رکھنے والا) نے حفاظت کی اور وہ پھر بھی ضائع ہو گئی، یا چوری ہو گئی تو اس کا تاوان نہیں دینا پڑے گا۔ اسے صاحب امانت کا نقصان قرار دیا جائے گا۔ جبکہ قرض کی صورت میں مقروض ہر حال میں دین ادا کرنے کا پابند ہوتا ہے۔ [۳]

بینک میں جمع شدہ کو قرض قرار دینے میں رقم جمع کرنے والے کی رقم بھی محفوظ رہتی ہے اور بینک کو بھی اعتبار و استحکام ملتا ہے۔ اور چونکہ رقم جمع کرنے والا اگرچہ رقم امانت کے طور پر جمع کرتا ہے۔ مگر وہ بینک کے قاعدہ وتعامل کی بنا پر یہ سمجھتا ہے کہ بینک اسے استعمال کریگا۔ اور پھر جب یہ بینک سے طلب کرے گا اسے مل جائے گا۔ لہٰذا یہ اسکی طرف سے قرض ہی سمجھا جائے گا۔ ______________ (لان العبرۃ فی العقود للمعانی)

---

[۱] قال ملک العلماء العلامۃ الکاسانی: واما حکم عقد الودیعۃ فلزوم الحفظ للمالک مطلقا بدائع ۸/۳۸۴ واما بیان حال الودیعۃ فحالہا انہا فی ید المودع امانۃ لان المودع مؤتمن، فکانت الودیعۃ امانۃ فی یدہ، ویتعلق بکونہا امانۃ احکام، منہا وجوب الرد عند طلب المالک لقولہ تعالیٰ: ان اللہ یامرکم ان تؤدّوا الامانات الیٰ اھلہا. بدائع ۸/۳۸۸۸، [۲] قال، ولو اودعہ الرجلان کل واحد منہا الف درھم فخلط المودع ال، الین خلطاً لا یتمیز فلا سبیل لہا علی اخذ الدرا: ھم ویضمن المودع لکل واحد منہما الفا ویکون المخلوط لہ بدائع ۸/ ۳۸۹۵۔ [۳] والقرض یجب ان یرد کمثلہ دون زیادۃ مھما کان نوعہ من الاموال باتفاق العلماء (مجلۃ مجمع الفقہ الاسلامی، جدہ، جلد ۳، ص ۸۰۷۔

## مضاربت کا طریقہ

بہر حال غیر سودی بینک میں جو لوگ کرنٹ اکاؤنٹ میں اپنی رقوم امانتاً جمع کرائیں گے۔ وہ قرض کے حکم میں داخل ہوں گی اور جمع رقم کرانے والے کو اختیار ہوگا کہ وہ جب چاہے رقم واپس لے سکتا ہے۔ لیکن اس رقم کی حفاظت پر بینک کسی طرح کا معاوضہ نہیں لے گا۔ اس لیے کہ یہ قرض ہے۔ اور قرض خواہ مقرض کی رقم میں کمی یا زیادتی نہیں کر سکتا ہے۔ ایسا کسی حال میں جائز نہ ہوگا۔ کرنٹ اکاؤنٹ والوں کے علاوہ جو لوگ بینک کی شرائط پر (یعنی مقدار رقم کے معاملہ میں) بڑی رقم جمع کرانا چاہیں گے بینک ان سے مضاربت پر رقم لے گا اور پھر بینک یا تو براہ راست مختلف صنعتی و پیداواری امور میں سرمایہ لگائے گا یا دیگر صنعتی اداروں و تجارتی کمپنیوں کو مضاربت پر سرمایہ دے گا اور نفع میں بینک، رب المال اور عامل طے شدہ شرائط پر حصہ پائیں گے۔ لیکن اس سلسلہ میں ضروری ہوگا کہ مضاربت کے شرعی احکام کی پوری رعایت کی جائے۔ مالک سرمایہ سے مضاربت کی صراحت کے ساتھ رقم لی جائے اور اگر بینک کسی دوسرے کو مضاربت پر سرمایہ دینا چاہے تو اس کی بھی صراحت رقم لیتے وقت کرا دینی ہوگی[1] اسی طرح بینک ایسے پیداواری امور میں رقم لگائے گا جس میں رقم ضائع ہونے کا خطرہ نہ ہو تاکہ مالک کا سرمایہ ختم نہ ہونے پائے۔

## مرابحہ کے مسائل

مضاربت کے علاوہ شرکت اور مرابحہ کے طریقہ پر غیر سودی بینک کاری ہو سکتی ہے۔ مرابحہ کی بنیاد امانت پر ہے جس کی سادہ شکل یہ ہے کہ فروخت کرنے والا اپنی قیمت خرید یا لاگت بتا کر یہ مطالبہ کرتا ہے کہ اسے اس لاگت پر متعین فیصد منافع مطلوب ہے۔ اور خریدار اسے منظور کرتا ہے۔ عام طور پر مرابحہ نقد خرید و فروخت میں نہیں بلکہ ادھار کی صورت میں استعمال ہوتا ہے اس لیے گاہک غیر سودی بینک سے کسی سامان کی خریداری کی بات طے کرتا ہے اور بینک اسے

---

[1] البدائع الصنائع، ج ۶، ص ۹۹۔ الدر المختار: جلد ۴، ص ۵۰۹۔

مطلوبہ سامان خرید کر لاگت پر نفع لے کر اسے ادھار دیتا ہے۔ اور چونکہ بیع مرابحہ میں اصل قیمت یا لاگت بتا کر نفع لینا جائز ہے اس لیے یہ کہا جا سکتا ہے کہ بینک کا اس طرح کاروبار کرنا درست ہے رہ گئی یہ بات کہ ادھار کی صورت میں نفع کچھ زیادہ لیا جاتا ہے تو کیا اسے بینک یا بائع کی طرف سے گاہک کا استحصال کرنا کہا جائے گا۔ میرے خیال میں جبکہ بیع موجل میں اجل معلوم ہو اور قیمت بھی متعین ہو۔ اور بائع کی طرف سے یہ نہ کیا جائے کہ نقد کی قیمت یہ ہے اور ادھار کی یہ ہے تو جائز ہے[۱]۔ عام طور پر ادھار خرید و فروخت میں قیمت زیادہ ہوتی ہے۔ اور یہ عادۃً ہوتا ہے۔ اس میں مدت (اجل) کی تعیین ہوتی ہے لیکن قیمت کی تعیین کے وقت اجل و نقد کی شرط نہیں ہوتی ہے[۲]۔ لیکن مرابحہ میں اگر بینک خود سامان کی خریداری کرتا ہے یا کسی وکیل کے ذریعہ کراتا ہے تو وہ گاہک سے اس طرح کر سکتا ہے۔ لیکن اگر بینک نے گاہک ہی کو خریداری کی ذمہ داری دے دی کہ وہ سامان خرید لے اور پھر بینک مرابحہ کے نام پر متعینہ رقم کا اضافہ کر کے گاہک سے وصول کرے تو یہ جائز نہ ہوگا علامہ کاسانی لکھتے ہیں: ولیس للوکیل بالبیع ان یبیع من نفسہ لان الحقوق متعلق بالعاقد فیودی الی ان یکون الشخص الواحد فی زمان واحد مسلّما ومتسلّما وھذا محال، وکذا [illegible] من نفسہ وان امرہ المؤکل بذالک لما قلنا۔[۳]

یہ کہنا کہ گاہک دو حیثیت رکھتا ہے اولاً وہ بینک کی طرف سے وکیل ہے، پھر مشتری ہے، عقلاً ونقلاً صحیح نہیں ہے۔

مرابحہ میں بینک اور خریدار (گاہک) کے مابین خرید و فروخت کی بات ہوتی ہے مگر صورتحال ہوتی ہے کہ بینک کے پاس وہ مال موجود نہیں ہوتا ہے جس کی وہ فروختگی کر رہا ہے۔ اس لیے اس پر مبیع معدوم کا شبہ ہوتا ہے۔ لیکن اگر یہ کہا جائے کہ خرید و فروخت کی یہ گفتگو بیع نہیں ہے۔ بلکہ معاہدہ بیع ہے تو پھر اشکال جاتا رہتا ہے۔ لیکن اس صورت میں مشتری (گاہک) کو معاہدہ فسخ کرنے کا اختیار ہوتا ہے۔ البتہ عام حالات میں جبکہ مبیع کے اندر کوئی عیب نہ ہو گاہک کے لیے اس معاہدہ کی خلاف ورزی جائز نہ ہوگی۔

---

[۱] مجمع الانہر: ج ۲ ص ۸، [۲] قال الزحیلی: لان الاجل سبب فی زیادۃ الثمن عادۃ فان ثمن البیع یختلف بین النسیئۃ والنقد (الفقہ الاسلامی ج ۳ ص ۷۰۹)، [۳] البدائع: ج ۶ ص ۲۸۔
[۴] البدائع: ج ۵ ص ۲۲۵ ومابعدہ فتح القدیر: ج ۵ ص ۲۶۱ الدر المختار: ج ۴ ص ۱۶۳

# غیرسودی بینک کاری

از ـــــــــــــــــــــــــــ مولانا شفیق احمد مظاہری

الحمد للّٰہ الذی ھدانا وما کنا لنھتدی لولا ان ھدانا اللّٰہ ۔ والصلوۃ والسلام علی رسولہ الکریم۔

اسلام عالمگیر دین ومذہب ہے اور ضابطہ حیات ہے جو قیامت تک کے لیے ہے۔ یہ ضابطہ حیات اس موجد اعلیٰ کا وضع کردہ ہے جس نے صرف انسان ہی کو نہیں بلکہ پوری کائنات کو وجود بخشا، بلاشبہ کسی مشین کا موجد ہی اولاً اس مشین کو کامیاب اور بے ضرر استعمال کے طور طریقے، نشیب وفراز، چلانے اور بند کرنے کی ترکیبیں بتاسکتا ہے۔ ثانیاً اس کے وہ ماہرین جنہوں نے اسی موجد کی ہدایت سے تجربہ کیا ہو۔ اگر ان کی ہدایتوں کے خلاف اقدام کیے جائیں تو یقیناً حادثات سے دوچار ہونا پڑے گا۔

یہ مسلّم حقیقت ہے کہ کائنات کا وجود انسان کے لیے ہے۔ لہٰذا انسان تمام کائنات کا حاصل ہے۔ اب انسان اور کائنات کی بھلائی، سماجی ومعاشی خیریت، اقتصادی توازن کا قیام، حق وانصاف کی بقا، عبد ومعبود کی نسبت۔ جن اصول وضوابط کو بروئے کار لانے میں ہے اور جن راستوں کو اپنانے میں ہے۔ وہ ہمارا خالق ہی اپنے پیغامبر کے معرفت بتاتا ہے۔ اسی کا نام اسلام ہے۔ اسلامی اصول وضابطے ہی انسان کے تمام شعبۂ حیات کیلئے ابدی اور ہر کسی جگہ کے لیے موزوں ہوسکتے ہیں۔ چنانچہ شریعت کے ضابطے پوری انسانیت کے ضامن ہوتے ہیں اس میں صرف شخصی مفاد یا کسی کا مفاد ملحوظ نہیں ہوتے۔

تجارت ومعاملات، صنعت وزراعت، ضرورت کا جزء لاینفک ہے۔ بھلا شریعت اسے نظر انداز کیوں کرسکتی تھی۔ چنانچہ شریعت نے تجارت ومعاملات کے ذراتے جو بالکل صاف ستھرے اور واضح غیر مضر تھے قائم رکھا، جسے بیع وشرار، اجارہ، مضاربت،

شرکت، بیع سلم وغیرہ۔

ان معاملات سے متعلق قواعد و جزئیات سے کتب فقہ بھری پڑی ہیں ——— اور جو معاشیات واقتصادیات کا کینسر تھا۔ جس کے نتیجہ میں سرمایہ دارانہ نظام پیدا ہوا۔ یا اس کے ردعمل میں اشتراکیت کی باطل ذہنیت پیدا ہوتی ہے۔ اسے شریعت نے حرام قرار دے کر ایک فریق کو ناقابل برداشت خسارہ، افلاس سے بچایا اور دوسرے فریق کو ہر حال میں تمام تر منافع سمیٹنے اور افراط زر سے روکا تاکہ اقتصادیات کا توازن برقرار رہے ——— لیکن جب دنیا نے سود کی بنیاد پر بینک کاری کا نظام قائم کردیا تو آپس میں بداعتمادی پیدا ہونے کے ساتھ ہی انسان کی حریص نگاہوں میں صحیح صورتیں دندھلا کر رہ گئیں اور غلط طریقے یکے بعد دیگرے آتے گئے اور دنیا اس صورت کے تانے بانے میں اس طرح الجھ کر رہ گئی کہ اس سے نکلنا دشوار اور بچنا محال تصور کیا جانے لگا۔ لوگ سوچنے لگے کہ شاید اس کی کوئی متبادل جائز صورت ممکن العمل نہیں۔ اس لیے ایک طبقے کا انداز فکر ہی بدل گیا اور تجارتی سود کی حلت کے دلائل تلاش کئے جانے لگے۔ غرض کہ عملی اعتبار سے دور جدید میں اسلامی زندگی کی معاشی تنظیم نو کے سلسلے میں یہ ایک بہت بڑا چیلنج ہے جدید معیشت میں سود اور سودی کاروبار کلیدی اہمیت کا حامل ہے۔ بینکنگ کا پورا نظام سود ہی پر قائم ہے۔ اسلامی معاشیاتی زندگی کی جدید تعمیر کے لیے غیر سودی بینک کا قائم کیا جانا نہایت ہی ضروری اور لازم ہے۔ چونکہ بینکنگ کا نظام چند ایسی بنیادی اور مفید خدمات انجام دیتا ہے۔ جسے بغیر کسی ایسے نظام کے موجودہ ترقی یافتہ معیشت کا تصور نہیں کیا جاسکتا۔ غیر سودی بینک کاری کا نظام شرکت و مضاربت کی پاکیزہ بنیاد پر چلایا جاسکتا ہے۔ اور اس صورت میں محنت کار شرکار، اور رب المال کو سود کی شرح سے کہیں زیادہ منافع حاصل ہونے کی توی امید ہوگی۔ اور جو منافع کے امیدوار ہوں گے۔ یقیناً انھیں نقصان کے خدشات مول لینے پڑیں گے۔ یہی انصاف اور شریعت کا تقاضا بھی ہے۔

مختلف ممالک میں غیر سودی بینک کاری نظام کی ضرورت شدت سے محسوس کیجارہی ہے۔ سیمینار کی جانب سے اس سلسلے کے دو سوال کئے گئے ہیں ——— جواب بالترتیب حسب بساط مگر اختصار کے ساتھ حاضر ہے۔

۱۴۰۱

ہمارے شہر آسنسول کے حلقہ پرنیور ضلع بردوان مغربی بنگال میں مسلم ویلفیر سوسائٹی کے نام سے چھوٹی بچت کا غیر سودی بینک (ادارہ) کام کر رہا ہے۔ اس کی تفصیلی صورت حال یہ ہے کہ کھاتہ دار یومیہ یا ہفتہ میں ایک دن چھوٹی بڑی رقم بصورت قرض امانت بغرض بچت اس بینک میں پس انداز کرتے ہیں۔ بعض علاقوں میں بینک کے مقرر عملہ وصولیابی کے لیے دربدر محلوں اور دوکانوں پر کھاتہ داروں تک پہنچ کر کھاتہ داروں کی مرضی کے مطابق رقم وصول کرکے اپنی یادداشت ڈائری پر اور کھاتہ داروں کے کھاتہ پر اندراج کرتے ہیں۔ ——————

بعدہٗ اصل رجسٹر پر بینک جاکر جمع کردہ رقوم محسوب کرتے ہیں۔ اس طرح امتداد زمانہ کے ساتھ ایک خطیر رقم پس انداز ہو جاتی ہے۔ کھاتہ دار بوقت ضرورت جب چاہے عام بینک کے اصول کے مطابق براہ راست حاصل کرسکتا ہے۔ اس رقم کا کوئی معاوضہ منافع یا سود نہیں دیا جاتا ہے اور اگر کھاتہ دار اپنی جمع شدہ رقم سے زائد رقم بطور قرض حاصل کرنا چاہے تو اس کے لیے بینک (ادارہ) کی تین شرطیں ہوتی ہیں:

۱— قرض صرف ایسے کھاتہ داروں کو فراہم کیا جائے گا۔ جس کا کھاتہ چالو حالت میں ہو۔ یعنی ادخال رقم کا سلسلہ یا ادخال و اخراج کا سلسلہ قائم ہو۔ بند نہ ہو۔

۲— مطلوبہ قرض کی مقدار سے قدرے زائد قیمت کا سونا یا چاندی بطور ضمانت بینک (ادارہ) کے حوالہ کرنا ہوگا۔

۳— قرض حاصل کرنے کے لیے معاہدہ نامہ (ایگریمنٹ فارم) ۲ روپئے سیکڑہ کے حساب سے متعینہ کاؤنٹر سے خرید کر خانہ پری کرکے داخل کرنا ہوگا۔ ——— واپسی قرض کا پہلا معاہدہ زائد سے زائد تین ماہ کی مدت کا ہوتا ہے۔ اگر اس سے بھی مزید مہلت درکار ہو تو تین ماہ کی مدت پوری ہونے کے بعد پھر مذکورہ شرح دو روپئے سیکڑہ کے حساب سے مطبوعہ فارم (معاہدہ نامہ) خرید کر مہلت کی درخواست کی شکل میں داخل کرنا لازم ہوگا۔ اگر کوئی مقروض ادائے گی قرض سے سرتابی کرے یا تجدید معاہدہ نہ کرے تو اسے نوٹس NOTICE کے ذریعہ وارننگ WARNING دی جاتی ہے اور ایک مدت مقرر کرکے انتظار کیا جاتا ہے۔ اگر مقررہ مدت تک مقروض حاضر نہیں ہوتا تو بینک کو ایگریمنٹ (معاہدہ نامہ) کے مطابق ضمانت کا سامان فروخت کرکے اپنا قرض وصول کرلینے کا حق ہوتا ہے۔

بینک کے پاس کھاتہ داروں کی کثیر رقم جمع ہوتی ہے۔ جس سے کچھ تو واپس طلب کرنے والوں کو ادا کرنے کا سلسلہ رہتا ہے اور رقم کا ایک حصہ مذکورہ بالا صورت پر بطور قرض دیا جاتا ہے اور ایک بڑا حصہ ہمیشہ سرکاری بینکوں میں پڑا رہتا ہے۔ چونکہ بچت کا سلسلہ نکاسی کے نسبت سے زیادہ ہوتا ہے۔ صورت کذائی میں خاصی رقم سرکاری بینک سے سود کی حاصل ہوتی ہے۔ جسے ذمہ داران حضرات اپنی مرضی سے بلانیت ثواب رفاہ عام میں خرچ کرتے ہیں۔ اور جو رقم قرض لینے والوں سے معاہدہ نامہ یا درخواست فارم کے ذریعہ حاصل ہوتی ہے اسے بینک کے کارکنوں (عملہ) پر اور دیگر ضروریات پر صرف کی جاتی ہے۔

**تبصرہ** پہلی بات یہ ہے کہ اس مختصر اور محدود پیمانہ پر غیر سودی بینک کاری انجام دینے والا ادارہ (بینک) کی کامیابی اور ترقی سے یہ صاف ظاہر ہے کہ ہمارا مسلم معاشرہ اس گئے گذرے دور میں بھی اس کا خواہش مند اور متمنی ہے کہ ہماری بچت کاری غیر سودی طریقہ پر ہو۔ ورنہ قدم قدم پر سودی بینک، بچت اسکیم کے ادارے (جس میں بچت کے ساتھ سود کی شکل میں منافع یقینی ہے) ہونے کے باوجود مذکورہ غیر سودی بینک کاری میں مسلم تجار، مزدور، ملازمین کثیر تعداد میں شامل ہیں اور کچھ غیر مسلم بھی

لیکن خود اس ادارے کا طریقہ کار کئی اعتبار سے محل نظر ہے۔ (۱) اس میں ایسا کوئی نظام نہیں جس میں ہمہ گیری ہو جس سے رقم منتقل کرنے کا کام انجام پاسکے اور نہ ہی اسکے ذریعے دوسرے خدمات انجام پاتے جو نفع اور ہو۔ (۲) کھاتے داروں کی رقم ادارہ کے ذمہ محض قرض ہے۔ رقم شرکت ومضاربت کے شرعی اصول پر کسی کاروبار میں نہیں لگائی جاتی ہے جس کی وجہ سے یہ نظام محدود ہو کر رہ گیا۔ اور کھاتے داروں کو اصل رقم کے سوا کچھ ملنے کا سوال نہیں ہوتا۔ (۳) یہ ادارہ عوام کھاتہ داروں سے غیر سودی قرض حاصل کرتا ہے۔ دوسری طرف سودی بینکوں میں جمع رکھ کر نفع کماتا ہے اگرچہ یہ نفع کی رقم رفاہی کاموں میں خرچ کی جائے لیکن سودی نظام میں معاونت ہے اور یہ مقصد کے خلاف بھی ہے۔ نیز عوام کے براہ راست ایسے بچت بینکوں میں رکھنے میں اور اس ادارہ کے رکھنے میں کوئی فرق نہیں (۴) قرض رقم حاصل کرنے کے لیے رقم کی مقدار کے مطابق مطبوعہ ایگریمنٹ فارم کی قیمت

قرض کی مناسبت سے کم وبیش ہر تین ماہ کے لیے وصول کیا جانا اور مقروض کا ادا کرنے کی شرط، خود فقہی نقطۂ نظر سے قابل تحقیق اور مخدوش ہے گرچہ یہ ایک حیلہ ہے بشکلاً جو بھی ہو لیکن تحقیقتاً سود کے مماثل ہی ہے۔ اور اس غیر اسلامی حکومت میں اس کے بغیر چارہ ہی کیا ہے ایسے نظام میں:

البتہ اس ادارہ سے یہ فائدہ ضرور ہے کہ جہاں صاحب ثروت کو بچت کرانے کا آسانی سے موقع فراہم ہوتا ہے۔ وہیں معمولی آمدنی کرنے والے چھوٹے چھوٹے دوکانداروں، مزدوروں ملازمین کو بھی ادارے کے گشتی محصلین کے ذریعہ دو، پانچ روپئے کرکے یومیہ پس انداز کرنے کی آسانی ہوتی ہے اس طرح ایک دن خاطر خواہ رقم جمع ہوتی ہے۔ اور ضرورت کے وقت ایسے افراد کو سودی قرض حاصل کرنے سے بچاتی ہے کہ موجودہ زمانہ میں غیر سودی قرضوں کا ملنا تقریباً معدوم ہوگیا ہے۔

## اصولِ شرع

# شرکت مضاربت کی بنیاد پر غیر سودی بینک کاری کا نظام

اس قسم کے غیر سودی اداروں کی کچھ اصلاح کرلی جائیں تو میرے خیال میں موجودہ بینکاری نظام کا متبادل غیر سودی بینک کاری کا نظام چل سکتا ہے۔ غیر اسلامی ممالک جہاں سودی بینک کا نظام عام ہے اور سود کی حلت و حرمت سے کوئی بحث نہیں۔ ایسے ممالک میں غیر سودی بینک کاری کے قیام میں گرچہ قدرِ دشواری تو ضرور ہوگی لیکن ناممکن العمل نہیں ہے۔ تجربات شاہد ہے کہ ایمانی جذبہ رکھنے والے حضرات ایسے بینکنگ سے یقیناً دلچسپی رکھتے ہیں اور اسلامی ممالک میں غیر سودی بینک کاری کا نظام بڑی آسانی سے عام طور پر نافذ کئے جا سکتے ہیں اور اس کا مفید ہونے میں موجودہ نظام سے کچھ کم نہیں ہوگا بشرطیکہ سودی کاروبار پر بالکلیہ پابندی عائد کردی جائے۔

## غیر سودی بینک کاری کا ابتدائی خاکہ

ایسے بینک میں ابتدائً تین قسم کے شرکا اور کھاتے دار ہو سکتے ہیں۔ (۱) وہ شرکا ہوں گے

جن کا سرمایہ شرکت العقود کی بنیاد پر لگا ہوگا۔ یہ حصص سرمایہ مساوی اور غیر مساوی دونوں ہی طرح کے ہو سکتے ہیں۔ شرکا کی تحدید بھی کی جا سکتی ہے اور مرتبہ کے مطابق شرکت کی عام اجازت بھی۔ جمع شدہ رقم سے شرکا یعنی یہ بینک براہ راست تجارتی کمپنیاں، صنعتی ادارے، کل کارخانے اور فیکٹریاں قائم کر سکتا ہے۔ دیگر تجارتی مفید صورتیں باہمی مشورے سے اختیار کی جا سکتی ہیں۔ تجارتی کمپنیوں کو مضاربت کے اصول پر قرض فراہم کیا جا سکتا ہے۔ کل کارخانوں کے شیئرز SHARES حصص خریدے جا سکتے ہیں اسی طرح مضاربت و شرکت کے اصول پر دوسری تجارتیں بنائی جا سکتی ہیں۔ اس قسم کے شرکا بینک کے ہوں گے۔ نفع شرکا کے مابین حصے کے مقدار اور تناسب سے تقسیم کئے جا سکتے ہیں۔ اور نقصان ہوا تو سرمایہ پر تقسیم ہوگا۔ حساب بے باک کرنے اور جائزہ لینے کے لیے ایک مدت متعین کر دینا مناسب ہوگا تاکہ نفع و نقصان کا اندازہ ہو سکے اگر کوئی اپنی شرکت ختم کرنا چاہے تو اسے اصل سرمایہ کے ساتھ نفع و نقصان سمجھایا جا سکے۔

اس بینک کے نظام کو پھیلانے کے لیے مشترکہ کاروبار کی جانب سے شرکت اور مضاربت کے اصول پر مزید سرمایہ عوام بچت کاروں سے قرض وصول کئے جا سکتے ہیں (اس قسم کے بچت کار دوسرے نمبر کے کھاتے دار ہوں گے اس کی تفصیل آگے ذکر کی جائے گی) تاکہ تجارت وصنعت میں توسیع پیدا کیا جا سکے بینک کی ضروریات پوری کرنے کی معاہدہ کے ذریعے تمام شرکا کی جانب سے اجازت ہوگی۔

موجودہ بینک نفع حاصل کرنے کے لیے بہت سے ایسے طریقہ پر گامزن ہے۔ جس کی آمدنی پر سود کا اطلاق نہیں ہوتا، مثلاً خدمات بالمعاوضہ جس کی فہرست بہت لمبی ہو سکتی ہے۔ جیسے امانتیں رکھنے کا معاوضہ۔ رقم ایک جگہ سے دوسری جگہ بذریعہ ڈرافٹ، چیک، اعتمادی خطوط منتقل کرنے کی فیس، کمیشن وغیرہ اسی طرح مال واسباب برآمد و درآمد کرنے میں گاہکوں کی نمائندگی کرنا، گاہک تک پہونچانا۔ یہ سب اور اس طرح کی دوسرے خدمات بالمعاوضہ غیر سودی بینک بھی انجام دے سکتا ہے۔ ان آمدنیوں سے بینک سے متعلق ضروریات آسانی سے پوری ہوں گی اور شرکا کو نفع بھی میسر ہوگا۔

# مضاربت کی بنیاد پر قرض کا حصول

بینک عام پبلک اور بچت کاروں کو اس بات کی دعوت دیگا کہ وہ اپنا سرمایہ مضاربت کے اصول پر بینک کو دیں۔ بینک اس سرمایہ سے وہ کاروبار کرے گا جس کی تفصیل اوپر گذری ہے۔ اس کاروبار کے ذریعہ جو نفع ہوگا اس میں طے شدہ نسبت کے مطابق ایک حصہ بینک کو ملے گا اور باقی نفع بچت کاروں کے لگا ہوا سرمایہ کی مناسبت سے ان کو ملے گا۔ ایسے کھاتہ داروں کے ساتھ معاہدہ ہوگا کہ بینک ایسے سبھی سرمایہ کو اپنے سرمایہ کے ساتھ کاروبار میں لگائے گا۔ ان لگے سرمایہ میں جو مجموعی نفع حاصل ہوگا۔ اسے سرمایہ پر تقسیم کیا جائے گا۔ اس تقسیم کے نتیجہ میں کسی کھاتہ دار کے سرمایہ پر جتنا نفع آئے گا اس کی ایک طے شدہ شرح کے مطابق (نصف چوتھائی ثلث وغیرہ) بینک کو ملے گا بقیہ کھاتے دار کو اور بینک کو کسی کاروبار میں مجموعی طور پر خسارہ ہوگا تو اس کاروبار میں لگے کل سرمایہ پر خسارہ منقسم ہوگا۔ اس خسارہ کے نتیجہ میں اگر کسی کھاتے دار کا تمام سرمایہ سوخت ہو جائے تو اب خسارہ اس سرمایہ سے متجاوز کر کے کھاتے دار پر عائد نہیں ہوگا۔ بلکہ اب بینک برداشت کرے گا۔ نفع و خسارہ محسوب کرنے کے لیے تین ماہ کی مدت یا کم و بیش معین ہوگی۔ مدت کے اختتام پر کھاتے دار کو پوزیشن کی اطلاع کر دی جائے گی ایک خسارہ کو دوسرے نفع سے تلافی کھاتے دار کی مرضی کی جا سکتی ہے۔

ایسے کھاتے داروں کا سلسلہ قائم رکھا جا سکے گا لیکن حساب کی مدت متعینہ پر ہی رقم کاروبار میں لگایا جائے کہ حساب بے باک کرنے میں آسانی ہوگی۔

کھاتے دار جب چاہے اپنے سرمایہ کا مطالبہ کر سکتا ہے لیکن حساب کی مدت تک انتظار کرنا تاکہ نفع و نقصان محسوب ہو سکے مناسب ہوگا۔ بصورت دیگر گذشتہ مدت کے حساب سے واپسی رقم ہوگی۔

## قرض حسنہ

بینک کاروبار میں توسیع کے لیے ایسے بچت کاروں سے بھی رابطہ قائم کرے جس کی رقم محض قرض حسنہ بینک کے ذمہ ہوگی۔ اس کی ایک صورت یہ ہوگی کہ بینک کچھ ایسے ملازمین رکھے جو بازاروں دوکانوں اور گھروں میں جا کر ملازمین مزدور تاجروں سے رابطہ قائم کرے

اور یومیہ چھوٹی چھوٹی بچت کی ترغیب دے کر کھاتے کھلوائے۔ ایسے کھاتے دار کافی تعداد میں ملیں گے۔ کھاتے داروں کو یہ آسانی ہوگی کہ بلا تکلف روزانہ دو، پانچ روپے پس انداز ہوتا جائیگا۔ اور رفتہ رفتہ خطیر رقم جمع ہو جائے گی جو وقت ضرورت انہیں یکمشت مل سکتی ہے۔ ایسے کھاتہ داروں کو نفع کی شکل میں تو کچھ نہیں ملے گا۔ البتہ ان کو یہ سہولت ہوگی کہ بینک وقت ضرورت انھیں متعین مدت تک کے لیے قرض حسنہ فراہم کریگا جس کا کوئی نفع سود طلب نہیں کیا جائے گا لیکن بینک ضرورت محسوس کرے تو ضمانت طلب کر سکتا ہے۔ ایسے قرضوں کے لیے بینک کچھ ایسے ضابطے مقرر کر سکتا ہے جس میں شرعاً کوئی قباحت نہ ہو اور بینک کے حق میں مفید ہو۔ اس رقم کو بھی بینک اپنے کاروبار میں لگائے گا۔ اس کے منافع و نقصانات کا مالک بینک ہوگا کھاتے دار کی کوئی ذمہ داری نہ ہوگی۔ یہ رقم بھی کھاتے دار کے طلب پر فوری واپس کی جائے گی لیکن تجربات شاہد ہیں کہ واپسی رقم جمع ہونے کی نسبت سے بہت کم ہے۔ لہذا اس رقم سے خالص خواہ منافع آنے کی قوی اُمید ہے۔ اس بابت کام کرنے پر جو اخراجات آئیں گے باآسانی پورے ہوتے رہیں گے۔ لہذا کسی قرض کے ضرورت مند سے کسی قسم کی کوئی رقم کسی حیلے سے وصول کرنے کی ضرورت درپیش نہیں ہوگی۔

## کچھ ضروری مشورے

بینک کے بہت سے کھاتے ہوں گے۔ ان میں کسی وقت کوئی اپنا جمع سرمایہ یا قرض ایمرجنسی طلب کر سکتا ہے۔ جس کی ادائیگی لازم بھی ہو سکتی ہے۔ اس لیے بینک کے پاس ہر وقت رقم کا ایک حصہ نقد محفوظ ہونا چاہیئے۔

منافع کی تقسیم میں خیال رکھا جائے تو مناسب ہے کہ شرکاء کے درمیان تمام منافع تقسیم نہ کئے جائیں بلکہ ہر قسط میں سے طے شدہ مقدار محفوظ کیا جائے کہ کبھی اچانک کوئی حادثہ میں یا کسی طرح خسارہ ہو جائے تو اس کی فوری تلافی کی جا سکے تاکہ کاروبار متاثر نہ ہو۔

موجودہ بینکنگ نظام میں منافع حاصل کرنے کے بہت سے طریقۂ کار اور صورتیں و پالیسیاں حکمتیں ایسی ہیں جنہیں شرعاً کوئی قباحت نہیں۔ ایسی تمام تر پالیسیاں غیر سودی بینک کاری نظام میں بھی اپنائی جا سکتی ہیں۔ غیر سودی بینک کاری نظام کو کامیاب بنانے کے لیے کچھ سالوں تک کے لیے ماہرین معاشیات و ماہرین فن فقہ علماء کی کمیٹی بنائی جائے جو اس کی نگرانی کرے اور پیش آنے والی دشواریوں اور مسائل کو بروقت حل کرے۔ جب اس طرح نظام کچھ دنوں تک چلتا رہے گا تو تمام جزوی مسائل حل ہونے کے ساتھ ہی ضابطے تجربات کی روشنی میں سامنے آئیں گے جو دوسرے ایسے بینکوں کے لئے شمع راہ ہوں گے۔

# غیر سودی بینک کاری

از ـــــــــــ مفتی محمد ظفیر الدین، مفتی دارالعلوم دیوبند

اس سیمینار کا دوسرا موضوع غیر سودی بینک کاری ہے یعنی ایک ایسا نظام قائم کیا جائے جہاں سے ضرورت مند اور محتاج مسلمان بغیر سود ادا کئے ہوئے قرض لے دے سکیں، اور مسلمان سود کی اس لعنت سے محفوظ ہو جائیں جس میں وہ ایک عرصہ سے مبتلا ہیں ۔

اس ملک میں مسلمانوں کے افلاس کا ایک بڑا سبب یہ بھی رہا ہے کہ انھوں نے غیر مسلموں سے سود پر روپے لیا، اور ان کو زیادہ سے زیادہ سود ادا کیا، کہنا چاہئے اس یک طرفہ لین دین کی وجہ سے مسلمانوں کی لاکھوں کی جائیدادیں نیلام و قرق ہوگئیں ۔ اور مسلمانوں کا ایک بڑا طبقہ دانہ دانہ کا محتاج ہوگیا ۔ انھی حالات سے مضطرب ہو کر اس ملک میں بعض علمار نے غیر مسلم سے سود لینے کی امام ابوحنیفہ کے قول کی بنیاد پر اجازت دی، اور کتابچے شائع کئے اور دوسرے علمائے نے شدت کے ساتھ اس رائے کی مخالفت کی اور یہی دوسری رائے غالب رہی اور اسی پر ملک کے مشہور اور معتمد دارالافتاؤں نے فتویٰ دیا ۔

زمانہ قریب میں مسلمانوں کو سود کی لعنت سے بچانے کے لئے بہت سارے دور اندیش لوگوں نے مسلم سوسائٹی، مسلم بیت المال، اور مسلم فنڈ کے نام سے ادارے قائم کرنے پر اپنے کو مجبور پایا، مگر جو سوالات سامنے آئے ان سے اندازہ ہوتا ہے کہ ان اداروں نے بھی اس سلسلہ کو کمانے اور روپیہ جمع کرنے کا ذریعہ بنا لیا ہے، اور عام لوگوں کی زبانوں پر یہ آنا شروع ہوگیا ہے کہ یہ صورتیں بھی سود کی لعنت سے خالی نہیں ہیں ۔

لہٰذا اسلامی فقہ اکیڈمی کے فرائض میں داخل ہوگیا کہ اس کے لئے ایک مرتب نقشہ متفقہ طور پر پیش کرے، اور علمائے وقت اس کے تمام پہلوؤں پر کتاب و سنت کی روشنی میں غور کر کے کسی فیصلہ پر پہنچیں ۔

ہمیں بجا طور پر توقع ہے کہ یہ سیمینار اس مسئلہ پر پوری کامیابی حاصل کرے گا، اور ہم سب اپنی ذمہ داریوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کے جائز پہلوؤں پر غور و فکر کر کے فیصلہ کریں گے، اللہ تعالیٰ ہماری مدد فرمائے اور کامیابی سے ہمکنار فرمائے ۔

# غیر سودی بینک —— ایک عملی خاکہ

از
سعید شنگیسری دی

انگریزی سے ترجمہ

## فنڈ کے ذرائع

SOURCE OF FUNDS

## تعارف

عام روایتی بینک کے نظام میں دو قسم کے کھاتے ہوتے ہیں۔

۱۔ بچت کھاتہ (رقم) (Saving Account)

۲۔ رواں کھاتہ (رقم) (Current Account)

اِن کھاتوں کی وضاحت کئے بغیر دو جدید قسم کے کھاتے جو غیر سودی معمول ہوں گے ان کا تعارف کرانا چاہتا ہوں۔

مثلاً: ۱) گاہک کا جمع کھاتہ Customer-Credit Account

۲) متعینہ جمع کھاتہ Time-Credit Account

## (۱) گاہک جمع کھاتہ کیا ہے؟

یہ کھاتہ موجودہ بینک کی خدمات سے کچھ زیادہ وسیع مفہوم کے ساتھ موجودہ بینک کے بچت کھاتہ کے مشابہ ہے۔ یہ کھاتہ منفرد اشخاص تا جروں صنعت کاروں، اداروں بینکوں اور دوسروں کے ذریعہ عمل میں لایا جاسکتا ہے۔ اس کھاتہ کے متعارف کرانے کا مقصد عوام میں بچت کو عام کرنے کے لیے کفایت شعاری کی عادت پیدا کرنا ہے۔

گاہک کو اصل رقم میں کسی اضافہ یا منافع کی توقع کے بغیر ہمیشہ بچت کھاتہ میں جمع کرنے اور اس سے واپس لینے کی اجازت ہوگی۔ گاہک ادائے گی کا طالب یا تو چیک

تحریری مراسلہ کے ذریعہ کرسکتا ہے۔ افراد یا تاجروں کو غیر سودی بینک ضمانت حاصل کرنے کے بعد مختصر مدت کے لیے غیر سودی قرض دینے کی سہولت بھی رکھے گا۔

وہ جمع رقم جس کو غیر سودی بینک قبول کرے گا طلب کرنے پر کسی بھی وقت واپس کی جائے گی، بینک کے دیوالیہ ہونے کی صورت میں گاہک نقصانات کو برداشت نہیں کرے گا۔ جبکہ موجودہ نظام میں بینک کی بے قاعدگی کے مکمل بوجھ کو رقم جمع کرنیوالے کو برداشت کرنا پڑتا ہے۔

## ۲) متعیّنہ جمع کھاتہ کیا ہے؟

یہ کھاتہ بھی موجودہ متعینہ کھاتہ کی طرح ہے جس کی رقم طے شدہ مقررہ تاریخ یا اطلاع کی ایک مدت کے بعد واپس لی جاسکے گی۔

جمع کرنے والے کو اصل رقم (سرمایہ) کے ساتھ سود کی حیثیت سے کوئی منافع نہیں ملے گا۔ غیر سودی بینک روپیہ جمع کرنے والے کو اس بات کا یقین دلائے گا کہ جمع کرنے والے کا فنڈ محفوظ ہے۔ اور ضائع ہونے کا کسی قسم کا خطرہ نہیں ہے۔ جمع کرنے والا جمع کی جانے والی رقم اور اسکے واپسی کی مدت تعین کرسکتا ہے۔

اس قسم کی رقم جمع کرنے والے کا فائدہ صرف یہ ہے کہ دنیا میں غیر سودی لین دین کرنے والے بینکوں سے رقم حاصل کرنے کی سہولت ہوگی۔

اس جمع کے قبول کرنے کا خاص مقصد ضمانت حاصل کرنے کے بعد کمزور طبقے کو اقتصادی طور پر غیر سودی طویل مدتی قرض فراہم کرنا ہے۔

## یہ اہم کھاتے نفع و نقصان سے آزاد کیوں ہیں؟

بہت سے ماہرین معاشیات کے مطابق "منافع خطرہ مول لینے کا معاوضہ ہے" اس لیے کہ منافع حاصل کرنے کے لیے کسی قسم کی تجارت ضروری ہے۔ ہر ایک تجارت خطرہ اور اکثر اوقات غیر یقینی صورتحال سے دوچار ہوتی ہے۔ اس لیے جتنا بڑا خطرہ ہوگا نفع یا نقصان کی اتنی ہی اُمید ہر ایک تجارت میں ہوگی۔

یہ واضح بات ہے کہ آمدنی عوض کا وہ بنیادی عنصر ہے جس کی تقسیم سماج میں لوگوں کے

درمیان ان کی کوشش، مہارت اور پیداواری دولت کے حصہ کے مطابق کی جاتی ہے۔ اس لیے آمدنی، پیداوار کا مقصد ہے۔

معاشیات میں پیداوار چار عوامل پر مشتمل ہوتی ہے جیسے: زمین، محنت، سرمایہ اور تنظیم (کاروباری نظم و نسق) پیداوار کے ان عوامل کا معاوضہ (صلہ) جو بین الاقوامی سطح پر ماہرین معاشیات کے ذریعہ ثابت کیا گیا ہے۔ یہ ہیں

(۱) اُجرت (۲) منافع (۳) لگان (کرایہ) (۴) سود۔

جہاں تک اجرت، منافع اور کرایہ (لگان) کا تعلق ہے میں ماہرین معاشیات کے موجودہ اصول اور نظریہ سے اتفاق کرتا ہوں سوائے سُود کے ۔۔۔۔ اس لیے کہ سود ایسا عنصر ہے جو سماجی معاشیات کی تباہی کے بنیادی اسباب میں سے ایک سبب ہے۔ یہ آدمی کو لالچی اور خودغرض بننے کی ترغیب دیتا ہے۔ اقتصادی ترقی کا توازن بگاڑ دیتا ہے۔ پیداوار کی لاگت (قیمت) میں اضافہ کرتا ہے۔ یہ سماج میں آمدنی کی نابرابری کی تقسیم کو وجود میں لاتا ہے (نابرابری کی تقسیم سے سماج میں آمدنی کی صحیح تقسیم نہیں ہوتی ہے) یہ بذاتِ خود رقم کو بھی مقصد بناتا ہے جبکہ رقم، روپیہ کی حیثیت وسائل کی ہے۔

کچھ ماہرین معاشیات ہیں جو موجودہ سماجی اقتصادی دشواریوں اور مشکلات کو حل کرنے کی غرض سے پیداوار کے عناصر سے سود کے عنصر کو ختم کرنے کی کوشش میں مصروف ہیں۔

منافع پیداوار کے معاوضوں میں سے ایک معاوضہ ہے اور یہ خطرہ مول لیکر ہی حاصل کیا جاسکتا ہے اس لئے اگر مذکورہ بالا رقم جمع کرنے والے کسی خطرہ یا مہم والے منصوبہ میں شامل ہونا پسند نہیں کرتے تو پھر کیوں وہ منافع کے حقدار ہوسکتے ہیں؟ اور دیوالیہ ہونے کی صورت میں کیوں وہ کسی نقصان میں شریک ہوں گے؟

غیرسودی بینک ان کھاتہ داروں کو بلامعاوضہ خدمت مہیا کرے گا۔ اور اپنی خدمات کا معاوضہ حاصل کرنے کی صورت بھی پیدا کرے گا۔ یہ ان کی رقم کا بڑا حصہ بذاتِ خود خطرہ مول لے کر تصرف میں لائے گا جبکہ ایک رقم ضرورت مندوں کو غیرسودی شرائط پر قرض بھی دیگا۔

دیوالیہ ہونے کی صورت میں غیرسودی بینک کے حصہ داروں کی ذمہ داری ہے کہ اپنے گاہکوں کے مطالبے کو ادا کردیں۔

اگر حصہ داران بعض دشواریوں کی وجہ سے گاہکوں کو ادا کرنے کے اہل نہ ہوں تو ان کو فنڈ کا انتظام کرنا پڑے گا اور قرض کی ادائیگی کرنی پڑے گی۔

## غیر سودی بینک کے حصہ داران کس طرح اپنے قرضے کی ادائیگی کریں اگر کوئی قرض ہو؟

تمام تجارتی بینک جو کہ ہر ایک ممالک میں مرکزی بینک سے اجازت حاصل کرنے کے بعد قائم کیے جاتے ہیں جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ مرکزی بینکوں کے اہم کام یہ ہیں۔
(۱) نوٹ (روپئے، زر کاغذی) جاری کرنا (۲) حکومت کے بینکر کی حیثیت سے کام انجام دینا۔ (۳) غیر ملکی زر مبادلہ کی شرح قائم رکھنا اور بینکوں کے بینک کی حیثیت سے کام کرنا۔
ان کی جمع و وصولی اور لین دین کا حساب اور دوسری سرگرمیاں جن کی اس کی طرف سے مقررہ اوقات پر جانچ پڑتال کی جاتی ہیں، ان کو کنٹرول کرنے اور نگرانی کے فرائض انجام دینا۔

**مِثَال** ایک مرکزی بینک کسی ملک میں ہر ایک بینک کو چلانے کے لیے عملی سرمایہ کم از کم ۴۰،۰۰،۰۰۰/- کی رقم یقین کرتا ہے۔ اب تمام بینکوں کے لیے مذکورہ رقم کا ہر وقت ان کے پاس ہونا ضروری ہے۔ اُس ملک میں غیر سودی بینک اپنا کام شروع کرتا ہے اور گاہک کے جمع کھاتوں اور متعینہ جمع کھاتوں کے ذریعہ مجموعی جمع رقم ۳۰،۰۰،۰۰۰/- کی حد پوری کرتا ہے۔ مجموعی رقم (تحویل) میں سے پانچ فیصدی رقم مرکزی بینک کے ضروری شرائط کے لیے محفوظ کر دی جاتی ہے، جو کہ ۱،۵۰،۰۰۰/- ہوتی ہے۔

اگر غیر سودی بینک کو بچیث رقم ۲،۸۵،۰۰۰/- کا راس المال کے طور پر لگائے ہوئے طریقہ پر نقصان اٹھانا پڑتا ہے تو کیا عملی سرمایہ میں سے ان قرضوں کو ادا نہیں کیا جاسکتا ہے؟ عملی سرمایہ کی اس کمی کو پورا کرنے کے لیے غیر سودی بینک قرض لے سکتا ہے یا اپنے حصّوں یا حصہ داروں کا اضافہ کر سکتا ہے، یا بالآخر منافع میں ضم کر سکتا ہے — چونکہ گاہک کے جمع کھاتے یا متعینہ جمع کھاتے جو کہ غیر سودی ہیں اُس کی کل جمع رقم عملی سرمایہ سے زیادہ کی توقع دنیا میں کہیں بھی نہیں کی جاسکتی ہے۔ اکثر روایتی بینک میں جمع ہونے والی رقم (کھاتے) جو عام طور سے رائج ہیں۔ بچت کھاتے یا رواں کھاتے اکثر و بیشتر اوقات ان کی کل رقم عملی سرمائے سے کم ہی ہوتی ہے۔

## (۳) معیّنہ مدّت کا راس المال

TERM INVESTMENT

(الف) عملی طور پر کسی جماعت یا سوسائٹی کے تمام افراد کے لیے اتنا آسان نہیں ہے کہ اپنے آپ کو تجارتی ذمہ داری میں مشغول کرلیں۔ اس کے بہت سے اسباب ہیں۔ جیسے اچھی عمارتیں، پٹے پر لی جانے والی زمین کی قیمتوں، ساز و سامان، لائسنس، طلب کے قابل اشیاء، مناسب بازار، انتظامی نظم و ضبط، مزدور، محنت اور وقت وغیرہ جن کا خیال رکھنا ضروری ہوتا ہے (تجارت کے لیے غور طلب ہے) مستحکم ادارے مذکورہ بالا عوامل سے متاثر نہیں ہوسکتے ہیں۔

موجودہ دور میں مذکورہ بالا افراد کے لیے سب سے اچھی شکل یہ ہے کہ اپنی بچی ہوئی پونجی (رقم) کو ایسے بینکوں میں جمع کریں جہاں سے اُن کو سُود کی اعلیٰ شرح حاصل ہو۔ اس نظام کے تحت جمع کرنے والے کو بلا محنت کی آمدنی اصل سرمایہ پونجی کے عوض میں حاصل ہوجاتی ہے جس کا نتیجہ ملک میں افراطِ زر کی شکل میں سامنے آتا ہے۔ جبکہ بینک ناقابل وصول قرض کا خاص طور سے شکار ہوجاتا ہے۔

غیر سودی بینک موجودہ نظام کی طرح راس المال والوں کو رقم جمع کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے لیکن روپئے جمع کرنے والے بینک سے سود کی شرح پہلے ہی سے طے کرلیتے ہیں جبکہ غیر سودی بینک میں راس المال والوں کو خطرہ مول لینے کی شرح طے کرنا پڑے گا۔ (یعنی نفع/نقصان)

غیر سودی بینک جمع کی جانے والی رقم، افراد، پرائیویٹ (ذاتی) کمپنیوں، ادارے صنعت کاروں اور بینک وغیرہ سے قبول کرے گا اور ان خطرہ مول لینے کی فیصد (شرح) طے کرلینے کا مشورہ دیگا۔

غیر سودی بینک کم از کم دس فیصدی شرح کے اعتبار سے خطرہ مول لینے کی اجازت دیگا اور راس المال والوں کی طرف سے زیادہ سے زیادہ شرح کو بھی قبول کرسکتا ہے۔ اس بینک میں رقم لگانے کے بعد راس المال اپنی رقم ضرورت کے تحت نکال بھی سکتا ہے۔ (صفحہ ۔۔ ملاحظہ فرمایئے) غیر سودی بینک منافع یا نقصان کا اعلان روزانہ، ہفتہ وار، ماہانہ، سہ ماہی کی بنیاد پر کرے گا جو کہ اس جگہ کے حالات یا راس المال والوں کی ضرورت پر منحصر رہے گا۔ جو بھی نتیجہ برآمد ہوگا غیر سودی بینک اور راس المال اپنی تسلیم شدہ متناسب شرح کے مطابق نفع یا نقصان

میں شریک ہوں گے جبکہ راس المال والوں کی رقم کے ساتھ غیر سودی بینک بھی اپنی رقم شامل کرتا ہے۔ یہ سرمایہ کاری پچاس فی صد کی بنیاد پر قائم ہے۔

اگر غیر سودی بینک راس المال کے ساتھ اپنی رقم شامل نہیں کرسکتا تو غیر سودی بینک اصل سرمایہ پر پانچ فیصد راس المال سے اپنی حق خدمت وصول کرے گا اور پھر تسلیم شدہ نفع یا نقصان شرح میں حصہ رکھے گا۔ یہ سرمایہ کاری بھی پچاس فیصد کی بنیاد پر قائم ہے۔

**مثال** (۱) الف روپئے لگانا چاہتا ہے ۱۰۰،۰۰۰ غیر سودی بینک میں تین مہینے کے لیے۔
الف اور غیر سودی بینک کے درمیان خطرہ کی شرح پندرہ فیصدی طے ہوتی ہے۔
۱۰۰،۰۰۰ پر غیر سودی بینک نے تین مہینے کی مدت کے لیے ۳۶۲۵/= کے منافع کا اعلان کردیا۔ (یعنی ساڑھے چودہ فیصد کا)۔

الف کا حصہ:۔ ۳،۰۸۱-۲۵ یعنی ۱۰۰،۰۰۰ پر مکمل منافع کا ۸۵٪ فیصد

اصل سرمایہ: ———— ۱۰۰،۰۰۰-۰۰

کل جمع: ———— ۱۰۳،۰۸۱-۲۵

غیر سودی بینک کا حصہ ۵۴۳-۷۵ یعنی ۱۰۰،۰۰۰ پر مکمل منافع کا ۱۵٪ فیصد

**مثال** (۲) اس صورت میں اگر ۱۰۰،۰۰۰/= پر تین مہینہ کی مدت میں ۱،۲۵۰/= کا خسارہ ہوگیا یعنی ۵٪ فیصد۔

الف حصہ دار ہوگا ۸۵٪ فیصد کا یعنی (—) ۱،۰۶۲-۵۰ (خسارہ کا)

اصل سرمایہ: ———— (+) ۱۰۰،۰۰۰-۰۰

جمع: ———— (+) ۹۸،۹۳۷-۵۰ — غیر سودی بینک حصہ دار ہوگا ۱۵٪ فیصد کا یعنی ———— (—) ۱۸۷-۵۰ ———— (خسارہ کا)

(ب) متعینہ مدت کے لیے روپیہ لگانے کی دوسری شکل یہ ہے کہ عملی حصہ داری کے اصول پر روپیہ وصول کرکے کھاتہ کھولا جاسکتا ہے۔ مذکورہ بالا کھاتہ اور اس طرح لگائی جانے والی رقم کے کھاتے میں یہ فرق ہے کہ غیر سودی بینک پہلی صورت میں خدمت کا معاوضہ وصول کرکے نفع ونقصان دونوں کا حصہ دار ہوگا۔ اور دوسری شکل میں خدمت کا معاوضہ لیے بغیر غیر سودی بینک مقررہ شرح جو ابتدا ہی میں رقم لگانے والے اور غیر

سودی بینک کے درمیان طے ہوجائے گی اُسی کے مطابق صرف منافع میں شریک ہوگا۔ یہ سرمایہ کاری ۵۱/۹۴ فیصد کی بنیاد پر قائم ہے۔

## (۴) معیّنہ مدّت کیلئے جمع رقم کی رسید (Fixed Investment Receipt)

فنڈ کو ترقی دینے (میں اضافہ کرنے) کا خاص ذریعہ غیر سودی بینک کو چلانے کے لیے فردیا دوسرے سے رقم لیکر معیّنہ مدت کے لیے جمع رقم کی رسید جاری کر کے ہی ہوسکتا ہے۔ رقم جمع کرنے والے کے ذریعہ اس رسید کی مدت تعین کی جاسکتی ہے۔ جس میں مندرجہ ذیل اختیارات ہوں گے:۔

(۱) مختصر مدّت کے لیے جمع کی جانے والی رقم ۲ ـ ۱ سال
(۲) درمیانی مدّت " " " ۶ ـ ۴ "
(۳) طویل مدّت " " " ۹ ـ ۷ "

اس رسید کی قدر وقیمت ہوگی جس کی بازار میں خرید وفروخت ہوسکے گی۔ وقت کی زیادتی کے ساتھ ساتھ اس رسید کی قیمت میں اضافہ ہوگا جبکہ یہ وصولیابی کی مدت سے قریب تر ہوتی جائے گی۔

انتظامیہ کی مرضی کے مُطابق غیر سودی بینک جو منافع دے گا اس میں سے ۱۵٪ سے لیکر ۲۵٪ فیصد تک اپنی خدمات کے عوض لینے کا پابند ہوگا اور ۷۵٪ فیصد روپیہ لگانے والوں میں تقسیم کر دیا جائے گا۔

اس قسم کے راس المال میں غیر سودی بینک کسی قسم کے خسارہ کے تاوان کو برداشت کرنے کا ذمہ دار نہ ہوگا۔ روپیہ لگانے والے کو اپنے راس المال کی مکمل ذمہ داری برداشت کرنا پڑے گی۔ جیسا کہ اخلاقی بنیاد پر شرعی فتاوٰی میں بیان کیا گیا ہے تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

شریعت میں کس طرح اس بات کی اجازت دی جائے گی کہ ایک با اجرت شریک کار کسی متعینہ فیصد نفع یا نقصان کے کسی بھی خطرہ میں شریک ہو؟

عام طور پر یہ سب ہی جانتے ہیں کہ جب کوئی تاجر کسی کارخانہ (یا تجارتی نظام) کا اجراء کرتا ہے تو وہ کچھ ملازمین کو منظم کرتا ہے جو اس کی تجارت یا پیداوار میں تعاون کرتے ہیں۔

اوران ملازمین کو تنخواہ کی شکل میں اس کا معاوضہ دیا جاتا ہے سوسائٹی یا (جماعت (قوم) میں کچھ ماہرین ہوتے ہیں جو اُجرت کی بنیاد پر متعینہ فیصدی کی شرکت کے ساتھ اپنی ذاتی ملازمت کرنا چاہتے ہیں تاکہ اپنی قابلیت وصلاحیت اور اخلاص سے کام لیکر اپنے لیے زیادہ سے زیادہ آمدنی پیدا کرسکیں۔ کچھ ایسے بھی روپئے لگانے والے ہیں جو بذات خود براہ راست کسی تجارت میں شامل نہیں ہونا چاہتے ہیں۔ بلکہ ایسے افراد کی تلاش میں رہتے جو مذکورہ بالا مہارت کے حامل ہوں اگر ان میں سے کسی ایک سے مطمئن ہوجاتے ہیں تو وہ کسی منتخب شدہ تجارت پر اعتماد کر کے اپنا سرمایہ لگانے کے لیے تیار ہوجاتے ہیں۔ یہ سرمایہ لگانے والے اپنے ملازمین کو اجرت کے ساتھ شریک کار ہونے کی تعینہ فیصدی دینے کے لیے تیار ہوجاتے ہیں "مضاربت کہاتے" کے تحت اس طرح کے ساجھی دار سال کے اخیر میں منافع حاصل کرتے ہیں۔ اس منافع کو تجارتی ادارہ کے قیام کی ابتدا سے قبل طے شدہ معاہدہ کے مطابق تقسیم کیا جاتا ہے متعینہ مدت میں ان سے خسارہ ہوجاتا ہے تو اس صورت اس طرح کے ساجھی دار کسی بھی قسم کے خسارہ سے آزاد ہوتے ہیں اور خسارہ کا پورا تاوان (رقہ رضے) روپیہ لگانے والے کو برداشت کرنا پڑے گا۔ اس قسم کی ساجھے داری روپئے لگانے والے کی مہربانی اور صوابدید پر منحصر ہے کسی برابری کی بنیاد پر نہیں ہے"۔

علمار شریعت کا کہنا ہے کہ یہ ساجھے داری روپیہ لگانے والے اور کارگزار (شریک کار) ساجھے دار کے درمیان مندرجہ ذیل تشریح کے مطابق برابری کا حامل ہے۔

علمار شریعت کے مطابق جب شریک کار (کارگذار) ساجھے دار کو نقصان یا خسارہ کرتا ہے تو خسارہ لازمی طور پر روپیہ لگانے والے ساجھی دار کو برداشت کرنا پڑے گا۔ شریک کار ساجھے دار کو نہیں۔

(ایسا شریک کار جو عملی کام کی بنیاد پر شریک ہوں ذمہ دار نہیں ہوگا) شریک کار (کارگذار) ساجھے دار پہلے ہی اپنا وقت اور خدمات صرف کرچکا ہے اسی کے مطابق جس کے لیے اسکو ادا نہیں کیا گیا ہے۔ اس لیے روپیہ لگانے والے کا خسارہ دولت کی شکل میں ہوگا۔ اور کارگذار ساجھے دار کا نقصان یہ ہے کہ وہ اپنی زائد خدمات اور وقت صرف کرنے کے عوض میں کچھ بھی محنتانہ نہیں پائے گا۔

میری اپنی ذاتی رائے ہے کہ مذکورہ بالا ساجھے داری برابری کی بنیاد پر نہیں ہے ملک

خالص روپیہ لگانے والے کی مہربانی اور صوابدید پر منحصر ہے۔ اس لیے کہ اگر کارگذار (شریک کار) ساجھے دار کو اجرت دی جاتی ہے تو کیوں ان کو مثبت یا منفی عوامل جو غیر یقینی ہیں فائدہ کے بغیر رغبت (شوق وجذبہ) پیدا کرنے کی زائد فیصدی دیجائے۔

کارگذار ساجھے دار تجارت کو فروغ دینے میں کاہل اور نااہل بھی ثابت ہوسکتے ہیں۔ اس لیے کہ ان کا معاوضہ مقرر ہے۔

جبکہ غیر متوقع فائدہ ہو تو وہ اس میں شریک ہو اور جب غیر متوقع خسارہ ہو تو وہ اسمیں شریک نہ ہو۔

اس کی ترقی پذیر صلاحیتوں سے منافع کا نتیجہ برآمد ہوتا ہے تو اس کا شریک دار ہوتا ہے اس کے برعکس جب اس کی نااہلی خسارہ نتیجہ برآمد کرتی ہے تو وہ اس کو برداشت نہیں کرتا ہے۔

اصولی طور پر اگر وہ نااہل ہے تو اس کو خسارہ میں بھی شریک ہونا چاہیئے اسی شرح میں جس شرح میں وہ منافع کا شریک دار ہے۔ اگر وہ باصلاحیت ہے۔

جبکہ روپیہ لگانے والے اپنا سرمایہ فراہم کرتے ہیں تو کارگذار ساجھے دار کو بھی اپنا سرمایہ (یعنی غیر محسوس صورت میں) فراہم کرتا ہے جبکہ دونوں ہی اپنا سرمایہ کسی تجارتی ادارہ میں استعمال کرتے ہیں تو پھر کارگذار ساجھے دار خسارہ سے آزاد کیوں ہیں؟

موجودہ معاشیات میں "سرمایہ" Capital (پونجی) کی تعریف کیا ہے؟ کس طرح کسی راس المال کے لگانے والے کے حصہ کو متعین کرنے کا طریقہ معلوم کیا جائے گا؟

جدید ماہرین معاشیات "سرمایہ" (پونجی) کی تعریف مندرجہ ذیل طریقہ پر کرتے ہیں۔ معاشیات میں "سرمایہ" کی اصطلاح مختلف اور زیادہ وسیع معنی میں استعمال کی جاتی ہے۔ بہ نسبت عام زبان کے جس میں "زر" کے مفہوم میں استعمال ہوتا ہے جو کہ بالکل غلط ہے۔

بعض ماہرین معاشیات سرمایہ کی تعریف کرتے ہیں کہ یہ آدمی کی دولت کا وہ حصہ ہے جو زمین کے علاوہ آمدنی میں اضافہ کرتا ہے لیکن سرمایہ Capital کا یہ مکمل اطمینان بخش معنی نہیں ہے اس لیے آمدنی زر جو کہ سرمایہ کا ایک حصہ ہے اور یہ آمدنی میں اضافہ کرتا ہے اس وقت جبکہ سودی قرض پر اس کو دیا جائے۔ اس کو سرمایہ نہیں کہا جا سکتا ہے۔ علماء شریعت "سرمایہ" کی تعریف یہ کرسکتے ہیں جیسے زر، مشین، خام مال، ضمانت مال اور تجارت کا مالک ہے وہ

سرمایہ ہے۔ یہ سب عوامل ہیں سرمایہ نہیں کہے جا سکتے ہیں۔ بلکہ حق ملکیت اور پیداوار کے عوامل کی نمائندگی کرتے ہیں۔

بعض ماہرین معاشیات نے میری رائے میں "سرمایہ" کی صحیح طور پر یہ تعریف کی ہے کہ "پیدا کئے گئے ذریعہ پیداوار ہے" Produced means of Production. اس لئے سرمایہ مشتمل ہے۔ محسوس ذرائع پر جیسے زر، مشین، اوزار، زمین، کارخانے، نہریں، نقل و حمل کے سامان، خام مال، اسٹاک (جمع) وغیرہ۔ اور غیر محسوس ذرائع پر جیسے جسمانی (طبعی) چیزیں وقت اور صلاحیت کے عناصر۔ ان میں سب ہی مزید پیداوار کی ترقی (میں اضافہ) کے لیے استعمال کئے جاتے ہیں۔

انفرادی طور پر راس المال والوں کے حصوں کی معلومات حاصل کرنے اور تحقیق کے لیے مندرجہ بالا تمام عوامل پر غور کرنا ضروری ہے اور ان حصوں کے مطابق پیداوار میں سے منافع معلوم کرنے کے لیے ان کے سرمائے کا تعین کیا جا سکتا ہے۔ (۵) غیر ملکی تبادلہ۔
(۶) اور (۷) ساجھے داری سرمایہ/کفالت کرنے والوں کے (نجی) حصے :

SHARE CAPITAL/SPONSOR'S SHARES

غیر سودی بینک حصوں (کی خریداری/شرکت) کے لیے عوام سے درخواست کر سکتا ہے جن کو ایک عام کمپنی کی طرح مختص کیا جا سکتا ہے (حصوں کا تعین کیا جا سکتا ہے) ان متعینہ حصوں کا فوراً ادا ہونا ضروری نہیں ہے۔ جب ضرورت پڑے طلب کیا جا سکتا ہے عوام کے حصوں سے حاصل شدہ سرمایہ میں مزید اضافہ کی غرض سے غیر سودی بینک کے ذمہ داروں کے نجی حصے کی ایک بڑی رقم بھی لی جائے گی۔

ذمہ داروں یا کفالت کرنے والے کا (نجی) قرض یا مؤسس کے حصے اس کے حصوں تک محدود نہیں ہوں گے۔ جیسا کہ کسی عام کمپنی کی حالت ہوتی ہے بلکہ قرض حاصل کئے جانے کی پوری ذمہ داری ہوگی۔ پھر بھی دوسرے حصہ داروں کا قرض (ذمہ داری) ادا شدہ حصوں تک محدود ہوگا۔ اگر ذمہ داروں کے حصے کے قرض غیر محدود ہوں گے۔ لیکن ان کے منافع کا حصہ دوسرے عام حصہ داروں کے مطابق ہوگا۔

## فنڈ کا استعمال (Application of Funds).

(۱) نقد رقم :۔

غیر سودی بینک گاہک کے جمع کھاتے اور متعینہ جمع کھاتے سے نقدی رقم کی شکل میں اپنے فنڈ کا ایک مختصر حصہ جمع کرنے والوں کے روزانہ کے طلب کو پورا کرنے کے لیے محفوظ رکھے گا۔ جبکہ فنڈ کا بڑا حصہ منافع کے حصول کے لیے استعمال میں لایا جائے گا جو آسانی سے نقدی میں تبدیل ہونے والا ہو۔

غیر سودی بینک کے مقررہ حصہ کا نقدی کی شکل میں رکھنا قانونی ضروریات اور تجربہ کی بنیاد اور اس کے عوامل ہوگا۔ یہ عوامل ہیں۔

۱۔ گاہک کے تجارتی طریقے اور علاقے میں مروجہ شرائط

۲۔ جمع کرنے والے / روپیہ لگانے کی نوعیت۔

۳۔ انتہائی مدت کے شرائط

۴۔ خاص مواقع جیسے عید، کرسمس، اور دوسرے تہوار وغیرہ۔

۵۔ گاہک کے ذریعہ بڑی رقم نکالنے کا پہلے سے فیصلہ (سمجھوتہ)

غیر سودی بینک صحیح فیصلہ اور رائے قائم کر کے اپنے فنڈ کو زیادہ نفع حاصل کرنے کے لیے اس طرح استعمال کرے کہ ہر وقت جمع کرنے والے یا روپے لگانے والے جب مطالبہ کرے تو اس کو پورا کرنے میں اعتبار و اہلیت نہ کھوئے۔

## (۲) مرکزی بینک میں محفوظ (رقم) Central Bank Reserve

ہر ایک ملک میں تمام چلنے والے بینک کو جمع رقم (کھاتوں) کی ایک مخصوص فیصدی کو مرکزی بینک میں محفوظ رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس جمع رقم (کھاتہ) کا حساب اور تخمینہ بینکوں میں مختلف قسم کے گاہکوں کے کھاتوں کے ہر ایک مہینہ کے اخیر کے بچت کے حساب کے مطابق کیا جاتا ہے۔ متحدہ عرب امارات ( UAE ) مرکزی بینک اس پالیسی کے تحت تمام بینکوں کو یہ سہولت دیتا ہے کہ وہ اپنی محفوظ رقم بغیر کسی معاوضہ کے استعمال کر سکتے ہیں۔ لیکن کم سے کم رقم جو واجبی طور پر محفوظ رکھنے کے لیے ہر مہینہ مقرر کی گئی ہے۔

مہینہ کی پہلی تاریخ کے اعتبار سے ہر چھٹے دن ایک اوسط کی بنیاد پر باقی رکھنا ضروری ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ بعض دن مقررہ حد سے کم بھی کوئی بینک رقم رکھ سکتا ہے۔ ہر چھٹے دن کے خاتمہ پر اوسط مقررہ محفوظ رقم کی حد کے برابر ہونا ضروری ہے۔

اس سہولت سے فائدہ اٹھا کر غیر سودی بینک رقم جمع کرنے والوں کی ضرورتوں کی تکمیل کر سکتا ہے۔ اس صورت میں جبکہ غیر سودی بینک کے پاس فنڈ کی کمی ہو جائے۔ غیر سودی بینک کے لئے اس کی متبادل شکل یہ ہو سکتی ہے جبکہ کسی جگہ مرکزی بینک کے قوانین اور ضوابط مذکورہ بالا سہولت سے مختلف ہو تو اسی طرح کے منصوبے کا اہتمام غیر سودی بینک دوسرے بڑے بینکوں کے ساتھ مل کر اس جگہ یا علاقے میں ان کا تعاون حاصل کر کے ترتیب دے سکتا ہے۔

(ب) غیر سودی بینک ایک مختصر رقم غیر سودی بنیاد پر دوسرے بینکوں میں جمع رکھ سکتا ہے۔ جبکہ یہ فوری ضرورت کے لیے مرکزی بینک سے فنڈ حاصل نہیں کر سکتا ہو

## ۳ مراسلات کے ذریعہ واجب الادا (ادائیگی) — Due by Correspondents

غیر سودی بینک، شاخوں یا مراسلات کے وسیع نظام کے ذریعہ پورے ملک یا دُنیا میں عوامل کے لیے ترسیل زر کی سہولیات کی مختلف نوعیت کا کام انجام دے گا۔ جیسے مطلوبہ ڈرافٹ بذریعہ ڈاک متبادلہ MAIL TRANSFER ٹیلیگراف کے ذریعہ مبادلہ وغیرہ۔

## ۴ غیر سُودی قرضے — INTEREST FREE ADVANCES

(الف) ضرورِیات کے لیے: For Necessaries

غیر سودی بینک افراد اور پرائیویٹ کمپنیوں کو ضمانت حاصل کرنے کے بعد انتظامیہ کے اختیارات کے مطابق غیر سودی شرائط پر قرض دینے کی سہولت فراہم بھی کرے گا۔ وہ قرض جو افراد کو دیا جائے گا ایک مدت کے ختم ہونے کے بعد قرض لینے والا اس کو قسط وار ادا کیا جائے گا۔ وہ مدت ایک مہینہ، تین مہینے، سات مہینے، نو مہینے کی ہو سکتی ہے لیکن سال سے زیادہ کی نہیں ہوگی۔

اس قسم کے قرض دینے کا مقصد ان ضرورت مندوں کی مدد کرنا ہے جن کو ہاسپٹل کے بل یا طبی بل (اخراجات) کی ادائے گی وغیرہ کے لیے رقم کی ضرورت ہے۔ دوسرے قرض

لینے والے بھی ہوں گے جو پائیدار سامان جیسے ریفریجریٹر، کھانے پکانے سے متعلق سامان، فرنیچر ولباس وغیرہ خریدنا چاہتے ہیں۔

یہ قرض پرائیویٹ کمپنیوں کو رقم کی فوری ضرورت کو دفع کرنے کے لیے بطور مدد دیا جاسکتا ہے۔ اور ایک مہینہ کی محدود مدت میں واپس لیا جائے گا۔ ان قرضوں کا مقصد واجب الادا بلوں کی ادائیگی اور واجب الادا چیک کا بروقت ادا کرنا ہوسکتا ہے۔

اس صورت میں کسی ناقابل وصول قرض کا معاملہ پیش آتا ہے تو غیر سودی بینک اسکا پوری طرح ذمہ دار ہوگا۔

(ب) آرام / تعیش کے لیے: (تدبیر کرنا اگرچہ مشکل ہے)

## (۵) رواں راس المال (چالو کھاتہ) CURRENT INVESTMENTS

تحویل میں گاہکوں (ردیعہ جمع کرنے والوں کی جمع کردہ رقم) کے جمع کھاتوں سے جو اضافہ ہوا وہ رقم اور محفوظ تحویل کی رقم (کھاتوں) کو محفوظ ضروریات کی تکمیل کے بعد، اسلامی اداروں میں غیر سودی بینک کی ذمہ داری پر لگایا جائے گا۔ جیسے "شارجہ" میں اسلامک انوسٹمنٹ کمپنی یا اسی طرح کے دوسرے ادارے" واد ڈلی" (ایم، ای) لندن۔ اس کے منافع سے امید کی جاتی ہے کہ غیر سودی بینک کے مذکورہ بالا کھاتوں (حسابات، رقم) کی ادائیگی میں جو زائد اخراجات ہونگے پورے ہوجائیں گے۔

جو رقم جاری کھاتہ میں لگائی جائیگی وہ انتظامیہ کی منظوری پر ہے کہ مکمل تحویل کی کتنی متعینہ فیصدی غیر سودی شرائط پر ضرورت مند افراد کو قرض دی جائیگی۔ جو رقم قرض دی جائیگی وہ انتظامیہ کے اختیار اور فیصلہ پر مبنی ہے بچی ہوئی رقم منافع میں اضافہ کیلئے لگائی جاسکتی ہے۔

## (۶) خطرات سے تحفظ کے لئے سرمایہ (راس المال)

وہ رقم جو متعینہ مدت سرمایہ کاری کے ذریعہ حاصل کی گئی ہے اس کو اسلامی اداروں یا اسی طرح دنیا کی دوسری تنظیموں میں منتظمین کے فیصلہ پر دوبارہ لگائی جاسکتی ہے۔ اس صورت میں جبکہ غیر سودی بینک براہ راست تجارتی معاملہ انجام دینے میں فنڈ کے استعمال

کرنے کے قابل نہ ہو۔

غیر سودی بینک جس مدت میں رقم کو (کسی تجارتی ادارہ میں) لگانے کے دوران رقم کی واپسی کو محدود کرے گا کیونکہ کسی فرد کے نفع کو معلوم کرنے کی صورت میں اس پر عمل کرنا دشوار ہوگا۔

اس صورت میں اگر کوئی روپیہ لگانے والا اپنی جمع کی ہوئی رقم کے کسی حصے کو واپس کرنے پر مجبور کرتا ہے تو غیر سودی بینک کو اس کے مطالبے پر غور کرنا ہوگا۔ روپیہ لگانے والے کی ضرورت کا خیال کرتے ہوئے غیر سودی بینک اس کی مدد کر سکتا ہے اور غیر سودی قرض دے سکتا ہے۔ اس طرح سے اس کی جمع کی ہوئی رقم میں کوئی تقسیم نہیں کیجائے۔

جب کبھی رقم لگانے والا اپنی لگائی رقم واپس مانگتا ہے تو غیر سودی بینک گاہک کے جمع کھاتوں یا متعینہ جمع کھاتوں سے اس کو رقم فراہم کرسکتا ہے۔ اگر مذکورہ بالا کھاتوں میں مقررہ حصے سے زائد فنڈ مہیا ہو۔

اگر غیر سودی بینک گاہکوں کی فوری ضرورت اور مطالبہ سے مطمئن نہیں ہوتا ہے تو گاہک کو اختیار ہے کہ اپنا حصہ بازار میں یا غیر سودی بینک کے پاس فروخت کردے۔

غیر سودی بینک بازار سے حصے خریدنے کی صورت میں :۔

۱۔۔۔ یہ فنڈ استعمال کرے گا اگر نقدی کھاتہ سے مہیا ہو۔

۲۔۔۔ گاہک کے جمع کھاتوں یا متعینہ جمع کھاتوں سے فنڈ استعمال کرسکتا ہے۔

۳۔۔۔(الف) نئی رقم لگانے والا (نیا کھاتہ) (ب) مہیا ہونے کی صورت میں غیر سودی بینک پہلے رقم لگانے والے کی مطلوبہ رقم کو واپس کرسکتا ہے۔

۴۔۔۔ مرکزی بینک سے محفوظ رقم استعمال کرکے فنڈ حاصل کرسکتا ہے۔

چوتھی مثال میں غیر سودی بینک مرکزی بینک سے زیادہ رقم بھی لے سکتا ہے جب تک کہ موجودہ روپیہ لگائی ہوئی کمپنیوں سے باٹنے یا جمع کرنے والے یا روپیہ لگانے والوں سے فنڈ حاصل کرلے۔

غیر سودی بینک روپیہ لگانے والے/حصہ داروں کے منافع کا فیصلہ کرنے کے لیے انفرادی حیثیت سے ان کے انفرادی تحویل کی اہمیت اور تاریخ کی قیمت مندرجہ ذیل طریقہ

پر طے کرے گا۔

**مثال** فرض کیجئے غیر سودی بنک نے مختلف مدت کیلئے مختلف رقم جمع کرنیوالوں سے معینہ مدت کے لیے سرمایہ (کھاتے کی بنیاد پر ۱۰,۰۰۰,۰۰۰) حاصل کیا ہے۔ پہلے پورے سرمایہ کو اکائیوں میں، ہر ایک اکائی کی قیمت معلوم کرنے کے لیے تبدیل کیا جائے گا۔ یعنی سرمایہ اتنی اکائیوں کی تعداد میں تقسیم کیا گیا۔

اس لیے ۱۰,۰۰۰,۰۰۰=۰۰ کو ۱,۰۰۰,۰۰۰=۰۰ میں تقسیم کیا گیا تو ۱۰=۰۰ ۱ اکائی کی قیمت ہوئی۔ جب اکائی کی قیمت ۱۰=۰۰ ہے تو مندرجہ بالا سرمایہ کی تمام اکائیوں کی تعداد ۱,۰۰۰,۰۰۰ ہوگی۔ ان اکائیوں کی صورت میں پورا سرمایہ مزید منافع کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ ان اکائیوں کی قیمت میں اضافہ ہوگا یا کمی ہوگی۔ اس کا نتیجہ غیر سودی بینک کی کارکردگی پر منحصر ہے۔

اگر مذکورہ بالا سرمایہ پر ایک مہینہ میں ۱۲٪ فیصدی کا پورا فائدہ ہوتا ہے۔

یعنی ———————— ۱۰,۰۰۰,۰۰۰=۰۰

۳۰ دن میں ۱۲٪ فیصدی شرح سے منافع ۱۰۰,۰۰۰=۰۰

جمع ———————— ۱۰,۱۰۰,۰۰۰=۰۰

اب اصل سرمایہ اور نفع دونوں کو جوڑ کر اکائیوں کی موجودہ تعداد میں تقسیم کیا جائے گا۔

یعنی ۱,۰۰۰,۰۰۰ کو ہر ایک اکائی قیمت ۱۰-۱۰ کے اعتبار سے پانا ہے۔

اگر جناب (ج) نے ۵۰,۰۰۰ غیر سودی بینک میں ۱۵٪ فیصدی خطرہ کی شرح کی بنیاد پر لگایا ہے اس کی پوری اکائیوں کی تعداد ۵,۰۰۰ ہونی چاہیئے۔

مندرجہ بالا رقم جو لگائی گئی ہے ایک مہینہ کے لیے اس کا اور اس کے منافع کا **فیصلہ** کرنے کے لیے اس طرح حساب کیا جائے گا۔

جناب ج کی اکائیوں کی تعداد ۵,۰۰۰-۰۰

ہر ایک ایک اکائی کی قیمت لگائی گئی یعنی × ۱۰-۱۰

جمع سرمایہ + منافع ۵۰,۵۰۰-۰۰

اصل سرمایا ——————— ۵۰,۰۰۰-۰۰

مکمل منافع ——————— ۵۰۰-۰۰

بز۱۵فیصدی خطرہ کی شرح پر غیر سودی بینک کا حصّہ ۰۰-۷۵

جناب ج کا اصل نفع ——————— ۴۲۵ ۰۰

اگر کچھ رقم قیمت لگانے کے بعد واپس ہوئی تو بچی ہوئی رقم جس کو لگانا ہے پھر سے موجودہ قیمت معلوم کرنے کے لیے اکائیوں میں تقسیم کی جائے گی.

مثال کے طور پر:-

مندرجہ بالا سرمایہ اور نفع ۰۰-۱۰,۰۰۰,۰۰ سے غیر سودی بینک کی ۴۰,۰۰۰ اکائیاں واپسی سے متاثر ہوئیں. اس وقت جبکہ ہر ایک اکائی کی قیمت بھی یعنی ۱۰-۱۰۱ ——————— ۴۰,۴۰۰-۰۰

بچی ہوئی رقم (سرمایہ) ——————— ۹,۰۹۰-۰۰۰-۰۰

اب ہر ایک اکائی ۱۰-۱۰۱ کی قیمت کی بنیاد پر بچی ہوئی رقم ۰۰-۶۰,۰۰۰,۰۰۰ غیر سودی بینک کے ذریعہ لگائی جائے گی جو بھی نتیجہ حاصل ہو. تمام اکائیوں کی تعداد کے مطابق جیسا نتیجہ برآمد ہوگا کی قیمت لگائی جائے گی.

نفع و نقصان پر اعتماد بحال رکھتے ہوئے رقم کو لگانے (تجارتی ادارہ میں) کا کام غیر سودی بینک جاری رکھے گا اگرچہ رقم کی واپسی سے متاثر ہو یا نئی رقم جو غیر سودی بینک میں لگائی جائے اس سے متاثر ہو.

## (۷) مالیاتی ساجھے دار

FINANCIAL PARTNERSHIP

عام (روایتی) بینک کے نظام میں کوئی قرض لینے والا آسانی سے کسی بینک سے قرض لے سکتا ہے. محسوس جائیدادوں کی ضمانت پیش کر کے یا ضمانت دار پیش کر کے یا منیجر کو اپنی ادائیگی کی اہلیت کا اطمینان دلا کر، یا اپنی جرأت کا اعتماد دلا کر اور مقصد کی ایمان داری کا یقین دلا کر.

عام طور پر بینک ایسی ضمانتوں کو قبول کرتا ہے جو بازار میں فروخت کی جا سکے اور قرض داروں کو قرض دلا سکتا ہے لیکن ضمانت ہی صرف ایسی چیز نہیں ہے جس پر بھروسہ کیا جا سکے.

اس لیے کہ ایسے معاملات بھی سامنے آئے ہیں کہ جعلی حصہ داری سرٹیفکٹ (شہادت نامہ) ضمانت کے طور پر پیش کئے گئے اور آخر کار بینک والے کو معلوم ہوا کہ قرض مکمل طور پر غیر محفوظ تھا۔

اس کے علاوہ موجودہ بینک بعض قرض دار جس سے ضمانت لیتا ہے، ضمانت کی قیمت سے زیادہ کا مالی قرض دیتا ہے جس کا بازار میں اعتماد بہتر ہوتا ہے، اور کامیاب تجارت کرتا ہے۔

ایک بار جب فنڈ بینک سے بطور قرض دیا جاتا ہے اس فنڈ کا استعمال قرض لینے کے اختیار میں ہوتا ہے کہ وہ رقم کو جس طرح چاہتا ہے استعمال کرتا ہے، یا تو وہ اسکا صحیح استعمال کرتا ہے یا غیر قانونی تجارت میں لگاتا ہے۔ کچھ تاجر ایسے ہوتے ہیں جو بینک سے لی ہوئی قرض کی رقم اپنی ذمہ داری پر ایمانداری سے استعمال چاہتے ہیں، لیکن ذاتی مہارت میں کمی کے سبب انتظامی دیکھ بھال کی کمی، کمزور انتظام یا تجارتی مقابلہ کی وجہ سے وہ تنزل کی طرف چلا جاتا ہے۔ بینک بہت کم اور شاذ و نادر ہی انکی تجارتی معاملات میں مداخلت کرتا ہے، ان کی رہنمائی کرتا ہے۔ جب فنڈ کی رقم قرض داروں کے ذریعہ ضائع کر دی جاتی ہے کسی سبب کی وجہ سے، تو یہ کیسے ممکن ہے کہ وہ منافع بینک کو ادا کریں گے۔ ایسی صورت میں ان سے اکثر کے لیے اصلی رقم کا واپس کرنا بھی ناممکن ہوتا ہے۔

قرض داروں کے مال و سرمایہ پر براہ راست گرفت میں کمی کی وجہ سے بینک کو ناقابل وصول قرضوں کا زیر بار ہونا پڑتا ہے۔ تجربہ سامنے آیا ہے کہ قرض داروں کا گہرے مطالعہ کے باوجود بینک کو دنیا کے بہت سے ممالک میں ناقابل وصول قرض کو جمع کرنا پڑتا ہے۔

مالیاتی ساجھے دار ہونے کے استحقاق کی مناسبت سے غیر سودی بینک نے جو قرض قرضدار کو دیا اس میں تدابیر بھی کر سکتا ہے اُن کے معاملات سے واقف بھی رہ سکتا ہے تاکہ فنڈ کا غلط استعمال نہ کر سکے۔ اس صورت میں غیر سودی بینک قرض داروں کو کسی ضمانت کے لیے مجبور نہیں کر سکتا ہے۔

جبکہ رقم دینے کا بنیادی مقصد ترقی پذیر اہم کام تجارت میں مدد دینا ہے، کیوں قرض ان کی مرضی پر استعمال کرنے کے لیے دیدیا جائے، تاجر ضرور عملی تجارت میں واقفیت و معلومات کے حامل ہوتے ہیں اور غیر سودی بینک بھی ضروری مالیاتی مہارت کا حامل ہے۔ دونوں کی مہارت کے اشتراک سے کوئی بہت اچھا نتیجہ یا بازار میں بہتر پیداوار لایا جاسکتا ہے، جو کہ

نہ صرف ان کے لیے قابل منافع ہوگا، بلکہ سماج میں معیارِ زندگی کو بھی بلند کریگا۔
لگائی جانے والی مالیت (سرمایہ) پر تسلط رکھنے کی غرض سے غیر سودی بینک کو چند مختار سلازمین کو مقرر کرنا پڑے گا۔ وہ روزانہ، ہفتہ وار قرض داروں کی تجارتی سرگرمیاں کا محاسبہ کرینگے۔ وہ روزانہ کے معاملات کا غیر سودی بینک کی انتظامیہ کو رپورٹ پیش کریں گے۔

## متوقع ساجھے دار کا تعین — Assessment of Prospective Partner

| | |
|---|---|
| عنوان (دستاویز ملکیت نام): | Title |
| صاحب ملکیت: | Proprietor |
| پتہ: | Address, |
| رجسٹری: | Registrations |
| کام (تجارت) کی نوعیت | Nature of Venture. |
| ساہوکار | Banker |
| **محسوس قدر (اشیاء جو قابل قدر ہیں)** | **Tangible Value,** |
| موجودہ جائداد: | Current Assets, |
| موجودہ قرضے: | Current-Liabilities, |
| عملی سرمایہ: | Working Capital, |
| اشیاء مندرجہ: | Inventry, |
| بیع: | Sale. |
| بیع کی قدر و قیمت: | Cost of Sale, |
| قابل وصول بل: | Bills Receivable, |
| واجب الادا بل: | Bills Payable, |
| **غیر محسوس (اشیاء) کی قیمت فیصدی ٪** | **Intangible Value,** |
| علمی استعداد: | Qualification, |
| صلاحیت: | Ability |

کر سکتا ہے جو کہ مکمل طور پر غیر سودی بینک کے زیر تسلط رہے گا۔

## ۹- پیداواری سہولیات

Productive Facilities.

یہ سہولت قرض لینے والے کو اس کے لیے اس کی خواہش اور ارادہ کے مطابق زیادہ سے زیادہ متعین سرمایہ پیدا کرنے کی غرض سے تعاون فراہم کرتی ہے متعین سرمایہ، مطلوبہ فنڈ کو مختص کر دیتا ہے غیر منقولہ جائداد کی خریداری یا تجدید کے لیے، جیسے زمین، عمارت مشین وغیرہ۔

غیر سودی بینک کا مقصد قرض لینے والوں کو سود کے بوجھ کا سامنا کئے بغیر عام بینکوں سے مختلف صورت میں ترقی دینا ہے قرض لینے والے کی ضرورت پر انحصار کرتے ہوئے غیر سودی بینک مندرجہ ذیل دو طریقوں میں سے کسی ایک طریقہ پر قرض دیگا۔

۱۔۔۔ پٹہ (اجارہ) کی بنیاد پر خریداری — Lease hold Purchase.

۲۔۔۔ برابری یا حصہ داری کرایہ کی بنیاد خریداری — Equity Hire Purchase

پٹہ کی بنیاد پر خریداری کا کیا مطلب ہے؟

ایک قرض لینے والا غیر سودی بینک سے کسی تجارتی یا قیمتی جائداد، فطری طور پر جسکی قیمت گھٹنے والی ہے۔ جیسے کار، ٹرک، ساز و سامان وغیرہ کی خریداری کے لیے رقم حاصل کر سکتا ہے اولاً خریدا ہوا سامان، جائداد غیر سودی بینک کی ملکیت ہوگی۔ اور پٹہ پر قرض لینے والے کے قبضہ میں ہوگی، غیر سودی بینک پٹہ کا اور کرایہ کی اس رقم کا جس کو پٹہ دار ماہانہ ادا کریگا۔ کا فیصلہ کریگا۔ کرایہ کی قدر و قیمت (شرح) بازار کے موجودہ حالات پر منحصر ہوگی۔ جبکہ خریدی ہوئی جائداد کی قیمت کی پوری رقم غیر سودی بینک وصول کریگا تو پٹہ دار کو کہا جائے گا کہ وہ بازار کی قیمت کے مطابق یا گھٹی ہوئی قیمت کے مطابق جائداد کو خرید لے۔ جو بھی قیمت لگائی جائے گی وہ غیر سودی بینک کی آمدنی ہوگی۔ ایک بار اس قیمت کو غیر سودی بینک وصول کرنے کے بعد جائیداد کی ملکیت پٹہ دار یا خریدار کو منتقل کر دی جائے گی۔

پٹہ کی بنیاد پر خریداری کی افادیت کی غرض سے پٹہ دار کو دو ضمانت دار یا ضمانت پیش کرنا پڑے گا۔ کسی حادثہ کی صورت میں خریدی ہوئی جائداد کو پٹہ کی میعاد کے دوران کوئی نقصان ہو جاتا ہے تو غیر سودی بینک پٹہ دار سے اس نقصان کی قدر و قیمت کا دعویٰ کرے گا۔ اگر وہ دعویٰ

کی تکمیل میں ناکام رہتا ہے، تو غیر سودی بینک ضمانت دار سے ضمانت سے وہ رقم بے باق کرلیگا۔ (وصول کرے گا)

**مثال** جناب "ج" ۲۰۰۰۰۰ کی لاگت سے ایک کار خریدتا ہے اور فنڈ غیر سودی بینک سے حاصل کرتا ہے (اس صورت میں) اب کار کا مالک غیر سودی بینک ہے۔ اور جناب "ج" پٹہ دار ہے۔ بازار کی قیمت کا اندازہ کرنے کے بعد غیر سودی بینک (ماہانہ) ۵۵۵۵.۵۵ تین سال (۳۶ مہینوں کی مدت) میں ادائیگی کے لیے کرایہ مقرر کرتا ہے جبکہ یہ مذکورہ مدت مکمل ہوجاتی ہے تو کار کی گھٹی ہوئی قیمت ۶۰۰۰/- ہوتی ہے۔ پٹہ دار کو اختیار ہے کہ کار کی گھٹی ہوئی قیمت جو غیر سودی بینک کی آمدنی ہوگی پر خرید لے۔

## ۲۔ برابری حصہ داری کرایہ کی بنیاد خریداری

غیر سودی بینک کسی جائداد جس کی قیمت بازار میں مختلف ہے کے خریدنے کی غرض سے فنڈ دے سکتا ہے جیسے زمین، مکانات، دکانیں، کارخانے اور ایسی اشیا جس کی مانگ یا طلب ہو وغیرہ اس صورت میں قرض لینے والے کو وہی سہولت دی جائے گی جیسا کہ پٹہ کی بنیاد پر خریداری کے اصول کے تحت بیان کی گئی لیکن ایس قرض دار کرایہ دار مہیا کردہ رقم کو قسط وار جب وہ چاہیں اور جتنی رقم (ہر قسط میں) وہ دینا پسند کریں ادا کرسکتے ہیں۔ غیر سودی بینک، کرایہ دار اور اپنے درمیان (برابری ساجھے داری) کے حصہ کو برقرار رکھے گا۔ آخری قسط کی ادائیگی کے بعد جائداد کی قیمت لگائی جائے گی یا بازار کی قیمت کے مطابق فروخت کردی جائے گی۔ اور جو بھی قیمت لگائی جائیگی جائداد میں لگائے گئے سرمایہ کے حصہ کے مطابق کرایہ دار اور غیر سودی بینک کے درمیان تقسیم کرلی جائیگی۔

**مثال** جناب الف ب ج کو زمین خریدنے اور اس پر کوئی عمارت تعمیر کرنیکی غرض سے -/۲۰۰۰۰۰ فنڈ کی ضرورت ہے اس کے پاس -/۵۰۰۰۰ کا ذاتی فنڈ ہے زمین اور مکان کی لاگت -/۲۵۰۰۰۰ ہے۔

| | |
|---|---|
| غیر سودی بینک مہیا کرتا ہے | ۲۰۰۰۰۰=۰۰ |
| جناب، الف ب ج | ۵۰۰۰۰=۰۰ |
| مجموعی رقم | ۲۵۰۰۰۰=۰۰ |

| تاریخ | تفصیلات | غیرسودی بینک | قرض | جمع رقم | جناب الف ب ج | غیرسودی بینک | | جناب الف ب ج | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جنوری | دونوں حصے ساجھے داری کے ذریعہ | 200,000 | — | — | 50000 | 8000 | 1666.66 | 2000 | 416.67 |
| فروری | جناب الف ب ج کے ذریعہ | 190,000 | — | 10,000 | 60000 | 7600 | 1583.33 | 2400 | 500.00 |
| مارچ | کرایہ | — | — | — | — | — | 1583.33 | — | 500.00 |
| اپریل | جناب الف ب ج کے ذریعہ | 180000 | — | 10,000 | 70000 | 7200 | 1500.00 | 2800 | 583.33 |
| مئی | " | 160,000 | — | 20,000 | 90000 | 6400 | 133.33 | 3600 | 750.00 |
| جون | " | 140,000 | — | 20,000 | 110000 | 5600 | 1166.67 | 4400 | 916.66 |
| جولائی | " | 120,000 | — | 20,000 | 130000 | 4800 | 1000.00 | 5200 | 1083.33 |
| اگست | " | 100,000 | — | 20,000 | 150000 | 4000 | 833.33 | 6000 | 1250.00 |
| ستمبر | " | 50,000 | — | 50,000 | 200000 | 2000 | 416.66 | 8000 | 1666.67 |
| اکتوبر | " | 30,000 | — | 30,000 | — | 1200 | 250.00 | — | — |
| نومبر | " | 10000 | — | 10,000 | — | 400 | 83.33 | — | — |
| دسمبر | " | 10000 | — | 10,000 | — | 400 | 53.33 | — | — |
| | کل جمع | — | — | 200,000 | — | — | 16499.97 | — | 7666.62 |

اس علاقہ میں مروجہ کرایہ ——— ۲۰۸۳،۳۳

معاہدہ ——— مشترکہ ملکیت مختلف ہے۔

خلاصہ مندرجہ ذیل ہے:

خریداری کی قیمت (لاگت) -/۲۵۰،۰۰۰۰ تقسیم کی گئی -/۱۰،۰۰۰ اکائیوں میں ہر اکائی کی قیمت ۲۵،۰۰ کرایہ ۲۰۸۳،۳۳ تقسیم کیا گیا -/۱۰،۰۰۰ اکائیوں میں ہر ایک اکائی کی قیمت ۲۰۸۳۳ ختم ہوئی مدت کا سال جنوری ۱۹۸۶ء بازار کے اعتماد سے جائداد کی خرید قیمت۔

اضافہ ——— ۳۰۰،۰۰۰،۰۰

کمی

اصلی قیمت ——— ۲۵۰،۰۰۰،۰۰

اصل منافع ——— ۵۰،۰۰۰،۰۰

منافع کی اکائی -/۵۰،۰۰۰ تقسیم کی گئی ۱۰،۰۰۰ کے ذریعہ = ۵،۰۰

مجموعی کرایہ حاصل ہوا ——— ۱۹۱۹۹،۶۳

کرایہ کی اکائی کی قیمت ——— ۱۹۱۹۹،۶۳ جو تقسیم کی گئی ۱۰،۰۰۰ کے ذریعہ = ۱۹۱۶۶۶۳

غیر سودی بینک کے حصے

مکمل اکائیاں = ۱۱،۴۹۹،۹۷ تقسیم ۱،۹۱۶۶۶۳ کے ذریعہ = ۶۰۰۰

اس لیے منافع ۵ × ۶۰۰۰ = ۳۰،۰۰۰

جناب الف ب ج کے حصے

مکمل اکائیاں ۷۶۶۶،۰۰ ÷ ۱،۹۱۶۶۶۳ = ۴۰۰۰

اس لیے منافع ۵ × ۴۰۰۰ = ۲۰،۰۰۰

## (۱۰) جائز سرمایہ (راس المال) سرمایہ کاری — Eligible Investments

غیر سودی بینک بعض ایسے چھوٹے قرض داروں کی مالی اعانت کر سکتا ہے جن کے پاس معمولی، یا کچھ بھی فنڈ نہیں ہے لیکن ان کا کرایہ دار ہے۔ ضروری ٹیکنیکل کا مالک ہے وہ جانتا ہے کہ کام کس طرح کیا جا سکتا ہے کسی خاص منصوبہ یا کارخانہ (تجارتی ادارہ) کو چلانے کی صلاحیت

بھی رکھتا ہے۔ اگر غیر سودی بینک اس بات سے مطمئن ہے کہ قرض دار کو کامیابی سے استعمال کرنے کی صلاحیت و قابلیت رکھتا ہے اگر نہیں ہے تو استحقاق کی صورت میں قرض دار کو ضمانت کے لیے مجبور کر سکتا ہے۔ اس طرح کے قرض دار کو غیر سودی بینک طے شدہ متعینہ مدت تک کے لیے بحیثیت مالیاتی ساجھے دار کے قرض دے سکتا ہے۔

بازار کی قیمت کے مطابق کارخانہ کی جائداد کی دوبارہ قیمت لگانے کے بعد غیر سودی بینک کے سرمایہ کے حصہ کی ایک متعین فیصدی کو قرض دار سال بہ سال ادا کر کے غیر سودی بینک کی ساجھے داری کو محدود کر سکتا ہے۔

متعینہ خطرہ کی شرح یا کسی نقصان کی صورت میں طے شدہ شرح کے مطابق غیر سودی بینک اور قرض دار متوقع نفع کے حصہ دار ہوں گے۔ اور اسی شرح پر ان کو نقصان بھی برداشت کرنا پڑے گا۔

اس سرمایہ کاری پالیسی کے تحت قرض دار کو ہفتہ وار یا ماہانہ اس کی خدمات اور وقت کے عوض معاوضہ بھی دینا پڑے گا۔ ذاتی مہارت یا قابلیت، زائد اوقات، کارکردگی کی اہلیت کا شمار غیر محسوس سرمایہ میں کیا جائے گا۔ ان کے حصے کی خصوصیات اور مقدار کے مطابق خطرہ کی شرح سرمایہ کار اور قرض دار کے درمیان طے کی جائے گی۔ یہ سرمایہ کاری ۵۰٪۵ کی بنیاد پر ہوگی۔

اگر قرض دار اس کے مطابق ساجھے داری قبول کرتا ہے جیسا کہ متعینہ مدت کیلئے سرکاری (ب) کے تحت تشریح کی گئی ہے تو مالیاتی منصوبہ کے بند کرنے کے بعد اس نفع / نقصان کے حصہ سے اس کی تمام رقم جو انھوں نے وصول کیا ہے وضع کیا جائے گا اس قسم کی سرمایہ کاری ۴۹٪۱۵ کی بنیاد پر ہوگی۔

## (۱۱) کرایہ کی جائداد RENTAL PROPERTY

غیر سودی بینک کے فنڈ کے استعمال کے لیے دوسرا محفوظ طریقہ جائداد کا مالک ہونا ہے اور وہ جائداد کرایہ کے آراستہ کرنے فلیٹ اور مکانات پر مشتمل ہوگی۔ اس طریقہ سے غیر سودی بینک اپنے دوسرے استعمالات کے ساتھ آمدنی کی معتد بہ رقم میں اضافہ کر سکتے ہیں۔

## غیرسودی بینک کی مالیاتی ترتیب (درجہ بندی)

| بی۔ایس | کھاتہ | متوقع/منافع | رقم | اوسط منافع/نقصان | غیرسودی بینک کے حصے | سرمایہ داروں کے حصے |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵ | دواے راس المال (چالوکھاتہ) (جاری سرمایہ کاری) | 4% | 40,555.56 | | 40,555,56 | |
| ۶ | خطرات سے تحفظ کے لئے سرمایہ | 10% | 1,318,055.50 | 15% | 197,708,32 | 1,120,347.20 |
| ۷ | مالیاتی ساجھے داری | 20% | 1,825,000,00 | 20% | 365,000.00 | 1,460,000.00 |
| | سرمایہ کاری فیس | 0.5% | 105,000,00 | | 105,000.00 | |
| | جائدادوں کی قیمت | | | | | |
| | اضافہ | 1% | 230,000,00 | 25% | 57,500,00 | 172,500,00 |
| | کمی | کچھ بھی نہیں | ——— | ——— | ——— | ——— |
| | | | 3,518,611.06 | | 765,763,88 | 2,752,847 20 |

| مجموعی قرضے | رقم |
|---|---|
| ۱ــــ مطلوبہ جمع رقم | |
| گاہک کی نقدی رقم (جمع رقم) | |
| انفرادی | ۳۰,۰۰۰ |
| دیگر | ۱,۵۰۰,۰۰۰ |
| ۲ــــ عارضی جمع رقم (تحویل) | |
| متعینہ جمع رقم (کھاتہ) | |
| انفرادی | ۵۰,۰۰۰ |
| دیگر | ۱۵۰,۰۰۰ |
| ۳ــــ معینہ مدّت کا راس المال | |
| (معینہ مدّت کے لیے سرمایہ کاری) | |
| (معینہ مدّت کے لیے لگائی ہوئی رقم) | |
| الف | ۴,۰۰۰,۰۰۰ |
| ب | ۸,۰۰۰,۰۰۰ |
| ۴ــــ مدّت معینہ کے لیے جمع رقم کی رسید | |
| مختصر مدّت کیلئے } درمیانی مدّت } طویل مدّت | ۹,۰۰۰,۰۰۰ |
| ۵ــــ غیر ملکی تبادلہ | |
| واجب الادا بل | |
| ۶ــــ ساجھے داری سرمایہ | ۱,۰۰۰,۰۰۰ |
| ۱,۰۰۰,۰۰۰ حصے ۱۰ کے اعتبار سے ہر ایک | |
| ۷ــــ کفالت کرنیوالوں کے (نجی) حصے ...... | ۱,۰۰۰,۰۰۰ |
| ۱,۰۰۰ – ۷۵۰ = ۲۵۰- | |
| | ۲۵,۰۰۰,۰۰۰ |

| مجموعی سرمائے | رقم |
|---|---|
| ۱ــــ نقد رقم | ۰۰,۰۰۰ |
| ۲ــــ بینک کے ذریعہ واجب الادا | |
| مرکزی بینک میں محفوظ رقم | ۱,۲۵۰,۰۰۰ |
| دیگر بینکوں میں | ۵۰,۰۰۰ |
| ۳ــــ بذریعہ لین واجب الادا | |
| الف ب ج | ۵۰,۰۰۰ |
| ۴ــــ غیر سودی قرضے | |
| ضرورت وحاجت کیلئے | ۳۰۰,۰۰۰ |
| آرام / تعیش | |
| ۵ــــ رواں راس المال | ۱,۰۰۰,۰۰۰ |
| ۶ــــ خطرات سے تحفظ کے لیے سرمایہ (راس المال) | ۱۳,۰۰۰,۰۰۰ |
| ۷ــــ مالیاتی ساجھے دار | |
| مختصر مدت کے لیے } درمیانی مدت کیلئے } طویل مدّت | ۹,۰۰۰,۰۰۰ |
| ۸ــــ ملکیت | |
| ۹ــــ پیداواری سہولیات | |
| پٹہ اجارہ کی بنیاد پر خریداری | |
| برابری کرایہ کی بنیاد پر خریداری | |
| ۱۰ــــ جائز راس المال، ۱۱ کرایہ کی جائداد | |
| ۱۲ــــ غیر منقولہ جائداد (اثاثہ) | |
| پٹے پر لی ہوئی جائداد | ۱۰۰,۰۰۰ |
| فرنیچر وساز وسامان | ۱۵۰,۰۰۰ |
| | ۲۵,۰۰۰,۰۰۰ |

جو کبھی سیدنا امام اعظم کا شہر تھا، حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی کا، ائمہ مجتہدین کا، اور علماء کا، اصحاب نسبت بزرگوں کا شہر تھا۔ میں اس شہر میں بسنے والے آپ کے مسلمان بھائیوں کی طرف سے آپ کو سلام پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے اس مجمع الفقہ الاسلامی کی کوششوں کی تحسین کی۔ اسے انہوں نے مفید بتایا۔ ایک اہم بات یہ بتائی کہ وہ مسائل جو کتاب و سنت میں منصوص ہیں۔ ان کی حیثیت اور وہ مسائل جو مجتہد فیہ ہیں۔ ان کی حیثیت کے درمیان فرق ذہن میں رکھنا چاہئے، جو احکام مجتہدین نے اپنی بہترین فہم اور کوششوں کے بعد کتاب و سنت سے استنباط کئے ہیں۔ وہ انتہائی اہم اور زبردست کارنامہ ہونے کے باوجود اسے قطعیت کا درجہ حاصل نہیں جو کتاب و سنت کے منصوص احکام کو ہے۔ ظن غالب اور ظن راجح اس کی صحت کا ہے، لیکن منصوص احکام کی قطعیت میں کسی ظن و وہم کی بھی کوئی گنجائش باقی نہیں رہتی۔ یہیں سے ایک یہ بات سمجھ میں آجاتی ہے کہ مجتہد فیہ مسائل کے اندر حق کو اپنے اندر محدود سمجھنے کا تصور ایک ایسا غلط تصور ہے جس سے گروہ بندی وجود میں آتی ہے۔

ایک بات یاد آئی بانی ندوۃ العلماء مولانا محمد علی مونگیری کی انہوں نے ایک جگہ لکھا ہے کہ اگر علماء احکام کے مدارج کو نہیں پہنچائیں گے۔ اور استنباطات اور منصوصات کے اعتبار سے اس کا جو فرق ہے اس کو نگاہ میں نہیں رکھیں گے تو ہمیشہ غلطیوں میں پڑیں گے۔ مدارج احکام کو پہچاننا بہت ضروری ہے۔ بہرحال شیخ نے ایک بات یہ کہی۔ پھر بتایا کہ جزئیات لامحدود ہیں۔ زندگی کے معاملات روزمرہ پیش آتے رہتے ہیں۔ ہر روز نئی بات پیش آتی ہے۔ ہر آدمی کی زندگی میں نئی بات پیش آتی ہے، ہر ملک اور ہر نئے شہر میں نئے نئے حالات پیش آتے ہیں۔ شریعت میں یا فقہ میں جو چیزیں یا جو منصوص موجود ہیں۔ یا فقہاء کے استنباطات موجود ہیں وہ محدود ہیں۔ اور ایک محدود شے کسی لامحدود کے پیمانہ پر کیسے تولی جاسکتی ہے، اس لئے یہ بات نہیں ہے کہ اللہ اس بات پر قادر نہیں تھا کہ

قیامت تک آنے والے ایک ایک جزئیہ کو اللہ بیان کر دیتا۔ اللہ تعالیٰ قادر تھا بیان کرنے پر اور قادر رہے بیان کرنے پر لیکن بندوں کے لئے یہ مصیبت ہو جاتی۔ پھر ایک نہیں، پورے شہر بنگلور کو آپ کتب خانہ بنا دیتے، تب بھی تمام جزئیات پر حاوی کتابوں کا استقصاء مشکل ہو جاتا۔ اللہ نے بندوں پر رحم فرمایا۔ اور اصول و کلیات اور قواعد دیئے۔ اجتہاد، استنباط اور نئے حالات میں ان اصول کی روشنی میں احکام مستنبط کرنے کی استعداد رکھنے والے علماء پیدا کئے، اس کے ذرائع پیدا کئے کہ ہر دور میں لوگ نئے مسائل کا استنباط کرتے رہیں۔ فرمایا کہ "خفا" شریعت میں کسی چیز کا ذکر نہ ہونا شریعت کا عیب نہیں بلکہ شریعت کا حسن ہے۔ اور پھر تفصیل انہوں نے بتائی کہ اگر شب قدر کا اخفاء اور بعض دوسری چیزوں کا اخفاء اس سے مزید اللہ تعالیٰ کی کیا مصلحتیں مطلوب ہیں اور اسطرح بہت سے احکام کا ذکر نہ کیا جانا اس میں بہت بڑی حکمت ہے۔ انسان کی علمی، فکری جدوجہد ہمیشہ لگی رہتی ہے۔ ایک بات جو آپ نے کہی شاید اشارہ اس طرف ہو کہ دراصل احکام شریعت کے استنباط میں دن رات لگے رہنا اور حقائق اور سچائیوں کو جاننے کی کوشش یہ عظیم ترین عبادت ہے۔ اگر ایسا کر دیا جاتا کہ لو یہ سارا ذخیرہ اٹھاؤ، یہ مسئلہ اور وہ مسئلہ۔ تو علماء کا سب سے بڑا نقصان تھا۔ خواہ عوام کو ہو یا نہیں ہو۔ یعنی اتنی عظیم الشان علمی عبادت ان کے ہاتھوں سے کم ہو جاتی۔ یہ ایک عظیم الشان برکت اور رحمت ہے، اللہ تعالیٰ کی کہ یہ کام ہو رہا ہے۔ چاند کا پتہ آپ کو نہیں چلتا۔ ۲۹ تاریخ کو آپ بہت ناراض ہوتے ہیں۔ اور علماء سے کہتے ہیں کہ آپ لوگ کیوں نہیں ایک تاریخ پوری دنیا کے لئے عید کی معین کر دیتے۔ شیخ نے فرمایا کہ اس اخفاء میں بھی لذت ہے اور بڑی رحمت ہے کہ اللہ تعالیٰ چاہتے تو شمسی حساب سے مقرر کر دیتے۔ لیکن ایسا نہ کر کے اللہ تعالیٰ نے چاند پر رکھا کہ کھوجو، تلاش کرو۔ اور ہر مہینہ تلاش کرو، مستعد رہو۔ جاننا ہے رمضان کو اس کے لئے شعبان بھی دیکھو۔ رجب بھی دیکھو۔ جمادی الثانی بھی دیکھو، ہر مہینہ مستعد رہو، تمہاری طلب کتنی غالب ہے۔ اس چیز کو جاننے کے

## اجلاس سوم بعد نماز عصر ۹ جون ۱۹۹۰ء

زیر صدارت

## حضرت مولانا ابوالسعود صاحب مدظلہ امیر شریعت کرناٹک

—— ००० ——

**قاضی صاحب:**— اس اجلاس میں بینکنگ کے موضوع پر بحث کا آغاز ہوگا۔ بینک تجارت نہیں کرسکتا۔ اور جب تجارت نہیں کرسکتا تو روپیہ سے روپیہ کمائے گا۔ روپیہ فطری طور پر ذریعۂ تبادلہ ہے۔ زر سے اشیاء کے بجائے زر حاصل کرنے کا رجحان افراط بھی پیدا کرتا ہے اور دوسرے مسائل بھی۔ بینک کے لفظ سے اعتماد، وثوق اور بھروسہ پیدا ہوتا ہے، لیکن بینکنگ کو سود سے الگ نہیں کیا جاسکتا۔ جب اسلامی بینک کا لفظ ہم بولتے ہیں تو چونکہ بینک کے لفظ کے ساتھ سود کا نام جڑا ہوا ہے، اس لئے برا لگتا ہے، لیکن مجبوری یہ ہے کہ بینک کی خصوصیات ایسی ہیں کہ بینک کے لفظ کے بغیر چارہ نہیں، اب ہم نیا کام شروع کر رہے ہیں، یہ کہنا مشکل ہے کہ ایک دو مجلس میں ہم قطعی فیصلہ تک پہنچ جائیں گے۔ بلکہ ہم ایک راہ کا آغاز کردیں گے اور کوئی متبادل چیز پیش کرسکیں گے۔

**جناب ڈاکٹر فضل الرحمٰن صاحب فریدی:**— ہمارے سامنے دو مسئلے ہیں۔ ایک یہ کہ موجودہ زمانہ میں شریعت کی ہدایات کے مطابق کس طرح مالی نظام وضع کیا جاسکے، جو بینک کا بھی کام کرسکے اور شریعت کے مطابق بھی ہوسکے۔ ہمیں یہاں ہندوستان کے حالات کو بھی سامنے رکھنا ہوگا، دقت یہ ہے کہ کچھ شکلیں شریعت کے مطابق نہیں، اور کچھ شکلیں شریعت کے مطابق تو ہیں، لیکن قانوناً ممنوع ہیں، ہندوستان اور بعض ممالک کے قانون کے اعتبار سے کوئی بھی بینک تجارت، زراعت یا صنعت میں براہِ راست سرمایہ نہیں لگا سکتا، کیونکہ ہندوستان کے سارے بینک ریزرو بینک کے ذریعہ کنٹرول ہوتے ہیں، ریزرو بینک کا بڑا ذریعہ سود ہے، ظاہر ہے کہ غیر سودی بینک ہندوستان کے قانون کے خلاف ہے۔

میرے نزدیک ایک طریقہ یہ ہے کہ سب لوگ حکومت ہند پر زور ڈالیں کہ ہندوستان کے مسلمانوں کو ان کے تشخص کو برقرار رکھنے اور شریعت پر عمل کرنے کے لئے اپنے قوانین میں

ترمیم کرے۔

دوسری بات یہ ہے کہ تین صورتیں ہماری گفتگو میں گڈمڈ ہو جاتی ہیں۔

① لوگوں کو قرض حسن فراہم کیا جائے۔

میرا خیال ہے کہ اس ادارہ کو تجارت وغیرہ میں حصہ نہیں لینا چاہیئے، یہ بالکل الگ ادارہ ہونا چاہیئے۔

② تجارت وصنعت کے لئے الگ ادارہ قائم کرنا چاہیئے، یہ ادارہ لوگوں سے روپیہ جمع کرکے اِستِثمار کے کام میں لگائے، کیونکہ بہت سے لوگ ایسے ہیں جو ہنر اور محنت رکھتے ہیں، لیکن سرمایہ کی کمی کی وجہ سے کام نہیں کرسکتے۔ یہ ادارہ روپے جمع کرکے ان کے ہنر اور محنت کو کام میں لگائے گا۔ مشارکت اور مضاربت کو ملاکر بعض ممالک میں نئی شکل بنائی گئی ہے۔ اس نئی شکل سے فائدہ اٹھانا اس صورت میں آسان ہو جائیگا۔

③ یہ صورت بھی اسلام کی رو سے بالکل ناجائز ہے۔ اس لئے کسی بینک کو اسلامی بنیاد پر چلانے کی کوشش لاحاصل ہے۔ تجارتی بینک وہ ہے جو سرمایہ جمع کرتی ہے۔ اور بڑا سرمایہ بناتی ہے۔ حکومت کے قانون کے مطابق ہندوستان، برطانیہ، امریکہ کے مطابق کوئی بھی بینک براہ راست انوسمنٹ نہیں کرسکتا، کہ روپیہ ذریعہ بھی ہے۔ اور مطلوب شے بھی بن گیا ہے۔

صرف ایک شکل رہ جاتی ہے، وہ ڈیولپمنٹ بینک کی ہے۔ وہ فرانس میں ہے۔ دنیا میں جو اسلامی بینک قائم ہیں وہ معروف تجارتی بینک نہیں، جس طرح کے دوسرے تجارتی بینک ہیں۔

بعض شکلیں ایسی رائج ہوگئی ہیں کہ ان کے بارے میں کوئی قطعی فیصلہ کرنا مشکل ہے کہ یہ جائز ہے یا ناجائز۔ مثلاً حکومت نے دس ہزار روپئے قرض دیئے۔ اس شرط کے ساتھ کہ اس پر دس فیصد سود ہوگا، لیکن اگر پانچ ہزار روپے ادا کر دئے گئے تو اتنی رقم معاف ہو جائے گی، اس صورت میں سود کا فیصلہ کرنا مشکل ہوگا۔

ان سارے مسائل کے تعلق سے دنیا میں سوچا بھی گیا ہے اور سوچا بھی جارہا ہے۔ ہمیں ہندوستان میں فیصلہ کرتے وقت ان فیصلوں سے استفادہ کرنا چاہیئے۔

ہندوستان کے حالات کو سامنے رکھتے ہوئے ہم تینوں میدانوں میں ماڈل بنائیں جب ماڈل

بن جائے تو علماء کے سامنے رکھکر فیصلہ کیا جائے، اگر ماڈل نہ ہو تو اس طرح کے سیمنار سے محض علمی فائدہ ہو سکتا ہے، عملی فائدہ نہیں ہو سکتا۔

قاضی صاحب :- مختلف ممالک میں جو مختلف اسلامی منصوبے کام کر رہے ہیں، تجارت کے وہ طریقے جو شرعاً درست ہیں ان کی تھوڑی تفصیل فرمائیں۔

مولانا مجیب اللہ صاحب ندوی :- آپ نے کہا کہ اسلامی بینک استثمار نہیں کر سکتا۔

ڈاکٹر فریدی صاحب :- آپ نے سمجھا نہیں، میں نے یہ نہیں کہا کہ اسلامی بینک استثمار نہیں کر سکتا، بلکہ یہ کہا ہے کہ موجودہ بینک براہ راست نہیں کر سکتے، کوئی بینک طویل المدت قرض نہیں دیتا، بلکہ قصیر المدت قرض دیتا ہے، سوڈان اور مصر میں تو ایسا ہوا کہ جب اسلامی بینک قائم ہوا تو لوگوں نے عام بینکوں سے اپنے روپئے نکال کر ان بینکوں میں رکھنے لگے، یہاں تک کہ حکومت نے عام بینکوں کے بند ہو جانے کے خطرہ کے پیش نظر پابندی لگائی۔

ماہرین کی رائے بینکنگ کے بارے میں بہت بدل چکی ہے۔ ماہرین میں سے بہت سے لوگ اسلامی بینک کو زیادہ مفید سمجھنے لگے ہیں۔

امریکہ، برطانیہ، اور دوسرے ممالک میں جو بینک ہیں، وہ براہ راست تجارت نہیں کر سکتے اور اسلامی بینک بغیر تجارت کے قائم نہیں ہو سکتے، بیع اور ربوا دونوں الگ الگ چیزیں ہیں۔ ایسے اداروں کا قیام جن کی بنیاد اسلامی تعلیمات پر ہو، اور جائز طریقے اختیار کریں، ناجائز کاموں سے اجتناب کریں، اس سلسلہ میں ایک خاکہ تیار ہونا چاہئے۔

ایک شخص کے پاس سرمایہ اور افرادی قوت ہے، اس کے پاس ہنر بھی ہے، ان تین چیزوں سے ایک شخص کامیاب تاجر اور صناع بنتا ہے، ایک شخص کے پاس ان میں سے ایک یا دو چیزیں ہیں۔ باقی نہیں، اور اصول یہ ہے کہ سرمایہ کا ارتکاز نہیں ہونا چاہئے۔ اس کی استثماری صلاحیت آگے بڑھانا چاہئے۔ اگر سرمایہ منجمد رہتا ہے تو دن بہ دن اپنی قوت خرید کم کرتا جاتا ہے، جو چیزیں ہم نے شریعت میں پڑھی ہیں، ان میں مشارکت بھی ہے، آج کے دور میں کاروبار میں افر ے حصہ کو محدود کر دیا گیا ہے، اسلامی فقہ میں اس کی کوئی تحدید نہیں ہے، ہمارے موضوع سے زیادہ قریب شرکت عنان ہو سکتی ہے، بڑی فیکٹری اور صنعت کے قیام میں کوئی بھی شکل ہو سکتا ہے، شریعت اسلامی میں نفع کی اُمید کے ساتھ نقصان کا خطرہ مول لینا پڑتا ہے۔

آپ سرمایہ ضائع نہ ہونے دیں اور معاشرہ کی افرادی قوت کو بھی بربادی سے بچائیں، آپ رب المال اور مضارب بن کر کام کریں، ان دونوں چیزوں کو جوڑ کر بذریعہ مضاربت کام کیا جا سکتا ہے۔ اس میں بھی رب المال اور مضارب کو نقصان ہو سکتا ہے۔ اجارہ کو بھی عمل میں لایا جا سکتا ہے۔ ممکن ہے کہ کوئی چیز شرع کی روسے درست نہ ہو، لیکن لیزنگ درست ہے بہت سی چیزیں بڑی حد تک بیع سلم سے قریب ہیں۔ علماء غور کریں، کہ ہبہ اور بیع کی رائج شکلوں میں سے کون سی درست ہے اور کون سی نہیں ؟

اس سلسلہ میں ایک بحث مرابحہ کی آگئی ہے۔ میں ایک شے بیچتا ہوں۔ اس سے بحث نہیں کہ اس نے کتنے میں حاصل کی ہے۔ میں جتنے میں چاہوں گا۔ بیچوں گا۔ اگر حاصل کی ہوئی قیمت پر بیچی جائے تو اسے تولیہ کہتے ہیں۔ عرب میں جو تاجر تھے وہ ایسا کرتے تھے، مرابحہ کی بنیاد امانت پر ہے۔ یہ کہنا چاہیئے کہ یہ چیز اتنے میں پڑی ہے۔ مرابحہ کا معاملہ نقد بھی ہو سکتا ہے۔ ہول سیلرس کو کچھ کمیشن ملتا ہے۔ ڈیلرس کو کچھ کمیشن ملتا ہے۔ ایک شخص نقد لے رہا ہے تو اس کو سامان دس پیسے کم میں مل جاتا ہے۔

اب سوال یہ ہے کہ مرابحہ میں ادھار بیچنے میں جو قیمت زیادہ ہوتی ہے۔ وہ درست ہے یا نہیں ؟ اس پر غور کرنا چاہیئے۔

مولانا حبیب اللہ صاحب ندوی :۔ بینکنگ میں مضاربت تو صحیح ہے۔ شرکت عنان کی شکل میں دقت آسکتی ہے۔

قاضی صاحب :۔ شرکت مفاوضہ میں مساوات ضروری ہے، کیا شرکت عنان میں بھی ضروری ہے ؟

جناب اسرار صاحب: کیا اسلام نے منافع کی تحدید کی ہے ؟

قاضی صاحب:۔ یہ سوال ابھی ہمارے موضوع سے غیر متعلق ہے۔

مولانا سعید احمد صاحب پالنپوری :۔ شرکت مفاوضہ میں مساوات ضروری ہے۔ شرکت عنان میں بھی ضروری ہے۔

مولانا برہان الدین صاحب سنبھلی :۔ مرابحہ کے سلسلہ میں جو سوالات اٹھائے گئے ہیں اس پر میں نے لکھا ہے۔ دیکھ لیا جائے۔

قاضی صاحب:۔ ضرور۔

علامہ عروت مدرسے :۔ اردن، دوبئی، بحرین اور سعودی عرب میں اسلامی بینک کام کر رہے ہیں، یہ بینک عوام کی خدمات متعدد طریقوں سے کر رہے ہیں، اسلامی بینک کا قیام وقت کا شدید تقاضا ہے ہر حکومت کا اپنا قانون ہوتا ہے۔ ہندوستان میں اسلامی بینک قائم کرنے سے پہلے یہاں کی حکومت کے قوانین کا جائزہ لینا ضروری ہے۔ پھر اسلامی قوانین میں گنجائش تلاش کرنا ہے۔ نیز سود اور

کسب غیر مباح کے ہر شائبہ سے پاک رکھنا ضروری ہوگا۔

میری تجویز ہے کہ ڈاکٹر فریدی جیسے ماہرین حضرات سرکاری قوانین کا جائزہ لیکر ایک رپورٹ تیار کریں۔ اور یہ رپورٹ سمینار کے شرکا، کو تقسیم کی جائے، تاکہ غور و فکر میں سہولت ہو سکے۔

ہیں اس پر بھی غور کرنا چاہیے کہ کیا ہندوستان میں کوئی ایسا ادارہ قائم کیا جا سکتا ہے۔ جس میں مسلمانوں کی زکوٰۃ بھی جمع ہو اور امانتیں بھی، فقرا کی امداد بھی ہو، اور عام مسلمانوں کو قرض بھی دیا جائے۔ اس ادارہ کے کارکنوں کی تنخواہ زکوٰۃ کی رقم سے پوری کی جائے۔

زکوٰۃ کا مال سارے مال سے الگ کر دینے کے بعد جب ہلاک ہو جائے یا تلف ہو جائے تو دوبارہ زکوٰۃ کی رقم نکالنا ضروری ہے۔ لیکن اگر اجتماعی ادارہ کے ذمہ داروں کو سپرد کر دینے کے بعد ہلاک ہو جائے تو صاحب مال پر دوبارہ زکوٰۃ کی رقم عائد نہ ہوگی، بلکہ ادارہ ضامن ہوگا۔ زکوٰۃ کی ادائیگی، وجوب کے لبعدئی الفور لازم نہیں ہے۔ بلکہ اس کی ادائیگی علی سبیل التراخی ہو سکتی ہے۔ البتہ فی الفور ادا کر دینا افضل ہے۔ اس ادارہ میں زکوٰۃ دغیر زکوٰۃ کی جو رقم جمع ہوگی، اس کو کاروبار میں لگایا جائے گا۔ ادارہ کے ذمہ دار معطین اور فقرا، دونوں کے وکیل ہوں گے۔ یہ میری ایک تجویز اور ایک خیال ہے۔ اس سے رفاہی ادارہ کے قیام میں روشنی ملے گی، تجارتی بینک کے تخیل کو اس سے کوئی تعلق نہیں۔

مولانا عبد اللہ صاحب:۔ تملیک ضروری ہے یا نہیں ؟

الشیخ محروس المدرس:۔ فقہائے کرام نے یہ بحث کی ہے کہ کیا کوئی عالم، یا ـــــ وہ شخص جو اپنے علاقہ میں مشہور و مرجع ہے۔ اپنے ہاتھ سے دوسرے لوگوں کے مال کی زکوٰۃ فقرا کو دے سکتا ہے یا نہیں؟ ایک رائے یہ ہے کہ ایسا شخص نہ تو دوسروں کے مال کی زکوٰۃ لے اور نہ اپنے ہاتھ سے فقرا کو دے۔ دوسری رائے یہ ہے کہ ایسا عالم یا شخص لے سکتا ہے۔ اور فقرا کو تقسیم کر سکتا ہے کیونکہ وہ عوام کا مرجع ہے۔ اس کے ہاتھ سے لینے میں کسی کو عار نہ ہوگا، جبکہ صاحب مال کے ہاتھ سے لینے میں کبھی کبھی لوگ عار محسوس کرتے ہیں۔ اس لئے یہ شخص جب دینے کی نیت سے لے گا تو صاحب مال کا وکیل ہوگا۔ اور اگر تقسیم سے قبل زکوٰۃ کی رقم ہلاک ہو جائے تو بعض آرا کے مطابق زکوٰۃ ساقط ہو جائے گی، پس جو مال زکوٰۃ ہلاک ہو جائے گا اس کا ضمان لازم ہوگا۔ اور جو مال ہلاک نہ ہوگا، وہ مستحقین تک پہنچے گا، یا کاروبار میں لگ کر نفع آور ہوتا رہے گا۔

مولانا برہان الدین صاحب سنبھلی:۔ لیکن اس صورت میں سوال یہ ہے کہ زکوٰۃ کی ادائیگی ـــــ کس وقت معتبر ہوگی ؟

الشیخ محمود صاحب المدرسین :۔ مزکی کا ذمہ محض ادارہ میں جمع کر دینے سے ساقط ہو جائیگا۔ ہاں! ذمہ دار ادارہ اس بری ہوں گے جب مستحقین تک پہنچا دیں گے۔

مفتی عزیز الرحمٰن صاحب فتحپوری :۔ مستحقین کو دینے سے قبل اگر ہلاک ہو جائے تو کیا ہوگا؟

الشیخ محمود صاحب المدرسین :۔ جیسا کہ میں نے اس کے قبل عرض کیا کہ مزکی کا ذمہ کل مال سے زکوٰۃ کی رقم الگ کرتے ہی بری ہوگا۔

مولانا عتیق احمد صاحب بستوی :۔ زکوٰۃ کے مصارف میں "فی سبیل اللہ" سے کیا مراد ہے؟

الشیخ محمود صاحب المدرسین :۔ اس سلسلہ میں فقہاء احناف کی دو آراء ہیں۔ ایک رائے یہ ہے کہ سبیل اللہ سے مراد جہاد ہے، دوسری رائے یہ ہے کہ سبیل اللہ سے مراد ہر عمل خیر ہے۔ متاخرین نے دوسری رائے کے مطابق فتویٰ دیا ہے۔ اور اسی بنیاد پر انھوں نے مساجد، دینی مدارس، طلبہ علم اور بے سروسامان مسافروں کو زکوٰۃ کی رقم دینا جائز بتایا ہے۔ میرا خیال ہے کہ حالات کا تقاضا ہے کہ اسی دوسری رائے کو اختیار کیا جائے۔

جن حضرات نے "سبیل اللہ" کو جہاد کے مفہوم میں منحصر کیا ہے۔ ان کا یہ حصر کسی شرعی بنیاد پر نہیں تھا۔ بلکہ ان کے زمانہ میں سبیل اللہ کی، جہاد کے علاوہ کوئی دوسری صورت نہیں تھی۔ اس زمانہ کے لوگوں کی حاجتیں ہماری طرح نہ تھیں۔ کیونکہ اس زمانہ میں اسلامی حکومت تھی۔ جس سے لوگوں کی ضرورتیں پوری ہو جاتی تھیں۔ اور دینی مدارس کے اخراجات کی کفالت حکومت کرتی تھی، اب حالات میں تغیر آگیا ہے۔ اس لئے زمانہ کے اقتضاء کے مطابق اب "سبیل اللہ" سے ہر امر خیر مراد ہے، وکالت کی بات بھی محض میرا تخیل نہیں ہے، بلکہ فقہائے احناف اُسے لکھ چکے ہیں۔

قاضی صاحب :۔ چیزیں دو ہیں ایک ہے ایسا ادارہ یا ادارہ میں ایسا شعبہ ہونا جو زکوٰۃ کی رقم جمع کر کے مستحقین کو تقسیم کرے۔ دوسری چیز ہے اس ادارہ یا اس شعبہ کو لوگوں کی امانتیں جمع کرنا اور طالبین کو قرض دینا۔ کارکنوں کی اجرت مدزکوٰۃ سے دینا کیا درست ہوگا؟ خواہ بقدر کفایت دی جائے۔ ظاہر ہے کہ ادارہ میں زکوٰۃ اور ودائع دونوں رقمیں جمع ہوں گی، اور اجرت صرف زکوٰۃ کے مد سے دی جائے گی؟ تو کیا یہ درست ہوگا ________ ان حالات میں کیا ہم اخراجات کی تکمیل کے لئے زکوٰۃ کی رقوم کو تجارت یا صنعت میں لگا سکتے ہیں؟ یا کسی دوسرے کاروبار میں لگا سکتے ہیں؟

ایک اہم مسئلہ یہ بھی ہے کہ اموال ظاہرہ کی زکوٰۃ امیر شریعت، یا بیت المال شرعی کو شرعاً دینا چاہیئے۔ کیونکہ قرآن شریف میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ اس لئے زکوٰۃ جمع کرانا اور تقسیم کرانا اصولاً امیر شرعی کا کام ہے۔ حضرت عثمانؓ

نے مسلمانوں کو اجازت دیدی کہ وہ اپنے طور پر بھی تقسیم کر سکتے ہیں، اس زمانہ میں فقراء اور مستحقین بہت ہی کم تھے۔ لیکن آج حالات میں سخت انقلاب آگیا ہے۔ آج فقراء کی تعداد زیادہ ہے۔ اور تقسیم زکوٰۃ کا نظم کسی شرعی ادارہ کے حوالہ نہیں رہا، بلکہ معطین حضرات خود ہی اپنے ہاتھوں سے روپیہ دو روپیہ کر کے مستحقین کو دیتے ہیں، یہاں یہ بات بھی پیش نظر رکھنا ضروری ہے کہ ہندوستان کے مسلمان عام طور سے اصل فقراء و مستحقین سے واقف نہیں ہوتے۔

اس صورتِ حال میں سوال یہ ہے کہ زکوٰۃ کی رقم تجارت یا صنعت وغیرہ میں مشغول کرنا درست ہوگا؟ جبکہ زکوٰۃ وصول کرنے والی تنظیمیں زکوٰۃ وصول کر کے وقت ضرورت کے لئے ذخیرہ کریں، اور فقراء و مستحقین روٹی کے ٹکڑے کو ترستے رہیں۔

ہندوستان میں ہمارے لئے یہ مسئلہ سخت مشکل ہے۔ قرآن میں مصارف زکوٰۃ متعین ہیں، قرآن کا نظام عادلانہ ہے۔ لیکن مذکورہ صورتِ حال میں کیا حق کی ادائیگی ہوگی؟

عرب ممالک اور ہندوستان کے حالات میں فرق ہے۔ عرب ممالک میں دولت زیادہ ہے۔ اور فقراء نہیں کے درجہ میں ہیں۔ اس کے برعکس ہندوستان میں مال کم اور فقراء زیادہ ہیں۔ اس لئے ہندوستان کو عرب ممالک پر قیاس کرنا درست نہیں ہے۔

اگر سبیل اللہ کے مفہوم میں ہر امر خیر کو داخل کر دیا جائے اور اضافہ کی نیت سے سہی، اگر مال زکوٰۃ میں تجارت کی اجازت دیدی جائے۔ تو مجھے اندیشہ ہے کہ لوگ مال زکوٰۃ کو نجی املاک بنالیں گے، ظاہر ہے کہ یہ نظام ہر جگہ کے لئے عام ہوگا، اور ہر جگہ امانت دار شخص کا ملنا مشکل ہے۔

شیخ محروس کی پہلی تجویز سے مجھے اتفاق ہے کہ مال زکوٰۃ جمع کیا جائے۔ اور مد مذکور سے عاملین کی تنخواہ دی جائے۔ البتہ دوسری تجویز سے مجھے اتفاق نہیں کہ مال زکوٰۃ میں تجارت کی اجازت دی جائے۔

شیخ محروس مدرس:— میں نے محض تجارت تک محدود رکھنے کے لئے نہیں کہا، بلکہ کوئی شخص محتاج اور فقیر ہو، اس کو تجارت کا سامان خرید کر دیدیا جائے گا اور تجارت کرنے کے لئے کہا جائے گا۔ جب اس کی تجارت کامیاب ہو جائے تو اس کو تجارت کے سارے سرمایہ کا مالک بنا دیا جائے گا۔

رہ گئی بات دیانت دار اور ایماندار شخص کے فقدان اور اہل شخص نہ ملنے کی تو عرض ہے کہ اس امر پر میرے خیال میں بحث کی ضرورت نہیں ہے۔ جب اصلاً یہ بات درست ہو کہ امانت دار شخص کو ذمہ دار بنایا جائے تو جہاں ایماندار شخص ہوگا۔ وہاں اسکو ذمہ دار بنایا جائے گا، ناجائز پہلو کو جائز پہلو کے ساتھ

اور جائز پہلو کو ناجائز پہلو کے ساتھ مخلوط کر کے اصل مسئلہ کو ممنوع کہنا صحیح نہ ہوگا۔

پھر یہ بھی ملحوظ رہے کہ دیانت و امانت کی ترغیب و تحریص کی جائے۔ حسن معاملات اور حسن اخلاق کی تاکید کی جائے، اور معاشرہ میں صلاح و نیکی کے جذبات کو ابھارا جائے تو خیانت کا رجحان و میلان کم ہو جائے گا۔ اور اس طرح امانت دار افراد دستیاب ہونے لگیں گے۔

قاضی صاحب :—— شیخ محروس کی اس وضاحت کے بعد اب مجھے کوئی اختلاف نہیں۔

مولانا احمد بیات :—— یہ کس طرح درست ہوگا کہ مصارف زکوٰۃ کے علاوہ دوسرے مصرف میں زکوٰۃ صرف کی جائے؟

قاضی صاحب :—— کسی طرح زکوٰۃ کی رقم جمع کر کے خرچ نہ کی جائے، بلکہ وقت ضرورت کے لئے محفوظ رکھی جائے۔ اور زکوٰۃ کی جو رقم محفوظ ہوگی وہ فقراء کی ملکیت ہوگی۔ جب معاملہ ایسا ہے تو میرا خیال ہے کہ اب بحث کی ضرورت نہیں۔

مولانا احمد بیات :—— آواز کیسٹ میں نہیں

شیخ محروس :—— میں اسے حرام نہیں کہتا ہوں۔ میری تجویز بابت جمع و تقسیم زکوٰۃ اچھی ہے۔

# شرکاء تیسرا فقہی سمینار منعقدہ بنگلور جون ۹۰ء

(۱) مولانا سید ابوالحسن علی ندوی، ندوۃ العلماء لکھنؤ
(۲) مفتی محمد ابوسعود، امیر شریعت کرناٹک
(۳) مفتی محمد رفیع عثمانی، کراچی
(۴) ڈاکٹر محمد الحروس المدداریں، بغداد
(۵) مولانا مجاہد الاسلام قاسمی، پھلواری شریف پٹنہ
(۶) مفتی ظفیر الدین صاحب، دار العلوم دیوبند
(۷) مولانا مجیب اللہ ندوی، اعظم گڑھ
(۸) مفتی افضل حسین، بستی
(۹) مولانا معاذ الاسلام، مرادآباد
(۱۰) مولانا عبد الاحد ازہری، مالیگاؤں
(۱۱) مولانا عبد اللہ طارق، دہلی
(۱۲) مولانا شمس پیرزادہ، بمبئی
(۱۳) مولانا عبد اللہ بن اسماعیل، گجرات
(۱۴) مفتی سعید احمد پالنپوری، دیوبند
(۱۵) مفتی یحیٰی قاسمی، حیدرآباد
(۱۶) مفتی احمد بیمات، گجرات
(۱۷) مولانا شہاب الدین ندوی، بنگلور،
(۱۸) مولانا محمد طیب الرحمٰن، آسام
(۱۹) ڈاکٹر فضل الرحمان فریدی، علی گڑھ
(۲۰) وی، ایم موسیٰ مولوی، کیرالا
(۲۱) مفتی عزیز الرحمٰن، بجنور
(۲۲) مولانا جلال الدین انصر عمری، علی گڑھ
(۲۳) مفتی اشرف علی، بنگلور
(۲۴) مفتی برہان الدین سنبھلی، لکھنؤ
(۲۵) مولانا زبیر احمد قاسمی، حیدرآباد
(۲۶) مولانا نوح قاسمی، کیرالا
(۲۷) قاضی انیس الرحمان قاسمی، امارت شرعیہ پھلواری شریف پٹنہ
(۲۸) مولانا مصطفےٰ مفتاحی، حیدرآباد
(۲۹) مولانا ابوالقاسم نعمانی، بنارس
(۳۰) مفتی، نور علی، مئو
(۳۱) مولانا محفوظ الرحمان مفتاحی، مئو
(۳۲) مولانا عتیق احمد بستوی، لکھنؤ
(۳۳) مولانا عبید اللہ اسعدی، باندہ
(۳۴) مفتی نسیم احمد قاسمی، مظفرپور
(۳۵) مفتی محمد نظام الدین رضوی، اعظم گڑھ
(۳۶) جناب خلیل الرحمٰن اعظمی، عمرآباد تامل ناڈو
(۳۷) مولانا صدر الحسن ندوی، اورنگ آباد (ایم۔ ایس)
(۳۸) مفتی رحمت اللہ قاسمی، برہانپور
(۳۹) مفتی احمد خانپوری، ڈابھیل
(۴۰) مولانا محمد سراج الحسن، دہلی امیر جماعت اسلامی ہند
(۴۱) جناب ابراہیم سلیمان سیٹھ، کوچین
(۴۲) مولانا خالد سیف اللہ رحمانی، حیدرآباد
(۴۳) مولانا رضوان قاسمی، حیدرآباد
(۴۴) مولانا مسعود عالم قاسمی، علی گڑھ
(۴۵) مولانا جنید عالم قاسمی، دار الافتاء امارت شرعیہ، پٹنہ
(۴۶) مولانا عبد الجلیل قاسمی، مغربی چمپارن
(۴۷) مولانا اسرار عالم، دہلی
(۴۸) مولانا ظفر عالم، حیدرآباد
(۴۹) مولانا نور الحق رحمانی، کٹیہار
(۵۰) مولانا رحمت اللہ قاسمی، برہان پور
(۵۱) مولانا سراج احمد علی، مالیگاؤں
(۵۲) مولانا شبیر احمد فلاحی، دہلی
(۵۳) مولانا محمد طاہر مدنی، اعظم گڑھ
(۵۴) مفتی شبیر احمد، مرادآباد
(۵۵) مولانا اشرف رشادی، کیرالا
(۵۶) مولانا ایوب ندوی، بھٹکل
(۵۷) مولانا عبد العزیز، بلگام
(۵۸) مولانا مبارک حسن، نیپال

(۵۹) مولانا عبدالحبیب قاسمی، چمپارن
(۶۰) جناب نعیم اللہ، بہرائچ
(۶۱) مولانا سید وصی الدین، بہرائچ
(۶۲) مولانا حاجی امین بیگ، بہرائچ
(۶۳) مولانا حمید اللہ، لکھنؤ
(۶۴) مولانا اختر امام عادل، سیوان
(۶۵) مولانا عزیز قاسمی، راؤ کیلہ
(۶۶) جناب فیروز پونہ والا، پونہ
(۶۷) مولانا اشرف عالم قاسمی، کرناٹک
(۶۸) مولانا محمد حسین کھٹکھٹے، بمبئی
(۶۹) جناب اظفار الحق ذکی، بجنور
(۷۰) مولانا ظفر اللہ باقوی، گلبرگہ
(۷۱) مولانا شفیق احمد مظاہری، آسنسول
(۷۲) مولوی عمر فاروق، تامل ناڈ
(۷۳) مولانا شعیب اللہ مفتاحی، بنگلور
(۷۴) مولانا مشتاق احمد باقوی، کدری
(۷۵) مولانا فضل الرحمان، آنند پور
(۷۶) مولانا رمضان علی قاسمی، پٹنہ
(۷۷) مولانا سراج الدین، مدراس
(۷۸) مولوی عبدالرحیم، ڈنڈی گیل
(۷۹) مولانا داؤد عرفانی، بردوان
(۸۰) مولانا عبدالمجید قاسمی، چمپارن
(۸۱) جناب محمد عنایت صاحب، بنگلور
(۸۲) مولانا امداد اللہ انجم، بنگلور
(۸۳) جناب ذکی اللہ شریف، بنگلور
(۸۴) جناب سید بلال، بنگلور
(۸۵) مولانا ابراہیم ندوی، بنگلور
(۸۶) مولانا عثمان سیٹھ بنگلور
(۸۷) مولانا سود احمد، ولی پورم
(۸۸) جناب غلام محمد عبدالغنی، بمبئی
(۸۹) حافظ فضل اللہ پنسپل بلنجول
(۹۰) مولانا میران باقوی، بنگلور
(۹۱) خواجہ معین اللہ قاسمی، آندھرا پردیش
(۹۲) مولانا عطاء الرحمان کچھار
(۹۳) جناب محمد جعفر، رائے چور
(۹۴) ڈاکٹر سید قاسم رسول الیاس، دہلی
(۹۵) جناب مقیم الدین، علی گڑھ
(۹۶) ڈاکٹر محمد منظور عالم، دہلی
(۹۷) مولانا نیر ربانی بنگلور
(۹۸) مولانا زبیر عثمانی، کراچی
(۹۹) جناب محمود خاں صاحب، کرناٹک
(۱۰۰) مولانا مصطفی رفاعی ندوی، بنگلور
(۱۰۱) مفتی عثمان محی الدین، بھٹکل
(۱۰۲) مولانا محمد فاروق ندوی، بھٹکل
(۱۰۳) ڈاکٹر مختار احمد، بنگلور
(۱۰۴) مفتی نور الحسن قاسمی، مدھوبنی
(۱۰۵) مولانا سید تاج الدین، میسور
(۱۰۶) پروفیسر منظور عالم، جالہ کالج دربھنگہ
(۱۰۷) مولانا عبداللہ، مل وشارم
(۱۰۸) مولانا خطیب محمد یوسف، بنگلور
(۱۰۹) محمد تسنیم، میسور
(۱۱۰) جناب ظفر عباس، بمبئی
(۱۱۱) جناب عبدالوہاب دیلوی، بمبئی
(۱۱۲) جناب عبدالغفار چورکھے، بمبئی
(۱۱۳) جناب یوسف، بمبئی
(۱۱۴) مفتی عزیز الرحمان فتح پوری، بمبئی
(۱۱۵) مولانا رفیق المنان، اعظم گڑھ
(۱۱۶) مولانا ولی اللہ رشادی، وانم باڑی
(۱۱۷) مولانا محمد حسین رشادی، کیرالا
(۱۱۸) مولانا امجد علی قاسمی، آندھرا پردیش
(۱۱۹) مولانا بشیر احمد ندوی، میسور
(۱۲۰) مولانا ذاکر رشادی، نیلور
(۱۲۱) مولانا ابوالکلام قاسمی، سلیم

